**ہندوستان کی مشہور واحد خوشنویس** ... **جش کا نقشہ** ... خالد کمپنی ۹۷ چھتہ لال میاں دہلی

**اسماک کی گولیاں** — خوراک صرف ایک گولی وقت خاص سے پیشتر ... نشاط فارمیسی چاندنی چوک دہلی

## معجون برہمی

قوت حافظہ و یادداشت اور تمام دماغی و ذہنی قویٰ کی تقویت ... **دماغی کام کرنے والوں کیلئے آبحیات ہے** ... پتہ: حکیم عبد الرحیم جلال آباد ضلع مظفر نگر (یو۔پی)

## کانگریس جوبلی میں حکومت کی مداخلت

### تحریک التوا پیش کی جائے گی

کلکتہ ۴ جنوری۔ مسٹر اکھل چندر دت ڈپٹی پریسیڈنٹ اسمبلی نے آئندہ اجلاس اسمبلی میں تحریک التوائے اجلاس پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے تاکہ حکومت ہند کی لوکل گورنمنٹوں کو کانگریس گولڈن جوبلی کی تقریبات میں مخل ہونے سے منع نہ کرنے کے رویہ پر بحث کی جائے۔

## اذان پر افسوسناک تنازعہ

لائلپور ۳ جنوری۔ راج ابڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں اللہ دتہ اور فتح محمد کا قتل کے الزام میں چالان ہوا۔ واقعہ اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ ماہ رمضان میں ۱۲ دسمبر کو غلام رسول نے گاؤں کی ایک مسجد میں اذان کہی۔ مقتول خوشی محمد نے اس بات پر اعتراض کیا کہ اذان بہت دیر میں دی گئی۔ اس پر جھگڑا ہو گیا اور مقتول ایک آلہ سے مجروح ہوا جو اگلے دن فوت ہو گیا۔

## مسلمانان دہرہ دون کا عظیم الشان جلسہ

### عیسائی ہیڈ معلمہ محمڈن گرلز اسکول دہرہ دون کے تبادلہ کا مطالبہ

تاریخ ۲۰ دسمبر ۳۵ء جامع مسجد دہامولہ شہر دہرہ دون میں بعد نماز جمعہ مسلمانان دہرہ دون کا ایک عظیم الشان جلسہ زیر صدارت عالی جناب حاجی محمد اکرام الحق صاحب رئیس ... منعقد ہوا۔ چند مقررین کی ولولہ انگیز تقاریر کے بعد مندرجہ ذیل ریزولیوشن بالاتفاق منظور ہوئے۔

(۱) مسلمانان دہرہ دون کا یہ جلسہ عام محمڈن گرلز اسکول محلہ کرن پور کے نام تبادل کر دینے پر سخت غم و غصہ کا اظہار کرتا ہوا گورنمنٹ سے مطالبہ کرتا ہے کہ اس اسکول کا نام ... اور نیز اس کو ... بلکہ اس اسکول کو مسلم محلہ ہی میں قائم رکھا جائے۔

(۲) یہ جلسہ گورنمنٹ کو اس بار بار کے مطالبہ کی طرف توجہ دلاتا ہے جس مطالبہ کی رو سے مسلمانان دہرہ دون نے کئی بار موجودہ ہیڈ معلمہ کے تبادلہ کیلئے کہا اور اس معلمہ کا تبادلہ نہ ہونے پر دلی افسوس اور تعجب کا اظہار کرتا ہوا اس کے بہت جلد تبادلہ کا مطالبہ کرتا ہے اگر موجودہ عیسائی معلمہ کو جلد نہ ہٹایا گیا ... تو ہم ... ہر ممکن طریقہ پر اس اسکول کو واپس لینے کا جائز مطالبہ کریں گے۔

(۳) یہ جلسہ فخر قوم جناب ڈاکٹر محمد مشتاق حسین صاحب مراد آبادی پر پورا اعتماد کرتے ہوئے انہیں قوم و مذہب کا سچا بہی خواہ سمجھتا ہے ...

## انتقال پر ملال

یہ خبر نہایت ہی قلق و اضطراب سے سنی گئی ہے کہ شاہ میں مولانا عبد الودود صاحب ... کے نانا جان ... ایک سو بارہ برس کی عمر میں داعی اجل کو لبیک کہا ...

# قانون انفساخ نکاح

## مجوزہ مسودہ کی ایک دفعہ پر فوری توجہ کی ضرورت

(از جناب حاجی رحیم بخش صاحب ممبر لاہور ... قانون)

مسودہ انفساخ نکاح اس زمانہ کا ایسا اہم مسئلہ ہے جس پر آج کل قوم کے تمام اکابر و اعضاء خاص طور پر غور و خوض فرما رہے ہیں اور جب سے ہندوستان کی مختلف ہائی کورٹوں نے یہ نظریہ قائم کیا ہے کہ محض ارتداد سے مسلم فریقین کا نکاح فسخ ہو جاتا ہے اور عدالتوں کو تنسیخ نکاح کی ڈگری دیتے ہوئے یہ دیکھنے کی ضرورت نہیں کہ آیا مرتد یا مرتدہ واقعی طور پر نیک نیتی سے اسلام کو چھوڑ رہی ہے یا اس نے صرف تنسیخ نکاح کے لئے ارتداد کو ایک بہانہ بنایا ہے۔ اس وقت سے تنسیخ نکاح بذریعہ ارتداد کی ایک عام وبا اطراف ملک میں پھیل گئی ہے اور تمام وہ عورتیں جو شوہر کی تبدیلی کی شوقین ہیں یا خاوند کے ظلم و جور اور بے اعتنائی سے تنگ آ کر نکاح منسوخ کرانا چاہتی ہیں تبدیلی مذہب کا پروانہ ہاتھ میں لئے ہوئے انگریزی عدالتوں کی طرف دوڑ رہی ہیں اور نہایت آسانی سے اور دھڑا دھڑ تنسیخ نکاح کی ڈگریاں حاصل کر رہی ہیں۔

### اینگلو محمڈن لا اور مسئلہ خلع

جہاں تک دیکھا گیا ہے۔ عیاشی یا اسی قسم کی کسی اور بنا پر بذریعہ ارتداد نکاح منسوخ کرانے والی عورتوں کی تعداد اُن عورتوں سے بہت کم ہوتی ہے جو فی الحقیقت خاوند کے طرز عمل اور بدسلوکی کی وجہ سے طلاق حاصل کرنے کی شرعاً مستحق ہیں اور جن کیلئے قانون اسلام میں تو مداوا موجود ہے۔ مگر اینگلو محمڈن لا بصورت موجودہ ان کی کوئی امداد نہیں کر سکتا۔ اور انہیں مجبوراً تبدیلی مذہب اور ارتداد از اسلام کا حیلہ اختیار کرنا پڑتا ہے۔

مسلمانوں سے ابتدائے عملداری انگریزی میں غفلت ہوئی یا انہوں نے عمداً عورت کے حق خلع کو غصب کرنا چاہا اور نتیجہ یہ ہوا کہ عورت کا حق خلع اپنی مکمل صورت میں اینگلو محمڈن لا کے حیطہ تدوین میں داخل نہ ہو سکا اور وہ بیچاری ظالم و جابر اور حق ناشناس خاوندوں کی سفاکانہ خواہشوں کا کھلونا بن کر رہ گئی ... انگریزی عدالتوں میں اس کی ان جائز چارہ جوئیوں کیلئے جو شرع اسلام نے اسے عطا کی ہوئی ہیں تمام راہیں مسدود ہو گئیں۔

### مظلوم عورتوں کا حشر

تاہم اگرچہ دونوں یا ہنوں سے بجتی ہے اور میاں بیوی کی نااتفاقی میں بعض اوقات دونوں قصور وار ہوتے ہیں خواہ دونوں میں سے ایک کم قصور وار ہو اور دوسرا زیادہ لیکن جب یہ نااتفاقی حد سے بڑھ جائے یا دوسری صورت میں خاوند واقعی ظالم و جابر اور حق ناشناس ہو یا عورت کو معلقہ چھوڑ دے۔ ان تمام صورتوں میں بہتر اور انسب علاج یہی ہے کہ ان شوہروں میں افتراق کرا دیا جائے تا کہ اُن کی آئندہ زندگی تلخ نہ ہو۔ مگر موجودہ قانون میں اس درد کا علاج موجود نہ ہونے سے جب عورتیں عدالتی امداد سے محروم ہو گئیں اور کوئی چارہ کار نظر نہ آیا تو انہوں نے غیر کے بیلو اور بالفاظ دیگر دریچوں کو آباد کرنا شروع کر دیا ...

قرار پائی کہ عورت کو اس کا حق خلع اپنی مکمل صورت میں دیدیا جائے۔ اور وہ تمام راہیں جو اینگلو محمڈن لا نے اس کے لئے مسدود کر دی گئی ہیں پوری طرح کھول دی جائیں اس مقصد کی تکمیل کے لئے قانون بنانے کی ضرورت تسلیم کی گئی اور آخر کار مولانا نیرنگ اور مولانا کاظمی کا مسودہ انفساخ نکاح اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے تیار کیا گیا جس کو پیش کرنے کی اجازت بھی حضور والسرائے نے دیدی ہے اور جو عنقریب پیش بھی ہونے والا ہے۔

اس سے قبل ریاست ہائے بھوپال و حیدرآباد نے اپنی اپنی مملکت میں اس قسم کے قانون حقوق زوجین کے تحفظ کے لئے نافذ کر چکی ہیں اور ملک میں آج کل دو مسودے زیر غور ہیں۔ ایک مولوی خلیق الزماں صاحب کا اور دوسرا مجلس علماء کا۔ میرا خیال ہے کہ جناب نیرنگ اور جناب کاظمی نے ان قوانین اور مسودوں کو بھی ضرور ملاحظہ فرمایا ہوگا۔

### ارتداد اور فسخ نکاح والی دفعہ

بہرحال موجودہ مسودہ میں برائے شرع اسلام عورت کے لئے جس قدر سہولتیں مہیا کی گئیں وہ اس کے لئے کافی ہیں یا نہیں اور ان میں اس کے تمام دردوں کا مداوا مہیا کر دیا گیا ہے یا نہیں یا بالفاظ دیگر فقہ حنفیہ نے جس قدر حقوق ایک زوجہ کو معاملہ انفساخ نکاح میں عطا فرمائے ہیں اس مسودہ میں بطور حق قانونی اسے بخشے گئے ہیں یا نہیں ... میں صرف اس قدر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مسودہ کی دفعہ ... قرار دیا گیا ہے کہ مسلمان عورت اسلام چھوڑ کر دوسرے مذہب میں داخل ہو جانا بذاتِ خود انفساخ نکاح کا باعث نہیں ہوگا ... اس مذہب پر دو پہلوؤں سے نظر ڈالنی چاہئے۔

(۱) اسلام کے نقطۂ نظر سے
(۲) ہندوستان کے موجودہ قوانین کے نقطۂ نظر سے

جو انفساخ شادی کے متعلق مختلف قوموں کے واسطے اور ان کے درمیان رائج ہیں بصورت اول یہ دیکھنا ہے کہ آیا ایسی قرارداد جو دفعہ ... میں بیان کی گئی ہے۔ نفس کلام مجید کے منافی تو نہیں؟ اور اگر ہے تو اس مشکل کا حل کیا ہے؟ ... صورت ثانی میں ان تمام مذہبی قوانین کو دیکھنا اور ان کے ساتھ اس قانون کا ... منظور اور رائج کرانا چاہتے ہیں۔ تطابق پیدا کرنا ہے۔

### ایسے قانون کا نتیجہ کیا نکلے گا؟

مثلاً ہم تو یہ قانون منوا لیتے ہیں کہ جو مسلمان عورت اسلام چھوڑ کر دوسرے مذہب میں چلی جائے گی اس کا نکاح پہلے مسلمان خاوند سے بدستور قائم رہے گا۔ اور منسوخ نہیں سمجھا جائے گا۔ اب صورت واقعہ یہ پیش آتی ہے کہ ایک مسلمان عورت اپنا گھر بار اور خاوند چھوڑ کر اور اسلام سے منحرف ہو کر عیسائی مذہب اختیار کر لیتی یا آریہ ہو جاتی ہے اور اپنے نئے ہم مذہب رفیقوں میں جا رہتی ہے تو ہمارا قانون یہ قرار نہیں دیتا کہ وہ ابھی تک اپنے مسلم خاوند کی بیوی ہے ...

## مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی کی تشکیل کا قیام

(بسلسلہ صفحہ ۳)

... مسلمان اس وقت کئی قسم کی غلامی میں گرفتار ہیں لہٰذا اقوام اور وطن کو غلامی سے آزاد کرنا ہمارا سب سے پہلا نصب العین ہے مسلمانوں میں بیکاری عام طور پر پھیلتی جا رہی ہے جس کا مسلمانوں کی اقتصادی حالت پر بہت بڑا اثر پڑ گیا ہے۔ لہٰذا مسلمانوں سے بیکاری کی لعنت کو دور کرنا بھی پارٹی کے مقاصد میں شامل ہے ... عمل ہی کرلیں گے جس طرح ... رسول اللہ صلعم نے مدینے کے یہودیوں اور دوسرے قبائل سے اشتراک عمل کیا ہے اور انہیں اپنا حلیف بنایا ہے۔

جدید انڈیا ایکٹ میں مسلمانوں کے ساتھ انصاف نہیں کیا گیا ہے اور ان کے مطالبات مسخ کر دئے گئے ہیں لیکن جو کچھ حاصل ہو چکا ہے اسے بچانا بھی پارٹی کے فرائض میں داخل ہے مسلمانوں میں ایک مسئلہ تعلیم کی خرابی کا بھی ہے۔ لہٰذا مسلمانوں کو بہترین دینی و دنیاوی تعلیم سے بہرہ ور کرنا اس جماعت کے پروگرام کا ایک اہم جزو ہے۔

آپ کو معلوم ہے کہ مسلمانوں کا سارا علمی ذخیرہ زبان اردو میں ہے علاوہ ازیں کچہریوں میں اردو کے رواج نہ ہونے سے مسلمانوں کو بہتیرے نقصانات اٹھانے پڑے ہیں مسلمانوں کیلئے اردو رسم الخط کا تحفظ ضروری ہے ...

حکومت ہندوستانیوں کے گاڑھے پسینے کی کمائی ... بڑے عہدہ داروں کو بڑی بڑی تنخواہیں دینے میں صرف کر رہی ہے ... جب قوم کا روپیہ اعلیٰ عہدہ داروں کو بڑی بڑی تنخواہیں دینے میں صرف کر دیا جائے تو قومی ضروریات پر صرف کرنے کو کہاں سے آئے۔ ہندوستان جیسا غریب ملک اس بار گراں کو ہرگز برداشت نہیں کر سکتا۔ اسی لئے ہم لوگوں نے اعلیٰ عہدہ داروں کی تنخواہوں کی تخفیف اپنے مقصد کا ایک اہم جزو رکھا ہے۔

اگر سرکاری عہدہ داروں کی تنخواہوں کا کم کرنا پارٹی کے حد امکان سے باہر ثابت ہوا تو پارٹی نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اس صورت حال میں پارٹی کا عہدہ دار اپنے ذاتی اخراجات کے لئے ایک مناسب رقم رکھ کر بقیہ رقم قوم کو دیدے گا ... مسلمانوں کے لئے سخت مضر ہے۔ لہٰذا اسے دور کرنا بھی ہمارے فرائض میں داخل ہے۔

مسلمانوں نے اسلام کی رسی پکڑ کر ترقی کی ہے۔ دینی و دنیاوی ہر قسم کی ترقی کا دارومدار مذہب پر ہے۔ مذہب سے بے نیازی ہمارے لئے سخت نقصان دہ ہے۔ ہمیں یقیناً مذہبی امور میں علمائے کرام سے مشورہ لینا چاہئے جس طرح سیاسی رہنما مدبرین سیاست بہتر رکھتے ہیں۔ طبی مشورہ حکیم بہتر دے سکتا ہے ... اسی طرح مذہبی معاملات میں علمائے کرام ہی کچھ اچھا مشورہ دے سکتے ہیں ... مذہبی علوم سے واقف ہو بلا مذہبی امور میں رائے دے سکتا ہے ... کسی خاص خاندان میں پیدا ہونے کی ضرورت نہیں۔

بہرحال میں دعا کرتا ہوں کہ خدا اپنے حبیب کے طفیل میں ہمارے ان اعلیٰ مقاصد کو عملی جامہ پہنانے کی ہمیں توفیق عطا فرمائے ...

مولوی محمد قمر صاحب، حافظ علی حسن صاحب، حکیم ... صاحب وغیرہ۔

جلسہ ختم ہونے کے بعد وفد دو موٹروں پر سہسرام روانہ ہو گیا۔ ... کی شب کو سہسرام پہنچا۔ عام اعلان کر کے ... بجے دن کو حسن سور کی مسجد میں مسلمانان سہسرام کا ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ جلسے میں ایک ہزار آدمی سے زیادہ موجود تھے جس میں مندرجہ ذیل مقامی حضرات خاص طور پر قابل ذکر ہیں :-

شاہ منیر الدین صاحب آنریری مجسٹریٹ، مولوی حکیم واجد علی صاحب، مولوی محمد صدیق صاحب مہتمم مدرسہ خیریہ سہسرام، ظہور احمد خاں صاحب ریٹائرڈ سب انسپکٹر، حکیم عبد الحمید خاں صاحب، ظہور احمد خاں صاحب، شیخ علی حسین صاحب، ریٹائرڈ سب انسپکٹر خاں صاحب، مولوی قمر علی خاں، ظہیر الدین خاں صاحب بہار، مولوی عبد الرؤف خاں صاحب، شیخ کرامت علی صاحب، مسٹر نظام الدین صاحب بیرسٹر۔

مسٹر نظام الدین صاحب کی تحریک اور شاہ منیر الدین صاحب کی تائید پر حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نے صدارت قبول فرمائی۔

جناب صدر کی بصیرت افروز تقریر کے بعد شاہ مسعود احمد صاحب اور الحاج مسٹر محمد یونس نے تقریریں کیں۔

آخر میں مسٹر نظام الدین بیرسٹر اور ڈاکٹر زین العابدین ڈی۔ ٹی۔ دی کی تحریک و تائید پر مجوزہ منتقبہ طور پر پاس ہوئی کہ بہار مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی کی ایک شاخ شہسرام میں قائم کی جائے۔

اس کے بعد مسٹر محمد یونس نے مندرجہ ذیل عہدیداران اراکین کے انتخاب کی تجویز پیش کی جو بالاتفاق منظور ہوئی۔

مسٹر نظام الدین خاں بیرسٹر (صدر) مولانا حکیم واجد علی ... (نائب صدر) ... (خازن) ان عہدیداروں کے علاوہ مندرجہ ذیل حضرات ممبر ہوئے ...

شیخ کرم علی صاحب، حکیم عبد المجاہد صاحب، مولوی محی الدین صاحب، مولانا محمد صدیق صاحب (مہتمم مدرسہ خیریہ) سید شیر الدین احمد صاحب، مسٹر فرید خاں صاحب وغیرہ۔

## مکہ معظمہ سے عازمین حج کا پیغام

### راستے بالکل صاف اور فضا پر امن ہے

مکہ ۵ جنوری۔ اسلامی ... جہاز کے مسافر عبد سے پہلے خیریت کیساتھ مکہ معظمہ پہنچ گئے جیش اور اٹلی کی لڑائی کی وجہ سے راستے میں ذرا بھی خلل نہیں ہوئی۔ سمندر کا راستہ بالکل صاف ہے اور ہر طرح سے محفوظ ... حضرات بغیر کسی پس و پیش کے فوراً روانہ ہو جائیں ...

## مولانا سید سلیمان ندوی کی صحت

الحمد للہ ... جناب سید صاحب قبلہ کی صحت کی رفتار بہت بہتر ہے، حرارت صبح کو ۹۷ اور شام کو ۹۸ تک رہتی ہے۔ مرض تقریباً زائل ہو چکا ہے، لیکن ابھی ضعف باقی ہے ... اگر صحت کی یہی رفتار قائم رہی تو انشاء اللہ آخر ... تک جب کہ سردی کی شدت بھی ختم ہو جائے ... آب و ہوا کے لئے لکھنؤ کا سفر ہوگا۔
(مسعود علی ندوی)

## دار العلوم ضیاء شمس الاسلام سیال شریف کا افتتاح

مورخہ ... شوال المکرم ۱۳۵۴ھ کو ہوگا، علوم کے پیاسے اس سرچشمہ فیض سے سیراب ہو سکتے ہیں سامان خوردنی، اکل و شرب، کتب درسیات تحائف وغیرہ دار العلوم کی طرف سے مہیا ہوگا ...

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.
الجمعیۃ دہلی

ایڈیٹر: ہلال احمد زبیری (ایم-اے)

فی پرچہ ایک آنہ

جلد ۲۳ | دہلی - یوم دوشنبہ ۱۷ر شوال المکرم ۱۳۵۴ھ ہجری - مطابق ۱۳ر جنوری ۱۹۳۶ء | نمبر ۳


# جنبشیوں نے اٹلی کی مشین گنوں ٹینکوں اور سامان جنگ پر قبضہ کر لیا

## اطالوی فوجیں شکست کھا کر بھاگ گئیں

### اٹلی سے مزید کمک طلب کی جا رہی ہے

ادیس ابابا ۱۰ر جنوری۔ غوبشی کے مغرب میں تقریباً سلسلۂ سیل پر حبشیوں اور اطالیوں کے درمیان نہایت سخت جنگ ہوئی جس میں آخر کار حبشیوں کی فتح ہوئی اور اٹلی کی فوجیں شکست کھا کر بھاگ گئیں اس جنگ میں ...

... ہو گئی ہے۔ پیرس کی اطلاع مظہر ہے کہ مارشل بیڈاگلیو نے جو اٹلی کا کمانڈر ہے اسی ہزار فوج کی کمک اور طلب کی ہے۔

## کانگریس کے سابق صدر اور موجودہ قوانین

### جسمانی مشقات کے متعلق جدید تصریح

بمبئی ۱۰ر جنوری۔ بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس کے سابق صدروں کی کانگریس میں شمولیت کے بارے میں کانگریس کے جدید آئین کی حسب ذیل تعبیر کی ہے ...

# ریاست دھار کی جامع مسجد میں رات کے وقت تاریکی

## قندیلیں اٹھا لی گئیں روشنی ضبط کر لی گئی

### مسلمانان دھار کی مظلومی اور ریاست کی مذہبی مداخلت

# وائسرائے کے دفاتر میں حادثہ

## ہوا کو گرم اور ٹھنڈا کرنے کی چمنی پھٹ گئی

# اطالوی سپاہیوں نے مسولینی کی تصویر پھاڑ کر پھینک دی

## اٹلی کی فوج میں بغاوت پھیل گئی

# حبش میں موسم برسات شروع ہو گیا

## اٹلی کی فوجی مہم پر پانی پڑ گیا

عدیس ابابا۔ تمام حبش میں شدید بارش شروع ہو گئی ہے اور دیسی کی اطلاع کے مطابق موسم برسات جو صرف تین ہفتے تک جاری رہتا ہے شروع ہو گیا ہے۔ نیچے بادلوں کی وجہ سے ہوائی جہازوں کا پرواز کرنا ناممکن ہو گیا ہے۔ بارش کی وجہ سے سڑکیں موٹر کے قابل نہیں رہیں۔

مشرقی افریقہ میں تقریباً تمام چاند گہن گیا۔ بہت سے حبشیوں نے اس سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ ہماری فتح یقینی ہے اور گرجا گھروں میں دعا کے لئے گئے۔

روم ۹ر جنوری۔ حکومت اٹلی نے ایک بیان شائع کیا ہے جس میں اس خبر کی تردید کی ہے کہ ... میں اٹلی کی فوج نے مصری ایمبولینس پر بمباری کی۔ حکومت اٹلی نے اس رپورٹ کی بھی تردید کی ہے کہ اٹلی کی فوج کے سپاہی غارت کر کے بادیریا آسمرا اور یوگوسلو یا چلے گئے۔ پہاڑ پر برف پڑنے کی وجہ سے راستے ناقابل عبور ہو گئے ہیں۔

## دہلی میں شدید سردی کی لہر

دہلی ۱۱ر جنوری۔ کل صبح سے نہایت شدید سردی پڑ رہی ہے بادل گھرا ہوا ہے اور کچھ ترشح بھی ہو رہا ہے۔ لیکن اچھی طرح کھل کر بارش نہیں ہوئی۔ آسمان ابر آلود ہے۔ آج کم از کم ... اور زیادہ سے زیادہ ... درجہ حرارت تھا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اگر ابر اسی طرح رہا تو یہ سردی کئی دن تک ممتد ہو جائے گی۔

## سکھوں کے نویں جتھے کی گرفتاری

### وہی ایک دن کی سزا

لاہور ۱۰ر جنوری۔ ... کے سلسلہ میں پانچ سکھوں کا ایک جتھا گوردوارہ ڈیرہ صاحب سے روانہ ہوا جنہیں گوردوارہ سے باہر نکلتے ہی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم کی خلاف ورزی کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا۔ بعد ازاں سرسری سماعت کے بعد انہیں ایک ایک روز قید محض کی سزائیں دی گئیں۔


## الجمعیۃ بک ڈپو کی طبی کتابیں!

ضیاء الحکمت ...

دستور العلاج ...

ملنے کا پتہ: الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی


---


SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.

VOL. 23 | DELHI THURSDAY The 9th JANUARY 1935. | No. 2



الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن

اگر آپ مہینے بھر کے بہترین سیاسی و مذہبی مضامین پڑھنا چاہتے ہیں تو الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن خریدئیے جو ہر مہینہ کی ۱۸ر تاریخ کو شائع ہوتا ہے

ہر قسم کی کتابیں

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی سے ہر قسم کی کتابیں اور قرآن مجید حمائلیں مصری اور ہر قسم ارزاں اور رعایتی قیمتوں پر خریدی جا سکتی ہیں


# مجلس احرار دہلی کا جلسۂ عام

## معاہدۂ حجاز اور فتنۂ مشرقی کے خلاف تقریریں

مجلس مرکزیہ احرار اسلام کی ہدایت کے مطابق ... دسمبر کو نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد دہلی میں زیر صدارت مولانا محمد ... صاحب ناظم جمعیۃ علماء دہلی ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا ...

# آل انڈیا مومن کانفرنس

اگرچہ آل انڈیا اجلاس گیا کے بعد مجموعی طور پر بہت کام ہوئے مختلف صوبوں میں نئی نئی انجمنیں بنیں سینکڑوں جلسے مقامی ضلع وار ہوئے ...

# تلاش گمشدہ

میرا لڑکا مسمی حسن رضا حیدر عرف اقبال متعلم جماعت ہفتم گورنمنٹ ہائی اسکول دہلی بروز جمعہ بتاریخ ... دسمبر ... بجے دوپہر سے کسی کی ترغیب سے برائے خرید سائیکل ... پچاس روپیہ لیکر گھر سے نکلا جس کو آج تک ہر چند تلاش کیا گیا نہیں ملا۔ اگر کسی صاحب کو پتا چلے تو میرے مکان واقع خاتون منزل ... مسجد رنگریزان پہونچا دیں ... حلیہ حسب ذیل ہے:-

رنگ گندمی گول چہرہ ... سر پر اونی ٹوپی ... شلوار ... جوتہ پہنے ہوئے ... عمر تقریباً ۱۴ سال۔

سید یعقوب حیدر ہیڈ مولوی گورنمنٹ ہائی اسکول کشمیری دروازہ دہلی

# مظلومین کوئٹہ کیلئے

## مدرسہ حیات الاسلام جوہانسبرگ کی امداد

# پولیس نے قاہرہ میں گولیاں چلا دیں

# انجمن مدرسہ الٰہیات جالندھر کا جلسہ

# جمعیۃ علماء تحصیل چارسدہ کا جلسہ


## الجمعیۃ بک ڈپو کی سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات ہند ...

نہرو رپورٹ ...

پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ ...

مالیات عامہ ...

سکہ و شرح تبادلہ ...

مبادی معاشیات ...

آزادی ...

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## مفت

سہ رنگا باتصویر دیواری کیلنڈر اور شاہی جنتری ۱۹۳۶ء

لے شیر اینڈ کمپنی جالندھر شہر (پنجاب)

## درود شریف

## الجمعیۃ بک ڈپو کے ادبی و اصلاحی افسانے

نقش آخر ...

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

آہنگ نگرہ فارسی جام نگر کاٹھیاواڑ

بال کالا اسٹورس کمپنی سمری در بھنگہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۱۷ شوال المکرم ۱۳۵۴ھ

# یورپ پر جنگ کی گھنگور گھٹائیں
## مصر کے لئے اٹلی کے حملہ کا خطرہ
## روزنامہ البلاغ کی اہم تصریحات

قاہرہ کے مشہور قومی اخبار البلاغ نے "مصر جنگ کے دروازہ پر" کے عنوان سے ایک زبردست مقالہ تحریر کیا ہے جس کا ترجمہ درج ذیل ہے۔

مجلس اقوام عنقریب یہ فیصلہ کرنے والی ہے کہ اٹلی کے خلاف تعزیری تدابیر کو سخت کر دیا جائے۔ اور آخری حد تک اطالیہ کی سیاست کا مقابلہ کیا جائے۔ یہاں تک کہ تیل اور پٹرول کی برآمد بند کر دی جائے۔ انگلستان نے دنیا کی رائے عامہ کو اطالیہ کے خلاف برانگیختہ کر دیا ہے۔ برطانی پریس آج کل اپنی تمام قوت اس مسئلہ پر صرف کر رہا ہے۔ یہ بھی انگلستان ہی کی کوشش ہے کہ اطالیہ کے خلاف تعزیری پابندیوں کو شدید صورت دے دی جائے۔ چونکہ یہ واقعہ ہے کہ دنیا کی کوئی ...

### اٹلی کا پہلا حملہ

اگر برطانیہ کی سیاست نے اطالیہ کو مجبور کر دیا اور وہ ہر طرف سے مایوس ہو کر اعلان جنگ کر بیٹھا تو اس کا پہلا حملہ مصر پر ہوگا۔ اور اس طرح ہمارا ملک میدان قتال و جدال بن جائیگا۔ اب مصر کے دو فرض ہیں۔ اول یہ کہ وہ غور کرے کہ جنگ ہمارے ملک کے میدانوں میں ہونے والی ہے۔ اس کے مقابلہ میں ہمارے پاس کیا چارہ کار ہے۔ دوسرے یہ کہ جنگ کے نتائج کیا ہوں گے۔

### مصر کی بازی

ہمیں سوچ لینا چاہئے کہ جنگ قریب ہے۔ بہت قریب ہے ...

[illegible]

# مسودۂ قانون انفساخ نکاح
## مکمل غور و خوض کی ضرورت

ہندوستان میں اسلامی نظام شیرازہ منتشر ہونے کے بعد ظالم و جابر شوہروں نے مسلمان عورتوں کی زندگی جس طرح تلخ کر رکھی ہے اس کا سد باب کرنے کے لئے موجودہ مجالس مقننہ کے ذریعہ اسلام کے قانون انفساخ نکاح کا نفاذ اب نہایت ضروری بلکہ لازمی ہو گیا ہے ...

اس پر پوری طرح بحث ہونے کی ضرورت ہے تاکہ کسی قسم کی خامی یا کوتاہی باقی نہ رہے اور جو مسودہ مسلمانوں کی عام حمایت اور پوری تائید کے ساتھ پیش ہو وہ ہر حیثیت سے شرعی اور شرعی اصولوں کے مطابق ہو ...

[illegible]

## حوادث و احکام

[illegible]

## فریضۂ حج اور مسلمانان ہند

[illegible]

## ہندوستان کا طرز تعلیم

[illegible]

خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں

# شریعت حقہ کی روشنی میں مسلم قانون انفساخ نکاح پر ایک مفصل و مدلل بحث
## حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت کا مکتوب
## مولوی محمد احمد کاظمی اور سید غلام بھیک نیرنگ کے نام

مکرمی زاد لطفکم۔ بعد سلام مسنون ... مسلم قانون انفساخ نکاح کا مسودہ میں نے دیکھا ... مسودہ قانون کی ضرورت ہندوستان کے چند صوبوں کے لئے ...

اسی طرح دوسری صورت ... کیونکہ اس قانون کے بموجب جو عورت اپنا عقیدہ مرتد ہوگی وہ دوسرے وجوہ کی بنا پر بذریعہ عدالت فسخ نکاح کی ڈگری ...

### ارتکاب معصیت اور ارتداد حقیقی

اس کے علاوہ جو عورتیں دل سے مسلمان ہونے کے بعد قانوناً اپنے غیر مسلم شوہروں کے ساتھ رہنے پر مجبور رہیں گی تو اس کی دو ہی صورتیں ہوں گی۔

(الف) وہ مسلمان ہی رہیں اور ان کے غیر مسلم شوہر ان سے متمتع ہوتے رہیں۔ تو یہ دوامی گناہ عظیم جو اس غریب کے سر ہوگا اس کا وبال کس کے سر ہوگا ...

[illegible]

### ارتداد کی دو صورتیں

[illegible]

### دوسرا خطرناک پہلو

[illegible]

### تعلقات زن و شوہر

[illegible]

# ممالک اسلامیہ کی خبریں

کہ عراق میں کھجور کی تجارت ترقی پذیر ہے۔ وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ آج کل بمبئی تاجر کھجوریں خرید رہے ہیں ... کہا جاتا ہے کہ کھجوروں کی برآمد دوگنی ہوگئی ہے۔

## انجمن ہلال احمر پر بمباری کے خلاف احتجاج

قاہرہ۔ ڈاکا بمبوریس مصر کی انجمن ہلال احمر کی بمباری کی خبر سے قاہرہ میں ہیجان و اضطراب کی لہر دوڑ گئی ہے اور جمعیت اقوام کے نام شاہزادہ عمر اور دیگر عمائد کی طرف سے ایک احتجاج ...

## ترکی کی جدید مردم شماری

استنبول۔ امسال ترکیہ کی مردم شماری ہونے والی تھی۔ چنانچہ مردم شماری کا کام ماہ اکتوبر سے شروع ہوا اور اب ختم ہوا۔

مردم شماری سے معلوم ہوا کہ ترکیہ کی آبادی میں حیرت انگیز اضافہ ہو گیا ہے ...

## ترکی فوجی افسر کی عزت افزائی

[illegible]

## بندرگاہ استنبول کی تعمیر

[illegible]

## قدیم نقرئی سکوں کا استعمال بند

[illegible]

## مصطفےٰ کمال پاشا پر حملے

فرانسیسی نمائندوں کا ایک اجتماع ہوا جلسہ نے اس بات پر اتفاق کیا کہ سازش کا جال شام اور ترکی کے سرحدی علاقہ میں پھیلا ہوا ہے۔ اور فیصلہ کیا کہ کردوں کو سرحد پر آ ...

(باقی صفحہ ہذا کالم ۳ کے نیچے ملاحظہ فرمایئے)

## عراق اور روس میں تجارتی معاہدہ

[illegible]

## یمن کوئٹی کی طرف سے حملہ کا اندیشہ

[illegible]

## عراق میں کھجور کی تجارت

بغداد (ڈاک کے ذریعہ) بعض تجارتی حلقوں کا بیان ہے ...

شربت اکسیر (رجسٹرڈ)

اگر تندرستی میں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک دفعہ اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

سنئے جناب! یہ شربت اکسیر جس کا اشتہار آپ کے پیش نظر ہے۔ اس کا نسخہ مجھے ایک مشہور ڈاکٹر سے ملا ہے اور شربت اکسیر کا اشتہار دینے کے قبل صدہا مریضوں پر تجربہ سے کامل اطمینان ہو گیا تو یہ اشتہار آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اگر میری تحریر کو لغو سمجھیں تو ایک شیشی شربت اکسیر منگا کر ضرور استعمال فرما دیں۔ میری تحریر کی صداقت آپ کو فوراً معلوم ہو جائیگی۔

جریان — جو نامردی اور ضعف باہ کا پیش خیمہ ہے کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو شربت اکسیر کے استعمال سے جڑ سے جاتا رہتا ہے۔ جسم میں کمزوری۔ پیشاب کے قبل یا بعد سفید سفید دھات کا گرنا منی کا پتلا ہو جانا۔ احتلام کا ہونا۔ نطفہ کا نہ قرار پانا۔ اور درد سر کا رہنا۔ سستی۔ کاہلی۔ چہرے پر بالکل بے رونقی۔ خون کا بدن میں ...

[illegible]

ملنے کا پتہ: ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی اینڈ کمپنی، نمبر ۳۲ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

# مندرجہ ذیل آپ مفت حاصل کر سکتے ہیں

**رسالہ امراض مخصوصہ مردان** — اس رسالہ میں مردوں کی مخصوص امراض کی وجہ تسمیہ علامات وغیرہ کا پورا نقشہ کھینچا گیا ہے اور گم شدہ طاقت بحال کرنے کیواسطے اصول و نسخہ جات امرت دھارا شفاخانہ کی تیار کردہ ادویات ہیں۔ یہ لکھنا چاہئے کہ شادی شدہ ہیں۔ طالب علم ہرگز درخواست نہ کریں۔ ایک آنہ کا ٹکٹ آنے پر بھیجا جاویگا۔

**لیکچر ہندوستانیوں کی جسمانی کمزوری** — یہ لیکچر کوی وِنود ویدیا بھوشن پنڈت ٹھاکر دت شرما ویدیہ نے ایس۔ پی۔ ایس کے ہال میں جادو کی لالٹین سے دیا تھا۔

**رسالہ ملیریا خورد** — اس میں ملیریا موسمی بخار کی مکمل تشریح ہے۔ ہر ایک شخص کو اس رسالہ کو پڑھنا چاہئے کیونکہ کوئی گھر اس بیماری سے خالی نہیں رہتا۔ ایک ٹکٹ بھیجکر مفت منگوالیں۔

**رسالہ امرت** — مشہور و معروف دوائی امرت دھارا جو ایک ہی دوائی کل امراض کا علاج ہے اس کی مکمل تشریح اس کے اندر ہے۔

**فہرست ادویات** — امرت دھارا اوشدھالیہ کی تمام ادویات کی فہرست بھی مفت بھیجی جاتی ہے۔

**سو سالہ عجیب کیلنڈر مفت!**

خط و کتابت و تار کیلئے پتہ: امرت دھارا ۱۳۰ لاہور

ہمارے ایجنٹ: میسرز بہاری لال گھاسی رام کھاری باؤلی اسٹریٹ دہلی


بڑے بادشاہوں کی بخشش ... [illegible]

(پنجاب) [illegible]

## اٹلی کے مقابلہ میں حبشیوں کی فتوحات
### ڈاک کے ذریعہ سے صحیح خبریں

### جنوب میں اٹلی کی شکست

### ۲ ہزار اطالوی مارے گئے

### حبشیوں کا قبضہ

## بحر روم میں فرانس کے جنگی جہازوں کا گشت
### اٹلی پر ستارہ مریخ کی کارفرمائیاں

پیرس ۸ رجنوری۔ جیسا کہ ... جنوری کو جمعیتہ بین الاقوامی لیگ کی سب کمیٹی کا اجلاس اٹلی کے خلاف نئی پابندیاں لگانے پر غور کرنے کے لئے منعقد ہوگا۔ فرانس کے بحری بیڑہ کے بہترین جہاز بحیرہ روم اور ساحل مراکش میں ...

## اعلیٰ حضرت حضور نظام کی سلور جوبلی
### ۲۴ رفروری سے ۲ رمارچ تک منائی جائیگی

حیدرآباد دکن ۱۰ رجنوری۔ منجانب سرکاری ...

## حضور نظام کی جوبلی
### حیدرآباد کے سکھوں کا فیصلہ

## ہندوستان صرف ہندوؤں کیلئے ہے
### بھائی پرمانند کا ہذیان

## کرپان کی پابندی میں توسیع کا مسئلہ
### حکومت ہند غور کررہی ہے

## حضور نظام علیگڈھ یونیورسٹی کا معائنہ کرینگے

## اٹلی میں ایک زبردست انقلاب کے آثار
### تعزیرات کی وجہ سے نازک صورت حالات

## سکھوں کے پانچویں جتھے کی گرفتاری

## عدالت کے کمرہ میں بموں کا دفینہ
### نکلتے ہی پھٹ گئے

## جلوس کے لائسنس کی شرائط کی خلاف ورزی
### راولپنڈی کے سکھوں کے خلاف مقدمہ

## دو مسلمانوں کو مزید نوٹس
### شہید گنج کانفرنس میں حصہ نہ لو

## برطانیہ میں خوفناک طوفان
### متعدد ہلاک اور مجروح

## میکالے کے جنوب میں حبشیوں کی فتح
### اطالویوں کی دہشت و بربریت

## ہسپانیہ میں لیڈر کوگولی سے اڑا دیا گیا
### تین افراد ہلاک متعدد مجروح

## ایک سو روپے کا جعلی نوٹ
### امپیریل بنک میں پکڑا گیا

## چین کے زبردست زلزلہ سے تباہی
### عوام میں خوف وہراس

## مصر کا مطالبہ آزادی
### برطانوی وزیر خارجہ کا جدید نظر غور

دماغی کام کرنے والے "شمیم" استعمال کرتے ہیں
شمیم
دی بنگ اینڈ کو انڈیا خاص دہلی



## ۲۶ رجنوری کو تمام ہندوستان میں یوم آزادی منایا جائے
### صوبجاتی کمیٹیوں کو صدر کانگریس کی ہدایات

احمد آباد ۸ رجنوری۔ بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس نے ایسوسی ایٹڈ پریس کے ذریعہ قوم سے مندرجہ ذیل اپیل کی ہے۔ ...

## شاہجہان کی مہارت فن تعمیر کا اعتراف
### ایک انگریز سیاح کے خیالات

## مزار کاکو شاہ کے انہدام کا مقدمہ
### پولیس انسپکٹر کا بیان

## کانگریس جوبلی منانے کا جرم
### شیخوپورہ میونسپلٹی کے ممبر کو نوٹس

## قصبہ کوہالہ میں خوفناک آتشزدگی
### ایک لاکھ روپیہ کا نقصان

## کوئٹہ کے مظلومین
### دہلی میں کمبلوں کی تقسیم

## فوجی گوروں کی اپیل خارج کردی گئی
### نفرت انگیز سلوک قابل مذمت ہے

## ابھی زلزلے آرہے ہیں

## ڈبے میں تین بم
### ملزم مفرور

## نئی دہلی میں مکمل تاریکی

## صوبہ سرحد کے احتجاج کا حکومت پر اثر
### شراب سازی کا کارخانہ نہیں کھل سکے گا

## بلدیہ پشاور کے انتخاب
### پیر بخش ایم۔ ایل۔ سی کی کامیابی کا امکان

## غیر ملکی ہوائی ڈاک کی روانگی

## لدھیانہ کی مسجدوں میں چوریاں

## الجمعیتہ بک ڈپو کے ادبی اصلاحی افسانے
اختر اور رضیہ
نیم شب
نقش احساس
صید زبوں
آفتاب دمشق
طوفان حوادث
ملنے کا پتہ:- الجمعیتہ بک ڈپو بلیماران دہلی

## "مجلس علمی" ڈابھیل کا گرانقدر علمی کارنامہ
### حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی (قدس سرہ)
کی دوسری نادر تالیف طبع ہو گئی
سید احمد رضا ناظم مجلس علمی قاضی محلہ بجنور

# حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت کا مکتوب

(سلسلہ صفحہ ۲)

پر ہندوستان میں عمل درآمد ہی ہوگا۔ اور یہ معلوم ہے کہ یہ شرعاً جائز نہیں ہے اور اگر نفی میں جواب دیا گیا تو یہ بات کس قدر مضحکہ خیز ہوگی کہ اسلام ایک عورت کو ایک مرتد کے ماتحت رکھتا ہے۔ اگر عورت کے حقوق ازدواج مسلم کرتا ہے تو کیا ہم اس طریقہ سے اسلام کی کوئی خدمت کریں گے اور اس حکم کے اظہار کے بعد ہمیں یقین ہے کہ یہ دفعہ قطعاً منظور نہیں ہوگی مگر اسلام کی بدنامی ہو جائیگی جس کا ازالہ مشکل ہوگا۔

## مرد کا ارتداد

یہ اسی طرح بہت ممکن ہے کہ اسمبلی میں یا سلکٹ کمیٹی میں اسی دفعہ پر بحث کرتے ہوئے یہ سوال پیش ہو جائے کہ مسلمان مرد تبدیل مذہب کرے تو اس صورت میں اس کی مسلمہ کو انفساخ نکاح کا حق ہوگا یا نہیں۔

اگر نفی میں جواب دیا گیا تو نہایت غلط اور سراسر ظلم ہوگا علاوہ بریں عورت کو یہ حق اس قانون کی دفعہ ۵ ضمن (د) کے رو سے حاصل ہو سکتا ہے اور یہ ہونا چاہئے کہ آپ حضرات کے اس جواب کے بعد دفعہ ۵ ضمن (د) سے یہ صورت خارج سمجھی جائے گی۔ علاوہ کیا اسکا قبول ضروری ہے۔

اور اگر اثبات میں جواب دیا جائیگا تو آپ حضرات کو غیروں کو یہ سمجھانا نہایت مشکل ہوگا کہ مرد کے تبدیل مذہب کی صورت میں عورت کو حق فسخ نکاح ہو اور جب وہ ...

کس قدر ناانصافی ہوگی اس کو آپ حضرات بخوبی سمجھ سکتے ہیں۔

## تصریحات شرعیہ

۵۔ دفعہ ۵ پر یہ سب اعتراضات اس مفروضہ کی بنا پر ہیں کہ اسلام کا قانون یہ صحیح تسلیم کر لیا جائے کہ ارتداد مسلمہ موجب فسخ نکاح نہیں ہے ورنہ یہ مسئلہ میرے نزدیک صحیح نہیں ہے۔ ائمہ اربعہ بلکہ تمام ائمہ مسلمین کا یہ متفق فیصلہ ہے کہ ارتداد مسلمہ موجب فسخ نکاح ہے۔ اگر وہ بعد تفہیم ارتداد پر قائم رہے۔ فقہ حنفی میں ظاہر الروایہ یہی ہے محققین فقہائے حنفیہ کا فتویٰ یہی ہے۔ ...

حاصل نہیں ہو سکتا جیسا کہ میں نمبر ۱ میں لکھ چکا ہوں۔ ...

## ترمیمات کی ضرورت

۶۔ دفعہ ۵ کے علاوہ بعض دیگر دفعات بھی غور طلب ہیں اور ان میں مناسب ترمیم کی ضرورت ہے ورنہ بہت سی عملی مشکلات پیدا ہونگی۔ ...

# کیا ارتداد کے بعد نکاح قائم رہ سکتا ہے؟

## مسودۂ قانون انفساخ نکاح کے متعلق ایک سوال

(از مرزا اعظم بیگ صاحب ... بی۔ اے۔ ایس۔ ایل ...)

اشاعت ... میں مرزا اعظم ... صاحب کے حسب منشا ... کیا جاتا ہے۔ حضرت سید غلام بھیک صاحب نیرنگ و دیگر ... کی طرف سے مسودہ فسخ نکاح شائع ہوا ہے اور اس کی ایک شق یہ ہے کہ محض ارتداد فسخ نکاح کے لئے کافی نہ ہوگا۔

بظاہر یہ ان مقدمات سے متاثر ہو کر کیا گیا ہے۔ جہاں چند بد قماش عورتوں نے اسلام سے روگردانی کر کے اپنے شوہر سے خلاصی حاصل کر لی اور عوام کا خیال ہوا کہ اس کے خلاف کوئی ترکیب ہونی چاہئیے۔ ...

مقابلہ کا گناہ ... اور مرتدہ کا زوجہ رہنا۔ ...

---

# حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی

# دوسری تقریر سیرت

قارئین الجمعیۃ کے لئے یہ خبر سرور موجب مسرت ہوگی کہ حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی دوسری تقریر سیرت جو گزشتہ دس ماہ سے الجمعیۃ کے کالموں میں بالاقساط شائع ہوئی تھی اب کتابی شکل میں منتقل کی جا رہی ہے۔ یہ تقریر سیرت پہلی تقریر سیرت سے ضخامت میں بہت زیادہ ہے۔ اس کا حجم پہلی تقریر سے ڈیوڑھا یا اس سے بھی زائد ہوگا۔ تین سو صفحات سے زیادہ کی ضخامت پر پھیلے گی اور جو آخری حصہ الجمعیۃ میں شائع نہیں ہوا ہے وہ بھی اس کتاب میں شامل کیا جائے گا۔ کتابت شروع ہو چکی ہے اور اس کے بعد بہت جلد طباعت کا اہتمام ہو جائے گا۔

جو حضرات پہلی تقریر سیرت کو ملاحظہ فرما چکے ہیں انہیں اس تقریر کی ہمہ گیری، جامعیت، اور سلاست و لطافت کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے۔ اس کے تمام مضامین جدید ہیں اور پیرایۂ بیان حضرت مولانا کی تمام خصوصیات کا حامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پہلی تقریر سیرت کو جو مقبولیت عام حاصل ہوئی ہے اسکے پیش نظر امید کی جاتی ہے کہ یہ دوسری تقریر سیرت اپنی مزید ضخامت اور بہتر کتابت و طباعت کے باعث اس سے بھی زیادہ مقبول ہوگی اور اسکا پہلا ایڈیشن بہت جلد ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو جائے گا۔ اس تقریر کے اہم مضامین و عنوانات حسب ذیل ہیں:۔

## دوسری تقریر سیرت کے مضامین

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| محمد عبد اللہ اور محمد رسول اللہ | سیٹ سلمان کی اولوالعزمی کا | ابن السکیت اور خلیفہ متوکل | حضرت موسیٰ علیہ السلام کی الدہ | سیدنا ابراہیم اور عیسیٰ علیہ کے | من احب لقاء اللہ احب اللہ لقاءہ |
| حضرت حماد کا واقعہ | یہ مہر ہمارے لئے تیار ہوا ہے | حضرت عائشہ کا واقعہ | ایک جاہل میلا دخواں کا واقعہ | متعلق ایک نکتہ | ایک اور شبہ کا جواب |
| محمد رسول اللہ | سیاسیات سے اجتناب | عمار بن یاسر کی کوفہ میں تقریر | اصحاب کہف کا واقعہ | عزیز اور حکیم کے معنی | حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لطیف قصہ |
| رسول کسے کہتے ہیں | دینی جماعت کی شرکت | عمار بن یاسر کی تعریف | ابتلاء کی مصلحت و حکمت | لطف و عید کا شبہ | معاذ اللہ خدا سے شکوہ |
| ... | ... | ... | ... | ... | ... |
| گمراہی کا محاصرہ | حضرت عمار بن یاسر اور حضرت عائشہ | حضرت حق کی جانب سے تسلی | لفظ یقین میں تحریف | حدیبیہ کے اونٹوں کا واقعہ | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری عمل |
| پست اقوام کے لیڈر کا ایک واقعہ | مسجد نبوی کا ایک واقعہ | مجنون کا ایک واقعہ | ایک جاہل پیر کا واقعہ | دولہا کے گھر کی پہلی رات | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ابتدائی کلمہ |
| ٹوڈی اسلامائوں کی تعریف | علی اور معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما | حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ | عبدی اور امتی کہنے کی ممانعت | عبارت کی بجائے دل کا سوال ہے | نوجوانوں سے آخری خطاب |
| میاں فضل حسین کی غلط پالیسی | حضرت معاویہ کی تقریر | عنہا کا ایک واقعہ | حضرت علی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم | حضرت حق کا تردد و تامل | ہندوؤں سے خطاب |

دوسری تقریر سیرت کی قیمت (عہ/) دو روپیہ مع محصول ڈاک ہوگی جس میں آٹھ آنے محصول ڈاک کے شامل ہونگے لیکن جو حضرات طباعت سے قبل دوسری تقریر سیرت کی قیمت پیشگی بھیجدینگے ان سے قیمت مع محصول ڈاک صرف (عہ) ایک روپیہ آٹھ آنے لی جائیگی۔ ایسے خریداروں کا ایک رجسٹر علیحدہ کھول دیا گیا ہے۔ اور انکے نام درج رجسٹر کرنے کا مخصوص انتظام کیا گیا ہے تاکہ ہر خریدار کو جس کی پیشگی رقم عہ وصول ہوگی ہو کتاب چھپتے ہی رجسٹرڈ پارسل کے ذریعہ ارسال کر دی جائے۔ جو حضرات پانچ کتابوں کی رقم پیشگی یکمشت ارسال کرینگے اور پارسل ایک ہی پتہ پر منگائینگے انہیں محصول ڈاک میں مزید تخفیف ہو جائیگی اور پانچ کتابوں کیلئے ساڑھے سات روپیہ کے بجائے صرف چھ روپیہ مع محصول ڈاک ارسال کرنے ہونگے۔

**منیجر الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی**

---


## الجمعیۃ بک ڈپو کی عورتوں کیلئے کتابیں

خانہ داری ... جمال ہمنشین ... پیکر وفا ... خواتین اسلام ... عصمتی دسترخوان ... مزاۃ العروس ... عصمتی شہید ... یتیم کا لال ... گرفتار قفس ... ایامی ... سمرنا کا چاند ... اتالیق نسواں ...

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## الجمعیۃ بک ڈپو کی سیاسی و اقتصادی کتابیں

سیاسیات ہند ... نہرو رپورٹ ... پارلیمنٹری کمیٹی کی رپورٹ ... مالیات عامہ ... سکہ و شرح تبادلہ ... مبادی معاشیات ... آزادی ...

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## الجمعیۃ بک ڈپو کی بچوں کیلئے کتابیں

تعلیم الاسلام ... علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی ... اربعین ... بچوں کی استانی ... بچوں کی بوستان ... بچوں کی گلستان ... طلسمی قاعدہ ... اخلاقی سبق ... بچوں کا تحفہ ... مکتبہ جامعہ ...

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

...

آئی، کھڑکی فارسی جام نگر کاٹھیاواڑ

## قدیمی مٹھو دکان

...

محمد اسحٰق محمد یحییٰ بازار کھاری باؤلی دہلی

## نئے سال کے گاہکوں کو عجیب تحفہ

ہماری مشہور دوا ... انٹرنیشنل ٹریڈنگ کمپنی پوسٹ بکس (ل) نمبر ۲۱۰۹ کلکتہ

## مفت

سہ رنگا باتصویر دیواری کیلنڈر اور شاہی جنتری ۱۹۳۶ء

مختلف مقامات کے ... کیلنڈر اور جنتری دونوں مفت طلب فرمائیں۔ ملنے کا پتہ:۔ لے شیر اینڈ کمپنی جالندھر شہر (پنجاب)

## درود شریف

ہر بانی فرما مسلمانوں کے موجودہ ادبار و تنزل کے رفع کرنے کی غرض سے ... درود شریف ... رسالہ صوفی ... جاری کر دیا جائیگا ... اسلام کی ترقی اور ... مسلمانوں کی اصلاح کے لئے بھی دعا فرماویں۔

منیجر صوفی پنڈی بہاء الدین ضلع گجرات

## گپت منتر

یک صد روپیہ انعام

...

SIDH MANTAR ASHRAM
No. 29/1, KATRISARAI
(GAYA)

SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.

الجمعیۃ دہلی

ایڈیٹر۔ ہلال احمد زبیری (ایم-اے)

فی پرچہ ایک آنہ

| جلد ۲۶ | دہلی - یوم پنجشنبہ ۲۰ ر شوال المکرم ۱۳۵۴ھ ہجری - مطابق ۱۶ ر جنوری ۱۹۳۶ء | نمبر ۴ |
| --- | --- | --- |


# اٹلی کے ہوائی جہازوں پر زمین سے جشیوں کی گولہ باری

## مسولینی کا بیٹا بال بال بچ کر فرار ہو گیا

## ۲۰ ر جنوری کو حبش کا زبردست حملہ شروع ہو جائیگا

اسمرہ ۱۴ ر جنوری -

سینور مسولینی کا بیٹا وٹوریو ایک ہوائی جہاز میں سوار جشیوں پر گولے برسا رہا تھا کہ نیچے سے ایک توپ کا گولہ ہوائی جہاز میں لگا اور اندر جا کر پھٹ گیا۔ ہوائی جہاز کی مشین گن مجروح ہو گئی اور سینور مسولینی کا بیٹا بال بال بچ گیا۔

ہوائی جہاز کے چلانے والے طیارچی نے راہ فرار اختیار کی اور وہ بمشکل اپنی مشین کو اطالوی اسٹیشن تک واپس لاسکا۔

دوسرے بھی متعدد ہوائی جہاز اسی طرح جشیوں کی گولیوں کا نشانہ بنے ہیں۔

اودیس ابابا کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ -

ہوائی جہازوں نے تمام محاذوں پر جو بمباری دوبارہ شروع کر دی ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جشیوں پر عنقریب سخت گولہ باری کی جانے والی ہے۔

دسیئی جہاں کہ آج کل شہنشاہ حبش رہتے ہیں اس گولہ باری کے لئے خاص طور پر منتخب کیا گیا ہے۔

پیرس ۱۴ ر جنوری -

اودیس ابابا سے جو خبریں آئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ ۲۰ ر جنوری کو افواج میکالے کو حاصل کرنے کے لئے ایک زبردست حملہ کریں گی - اور اس حملہ میں خود شہنشاہ حبش بھی حصہ لیں گے اسی دن جمعیۃ اقوام کا جنیوا میں اجلاس بھی ہوگا اور اس میں حبش کا مسئلہ زیر بحث آئے گا۔

# مشرقی ایشیا کے اسلامی ممالک کا اتحاد

## بین الاقوامی مسائل میں باہمی تعاون

## ٹرکی، عراق، ایران اور افغانستان کی شرکت

انگورہ ۱۴ ر جنوری -

## مارشل لا کا اعلان

## کینٹن میں طلباء کی باہمی جنگ

## تمام شہر پر فوج کا قبضہ

کینٹن ۱۴ ر جنوری -

## ریاست جے پور میں آرڈیننس

## باشندگان ریاست پر تشدد

## دہلی کا ریڈیو اسٹیشن

## اٹلی کے مقابلہ میں برطانیہ کی تیاریاں

## فرانس کے معاہدے

لندن ۱۴ ر جنوری -

## بم برسانے والا جہاز ٹوٹ گیا

اسمرہ ۱۴ ر جنوری

## سلہٹ میں زبردست بلوہ

## گیارہ اشخاص زخمی ہوئے

# حبش کیلئے جاپان کی امداد

## سپاہیوں کو سامان رسد پہنچانے کی پیشکش

## دہلی کا ماتمی جلسہ

## چوبیس گھنٹے کے اندر دہلی چھوڑ دو

## دو نوجوانوں کو انتہائی نوٹس

## کوریان مورچہ کیلئے ایک ارب جھنڈے


# الجمعیۃ بک ڈپو کی دولت پیدا کرنیوالی کتابیں

الجمعیۃ بک ڈپو - بلیماران دہلی



SEMI-WEEKLY
Aljamiat, DELHI.

| Vol. 23 | DELHI MONDAY 13th JAN: 36. | No. 3 |
| --- | --- | --- |



الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن

اگر آپ مہینے بھر کے بہترین سیاسی و مذہبی مضامین پڑھنا چاہتے ہیں تو الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن خریدیے جو ہر مہینہ کی ۲۸ تاریخ کو شائع ہوتا ہے۔

ہر قسم کی کتابیں

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی سے ہر قسم کی کتابیں اور قرآن مجید و حمائلیں مصری اور مترجم ارزاں اور رعایتی قیمتوں پر خریدی جاسکتی ہیں


## مولانا سجاد صاحب نائب امیر شریعت کا مکتوب

(بسلسلہ صفحہ ۶)

## راجہ غضنفر علی خاں کا مسودہ قانون

## ریاست اودے پور میں تائید


# الجمعیۃ بکڈپو کی تاریخی کتابوں کا نایاب ذخیرہ

رحمۃ للعالمین

اشاعت اسلام

تاریخ تبلیغ اسلام

بلاغ مبین

رسالات نبیہ

تذکرۃ الصحابہ

خواتین اندلس

اسلامی عقائد و احکام

اسلامی تاریخ

تاریخ انتشار

عشرہ مبشرہ

اصحاب بدر

نشر الطیب فی ذکر الحبیب

حیات حافظ رحمت خاں

خلافت صدیقی

خلافت فاروقی

ضیاء الدین برنی

خلافت عثمانی

خلافت حیدری

الجمعیۃ بک ڈپو - بلیماران دہلی

برص پھلبہری کی نایاب دوا

کرٹیول

ہندوستان کی واحد خوشبو

ابی سینیا کا مفصل نقشہ

خضاب چھوٹ دو

خالد کمپنی ۲۹ چھتہ لال میاں دہلی

انسانی کی گولیاں

میکوئنٹری مع ڈائری ۱۹۳۶ء

اردو میں چھپ کر تیار ہو گئی

زہر کا سرطان علاج

سفوف جذام

معجون برہمی

مولانا مولوی محمد ابراہیم صاحب ڈاکخانہ چیتر ضلع ہزارہ باغ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۰ شوال المکرم ۱۳۵۴ھ

# دہلی کے قومی و سیاسی حلقوں میں صف ماتم

## مولانا عارف ہسوی کا انتقال

### ایثار و قربانی اور عزم و استقلال کی بےمثال زندگی

تمام ہندوستان میں یہ خبر انتہائی رنج و افسوس کے ساتھ سنی جائیگی کہ ۱۲ جنوری ۱۹۳۶ء کو ۵ بجے شام کے وقت دہلی کے مایۂ ناز قومی لیڈر مولانا عارف ہسوی صاحب کا ایک طویل علالت کے بعد انتقال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

بہ حیثیت مجموعی ہی جماعت کی دینی قابلیت کے شاہکار تھے ۱۹۱۶ء سے انہیں سیاسیات میں حصہ لینے کا موقع ملا اور وہ کانگریس میں شریک ہوتے رہے ۱۹۱۹ء میں دہلی تشریف لائے اور اس وقت سے ...

# شہید گنج کانفرنس

## پنجاب کی مسلم سیاسیات کا افسوسناک منظر

لاہور کی مسجد شہید گنج کے سلسلہ میں اب تک جو کچھ ہوا ہے اس نے نہایت واضح طور پر یہ ثابت کردیا ہے کہ پنجاب کے مسلمانوں میں کافی جوش و خروش اور احساس مذہبی و ملی کے باوجود اس چیز کی قیادت کی ہے جو کسی قوم کو منزل مقصود تک پہنچانے اور کامیاب بنانے ...

کا ایجی ٹیشن ہے۔ کوئی ان کی صحیح رہنمائی کرنے والا نہیں ہے، کیونکہ جماعت ان کی سرپرستی کے لئے سرگرم عمل نظر نہیں آرہی ہے۔ مجلس احرار کو ابتدائی واقعات ہی نے علیحدہ کردیا، مجلس اتحاد ملت محض اخبارات کے کالموں میں اپنا وجود رکھتی ہے ...

اب لاہور اور تمام پنجاب کے تمام مسلمان ہیں اور مسجد شہید گنج

# متحدہ محاذ

بابو راجندر پرشاد صدر کانگریس نے ہندوستان کی مختلف جماعتوں سے حکومت کے مقابلہ میں ایک متحدہ محاذ قائم کرنے کی اپیل کی ہے ...

# مولانا ظفر علی خاں کی نظربندی

یہ امر بے انتہا افسوسناک ہے کہ حکومت نے باوجود مسلسل پیہم مطالبات کے ابھی تک مولانا ظفر علی خاں اور ان کے رفقا کو نظربندی کی قید سے رہا نہیں کیا ہے ...

# مسودۂ مسلم قانون انفساخ نکاح

(بسلسلہ صفحہ ۲)



# مسودۂ مسلم قانون انفساخ نکاح

## مرتبہ حضرت مولانا ابوالمحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت صوبہ بہار

### تمہید

ہرگاہ کہ مسلمان عورتوں کو اپنے شوہروں سے جدائی اختیار کرنے کا حق شریعت اسلامیہ نے جن وجوہ پر دیا ہے اس بارہ میں کچھ تو فقہ حنفی کے بعض جزئی مسائل کی وجہ سے اور کچھ بعض دیگر ...

ہند کا کوئی قانون یا ریگولیشن یا آرڈیننس ہو تو وہ قانون اور ریگولیشن اور آرڈیننس اس قانون پر یا اس کی کسی دفعہ کے حق میں غیر مؤثر ہوگا۔

### باب اختیارات

دفعہ ۶۔ مسلمان حنفی عورت یا اس کے شرعی ولی حسب ذیل ...

### باب مبادیات

### وجوہات

(باقی صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمائیے)


حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند

کی

# دوسری تقریر سیرت

قیمت اشاعت سے قبل ۸ معہ محصول ڈاک

قیمت اشاعت کے بعد ۱۲ معہ محصول ڈاک

قارئین الجمعیۃ کے لئے یہ خبر ضرور موجب مسرت ہوگی کہ حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی دوسری تقریر سیرت جو گزشتہ دس ماہ سے الجمعیۃ کے کالموں میں بالاقساط شائع ہورہی تھی اب کتابی شکل میں منتقل کی جارہی ہے۔ یہ تقریر سیرت پہلی تقریر سیرت سے ضخامت میں بہت زیادہ ہے ... کتابت شروع ہوچکی ہے، اور اس کے بعد بہت جلد طباعت کا اہتمام ہوجائے گا۔

جو حضرات پہلی تقریر سیرت کو ملاحظہ فرما چکے ہیں انہیں اس تقریر کی ہمہ گیری، جامعیت، اور سلاست و لطافت کا کچھ اندازہ ہوسکتا ہے۔ اس کے تمام مضامین جدید ہیں اور پیرایۂ بیان حضرت مولانا کی تمام خصوصیات کا حامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پہلی تقریر سیرت کو مقبولیت عام حاصل ہوئی ہے ... اس تقریر کے اہم مضامین و عنوانات حسب ذیل ہیں:

## دوسری تقریر سیرت کے مضامین

دوسری تقریر سیرت کی قیمت دو روپیہ مع محصول ڈاک ہوگی ... اور پانچ کتابوں کے لئے ساڑھے سات روپیہ کے بجائے صرف چھ روپیہ مع محصول ڈاک ارسال کرنے ہونگے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران۔ دہلی

# حوادث و احکام

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں
(۱) شادی میں باجہ بجانے کی مذہب اسلام اجازت دیتا ہے یا نہیں۔ اگر جواب اثبات میں ہے تو وہ کونسا باجہ ہے؟
(۲) اگر صرف "دف" بجانے کی اجازت ہے تو کن مصلحت سے اور کیوں؟
(۳) اگر صرف بخیال اعلان شادی و بغرض اظہار مسرت و خوشی بوقت تقریب نکاح، بارات میں دف نہ ملنے کی وجہ سے "ترقی یافتہ" باجہ (از قسم بینڈ باجہ، مشک کا باجہ) بجایا جاوے تو یہ حرام ہے یا کیا؟
(۴) زید کی شادی میں اگر مندرجہ بالا باجہ میں سے کوئی باجہ بجایا جاتا ہے تو زید کے عزیزوں، قرابت داروں کی شرکت از روئے مذہب حرام ہے یا کیا؟
(۵) جس شادی میں باجہ بجایا جائے اس کی تمام تقاریب از قسم خوراک برادری، دعوت ولیمہ حرام ہو جاتی ہیں یا کیا؟
(۶) بارات میں جب باجہ بند ہو جائے اور پھر ترتیب کے کا قطعی یقین و علم ہو۔ اس وقت اگر دیگر تقاریب میں شرکت کی جائے تو کیا کسی مواخذہ مذہبی کا احتمال ہے یا نہیں؟
(۷) اگر حقیقی بھائیوں یا چچازاد، ماموں زاد، خالہ زاد، پھوپی زاد بھائیوں میں رنج و ملال، اختلافات قلبی اور فتنہ کینہ فساد کے انسداد کے خیال سے ایسی تقریب میں جبکہ باجہ بجایا جاتا ہو، شرکت کر لی جاوے تو یہ فعل جائز ہے یا ناجائز، مباح ہے یا حرام، یا کیا؟

## الجواب

شادی میں نکاح کے وقت اعلان کی غرض سے دف بجانے کی نہ صرف اجازت بلکہ تاکیدی ہدایت ہے۔ اعلنوا ھذا النکاح واجعلوہ فی المساجد واضربوا علیہ بالدفوف
اس کا حال حدیث شریف کا مضمون ہے یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ نکاح اعلان کے ساتھ کیا کرو۔ اور مسجد میں مجلس نکاح منعقد کرو اور دف بجاؤ۔ دف نہ ہو تو نقارہ یا ڈھول دف کا قائم مقام ہو سکتا ہے۔ بینڈ یا اور کوئی باجہ بجانا مکروہ اور خلاف سنت ہوگا۔
جس شادی میں بینڈ یا اور کوئی باجہ ہو یعنی صرف باجہ ہو تو گناہ ہو اس میں شرکت حرام نہیں۔ نہ دعوت کھانا حرام ہے۔ اور باجہ بند ہو جانے کے بعد شریک ہونے میں تو کوئی مضائقہ ہی نہیں۔
محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ
دہلی

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین ذیل کے نقشہ کے مطابق حق وراثت میں



گرجو، چاری، غلام نبی، تین بھائی۔ پہلے گرجو کا انتقال ہوگیا۔ اس نے ایک لڑکا ... اور ایک لڑکی ... چھوڑا ...

[illegible]

# یورپ کی آئندہ جنگ اور بین الاقوامی سیاسیات

## برطانیہ کی ہوائی قوت میں اضافہ

### بحری کانفرنس اور جاپان

لندن ۱۲ جنوری۔ رسمیاً جاپان بحری کانفرنس سے الگ نہیں ہوگا بلکہ اس حالت میں بھی گفت و شنید جاری رکھیگا جبکہ جہازوں کی تعداد مقرر کرنے کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہو سکیگا۔ یہ وہ فیصلہ ہے جو جاپان کی کیبنٹ نے اپنے خاص اجلاس میں کیا۔
برطانیہ کی ہوائی طاقت میں بڑی تیزی کے ساتھ اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ ہوائی جہازوں کے گیارہ نئے سکواڈرن بنائے گئے ہیں ... ہوائی جہازوں پر مشتمل ہیں تیار رکھے جا چکے ہیں۔ اور رسالت سے زیادہ کیپٹن ... پائلٹ بھرتی کئے جا چکے ہیں۔
جرمنی کے صیغۂ پرواز نے ۱۸ اور ۲۲ سال کی عمر کے نوجوانوں کو ہوائی فوج میں شامل ہونے کی دعوت دی ہے۔ اخبار "ٹائمز" کا نامہ نگار مقیم برلن لکھتا ہے کہ اٹلی کے حملہ کی صورت میں فرانس اور برطانیہ کے درمیان باہمی امداد کے معاہدہ کو جرمنی میں شبہ کی نگاہ سے دیکھا جا رہا ہے۔
جرمنی کے خیال میں معاہدہ لوکارنو کا مطلب یہ ہے کہ ضامن حکومتوں کو غیر جانبدار رہنا چاہئے۔ فرانس اور برطانیہ کے درمیان خاص فوجی انتظامات سے معاہدہ کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اور جرمنی کے لئے نقصان دہ ہوگا۔ گو جرمنی کو اٹلی کے خلاف برطانیہ اور فرانس کے درمیان عارضی اتحاد سے کوئی خاص خدشہ نہیں ہے لیکن اس کا خیال ہے کہ فرانس نے اٹلی کے خلاف برطانیہ کی امداد کرنے کا اسی صورت میں وعدہ کیا ہے جبکہ برطانیہ نے جرمنی کے خلاف فرانس کی امداد کرنے کا وعدہ کر لیا ہوگا۔ برطانیہ کے لئے مناسب نہیں ہے کہ وہ ضامن طاقت ہونے ہوئے اس قسم کا معاہدہ کرے۔

# اٹلی اور حبش میں صلح کی کوشش پھر شروع ہوگئی

## کیا مسولینی کا دماغ اب صحیح ہوگیا ہے

پیرس ۱۳ جنوری۔ ایک فرانسیسی اخبار کا نامہ نگار مقیم جنیوا مطلع کرتا ہے کہ ... کونسل کی جنگ ۱۸ ماہ حال سے ... فروری کے لئے اس غرض سے ملتوی کر دی گئی ہے تاکہ بین الاقوامی حبش اور اٹلی کے متنازعہ کے بارے میں برطانوی اور فرانسیسی نمائندوں سے صلح کی گفت و شنید کے بارے میں تبادلہ خیالات کر سکیں۔
نامہ نگار موصوف رقمطراز ہے۔ صلح کی گفت و شنید کو ایک حقیقی شئے بنانے کے لئے یہ لازمی ہے کہ اٹلی جمعیۃ اقوام کی تحقیقاتی کمیٹی کو تحقیقات کرنے کی اجازت دے کہ حبش میں کس طریقہ سے جنگ لڑی جا رہی ہے۔ اور موجودہ نازک صورت حالات کو کس طرح ختم کیا جا سکتا ہے۔
نامہ نگار موصوف کو معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ جنیوا میں جب صلح کی گفت و شنید کے لئے تجویز پیش کی جائے گی تو برطانیہ یہ تحریک پیش کرے گا کہ اٹلی اور حبش چھ یا آٹھ ہفتوں کے لئے عارضی صلح کر لیں تاکہ تحقیقاتی کمیٹی جلد اپنا کام کر سکے۔

# روس پر حملہ کیلئے جرمنی کی تیاریاں

## دس لاکھ فوج اور سامان جنگ

ماسکو ۱۲ جنوری۔ حکومت سوویٹ کی مرکزی اگزیکیوٹو کمیٹی کے ... اجلاس میں ... سوویٹ کی فوجوں کی تعداد کے ... موسیو مولوٹوف کے بیان کو تابیوں کے مسرت افزا نعروں میں سنا۔
موسیو مولوٹوف نے اپنی تقریر کے دوران میں بیان کیا کہ جنگ کے متعلق جاپان اور جرمنی کی متفقہ پالیسی نے روس کے لئے مشرقی اور مغربی سرحدات میں لڑائی کا سخت خطرہ پیدا کر رکھا ہے۔ اس لئے سیاسی مطالبہ ہے کہ حکومت روس کو ۱۹۳۶ء کے دوران میں اپنی فوج کے لئے مزید بجٹ منظور کرنا چاہئے۔
موسیو مولوٹوف نے اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے کہا۔ ... ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ روس کی تمام فوج اپنے اہم فرائض کی ادائیگی میں ... کام کے ... عہدہ برآ ہو سکتی ہے۔

### جرمنی اور جاپان کا فوجی اتحاد

موسیو مولوٹوف نے اس امر کا اظہار کیا کہ اخبارات کے اس بیان نے حکومت روس کو ہرگز متاثر نہیں کیا کہ جرمنی اور جاپان میں فوجی اتحاد ہو چکا ہے۔
موسیو مولوٹوف نے پولینڈ کو بھی زبردست جارحانہ اقدامات کرنے والے ممالک میں شمار کرتے ہوئے اس پر یہ الزام عائد کیا کہ وہ اپنے مسلک کے ... ہمسایوں کے علاقوں تک اپنے مقبوضہ علاقہ کی توسیع چاہتا ہے۔

### جرمنی ایک فوجی کیمپ ہے

آپ نے جرمنی کی فوجی حالت کا نقشہ کھینچتے ہوئے اس امر کا اظہار کیا کہ اس وقت جرمنی ایک فوجی کیمپ کی حیثیت رکھتا ہے جو یورپ کے وسط میں واقع ہونے کی وجہ سے تمام یورپ کو خطرہ میں ڈال رہا ہے۔
آپ نے بیان کیا کہ نازی جرمنی روس پر حملہ کرنے کی تیاری میں مصروف ہے۔ حکومت روس نے کوشش کی تھی کہ جاپان سے عدم اقدامات جارحانہ کے متعلق ایک معاہدہ کرے مگر حکومت جاپان نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔
موسیو مولوٹوف نے خاتمہ پر بیان کیا کہ مذکورہ صدر واقعہ کے سوا باقی تمام امور کے متعلق ۱۹۳۵ء میں وزارت خارجہ کے تعلقات اچھے رہے ہیں۔
جدید ترین سرکاری اعلان سے پتہ چلتا ہے کہ اس وقت حکومت سوویٹ کے پاس دس لاکھ فوج موجود ہے۔ اس کے علاوہ ہوائی فوج کے پاس بہت زیادہ طیارے ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ روس کی فوج کے پاس ... ٹینک موجود ہیں۔

# برطانیہ کی طرف سے حبش کی امداد؟

## خفیہ رازوں کا انکشاف

پیرس ۱۲ جنوری۔ "جرنل" نے اپنے نامہ نگار مقیم حبش کا ایک مراسلہ شائع کیا ہے جس میں اس نے لکھا ہے کہ ... برطانوی ایجنٹ اور شہری آئے ہوئے ہیں اس کا اندازہ لگانا بہت مشکل ہے۔ یہ لوگ مختلف بہانہ بنا کر اپنی سرگرمیوں کو چھپانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر اپنی سرگرمیوں کو چھپانے کے لئے ریڈ کراس سے اپنا تعلق ظاہر کرتے ہیں۔
ریڈ کراس کا خاص طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ جن مقامات پر جنگ کا اعلان تک نہیں کیا گیا ہے، وہاں پر بھی برطانوی ہسپتال کے نام سے ہسپتال کھولے گئے ہیں۔ اہل برطانیہ کی توجہ جس علاقہ کی طرف سب سے پہلے مبذول ہوئی وہ حبش کے جنوب میں وہ علاقہ ہے جس کی ابھی تک ریسرچ نہیں ہوئی ہے۔ ... کے قریب اہل برطانیہ نے دو ہوائی کیمپ قائم کئے ہیں۔ ...

# ایرانی شکر کی مانگ

طہران (بذریعہ ڈاک) ایرانی بازاروں میں دیسی شکر بڑی مقدار میں فروخت ہو رہی ہے۔ ولایتی شکر کا بیوپار بہت گر گیا ہے۔ وطن پرستی کا جذبہ ایرانی باشندوں میں ترقی کر رہا ہے۔ ولایتی شکر کے تاجروں کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ ایران میں شکر کے کارخانے دن رات کام کر رہے ہیں۔ اور صفاہی ایران کے کارخانہ بڑی مقدار میں شکر تیار کر رہے ہیں۔


دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصفٰی

مسیح الملک ثانی جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی کی حیرت انگیز ایجاد

جوہر جیلانی

نیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند


# لاہور میں ایک مسلمان پر قاتلانہ حملہ

## حملہ آور موقع پر گرفتار کر لیا گیا

### پولیس کے زبردست انتظامات

لاہور ۱۲ جنوری۔ لاہور کی فرقہ وارانہ فضا جو آج تک ان احکام کی وجہ سے جو زیر دفعہ ۱۴۴ ضابطہ فوجداری شہر میں نافذ ہے پر امن تھی، آج پھر مکدر ہوگئی۔ جبکہ مجھی ہٹر میں ایک مسلمان پر دسی پر ایک ہندو نوجوان کی طرف سے قاتلانہ حملہ کیا گیا۔
واقعہ یوں ہے کہ ایک مسلمان مسمی ظفر الٰہی جو سیالکوٹ کا باشندہ ہے، لاہور آیا ہوا تھا اور ایک دوست کے ہمراہ مجھی ہٹہ سے گزر رہا تھا کہ شام کے ساڑھے سات بجے ببیل دہرپٹرے کے ایک ہندو نوجوان مسمی روشن لال نے ان دو شخصوں کو دیکھ کر نعرہ بلند کیا "مسلمانوں کو مارو"۔ اور چاقو سے ظفر الٰہی کے ... زخم پہنچایا۔ زخم اس کی پسلیوں کے قریب لگا۔ مضروب کو نازک حالت میں ہسپتال پہنچایا گیا۔ اور حملہ آور موقع پر گرفتار کر لیا گیا۔ اشتباہ کیا جاتا ہے کہ یہ حملہ کسی سازش کا نتیجہ تھا۔ ممکن ہے کہ مزید گرفتاریاں عمل میں لائی جائیں۔
اس افسوسناک واقعہ کے بعد شہر کے مختلف حصوں میں پولیس کا زبردست انتظام کر دیا گیا۔ اور کوتوال شہر خاں صاحب مرزا محمد قاسم اور دیگر افسران نے شہر میں گشت لگایا۔ (مسلم نیوز سروس)

## مزید تفصیلات

جونہی اس واقعہ کی اطلاع شہر میں پھیلی دکانیں بند ہونا شروع ہوگئیں۔ کوتوال شہر اور دیگر افسر فوراً موقعہ پر پہنچ گئے اور موقعہ کا معائنہ کیا۔ پولیس کے پکٹ تمام مقامات پر تعین کر دیئے گئے ہیں اور صورت حالات کو مزید مکدر ہونے سے بچانے کے لئے زبردست احتیاطی تدابیر عمل میں لائی جا رہی ہیں۔

### ظفر علی کا بیان

میو ہسپتال سے تحقیقات کرنے پر معلوم ہوا ہے کہ جس وقت ظفر علی کو ہسپتال میں داخل کیا گیا تو اس کی حالت بہت خطرناک تھی۔ مجسٹریٹ کے آنے میں دیر تھی اور اس کی حالت بدستور خراب تھی اس لئے ڈاکٹر انچارج نے اس کا بیان قلمبند کرنا شروع کیا۔

### بیان دیتے وقت بے ہوشی کا غلبہ

... اس کی حالت ... اور ... مسلمان مذکور کے نزدیک ... پولیس افسر موجود تھے۔
غشی سے پیشتر اس نے جو بیان دیا وہ یہ تھا۔
منکہ ظفر علی ولد نور الٰہی قوم شیخ ساکن سیالکوٹ آج صبح محض سیر و تفریح کے لئے لاہور آیا تھا اور ریلوے سٹیشن کے نزدیک ایک ہوٹل میں ٹھہرا تھا ہوٹل میں اپنا سامان رکھنے کے بعد میں انار کلی بازار پہنچنے کے ... بھولا محلہ ... بہت سے ...

# مصر کی طبی امدادی جماعت پر گولہ باری

## شہزادہ اسمٰعیل داؤد کا تار

قاہرہ ۱۲ جنوری۔ پرنس اسمٰعیل داؤد کے ایک ٹیلیگرام سے پتہ چلتا ہے کہ کچھ عرصہ پہلے اطالوی طیارات نے مصری ایمبولینس پر دجابور کے مقام پر بمباری کی تھی اس کے علاوہ اطالوی ہوائی جہازوں نے مصری ایمبولینس پر ایک ایسے مقام پر مشین گن سے فائر کئے ہیں جو دجابور کے مشرق میں سات گھنٹوں کے سفر کے فاصلہ پر واقع ہے۔ تاہم اس فائر کا اطلاع کر دیا گیا ہے۔ کہ یہ گولہ باری نیدرہ منٹ تک رہی مگر کوئی شخص ہلاک یا مجروح نہیں ہوا۔

### مصری کونسل کی طرف سے تصدیق

قاہرہ ۱۲ جنوری۔ مصری ... تصدیق کی گئی ہے ... مصری ایمبولینس پر گولہ باری کی گئی ہے۔ حکومت مصر نے اس تصدیق کے موصول ہونے پر فیصلہ کیا ہے کہ اس واقعہ کے خلاف باقاعدہ طور پر حکومت اطالیہ سے احتجاج کرے اور درخواست کرے کہ آئندہ انسانی مفاد کو مدنظر رکھ کر ایسے اقدامات سے مجتنب رہے۔

# موجودہ دنیا کی بے نظیر توپ

## برطانیہ کی تازہ ایجاد

لندن ۱۲ جنوری۔ ... سر ... نے بیان کیا کہ ۱۹۱۸ء میں انگلستان نے ہوائی جہازوں پر فائر کرنے والی ایک بہت اچھی توپ تیار کی تھی۔ مگر اس توپ جیسا ہی ایسی خاصیت موجودہ نہ تھی جو اس جدید توپ میں ہے۔ حکومت انگلستان نے جدید توپ کے لئے کوئی آرڈر نہیں دیا۔

# مصر میں مدافعانہ تیاریاں

## ریلوے لائن کی تعمیر

قاہرہ ۱۲ جنوری۔ ... لائن تعمیر ہو رہی ہے ... معلوم ہوتا ہے کہ حکومت مصر ... اطالوی حملے کی تدبیر کے امکان کے متعلق احتیاطی تدابیر میں مصروف ہے۔ اس مصرف میں حکومت برطانیہ بیس ہزار سٹرلنگ کی امداد دے گی۔


# الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن

## ایجنٹوں اور مشتہرین کیلئے ایک نادر موقع

الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن ۲۲×۲۹/۴ سائز پر اسی شان کے ساتھ جیسا کہ گولڈن جوبلی نمبر شائع ہوا تھا ۲۸ جنوری ۱۹۳۶ء کو شائع ہوگا۔ اس نمبر میں آرٹ پیپر کا ٹائٹل پیج ہوگا اور متعدد بلاکوں کے علاوہ بہترین مضامین درج کئے جائیں گے جو اس کی کثیر اشاعت اور عام مقبولیت کے ضامن ہوں گے۔ قیمت باوجود تمام خوبیوں کے وہی ایک آنہ رہے گی جو اس وقت الجمعیۃ کی ہے۔
ایجنٹوں کو فوراً اپنے آرڈر بھیجنے چاہئیں اور جن حضرات کی ایجنسیاں بذریعہ ڈاک جاتی ہیں انہیں بھی اپنے ریلوے اسٹیشن کا پتہ لکھ دینا چاہئے تاکہ زیادہ تعداد میں پرچے پارسل بذریعہ ریل بھیجے جا سکیں۔

الجمعیۃ بک ڈپو کے ادبی اصلاحی افسانے
اختر اور ضیہ
نقش آخر
نیم شب
صید زبوں
آفتاب دمشق
طوفان حوادث
ملنے کا پتہ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

مفت
سرنگا تصویری دیواری کیلنڈر اور شاہی جنتری ۱۹۳۶ء
جالندھر شہر (پنجاب)

اخبار مسلمان اپنے نام مفت جاری کرایئے
ملنے کا پتہ منیجر اخبار مسلمان سوہدرہ۔ پنجاب

# جمعیۃ علماء ہند کی مجلس مشاورت

## قانون فسخ نکاح پر غور اور ایک متفقہ مسودہ کی ترتیب

مرکزی جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا جو اجلاس ... ہندوستان ... دیگر علماء کو بھی مدعو کیا گیا تھا ... کی مجلس عاملہ کی جانب سے یکم فروری کو ایک عام مجلس مشاورت کا انعقاد کیا گیا ...

(ب) (۱) یہ کہ عورت کو خیار بلوغ حاصل تھا اور اس حق سے اس نے نکاح کو مسترد کر دیا ہو۔

(۲) یہ کہ اسکا نکاح فاسد منعقد ہوا تھا ...

۲۔ اس قانون کا نام "مسلم قانون فسخ نکاح" ہوگا۔

۳۔ یہ قانون تمام برٹش انڈیا میں اطلاق پذیر ہوگا اور فوراً نافذ ہو جائیگا۔

۴۔ اس قانون کے منشا یا کسی دفعہ کے خلاف برطانوی ہند کا کوئی قانون یا ریگولیشن یا آرڈیننس اس قانون پر یا اس کی کسی دفعہ پر اثر انداز نہ ہوگا۔

۵۔ اس قانون میں جب تک مضمون یا سیاق و سباق میں کوئی امر مناقض نہ پایا جائے ...

(ج) اگر ڈسٹرکٹ جج مسلمان نہ ہو اور حسب ضمن (ب) ضلع میں کوئی مسلمان حاکم دستیاب نہ ہو تو ڈسٹرکٹ جج اس مقدمے کو سماعت کیلئے کسی قریب ترین ضلع کے مسلمان حاکم کے اجلاس میں بھیجدیگا۔

(د) اگر مقدمہ بھیجے جانے کے بعد مسلمان حاکم کی جگہ کسی وجہ سے غیر مسلم حاکم آجائے تو مقدمہ اس ضلع کے ڈسٹرکٹ جج کے یہاں واپس ...

... میں ہوگا اور کوئی مسلم جج عدالت مذکورہ اس کی سماعت اور فیصلہ کریگا۔

نوٹ۔ اس مسودہ کی نقل مسلم ارکان اسمبلی کی خدمت میں بھی جاری ہے۔

ایک وجہ یا زیادہ کی بنا پر اپنے شوہر کے خلاف فسخ نکاح کا دعویٰ کر سکتی ہے۔

(الف) (۱) یہ کہ اسکا شوہر مفقود الخبر ہو۔

(۲) یہ کہ اسکا شوہر جنون یا جذام یا برص میں مبتلا ہو جبکہ یہ امراض سخت قسم کے ہوں۔

(۳) یہ کہ اسکا شوہر اسکو نفقہ نہ دیتا ہو یا دینے پر قادر نہ ہو۔

(۴) یہ کہ اسکا شوہر اس پر متواتر ناقابل برداشت مظالم کرتا ہو۔

(۵) یہ کہ شوہر کی مفقود الخبری یا طویل قید ...

## مسجد شہید گنج کا محاصرہ
### چودھری مولا بخش کی گرفتاری

لاہور ۳ فروری۔ مسجد شہید گنج میں قصد نماز کے ساتھ جانے کی تحریک جمعیۃ کو کئی روز تک بڑی کامیابی کے ساتھ چلانے کے بعد تحریک کے بانی اور ڈکٹیٹر چوہدری مولا بخش صاحب ... رات کے ... بجے گرفتار ہوگئے۔

## آل انڈیا اردو کانفرنس کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس

(۱) آل انڈیا اردو کانفرنس کی مجلس عاملہ کا یہ غیر معمولی اجلاس حکومت سرحد کی دانشمندانہ پالیسی کو جس کا اس نے ہندوستان کی مشترکہ قومی زبان یعنی اردو کو اپنے مدارس میں لازمی قرار دے کر ... ثبوت دیا ہے ...

(س) یہ اجلاس روزنامہ جات پرتاپ۔ ملاپ۔ بندے ماترم۔ ویر بھارت۔ احسان۔ مجاہد۔ انقلاب۔ زمیندار اور دیگر موقر اور رسائل و جرائد ... کی ترویج و اشاعت اردو کی ادبی خدمات کا اعتراف کرتا ہے اور امید کرتا ہے کہ وہ آئندہ بھی ان اپنی گرانقدر ادبی خدمات کو جاری رکھیں گے۔

# مجلس عاملہ جمعیۃ علمائے ہند کا اجلاس

## اہم تجاویز کی منظوری

... جمعیۃ کو یہ بھی یقین ہے کہ جلالۃ الملک سلطان عبدالعزیز بن فیصل السعودی دول یورپ کی استعماری ہوس سے خوب واقف ہیں ...

عبدالاحد ناظم جمعیۃ علماء ہند دہلی

## حجاز کا معاہدہ خطرات سے خالی نہیں ہے
### جمعیۃ تنظیم اہل حدیث صوبہ پنجاب کا فیصلہ

## بلدیہ راولپنڈی کے انتخابات
### ستر امیدواروں کے کاغذات نامزدگی مسترد ہوگئے

راولپنڈی ۳ فروری۔ انتخابات بلدیہ میں حصہ لینے والے قریباً ستر امیدواروں کے کاغذات مسترد کر دیے گئے ...

## پچاس آدمی گرفتار کر لیے گئے
### چالیس ریوالوروں کی برآمد

کلکتہ ۴ فروری۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ بندرگاہ کی پولیس نے برطانی جہاز ... پر چھاپہ مارا جہاں سے ایک بڑی تعداد میں اسلحہ جات برآمد کئے ...

## سکھر میں آتشزدگی کا حادثہ

کراچی ۴ فروری۔ سکھر سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ وہاں سگرٹ سازی کے ایک کارخانہ کو آگ لگ گئی ... دو لاکھ روپیہ کی مالیت کا مال ... جل کر خاکستر ہوگیا۔ اس کا اکثر حصہ بیمہ شدہ تھا۔

## دمشق میں امن قائم ہوگیا

دمشق ۳ فروری۔ فتنہ و فسادات ... کی اطلاع شائع ہو چکی ہے۔ اب بالکل امن ہے ...

## پنجاب لیجسلیٹو کونسل
### بجٹ سیشن کا پروگرام

پنجاب لیجسلیٹو کونسل کے بجٹ سیشن کا ترمیم شدہ پروگرام یہ ہے۔

۲۴ فروری۔ سرکاری کارروائی۔

۲۵ فروری۔ بجٹ پیش کردیا جائے گا۔

۲۷ فروری۔ غیر سرکاری قراردادیں۔

۲ ۔ ۳ مارچ۔ بجٹ پر عام بحث و تمحیص۔

# مسلم قانون انفساخ نکاح کا جدید بل

## مولوی محمد احمد صاحب کاظمی ایم۔ ایل۔ اے کی تصریحات

# مسجد شہید گنج کا مقدمہ پریوی کونسل تک لیجایا جائیگا

## مسلمانوں کو جوش و غضب کے بجائے ہوش و خرد سے کام لینا چاہئے

### سر ظفر علی سابق جج ہائیکورٹ کی اپیل

مرزا سر ظفر علی ریٹائرڈ جج ہائی کورٹ نے حسب ذیل بیان شائع کیا ہے۔

مسجد شہید گنج کے انہدام سے مسلمانان ہند کو جو شدید روحانی و جسمانی صدمات برداشت کرنا پڑے ہیں ...

(باقی صفحہ ۱۰ پر ملاحظہ فرمائیے)

شربت اکسیر ... کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے

جریان

ملیریا

یہ دوا آپ کو مضبوط اور تندرست کردیگی

SANATOGEN

صحیح مقوی غذا

زکام۔ کھانسی دمہ خشک و تر

گولی کھانسی

صدفری

گولی کھانسی روشنی

اکسیر بدن

امرت دھارا اوشدھالیہ لاہور

بڑے بابا سائیں کی بخشش

پان

# حکومت ہند کے محکمۂ فوج کا مستقبل

## مرکز اور خود مختار صوبوں سے تعلقات کی نوعیت

وفعات کو جن کا تعلق ڈیفنس سے ہے، صرف مرکزی حکومت بروئے کار لائے، اور اس وقت تک یہ طریقہ جاری رہے جب تک کہ فیڈرل ...

## ہندوستان کی فیڈرل ہائیکورٹ

### ۱۹۳۶ء میں قائم ہو جائے گی

توقع ہے کہ ہندوستان کی فیڈرل ہائیکورٹ ۱۹۳۶ء کے آخری ایام میں قائم ہو جائے گی۔ اس میں ایک چیف جسٹس اور دو جج ہوں گے۔ ججوں کی تنخواہ اور دیگر اخراجات کا معاملہ اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹی کے روبرو پیش ہوگا۔

## ہندوستان کا جدید دستور اساسی محض تباہ کن ہے

### لندن میں پنڈت جواہر لال نہرو کی تقریر

لندن۔ ۲ فروری۔ مسٹر ایلن ولکنسن اور سر ... پنڈت جواہر لال نہرو کو خوش آمدید کہنے کے لئے جلسہ منعقد کیا جس میں ... پنڈت جی نے اپنی تقریر کے دوران میں اعلان کیا کہ جدید آئین حکومت ہند ہندوستان کے حق میں بدترین ہے ...

# ایک ہندوستانی کان میں ہولناک حادثہ

## ۴۵ مقامات پر آتش زدگی

# عنقریب ایک عالمگیر جنگ چھڑنے والی ہے

## دول یورپ کی جنگی تیاریوں کے خوفناک اعداد و شمار

معاصر "البلاغ" قاہرہ میں "مستقبل قریب میں جنگ اور ترکی" کے عنوان سے ایک مقالہ شائع ہوا ہے جس میں تحریر ہے کہ ترکی اپنی عسکری قوت کو مضبوط کر رہا ہے ...

# جرمنی کے فوجی سپاہیوں کے جدید اختیارات

برلن ۳ جنوری۔ ہر ہٹلر نے ایک خاص حکم جاری کرتے ہوئے جرمنی کی فوج کو اختیار دیا ہے کہ مندرجہ ذیل صورتوں میں تمام امن کی خاطر قوت کے مظاہرہ سے دریغ نہ کریں:۔

(۱) کسی قسم کے حملے کے وقت ذاتی حفاظت

(۲) رعیت کے اسلحہ پر قبضہ کرنے کے لئے سپاہیوں کے حکم کی تعمیل

(۳) فرار ہونے والے مجرمین کے خلاف

(۴) اشخاص یا مصنوعات کی حفاظت کے لئے جنہیں فوج کے سپرد کیا گیا ہو۔

# تفریحی جلسے اور ضیافتیں ملتوی کی جائیں

## شاہ ایڈورڈ ہشتم کا فرمان

لندن یکم فروری۔ قصر بکنگھم سے ایک شاہی اعلان بدیں مضمون شائع ہوا ہے کہ درباری ماتم کی تاریخ ختم ہو جانے سے پہلے تفریحی اور مجلسی مشاغل کی تاریخ کے متعلق غلط فہمی پیدا ہو گئی ہے ...

# کانگریس کے آئندہ صدر کا انتخاب

## پنڈت جواہر لال نہرو منتخب ہو گئے

سیلون یکم فروری۔ کانگریس کے صدر بابو راجندر پرشاد نے اعلان کیا ہے کہ ... آئندہ اجلاس میں جو بمقام لکھنؤ ہونے والا ہے، پنڈت جواہر لال نہرو کو صدر منتخب سمجھا جائے ...

## بعدکی خبر

# صدر جمہوریہ امریکہ کو قتل کی دھمکی کا خط

نیویارک یکم فروری۔ امریکہ کے ایک متمول کھلاڑی ... کو آج نوے دن قید کی سزا دی گئی۔ اس کے خلاف صدر امریکہ کو تہدید آمیز خط لکھنے کا الزام تھا۔

# جنوبی چین میں اشتراکی بغاوت

# ایڈورڈ ہشتم سلطنت متحدہ کا دورہ کریں گے

# ہٹلر کے دور اقتدار کی تیسری سالگرہ

## برلن میں شاندار فوجی مظاہرہ


## بچوں کی اکسیر دوا

حکیم تلسی پرشاد اگروال کی گورنمنٹ ہند سے رجسٹری شدہ

قیمت ۸ آنے رجسٹرڈ

# بال جیون گھٹی

بچوں کی بخار، کھانسی، بدہضمی، دودھ ڈالنا، دست ہونا وغیرہ ہر ایک بیماری کی اکسیر دوا ہے

سب جگہ سوداگروں کے یہاں فروخت ہوتی ہے

المشتہر منیجر بال جیون کارخانہ علیگڑھ شہر یو۔پی





بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم چہار شنبہ و پنجشنبہ ۱۱ و ۱۵ ذیقعدہ ۱۳۵۴ ہجری


# قانون فسخ نکاح کا ایک متفقہ مسودہ

## جمعیۃ علمائے ہند کی تائید

جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس شوریٰ نے جس میں ہندوستان کے متبحر و جید علماء اور اہل الرائے حضرات شریک تھے اور جو ہر حیثیت سے ایک مستند جماعت تھی قانون فسخ نکاح کے متعلق ایک مسودہ مرتب کر لیا ہے جسے ہم آج کی اشاعت میں صفحہ ۳ پر شائع کر رہے ہیں۔ اس مسودہ قانون کی حمایت و تائید حاصل کرنے کے لئے جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ نے بھی اپنے اجلاس میں جو مجلس شوریٰ کے اجلاس کے بعد منعقد ہوا تھا ایک قرارداد منظور کی ہے اور مسلمانان ہند سے عموماً اور اراکین اسمبلی سے خصوصاً یہ اپیل کی ہے کہ وہ اس مسودہ کی پرزور تائید کریں ...

... سے انہیں بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور ایک ایسے قانون میں جو مسلمانوں کی ضروریات کے لئے ہو ان کی تائید و حمایت سے منظور کرایا جائے۔ ان ترمیمات کا ہونا بھی نہایت ضروری ہے۔ ہمیں امید ہے کہ اراکین اسمبلی اس مسودہ کی موجودہ شکل میں پوری تائید کریں گے۔ اور جن مسودات کو پیش کرنے کی منظوری حاصل ہو چکی ہے یا آئندہ حاصل ہوگی ان کے اندر اس مسودہ کے مطابق ترمیمات کرا کے انہیں تمام مسلمانان ہند کے نزدیک قابل قبول بنا دیں گے اور متحدہ تائید و حمایت سے انہیں اسمبلی میں منظور کرائیں گے۔

# مشرقی ایشیا کا اتحاد اور ہندو جرائد

موجودہ دور اجتماع و تنظیم کا دور ہے، جو قومیں پراگندہ و منتشر ہیں ان کے لئے اس عالم اسباب کے اندر کوئی جگہ نہیں ہے۔ دوسری زیادہ مجتمع اور زیادہ منظم قومیں نہیں آسانی کے ساتھ فنا کر سکتی ہیں۔ یہی وہ راز ہے جس کو سمجھ لینے اور اس پر عمل کرنے سے مختلف اقوام نے عروج و ترقی کے مدارج طے کئے ہیں اور اپنے اپنے زمانہ میں نہایت کامیابی کے ساتھ اپنی نمایاں ہستی کو قائم رکھا ہے ...

# درگاہ بل کی سب کمیٹی

اجمیر شریف کی درگاہ کے متعلق راجہ غضنفر علی خاں نے جو مسودہ قانون کونسل آف اسٹیٹ میں پیش کیا ہے اس کی حمایت میں مختلف مقامات پر جلسے ہو رہے ہیں اور بعض حضرات کے تائیدی بیانات بھی موصول ہوئے ہیں جنہیں الجمعیۃ میں شائع کیا جا رہا ہے ... جمعیۃ علمائے ہند کی مجلس عاملہ منعقدہ مراد آباد کے سامنے چونکہ اس مسئلہ کے متعلق پورا مواد موجود نہیں تھا اس لئے کسی انقطاعی فیصلہ کے بجائے اس نے ایک سب کمیٹی کا تقرر کر دیا ہے جو اس معاملہ پر مکمل غور و خوض کے بعد کوئی فیصلہ کرے گی ... درگاہ بل کے مؤیدین و مخالفین دونوں اس کمیٹی کے ساتھ تعاون کریں گے ... ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی خدمت میں ارسال کر کے کمیٹی کو علی وجہ البصیرت کوئی فیصلہ کرنے میں امداد بہم پہنچائیں گے۔


## موت العالِم موت العالَم


ہندوستان کے تمام علمی طبقے میں یہ خبر نہایت رنج کے ساتھ سنی جائے گی کہ حضرت مولانا خلیل الرحمن صاحب سہارنپوری نے ۲ فروری کی شب کو تین بجے عالم آخرت کی جانب رحلت فرمائی۔ مولانا ہندوستان کے ان چیدہ اور معدودے چند اکابر میں سے تھے جن پر علمی طبقے کو فخر ہے اور جن کی ہستیاں ہندوستان کے لئے موجب افتخار و اعزاز ہیں۔ مولانا اپنی خدمات علمی اور عملی کے اعتبار سے تمام ملک میں روشناس تھے۔

ندوۃ العلماء کے ابتدائی دور میں مولانا کی مساعی اور ندوۃ العلماء کی ترتیب و تنظیم میں مولانا کی گرانقدر خدمات محتاج بیان نہیں ہیں۔ ہم اللہ رب العزت سے دعا کرتے ہیں کہ وہ مولانا کو جوار رحمت اور مقام صدق میں جگہ دے۔ اور مولانا کے پسماندگان اور متعلقین و منتسبین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے ... کوئی خاص انتظام کریں گے۔

# اسلامی ممالک کے باہمی تعلقات مودت

## ٹرکی، حجاز، عراق اور افغانستان کی دوستی

### شط العرب کی سرحد

بغداد (بذریعہ ڈاک) وزیر اعظم یٰسین پاشا ہاشمی خارجیہ ڈائرکٹر نصرت بیگ الفارسی کی معیت میں بصرہ تشریف لے گئے۔ اخبارات نے خبریں شائع کیں کہ اس سفر کا مقصد کھجوروں کی برآمد کے متعلق جا دینے کے موضوع پر تاجروں سے تبادلۂ خیالات کرنا ہے لیکن ...

### حجاز اور عراق کا اتحاد

عرصہ سے یہ خبر گشت لگا رہی تھی کہ حجاز اور عراق کے درمیان ایک دوستانہ معاہدہ مرتب ہونے والا ہے جس کی رو سے دونوں حکومتیں ایک دوسرے کی امداد کا وعدہ کریں گی۔

### ایرانی نمائندوں سے گفت و شنید کا آغاز

### ناجائز تجارت کی روک تھام کیلئے حکومت کی تدابیر

### افغان وزیر خارجہ کا سفر ترکی

افغان وزیر خارجہ سردار فیض محمد خاں گذشتہ چند دنوں سے بغداد میں مقیم تھے۔ آپ جنوری کا پہلا ہفتہ رہے۔ اس کے بعد ترکی روانہ ہو گئے ...

# حوادث و احکام

### استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک امام کو برابر تین سال بوجہ اس کی بد اخلاقیوں ... کی اصلاح کرنے کا موقعہ دیا گیا ...

(۷) نمازیوں کو مسجد میں دوسرے امام مقرر کردہ کے پیچھے جماعت نماز باجماعت میں شرکت سے روکتا ہے۔ نمازیوں کی تذلیل و توہین خود بھی اور اپنی شاگردوں سے کراتا ہے۔

(۸) محلہ میں اپنی ذاتی مفاد کی خاطر پارٹی بازی کر کے شر و فساد پھیلاتا ہے وغیرہ وغیرہ

### الجواب

یہ امام اول معزول شدہ ہرگز دوبارہ امام بنانے کے لائق و قابل شرعاً نہیں ہو سکتا ہے ... واللہ اعلم

حبیب المرسلین عفی عنہ

نائب مفتی مدرسہ امینیہ۔ دہلی

### استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں ...

### الجواب

# جنگ حبش کی خبریں

## دوروز مسلسل جنگ
### میکالے فتح ہونے والا ہے

ادیس ابابا ۳ فروری۔ شمالی محاذ سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ یہ امر یقینی معلوم ہوتا ہے کہ حبشی فوجیں شہر میکالے پر دوبارہ قبضہ کر لیں گی۔

بیان کیا جاتا ہے کہ دریا کا رخ بدل دیا گیا ہے جو کہ پانی کی بہم رسانی کا خاص ذریعہ تھا۔ شہر کو گھیر لیا گیا ہے۔ اور اطالوی فوج کا سلسلہ رسل و رسائل منقطع کر دیا ہے۔

## ادیس ابابا پر بمباری کی تیاریاں
### اٹلی نئے ہوائی جہاز بنا رہا ہے

لندن ۵ فروری (ڈی ٹیلیگراف) اخبار ڈیلی ٹیلیگراف کا نامہ نگار مقیم حبش اطلاع کرتا ہے کہ اطالوی مارشل بیڈ وگلیو ادیس ابابا پر فوری بمباری کا انتظام کر رہے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ بمباری میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے اٹلی نئے جہاز بنا رہا ہے جو چند روز تک مکمل ہو جائیں گے۔

ادیس ابابا پر بمباری کرنے کے لئے اٹلی کی فوج کو ۴۰۰ میل کا سفر طے کرنا ہوگا اور تقریباً دس بارہ ہزار فٹ کی بلندی سے ...

## حبشیوں کی عظیم الشان فتح

## واربلیر پر حبشیوں کا حملہ
### ادیس ابابا پر بمباری کی کوشش

## ملک معظم کی ہندوستان میں آمد
### رپورٹ کی تردید

لندن ۳ فروری۔ سرکاری طور پر معلوم ہوا ہے کہ تاجپوشی کے بعد سلطنت کے طول و عرض میں ملک معظم کی سیاحت کا کوئی پروگرام زیر تجویز نہیں ہے۔ ... اس تجویز سے قطعاً بے خبر ہیں جو ... اطلاع شائع ہوئی ہے وہ قبل از وقت ہے۔

## سانحہ ارتحال

یہ خبر نہایت افسوس کے ساتھ سنی جائے گی کہ گمتھلہ کے مشہور و معروف اہل خیر جناب چودھری الٰہی بخش صاحب نے یکم فروری کی شب کو گیارہ بجے اس دار فانی سے عالم بقا کی جانب رحلت فرمائی ...

# سیاسیات مصر

## دارالعوام میں وزیر خارجہ کا بیان
### معاہدہ کے امکانات

لندن ۴ فروری۔ دارالعوام میں مصر کے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے مسٹر ایڈن نے بیان کیا کہ برطانیہ اور مصر کے درمیان دوستی کے معاہدہ کی گفت و شنید کے لئے متحدہ محاذ پیش کرنے کی درخواست پر ہائی کمشنر کو یہ ہدایت کر دی گئی ہے کہ وہ حکومت مصر کو مطلع کر دے کہ حکومت برطانیہ دوستی کے معاہدہ کی گفت و شنید کرنے کے لئے تیار ہے۔ اور اس کا یہ خیال ہے کہ جامع تصفیہ کے امکانات کو بہتر بنانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ بیشتر ان مدارج کو طے کیا جائے جنہوں نے ۱۹۳۰ء میں سخت مشکلات پیش کی تھیں ...

## برطانیہ اور مصر کے تعلقات

## کابینہ کی تشکیل

### پھٹا ہوا برطانوی جھنڈا

قاہرہ ۳۰ جنوری۔ اٹھائیس جنوری کو عوام کے ہجوم نے برطانوی قونصل خانہ میں یونین جیک کو نذر آتش کر دیا تھا۔ اب معلوم ہوا ہے کہ رسمی طور پر اس جھنڈے کو پھر لہرا دیا گیا۔ اور مصری پیدل فوج نے برطانوی قونصل جنرل مقیم سکندریہ کی حاضری میں اس کی سلامی اتاری۔

### برطانیہ سے گفت و شنید کرنے کے لئے وفد کا تقرر

قاہرہ ۳۰ جنوری۔ معلوم ہوا ہے کہ نسیم پاشا نے انتخابات کے لئے مارچ کی وسط تاریخ مقرر کی تھی لیکن موجودہ کابینہ نے انتخابات کی تاریخ ۲ مئی مقرر کر دی ہے۔ نئی کابینہ میں نسیم پاشا کے رفقا میں سے صرف ایک وزیر عبدالوہاب شامل کیا گیا ہے۔ نئی کابینہ کے ارکان کی اکثریت سابق وزرا پر مشتمل ہے ... صابری سفیر لندن، صادق وہبہ سابق سفیر روم اور مشہور مصری جنرل علی صدقی ایسے آدمی ہیں جو پہلے کبھی کابینہ کے ممبر نہیں رہے۔

شاہ فواد نے برطانیہ کے ساتھ گفت و شنید کرنے کے لئے نحاس پاشا کی صدارت میں ایک وفد مقرر کر دیا ہے جس کے ارکان تمام سیاسی جماعتوں سے منتخب کئے گئے ہیں۔

## شاہ فواد کو وزیر اعظم مصر کا مکتوب

## مسٹر بریسیکڈانلڈ منتخب ہو گئے

# جالندھر اور راولپنڈی کے رضاکاروں کو سزائے قید

لاہور ۲ فروری۔ آج سنٹرل جیل میں سردار صاحب نریندر سنگھ سٹی مجسٹریٹ کے روبرو ملک ظہیر الدین چوہدری عبدالعزیز سکرٹریان مجلس اتحاد ملت جالندھر ہندوستان خاں، محمد خاں، بہادر خاں شیدا اسلام، رضائے اسلام، بت شکن، بت توڑ، کفر توڑ، دیگر اٹھارہ مسلمان رضاکاروں کے خلاف مقدمہ زیر دفعہ ۱۰۷/۱۵۱ تعزیرات (نقص امن) کی سماعت ہوئی۔ ملزمان میں راولپنڈی جالندھر اور لاہور کے مسلمان رضاکار شامل ہیں۔ ...

... راولپنڈی کے دو جتھے دس ارکان پر مشتمل تھے۔ ان کے نام غیاث الدین، خوشی محمد، محمد اسحاق، احمد خاں، سید حشمت اللہ، محمد صدیق، رحیم بخش، خان زمان، محمد انور اور بوستان ہیں۔ جالندھر کا جتھہ پانچ ارکان مسمیان ملک ظہیر الدین سکرٹری اتحاد ملت جالندھر، بابا فضل احمد، عبدالمجید اور چراغ الدین پر مشتمل تھا۔

باقی تیرہ نوجوان مسمیان محمد اسلم، محمد شریف، محمد حسین، معراج الدین، محمد یعقوب، غلام محی الدین، منشی وغیرہ لاہور کے تھے۔ ... قوم مسلمان ساکن مسجد شہید گنج بتایا۔

## ۲۸ مسلم رضاکاروں کو سزائے قید

لاہور۔ یکم فروری۔ شہید گنج ایجی ٹیشن کی جتھہ بندی کے سلسلہ میں کل جو ۲۹ ارکان گرفتار کئے گئے۔ ان میں سے دو خورد سال بچوں کو بوقت گرفتاری علیحدہ کر دیا گیا تھا۔ آج سنٹرل جیل سے متحفہ کمرہ عدالت میں ۲۷ مسلم رضاکاروں کے خلاف شاہی مسجد سے مسجد شہید گنج کی طرف نماز کی ادائیگی کے لئے جانے کے الزام میں مقدمہ زیر دفعہ ۱۰۷ ضابطہ فوجداری کی سماعت نریندر سنگھ سٹی مجسٹریٹ کے روبرو ہوئی۔ بعد سماعت شہادت استغاثہ عدالت نے جملہ ملزمان سے چار چار دن کے لئے بیس بیس روپے کا مچلکہ طلب کیا کہ آئندہ اس عرصہ میں وہ ایسا اقدام نہ کریں گے۔ ملزمان نے مچلکہ دینے سے انکار کیا۔ اور چار دن کے لئے قید محض کے طور پر جیل چلے گئے۔

## جامع مسجد راولپنڈی میں تین ہزار مسلمان
### جتھہ کی روانگی

راولپنڈی ۳ فروری (ٹیلیفون پر) جناب عبدالمرغوب صاحب راولپنڈی سے ٹیلیفون پر اطلاع دیتے ہیں کہ

آج نماز جمعہ کے بعد تین ہزار مسلمانان راولپنڈی کا اجتماع ہوا جس میں عبدالمرغوب اور مولوی اسماعیل کی ہنگامہ خیز تقریریں ہوئیں۔ اس کے بعد لاہور روانہ کرنے کے لئے دس مسلمانوں کا جتھہ تیار ہوا جس نے راولپنڈی کے بازاروں میں گشت کیا ... مسجد شہید گنج کی تحریک جدید کے سلسلہ میں راولپنڈی میں بہت جوش ہے۔

... قائم رہتا ہے۔ وفد پارٹی ... کی تحریک پر ... جماعات کی منظوری ... برطانیہ کے ساتھ گفت و شنید ۱۵ فروری کو شروع کی جائے گی۔

## علامہ سید تفتازانی کا انتقال

نہایت افسوس اور قلق کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ مصر کے مشہور عالم علامہ سید تفتازانی حرکت قلب کے بند ہو جانے کی وجہ سے انتقال کر گئے۔ آپ قاہرہ سے مصری بینک کے وفد کے ساتھ اصلاحات حجاز میں ... کے لئے حجاز تشریف لے گئے تھے۔

## مصر میں حالات سکون پذیر ہو گئے

قاہرہ ۳ جنوری۔ صورت حالات کے سکون پذیر ہونے کی وجہ سے عنقریب یونیورسٹیاں اور سکول کھل جائیں گے۔

# مسجد شہید گنج کے متعلق تحریک سول نافرمانی
## لاہور میں جتھوں کی آمد اور گرفتاری

لاہور۔ یکم فروری۔ جدید تحریک شہید گنج کی جتھہ بندی کا آج نواں روز ہے۔ آج بھی شاہی مسجد سے اٹھائیس رضاکار جن میں دس راولپنڈی کے اور پانچ جالندھر کے ہیں۔ مسجد شہید گنج میں نماز ادا کرنے کے لئے پانچ پانچ، چھ چھ کی ٹولیوں میں روانہ کئے گئے۔ جن کو ایڈیشنل اور مقامی پولیس نے جو زیر قیادت خانصاحب مرزا محمد باقر سٹی کوتوال اور چوہدری بہادر علی سب انسپکٹر تھانہ ٹبی چوک ہیرا منڈی ...

## چوہدری مولا بخش کے خلاف کمیٹی

لاہور ۳ فروری۔ کل ایک خفیہ مجلس منعقد ہوئی جس میں ایک سو کے قریب سرکاری آدمیوں نے شرکت کی۔ اس مجلس میں چوہدری مولا بخش کو جو مسجد شہید گنج کے متعلق موجودہ تحریک کے ڈکٹیٹر ہیں۔ اور شاہی مسجد کے اندر بیٹھ کر تحریک کو چلا رہے ہیں۔ مسجد سے باہر نکال کر گرفتار کرانے کی تدابیر پر بحث ہوئی۔ فیصلہ کے متعلق اطلاع نہیں ملی۔ لیکن معلوم ہوا ہے کہ چوہدری صاحب کو کسی نہ کسی طرح مسجد سے باہر نکالنے اور گرفتار کرانے کی تجویز کی گئی ہے۔ (احسان)

## ڈاکٹر سید محمود بمبئی میں

بمبئی ۵ فروری۔ ڈاکٹر سید محمود ممبر آل انڈیا کانگریس ورکنگ کمیٹی آج بمبئی پہنچے۔

## مسجد شہید گنج کے مقدمہ کی ڈیفنس کمیٹی کا فیصلہ
### سول نافرمانی سے مسجد نہیں مل سکتی

مسلمانوں نے قانونی طور پر مسجد حاصل کرنے کے لئے مقدمہ تیار کر کے مسٹر کھوسلہ سشن جج کی عدالت میں دائر کر دیا ہے جس کی آئندہ پیشی ۱۰ فروری کو ہوگی اب جبکہ مقدمہ دائر ہو چکا ہے ہماری متحدہ کوششیں اس کو کامیاب بنانے میں صرف ہونی چاہئیں۔ لہٰذا اپنی تمام طاقتیں فی الحال اپنی تنظیم اور متذکرہ مقدمہ کی کامیابی میں صرف کرو۔ اور بقیہ تمام جدوجہد اس وقت تک ملتوی کر دو جب تک قانونی اقدام کی ... دوسرے اقدام کی ضرورت ہو۔

(۱) میرزا مظفر علی خاں ایڈووکیٹ ریٹائرڈ جج ہائیکورٹ صدر ڈیفنس کمیٹی۔

(۲) نواب شاہنواز ... (۳) سید محسن شاہ بی اے ایل ایل بی وکیل ہائیکورٹ (۴) ڈاکٹر عبدالرحیم خاں ایم بی بی ایس سابق سرجن کابل (۵) ڈاکٹر ... ڈی احمد ...

# دہلی میں اسمبلی کے اجلاس کی کارروائی
## اظہار تعزیت اور دیگر تجاویز

### پہلا دن

نئی دہلی ۳ فروری۔ لیجسلیٹو اسمبلی آج اجلاس میزانیہ کے لئے مجتمع ہوئی۔ اکثر ممبروں نے سیاہ نشان باندھ رکھے تھے اور جب اجلاس کی کارروائی شروع ہوئی تو تمام آوازیں جو ارکان اسمبلی کی ملاقاتوں کے نتیجہ میں بلند ہو رہی تھیں دب گئیں۔ چونکہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ آج کا اجلاس ملک معظم آنجہانی کی یاد کے نام پر معنون کیا جائے ...

ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہے کہ وہ اپنے آپ کو ان فرائض کا اہل ثابت کریں جو بادشاہ ہونے کی صورت میں ان پر عائد ہونے والے تھے۔ انہوں نے اپنی زندگی میں تخت نشینی تک جو امیدیں عوام کے دلوں میں پیدا کر دی ہیں ان کے پیش نظر یہ ایوان یقین رکھتا ہے کہ ایک آئینی بادشاہ کے فرائض کی ادائیگی وہ اس انداز سے ہیں کر سکیں گے جس طریق سے ان کے بلند اقبال باپ نے کی۔

## اسمبلی کی کانگریس پارٹی
### عہدہ داروں کا انتخاب

نئی دہلی ۳ فروری۔ اسمبلی کی کانگریس پارٹی کا آج ایک جلسہ ہوا جس کی صدارت کے فرائض مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی نے ادا کئے۔ مسٹر آصف علی کے سوائے تمام پرانے عہدہ دار دوبارہ منتخب ہو گئے۔ سیٹھ گوبند داس، سری کرشنا سنگھ، ڈاکٹر ... ڈاکٹر خان صاحب، ایم۔ سی۔ بردالوئی، مسٹر بی۔ داس جنرل سامی وینکا ٹاچلم چیٹی اور لالہ شام لال۔ پارٹی کی مجلس منتظمہ کے ارکان منتخب ہوئے ہیں۔ اور مسٹر ایس۔ ستیہ مورتی گوبند داس ممبر جوگندر سنگھ اور ست نرائن سنگھ کو پارٹی کا لیڈر مقرر کیا گیا ہے۔

پارٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ ان کا لیڈر کل ملک معظم کی قرار داد تعزیت کی تائید میں پارٹی کی طرف سے تقریر کرے۔

## فیڈرل ریلوے کے متعلق قانون
### اسمبلی کے موجودہ اجلاس میں پیش نہیں ہوگا

نئی دہلی ۳ فروری۔ ایسوسی ایٹڈ پریس کے نمائندہ کو معلوم ہوا ہے کہ حکومت اسمبلی کے موجودہ اجلاس میں فیڈرل ریلوے کے متعلق کوئی قانون پیش کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی۔

## امرتسر اور لاہور کے مابین کالی جھنڈی
### واپسی کا حکم

امرتسر ۳ فروری۔ شرومنی اکالی دل کے زیر اہتمام نہنگ صاحب پر سکھوں کا ایک بڑا اجماعی دیوان ... میں منعقد ہوا جس میں جتھہ دار ... نے تقریریں کیں۔

# مسلمانان دربھنگہ کا عظیم الشان جلسہ
## حکومت کی مذہبی مداخلت کے خلاف احتجاج

حسب ذیل تجاویز منظور شدہ جلسہ انجمن اسلامیہ دربھنگہ منعقدہ بتاریخ ۲۰ جنوری ۱۹۳۶ء بروز پیر مطابق ۲۵ شوال المکرم ۱۳۵۴ھ بوقت ۵ بجے شام بعد مغرب زیر صدارت جناب سید محمد فرید صاحب۔

ہم مسلمانان ضلع دربھنگہ اس انتظام جدید کو جو اسلام گنج وقف جگہ واقع مسجد اور مزار حضرت مخدوم شاہ نظام علیہ الرحمۃ کے قریب اندر روڈ ۲ جس سے عام سڑک جو زمانہ قدیم سے جاری ہے اور ادھر جانب سے مسجد و مزار مذکور میں جانے کا واحد راستہ ہے۔ راج دربھنگہ کے حوالہ کیا جا رہا ہے۔ امپرومنٹ ٹرسٹ سے تجویز ہو رہا ہے۔ اس کو ایک صریح مذہبی مداخلت اور ایک اہم ترین مذہبی رکن کی ادائیگی میں رکاوٹ پیدا کرنا تصور کرتے ہیں جس سے جذبات مذہبی سخت مجروح ہو رہے ہیں۔ کیونکہ مجوزہ تجویز سے مزار و مسجد مذکور کی آبادی کی پھر کوئی صورت ممکن نہیں ہے اس لئے اس مسجد کی آبادی جس مسلم آبادی وسنا کالہ ہونے کی وجہ سے ہے وہ کسی طرح اپنے مذہبی فرائض کو مسجد مذکور میں ادا نہیں کر سکتے ہیں اور مسلم زائرین کو اس مزار شریف کی زیارت و حفاظت کا موقع بھی جاتا رہے گا جس کو عام مسلمانان صریح مذہبی مداخلت خیال کرتے ہوئے حکومت سے درخواست کرتے ہیں کہ حکومت اس ہونے والے انتظام کو فوراً رد کر کے مسلمانوں کے جذبات ملی کا احترام کرے اور شاہراہ جو کہ متصل مسجد مذکور و مزار کے واقع ہے اس کو اپنی جگہ پر سابق بدستور قائم رکھے ...

---

شہر کے ہر حصہ میں حضرت ممدوح کی کامیاب تقاریر جاری ہیں جن میں علماء مشائخین، عوام و خاص طبقہ کے افراد پانچ سو سے زیادہ تعداد میں شرکت کرتے رہے ہیں۔ مولانا کی پرجوش تقاریر نے مسلمانوں میں اتحاد و جمعیت کا خاص ولولہ پیدا کر دیا ہے۔ تعلیمی و غیرہ دوسرے اصلاحی و اخلاقی عنوانات پر مولانا خاص طور پر زور دے رہے ہیں۔

عرصہ دراز کے بعد مولانا نے مسلمانوں میں اپنے مواعظ سے خاص حرکت و عمل پیدا کر دی ہے۔

محمد یوسف علی خاں قادری چشتی نائب امیر قاضی ریاست رامپور

## راجہ غضنفر علی خاں صاحب کے بل کی حمایت

۱۷ جنوری ۱۹۳۶ء کو جامع مسجد ریاست رامپور میں مسلمانان رامپور کا عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں شہر کے ہر حصہ کے کافی مسلمان شریک ہوئے۔ حضرت مولانا خلیل الدین صاحب ناظم مدرسہ مطلع العلوم۔ مولانا نور الحسن صاحب۔ مولانا ہدایت اللہ خاں صاحب۔ مولانا محمد اللہ خاں صاحب۔ مولانا اشرافت علی صاحب قاضی صاحب ریاست رامپور۔ مولانا سید مرتضیٰ علی صاحب۔ مولوی عبدالسلام صاحب۔ جناب صولت علی خاں صاحب چیئرمین میونسپل بورڈ ریاست رامپور خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

جناب صولت علی خاں صاحب نے حسب ذیل تجویز پیش فرمائی جس کی تائید سید معصوم علی صاحب مولوی سید مرتضیٰ حسین صاحب وغیرہ نے کی۔ مسلمانان ریاست کا یہ جلسہ راجہ غضنفر علی خاں صاحب کے بل (متعلق آستانہ غریب نواز علیہ الرحمۃ) کی تائید ...

---

## ینگ مین ایسوسی ایشن مونگیر کا سالانہ جلسہ

حسب اعلان مجلس منتظمہ بتاریخ ۲۶ جنوری ۱۹۳۶ء بروز یک شنبہ بوقت ۸ بجے دن ایک عام جلسہ زیر صدارت مولوی جمیل احمد صاحب کندھا پوری منعقد ہوا۔

جلسہ کا افتتاح جناب قاری ممتاز احمد صاحب نے تلاوت کلام پاک سے کیا۔ اس کے بعد صدر جلسہ کی اجازت سے سکرٹری صاحب ینگ مین ایسوسی ایشن نے سال بھر کی رپورٹ پڑھ کر سنائی۔ اس کے بعد مختلف حضرات نے اپنے اپنے خیالات اور افکار عالیہ سے ارکان ایسوسی ایشن کو بہرہ اندوز فرمایا۔ مجمع کے اصرار اور جناب صدر صاحب کی پیہم اپیل پر حضرت مولانا سید محی الدین صاحب اصلاحی صدر معاشرتی اجتماع مونگیر نے ایک پند آمیز اور حلاوت سے بھرا ہوا تقریر اپنے خاص خطیبانہ انداز میں فرمائی جس کا مجمع پر کافی اثر پڑا۔ سب سے آخر میں جناب صدر نے ایک منظم خبر اور موعظت آمیز خطبہ صدارت دیا جس سے حاضرین جلسہ پر وجد و کیف اور سکوت محض کی کیفیت طاری ہو گئی۔ صدر جلسہ کی تقریر کا سلسلہ کامل ڈیڑھ گھنٹہ تک رہا۔ تقریباً بارہ بجے دن کو جلسہ برخاست ہوا۔

جلسہ کی دوسری مجلس ۸ بجے شب سے شروع ہوئی۔ حسب ذیل کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔

(۱) حسب ذیل حضرات مجلس انتظامیہ کے ارکین بالاتفاق رائے منتخب کئے گئے۔

### عہدہ داران

صدر: مولوی عبدالقیوم صاحب سب ڈپٹی مجسٹریٹ۔

(۷) مولوی مجیب حسین صاحب (۷) مولوی سید بہاء الدین صاحب (۸) مولوی سید ظریف صاحب۔

یہ جلسہ پاس کرتا ہے کہ اس کی کارروائی ہندوستان کے تمام مشہور اخبارات میں بغرض طباعت بھیج دی جائے۔ تقریباً دس بجے شب کو جلسہ برخاست ہوا۔

نوٹ۔ مضامین ۹ فروری تک سکرٹری کو موصول ہو جانے چاہئیں۔ ہر مضمون کے ساتھ ڈاک ٹکٹ آنا ضروری ہے۔ نیز جواب طلب امور کے لئے بھی ٹکٹ آنا چاہئے۔

(سکرٹری ینگ مین ایسوسی ایشن مونگیر)

## دہلی میں بجلی خرچ کرنیوالوں کے حقوق کی حفاظت

دہلی میں جب سے الیکٹرک کمپنی نے اہل شہر کو بجلی بہم پہنچانی شروع کی ہے اس دن سے آج تک ایک خریدار بھی ایسا نہیں مل سکتا جو اس کمپنی سے معاملہ کر کے خوش ہو ...

---

(۵) کمیشن کو بند کرانے پر مالک کو سروس فنڈ ادا ہو ...

(۶) جلسہ ان شکایات کا انسداد کرانے کی کوشش کرتا جو کمپنی کی جانب سے کسی بجلی خرچ کرنے والے کو پہنچی ہوں یا پہنچنے کا خطرہ ہو۔

(دہلی الیکٹرک سپلائی ایڈووکیٹ صدر ... (مولانا) عبدالماجد سکرٹری الیکٹرک سٹی کنزیومرز ایسوسی ایشن بازار بلیماران دہلی۔

## صدر مجلس مرکزیہ اتحاد ملت کا اعلان

لاہور ۳ جنوری ۱۹۳۶ء۔ پنجاب کی موجودہ سیاسی فضا و تحریک جدید مسجد شہید گنج و آئندہ کسی ہوشیار اور عملی لائحہ عمل کے متعلق کوئی قطعی اور آخری فیصلہ کرنے کے لئے مجلس مرکزیہ اتحاد ملت کا ایک نہایت ہی اہم اجلاس ... فروری ۱۹۳۶ء بروز جمعہ صبح دس بجے قبل از نماز جمعہ دفتر مجلس مرکزیہ اتحاد ملت بیرون دہلی دروازہ جہازی بلڈنگ میں منعقد ہوگا۔ لہٰذا تمام ماتحت مجالس سے درخواست ہے کہ وہ اپنی اپنی طرف سے کم از کم ایک ایک نمائندہ تاریخ مقررہ پر بھیجنے کا انتظام فرمائیں۔ اجلاس نہایت اہم اور ضروری ہے اور جملہ نمائندگان کی تشریف آوری پر لازمی طعام و قیام کا انتظام مجلس کی طرف سے ہوگا۔

(پروفیسر ملک عنایت اللہ صدر مجلس مرکزیہ اتحاد ملت پنجاب)

## حضرت جگر مراد آبادی کے کلیات
### شعلہ طور

...

## مسجد میں مسلم خواتین کا جلسہ

...


تین گھڑیاں اور دیگر ۲۵ اشیاء صرف ایک روپیہ بارہ آنہ میں

پتہ:- دی امریکن کمرشل سٹورز۔ پوسٹ بکس ۱۲۲۱۳ کلکتہ


## ریاست رامپور میں جلسے
### حضرت مولانا عبدالحامد صاحب قادری کی تقاریر

مسلمانان ریاست رامپور کی دعوت پر حضرت مولانا عبدالحامد صاحب قادری بدایونی رامپور تشریف لائے۔ آپ کا مذہبی و قومی استقبال کی وجہ سے زیادہ قیام کا ارادہ ہے ... مساجد و اصلاح رسوم ... ریاست میں مسلمانوں کی اخلاقی و مذہبی اصلاحی مقاصد کا کام ...

## انتقال پر ملال

...


## گپت منتر
### یک صد روپیہ انعام

SIDH MANTAR ASHRAM
No. 29/1, KATRISARI (GAYA)

## ہندوستان کی واحد خوشنویس

## ابی سینا کا مفصل نقشہ

خالد کمپنی ۹۷ چھتہ لال میاں دہلی

## برص و پھلبہری کی نایاب دوا

ویدیا راج اکھل کشور رام نمبر ۱۰ (ڈاک خانہ کٹری سرائے (گیا)

## مفت
### سہ رنگا باتصویر دیواری کیلنڈر اور شاہی جنتری ۱۹۳۶ء

کرتول ... کرتول منیو فیکچرنگ کمپنی بازار فتحپوری دہلی

## لبوب اعظم

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

## سیرۃ النبی جلد پنجم شائع ہو گئی

الحمد للہ کہ سیرۃ النبی کے مقدس سلسلہ کی پانچویں جلد چھپ کر شائع ہو گئی۔ اس جلد کا موضوع تعلیمات نبوی میں سے عبادات کی تشریح و تفصیل ہے۔ اس میں پہلے عبادت کا مفہوم بتایا گیا ہے، پھر اسلام کے فرائض خمسہ نماز، زکوٰۃ، روزہ، حج، جہاد میں سے ہر ایک پر قرآن مجید کی تعلیمات کی روشنی میں علیحدہ علیحدہ سیر حاصل بحثیں ہیں۔ پھر توکل، صبر، اخلاص، تقویٰ، اور شکر وغیرہ جانی، مالی، قلبی عبادات کی تشریح اور ان کے احکام و مصالح کی توضیح کی گئی ہے۔

تقطیع کلاں ...

منیجر دار المصنفین اعظم گڑھ

## مجلس علمی ڈابھیل کا گرانقدر علمی کارنامہ
### حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی (قدس سرہ) کی دوسری نادر تالیف طبع ہو گئی!

...

سید احمد رضا ناظم مجلس علمی قاضی محلہ بجنور


---



## ۸۹ مسلم رضاکاروں کے خلاف مقدمہ
### ۱۴ بری۔ ۳۵ کو ایک سال کی قید

لاہور ۵ فروری۔ آج سنٹرل جیل میں منعقدہ عدالت میں اسٹار ... مجسٹریٹ کے روبرو جدید تحریک شہید گنج کے ۸۹ رضاکاروں پر دفعہ ... ضابطہ فوجداری اس الزام میں چالان کئے گئے کہ وہ کل ۴ فروری کو شاہی مسجد سے مسجد شہید گنج کی طرف پانچ پانچ پر مشتمل جتھوں کی صورت میں جا رہے تھے جس سے نقض امن کا اندیشہ تھا۔

سب سے پہلے جملہ رضاکاروں کے نام و پتے لکھے گئے۔ بالبدعا ملزمان کو جرم کی نوعیت سے آگاہ کرتے ہوئے نوٹس دیا کہ کیوں نہ ان سے ایک ایک سال کے لئے پانچ پانچ سو روپیہ کا مچلکہ برائے حفظ امن لیا جائے۔

اس کے بعد چودھری بہادر علی انچارج سب انسپکٹر تھانہ ٹبی کی شہادت قلمبند کی گئی گواہ نے کہا کہ چونکہ جتھوں کے آگے جانے سے نقض امن کا اندیشہ تھا اس لئے ان کو گرفتار کر لیا گیا۔

ملزم معراج دین کی جرح کے جواب میں گواہ نے کہا کہ گرفتاری کے وقت کسی ملزم کے ہاتھ میں کوئی ہتھیار یا چھڑی نہیں تھی۔ ...

## تحریک شہید گنج کے ڈکٹیٹر کی مفقود الخبری
### (۳۱ رضاکاروں کی گرفتاری)

لاہور ۵ فروری۔ آج بعد نماز ظہر جدید تحریک شہید گنج کے سلسلہ میں شاہی مسجد سے پانچ پانچ افراد پر مشتمل چھ جتھے نکالے گئے جن کو سپاہیوں اور پولیس نے چوک ہیرا منڈی میں بازار بایان کے کنارے گرفتار کر لیا۔ اور سنٹرل جیل میں پہنچا دیا۔ کل اکتیس رضاکار گرفتار کئے گئے۔

آج کے جتھوں کی رہنمائی کا کام تیسرے ڈکٹیٹر چودھری ...

## اٹلی کی جنگی کونسل کا اجلاس
### آدھی رات تک غور و خوض

...

## شاہ ایڈورڈ ہشتم کا اعلان
### زندگی کا اولین نصب العین

لندن ۵ فروری۔ دار العوام نے اپنے ایک خاص اجلاس میں ملک معظم ایڈورڈ ہشتم کو ایڈریس پیش کرتے ہوئے ملک معظم جارج پنجم کی وفات کے متعلق تعزیت کا اظہار اور آپ کی تخت نشینی کے متعلق مبارکباد پیش کی تھی۔ ملک معظم نے ہاؤس کے اس ایڈریس کا حسب ذیل جواب دیا ہے:-

...

## جلسہ تعزیت

...

## میونسپل کمیٹی دہلی کی کارروائی
### پھلوں پر چنگی اور جامع مسجد کی جائداد کا ...

دہلی ۵ فروری۔ آج دہلی میونسپل کمیٹی کی میٹنگ میں ... لالہ شنکر لال ... سرزا ... کی جگہ ممبر منتخب ہو کر آئے ہیں ...

اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ حکومت ہند نے دہلی کی اس اسکیم کے ماتحت اصول کو منظور کر لیا ہے جس کے ذریعہ شہر میں ڈرینوں کی از سر نو تنظیم کرنے اور گندے پانی کے اخراج کے موجودہ سسٹم کو بہتر بنانا مقصود تھا ...

### جامع مسجد کمیٹی کا تصفیہ

...

## اعلیٰحضرت شاہ ولی خان صاحب کا دہلی اسٹیشن پر شاندار استقبال
### مدارس اسلامیہ کے اساتذہ و طلبہ کا پرجوش مظاہرہ

دولت خداداد افغانستان کے دست و بازو سردار شاہ ولی خاں صاحب کی واپسی کابل کی خبر پر دہلی کے اسلامی مدارس نے پرتپاک خیر مقدم کرنے کا فیصلہ کر لیا۔

چنانچہ حضرت مفتی محمد کفایت اللہ صاحب و مولانا سلطان محمود صاحب صدر مدرسہ عالیہ فتحپوری کی ہدایت سے منشی فاضل کلاس، مولوی فاضل کلاس اور درس نظامیہ کی جماعتوں کے تقریباً ایک سو طلباء زیر نگرانی مولانا سید فخر الحسن صاحب مدرس و ناظم دار الاقامہ ٹھیک آٹھ بجے اسٹیشن پر پہنچ گئے۔ مولانا شریف اللہ صاحب نائب صدر اور مولانا ولایت احمد صاحب مدرس اور دوسرے اساتذہ بھی طلبہ کی رہنمائی کر رہے۔ مدرسہ امینیہ اور دیگر اسلامی مدارس کے طلبہ نے بھی کافی تعداد میں حصہ لیا۔

گاڑی آنے سے تقریباً آدھ گھنٹہ قبل یہ انبوہ کثیر آٹھ نمبر پلیٹ فارم پر پہنچ گیا۔ مولانا فخر الحسن صاحب اور مولانا شریف اللہ نے کمال سلیقہ مندی سے تمام طلبہ کو منظم کر کے قطار در قطار کھڑا کر دیا۔ طلبہ کے علاوہ دہلی میں مقیم خواتین کی کافی جمعیت پہنچ گئی۔ ...

## دہلی کے نئے ہوائی مستقر کا افتتاح

...

## سردار دیوان سنگھ کی رہائی کی درخواست
### ہائی کورٹ نے نامنظور کر دی

...

## جنگ یورپ کے لئے مسولینی کی تیاریاں
### قومی دفاع کی مجلس کا خفیہ اجلاس

...

## پولیس کو چودھری مولا بخش کی تلاش

...

## فساد کے سلسلے میں ہندوؤں اور مسلمانوں سے ضمانتیں

...

## لاہور میں دفعہ ۱۴۴ ختم ہو گئی

...

## مسلمان رضاکاروں کو چار ماہ قید
### مچلکے داخل کرنے سے انکار

...

## بنارس میں خانہ تلاشیاں
### بنارس یونیورسٹی کی بھی تلاشی لی گئی

...

## سر آغا خاں دہلی آئینگے

...

## شاہ انگلستان سے افغان وزیر خارجہ کی ملاقات

...

## اسمبلی میں غیر سرکاری بلوں کی قرعہ اندازی

...


دواخانہ رشیدیہ دیوبند
## مصفیٰ
مسیح الملک ثانی جناب حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی کی حیرت انگیز ایجاد
## جوہر جیلانی

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند

## دانت ہرگز نہ نکلوائیے

## قدیمی مشہور دوکان

محمد اسحق محمد یحییٰ بازار کھاری باؤلی دہلی

## حضاب چھوڑ دو

بال کالا اسٹورس کنسی سمری دربھنگہ

# مسلم قانون انفساخ نکاح کا جدید بل

(بسلسلہ صفحہ ۱۳ کالم ۳)

# شہر دہلی کی نشو و نما اسلامی حکومت کی
## پہلی دو صدیوں میں

# مسجد شہید گنج کا مقدمہ پریوی کونسل تک جائے گا

حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند

کی

# دوسری تقریر سیرت

قیمت
اشاعت سے قبل
دو روپیہ

قیمت
اشاعت کے بعد
دو روپے

## دوسری تقریر سیرت کے مضامین

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

---

# دارالعلوم دیوبند میں مولانا احمد خاں کی آمد

# مدرسہ انوار العلوم گیا کا سالانہ جلسہ

# ایران اور افغانستان کے درمیان ٹیلیفون

# دہلی چھاؤنی میں تعزیتی جلسہ

# عراق میں وزیر خارجہ افغانستان کا ورود

# عارضی بنگال کانگریس کمیٹی کا اجلاس
## مسلم ممبران کارپوریشن کے استعفے پر غور

# جمعیۃ تبلیغ الاسلام مونگیر کا جلسہ انتظامیہ

# مالیر کوٹلہ میں مسلم بنیاؤں کی گرفتاریاں

# بہار اور اڑیسہ میں ہاؤسوں کے اعداد و شمار

# آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس
## جس میں صرف پانچ ممبر شریک ہوئے

# کونسل کی کھدائی کا کام

# سر اکبر حیدری کا نیا اعزاز
## پریوی کونسل کے ممبر مقرر ہوئے

# مجلس اقوام اور ہندوستانی ریاستوں کا رابطہ

# سرحد میں جوک ہڑتال

## اعلان عام




# لمٹن کرونومیٹر

LIMTON WATCH CO.
RADHA BAZAR, CALCUTTA



آپ کی ہر مراد پوری ہوگی
# تعویذ قادری

دارالاشاعت جاورہ (سی آئی)



## بے تصدیق ہاسٹنگ مشن







# حب مقوی خاص



# دکھ کا گھر کھانسی
# امیکو کھانسی کا شربت
Ameco Cough Syrup
ہر قسم کی کھانسی اور امراض سینہ کیلئے نہایت مفید اور بے مثل دوا ہے



# نئے سال کے گاہکوں کو عجیب تحفہ

ایک بہترین تحفہ
# قوت باہ و امساک کی گولیاں

## سکھ دھرم قبول کرنے کے بعد بھی اچھوت ہی رہا گئے
### مذہبی سکھ لال سنگھ کی ڈاکٹر امبیدکر کو چھٹی

امرتسر ۳ جنوری۔ ضلع امرتسر کے مذہبی سکھوں کے ایک سکھ ... نے ڈاکٹر امبیدکر کو حسب ذیل چھٹی کو تحریر کی ہے:-

جب سے آپ نے ہندو دھرم سے بیزاری اور دوسرا کوئی مذہب اختیار کرنے کا ارادہ کا اعلان کیا ہے سکھوں کی طرف سے بھی آپ کو دعوت دی جا رہی ہے کہ آپ اکال تخت پر آ کر خالصہ دھرم قبول کریں کیونکہ اچھوتوں کو سکھ اپنے سینے سے لگا لیتے ہیں۔ یہ دعوے سراسر غلط ہے۔ اور بے بنیاد ہے۔ میں نے سکھ مذہب کو فروغ دینے کے لئے بہت کام کیا ہے۔ ضلع امرتسر میں ۱۹۵۵ اچھوتوں کو امرت چکھا کر سکھ بنایا۔ مجھے اور امرت چکھ کر سکھ ہونے والے اچھوتوں کو اچھوت کے نام سے ہی موسوم کیا جاتا ہے۔ ... اب سکھ دھرم قبول کرنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ اکال تخت کے سامنے کھڑے ہو کر امرت چکھنے سے بھی ہماری تمہاری ذات کا یہ کلنک نہیں مٹ سکتا ہے۔

## سگولی کے اسٹیشن پر ہولناک حادثہ
### "مال گاڑی عمارت سے ٹکرا گئی"
#### متعدد جانوں کا نقصان

گیسالی (بہار) یکم فروری۔ آج صبح تین بجے مال گاڑی سگولی میں جب آئی۔ تو اسٹیشن کی عمارت سے ٹکرا گئی۔ جس سے انجن سیکنڈ کلاس، ویٹنگ روم، پارسل آفس، مسافر خانہ اور ٹکٹ گھر کو توڑتا ہوا چلا گیا۔ اسسٹنٹ اسٹیشن ماسٹر اور متعدد مسافر ہلاک ہو گئے۔ اور سگنیلر اور گارڈ مجروح ہوئے۔ ٹکٹ گھر کی تمام اشیاء منتشر ہو گئیں۔ تار کا سلسلہ منقطع ہو گیا۔ ریل گاڑیوں کی آمد و رفت بند کر دی گئی ہے۔ مزید تحقیقات پر معلوم ہوا ہے۔ کہ ملبہ میں سے پانچ نعشوں کو برآمد کیا جا چکا ہے۔ ڈرائیور اور دو فائرمین حراست میں ہیں۔

## مالیرکوٹلہ میں مسلم رہنماؤں کی گرفتاریاں

محمد حسین خان سیکرٹری انجمن اسلامیہ مالیرکوٹلہ نے ذیل کا بیان ارسال کیا ہے۔

آج دو بجے کے دوسرے مسلم رہنما عبدالشکور اسسٹنٹ سیکرٹری انجمن اسلامیہ مالیرکوٹلہ کو بھی بلا وارنٹ گرفتار کر لیا گیا۔ مزید لیڈروں کی گرفتاریوں کی توقع ہے۔ ریاست میں ہیجان رونما ہو چکا ہے۔ اور مسلمان سخت مشتعل ہیں۔ ... ان میں حافظ رحمت اللہ بھی شامل ہیں۔

## عراق میں وزیر خارجہ افغانستان کا ورود
### شاہ غازی کی طرف سے پرتپاک خیر مقدم

بغداد ۳ فروری۔ کابل میں عراق کی جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ان سے پتہ چلتا ہے کہ عالی قدر جلالت مآب سردار فیض محمد خاں وزیر خارجہ افغانستان کے بغداد پہنچنے پر شاہ غازی (عراق) کے نمائندہ وزیر خارجہ عراق، ایران اور ترکی کے سفیروں اور دیگر زعماء بغداد نے آپ کا استقبال کیا تھا۔

شاہ غازی نے آپ کے اعزاز میں ایک دعوت دی تھی جس میں عراقی کابینہ کے ارکان، سفراء دول خارجہ مقیم بغداد اور دیوان شاہی مدعو تھے۔ وزیر خارجہ عراق، سفیر ایران متعین بغداد نے بھی آپ کے اعزاز میں شاندار ضیافتیں دی تھیں۔ ... ترکی متعین بغداد نے ایک گارڈن پارٹی دی تھی۔

سردار فیض محمد خاں نے متعدد مقدس مقامات کی زیارت کی تھی۔ اور شاہ فیصل مرحوم کی قبر پر پھولوں کا ہار چڑھایا تھا۔ آپ عراق سے رخصت ہونے سے پیشتر نجف، کربلا اور کاظمین کا بھی سفر کیا تھا۔

## دار العلوم دیوبند میں مولانا احمد زماں کی آمد

امام و المہتم مولانا احمد زمان خاں صاحب ... نے دار العلوم دیوبند کا ... کیا۔ ... حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی سے ملاقات کی ... نہیں ہوا۔ آپ ان صاحب نے دیوبند کو الوداع کہا۔ ... نسیم احمد فریدی منتظم دار العلوم دیوبند

## دہلی چھاؤنی میں تعزیتی جلسہ

۲۸ جنوری ۱۹۳۶ء کو بعد نماز عصر ... دہلی چھاؤنی کے مسلمانوں کا ایک عام جلسہ ... جناب مولوی محمد حسین صاحب ... شاہ جارج پنجم کی ... انتقال پر ملال پر اظہار افسوس کرنا اور ان کے اقرباء کے ساتھ ہمدردی کرنا ہمارا فرض ہے۔

افسر نصیر الدین دہلی چھاؤنی

## مدرسہ انوار العلوم گیا کا سالانہ جلسہ

۱۳ و ۱۴ و ۱۵ ذیقعدہ ۱۳۵۴ھ روز جمعہ و شنبہ و یکشنبہ کو مدرسہ انوار العلوم کا سالانہ جلسہ ہوا۔ ... حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت بہار، حضرت مولانا احمد سعید صاحب، حضرت مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی، جناب مولانا عبد الحکیم صاحب اور مولانا حکیم عبد الاحد صاحب دربھنگہ وغیرہ جلسہ کی شرکت فرمائی گئی۔ لہٰذا مدرسہ و مجلس و اراکین جلسہ ... شکر گزار ہیں۔

محمد عبد الحکیم مہتمم مدرسہ انوار العلوم گیا

## ایران اور افغانستان کے درمیان ٹیلیفون

کابل ۲۱ جنوری۔ ایران اور افغانستان کے درمیان بلاواسطہ سلسلہ ٹیلیفون کے افتتاح کا اعلان ہو گیا ہے۔ یہ سلسلہ ہرات سے اسلام قلعہ اور کابل سے گزرتا ہوا چلا گیا ہے۔ اور ایرانی وزیر خارجہ کی مساعی جمیلہ کا نتیجہ ہے جنہوں نے حال ہی میں کابل کا سفر کیا تھا۔

## عارضی بنگال کانگریس کمیٹی کا اجلاس
### مسلم ممبران کارپوریشن کے استعفے پر غور

کلکتہ ۳ فروری۔ عارضی بنگال صوبجاتی کانگریس کمیٹی کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس آج رات کو ہوا جس میں کلکتہ کارپوریشن کے کچھ مسلم ممبروں اور میئر کے کارپوریشن میں مسلمانوں کیلئے ملازمتوں کی تخصیص کرانے کے سلسلے میں مستعفی ہونے پر غور کیا گیا اور مندرجہ ذیل ریزولیوشن پاس کیا گیا۔

کمیٹی یہ بیان کرنا ضروری سمجھتی ہے کہ ملازمتوں کی فرقہ وارانہ یا مذہبی بنا پر تخصیص ... قرار نہیں دیا جا سکتا۔ ...

## جمعیۃ تبلیغ الاسلام مونگیر کا جلسہ انتظامیہ

۲۶ جنوری ۱۹۳۶ء کو جمعیۃ تبلیغ الاسلام مونگیر (بہار) کی مجلس شوریٰ کا جلسہ ... منعقد ہوا ...

## بہار اور اڑیسہ میں واردات کے اعداد و شمار

پٹنہ ۳ جنوری۔ ماہ دسمبر ۱۹۳۵ء کے دوران میں صوبہ بہار کے مختلف حصوں میں ڈاکہ کی تیس وارداتوں کی اطلاع موصول ہوئی۔ ...

## آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس
### بمبئی میں وسیع پیمانے پر تیاریاں

بمبئی ۳ جنوری۔ آل انڈیا مسلم لیگ کے آئندہ سالانہ اجلاس کے سلسلہ میں جو سر فضل حسین کی صدارت میں بمبئی میں منعقد ہونے والا ہے۔ ایک زبردست استقبالیہ کمیٹی بنائی گئی ہے۔ جس کا صدر سر کریم بھائی ابراہیم کو بنایا گیا ہے۔ حسب ذیل اصحاب استقبالیہ کمیٹی کے نائب منتخب ہوئے ہیں۔ ...

آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس بمبئی میں ... اصلاحات پر غور و خوض کرنے کے علاوہ اسلامیان ہند کے نقطہ نگاہ کی وضاحت کی جائے گی۔ ...

## کوئٹہ کی کھدائی کا کام
### ۲۲ لاکھ ۴۱ ہزار روپے کی منظوری

نئی دہلی یکم فروری۔ زلزلہ کوئٹہ کے سلسلہ میں اسٹینڈنگ فنانس کمیٹی نے بیالیس لاکھ ... روپے کی امداد منظور کی ہے۔ ... کوئٹہ کی کھدائی اور صفائی کا کام ۱۹۳۶ء میں ختم ہو جائیگا۔

## مجلس اقوام اور ہندوستانی پریس کے روابط

لندن ۳ جنوری۔ لیگ کے محکمہ اطلاعات کے ڈائرکٹر مسٹر ... آج ہندوستانی روانہ ہو رہے ہیں تاکہ وہاں کے اخبارات اور پریس کے ساتھ تعلقات پیدا کریں۔ ...

## مسٹر چٹرجی بھوک ہڑتال
### اسمبلی میں تحریک التوا کے نوٹس

نئی دہلی یکم فروری۔ مسٹر ... چٹرجی کی بھوک ہڑتال کے خلاف اسمبلی میں تحریک التوا کے دو نوٹس دئے گئے ہیں۔

## سر اکبر حیدری کا نیا اعزاز
### پریوی کونسل کے ممبر مقرر ہوئے

لندن ۳ جنوری۔ لندن گزٹ میں ایک سرکاری اعلان شائع ہوا ہے جس کے رو سے سر اکبر حیدری ... پریوی کونسل کے ممبر مقرر کئے گئے ہیں۔


## اعلان عام

... احسان الحسن رئیس بلند شہر



## لمٹن کرونومیٹر



بیس میکرن رولڈ گولڈ کیس
رکٹینگولر شیپ کٹ گلاس۔ ۱۵ جیول
۸ سائز رسٹ واچ
قیمت ۳۴/-
LIMTON WATCH CO.
RADHABAZAR, CALCUTTA



## آپ کی ہر مراد پوری ہوگی
### تعویذ قادری

... دار الاشاعت جاورہ (سی آئی)



## بے تصدیق آپ پر شک ممکن ہے

... آتنک نگرہ نامی جام نگر کاٹھیاواڑ



## نئے سال کے گاہکوں کو عجیب تحفہ

... پوسٹ بکس نمبر ۷۱۷ کلکتہ

## حب مبہی خاص

... ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی



## دکھ کا گھر کھانسی

کھانسی سے جلد بچو اور اپنی صحت کی حفاظت کرو

## امیکو کھانسی کا شربت
Amico Cough Syrup

ہر قسم کی کھانسی اور امراض سینہ کیلئے نہایت مفید اور بے مثل دوا ہے

... امین اسماعیل انگریزی دواخانہ نمبر ۹، کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ



## ایک بہترین تحفہ
### قوت باہ و امساک کی گولیاں

... حافظ سید محمد عمر شہر دہلی خزانچیاں کا کٹرہ ہدود




## مسلم قانون انفساخ نکاح کا جدید بل
(بسلسلہ صفحہ ۲ کالم ۳)

مانع الوقت طریقہ قانون بنانے کا یہ بھی ہے کہ قانون نظائر سے مرتب کیا جاتا ہے اس لئے کہ نظائر سے واقعی حالات کا صحیح اندازہ ہوتا ہے۔ اگر حالات بدل جانے پر فتویٰ بھی بدل جاتا ہے تو قانون بھی بدل دیا جاوے گا۔ موجودہ زمانہ کے نام نہاد قانون کو کن معنوں میں قانون کہتا کہ جن میں کلام پاک قانون ہے صحیح نہیں ہے۔ کلام پاک کا قانون دائمی قانون ہے نہ بدلنے والا قانون ہے جو قانون اس زمانہ میں بنایا جاتا ہے وہ دائمی قانون نہیں ہو سکتا۔ جو قانون ہم بنوانا چاہتے ہیں وہ اسی دائمی قانون کا موجودہ زمانہ کے حالات پر نفاذ ہے جب حالات بدل جائیں گے تو نفاذ بھی بدل جائے گی۔ ...

... کے مطابق ہے اس کی رو سے فیصلہ کیا جاوے۔ اور ہر حالت میں دوسرا طریقہ ہی افضل اور مناسب ہے اور اس کو ہی اس بل میں اختیار کیا گیا ہے۔

دوسرا اعتراض جو بل سابق کے بارہ میں چغتائی صاحب نے کیا تھا وہ یہ تھا کہ دعویٰ انفساخ نکاح بر شوہر یہ عذر کر دیگا کہ وہ حنفی نہیں ہے۔ مسودہ سابق میں الفاظ "حنفی مسلمان عورت" تھے شوہر کے مذہب کا کوئی ذکر نہ تھا۔ صرف عورت کے حنفی ہونے کی شرط تھی اور ایسا اعتراض نہ اٹھایا جا سکتا تھا۔ لیکن اب اس کے متعلق بحث بے کار ہے اس لئے کہ موجودہ بل میں الفاظ "مسلمان عورت" ہیں اور ایسا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔

تیسرا مسئلہ ارتداد زوجہ سے نکاح کی منسوخی یا عدم منسوخی ہے۔ واقعی طور پر یہ نہایت اہم مسئلہ ہے اور مختلف فیہ بھی ہے۔ چغتائی صاحب نے کلام پاک کی ایک آیت کا حوالہ دیا ہے کہ مشرکہ مسلمان کی بیوی نہیں ہو سکتی۔ لیکن اس سے عورت کے علیحدہ ہو جانے پر تجدید نکاح لازم نہیں آتی۔ ...

علماء کرام نے متفقہ طور پر بایں کثرت اس کو نامنظور کیا تو یہ دفعہ خارج کر دی جاوے گی۔

ایک پیچیدہ و مشکل مسئلہ یہ تھا کہ اس نوعیت کے مقدمات کے فیصلہ کے لئے مسلم قاضی کی شرط ہے۔ اس کا حل اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ ہندوستان میں محکمہ قضا قائم نہ ہو سکے اس کا فی الحال کوئی امکان معلوم نہیں ہوتا۔ اس لئے موجودہ حالات میں اس شرط کو اس طرح پر پورا کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ مقدمہ کی سماعت اور فیصلہ کرنے کے لئے مسلم حاکم کی شرط لگا دی گئی ہے۔

المختصر جیسا کہ وجوہ و نحوہ میں تحریر کیا گیا ہے جو شرائط انفساخ نکاح کے لئے رکھی گئی ہیں وہ تمام اہم معاملات میں ... موجودہ غیر مسلم سلطنت کے قیام کے زمانہ میں پوری کی جا سکتی ہیں اور مسلمانان ہندوستان کے موجودہ حالات کے مناسب ہیں۔ اسی لحاظ سے اب یہ قانون صرف حنفی مسلمانوں کے لئے نہیں بلکہ تمام مسلمانوں کے لئے پیش کیا جاتا ہے اور امید کی جاتی ہے کہ اب اس سے مسلم پبلک کا کافی اطمینان ہو جاویگا اور ایک بہت بڑی کمی پوری ہو جاوے گی۔

## مسجد شہید گنج کا مقدمہ پریوی کونسل تک جائیگا
(بسلسلہ صفحہ ۲ کالم ۵)

...

دستگیری فرمانے میں کوتاہی نہیں کریں گے۔ مجھے امید ہے کہ میری یہ درخواست صدا بصحرا ثابت نہ ہوگی۔ بلکہ مسلمانوں کا درد دل رکھنے والا طبقہ جلد از جلد اس طرف متوجہ ہوگا۔

ان متذکرہ صدر دنیاوی وسائل کے استعمال کے علاوہ مسلمانوں کو چاہیئے کہ صمیم قلب سے بارگاہ رب العزت میں دعا کریں کہ خدا اس جدوجہد میں جو اپنے دور رس نتائج کے اعتبار سے تاریخی حیثیت حاصل کر رہی ہے۔ انہیں فتح و نصرت سے سرفراز فرمائے۔ آمین یا رب العالمین۔

## شہر دہلی کی نشو و نما اسلامی حکومت کی پہلی دو صدیوں میں

۱۷ جنوری ۱۹۳۶ء کی شام کو کارروائی جامعہ ملیہ دہلی کے جلسے میں جناب سید حسن صاحب برنی ایم۔ اے۔ ایل ایل۔ بی۔ ایڈووکیٹ بلند شہر نے مندرجہ عنوان موضوع پر ایک پر از معلومات مقالہ پڑھا جس میں آپ نے حملہ تیمور سے قبل کی تاریخ پر مفصل روشنی ڈالی ہے۔

دہلی کی تاریخ دراصل ہندوستان کی تاریخ ہے اور یہ تاریخ صفحہ کاغذ سے زیادہ قدیم عمارتوں اور اجڑے ہوئے شہروں اور کھنڈروں پر کندہ ہے۔ ...

ہاتھوں اپنا نام باقی رکھنے کے شوق کی وجہ سے کہ بعد آپ وجود میں آتے رہے۔

اپنے مقالے میں آپ نے بہت سی ایسی باتیں فرمائیں جنہیں سن کر باشندگان دہلی اور سیاح یقیناً حیرت کریں گے کیونکہ اب تک وہ انہیں پرانی باتوں کو سنتے اور سچ سمجھتے رہے ہیں جو وہ اپنا انہوں نے سنی اور پڑھی ہیں۔ مثلاً آپ کا خیال ہے کہ مسجد قوۃ الاسلام کے شمال دروازہ پر بحکم شمس الدین التمش کا مقبرہ بیان کیا جاتا ہے وہ دراصل اس کا مقبرہ ہی نہیں ہے یا مثلاً قطب مینار کے سامنے مسجد کے دوسری جانب ایک مینار ہے ...

مختلف تہذیب و تمدن اور مختلف مذاق کے ملنے کا ایک ہی نتیجہ مترتب ہوتا ہے اور مورخین نے ہمیشہ اس چیز کو زیادہ اہمیت دی ہے۔ ...


حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی

## دوسری تقریر سیرت

قیمت اشاعت سے قبل ڈیڑھ روپیہ معہ محصول ڈاک

قیمت اشاعت کے بعد دو روپے معہ محصول ڈاک

قارئین الجمعیۃ کیلئے یہ خبر ضرور موجب مسرت ہوگی کہ حضرت سحبان الہند مولانا الحاج حافظ احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی دوسری تقریر سیرت جو گزشتہ دس ماہ سے الجمعیۃ کے کالموں میں بالاقساط شائع ہو رہی تھی۔ اب کتابی شکل میں منتقل کی جا رہی ہے۔ یہ تقریر سیرت پہلی تقریر سیرت سے ضخامت میں بہت زیادہ ہے۔ ...

دوسری تقریر سیرت کے مضامین

...

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

SEMI-WEEKLY Aljamiat, DELHI.

الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۲۹۳

تاریخہائے اشاعت اخبار الجمعیۃ ہر انگریزی ماہ کی یکم - ۵ - ۹ - ۱۳ - ۱۷ - ۲۱ - ۲۵ - ۲۹ تاریخ کو شائع ہوتا ہے

فی پرچہ ایک آنہ

چندہ

ایڈیٹر:- ہلال احمد زبیری (ایم-اے)

جلد ۲۳ | دہلی یوم پنجشنبہ ۱۹ ذیقعدہ ۱۳۵۴ھ ہجری مطابق ۱۳ فروری ۱۹۳۶ء | نمبر ۱۱


## مجاز و حقیقت

ادا جو آئے وہ بے عیب بے قصور آئے
ذرا تو آنکھ کھلے عشق میں شعور آئے
نکل کے عشق جو حد ادب سے دور آئے
جسے ذرا بھی غم عشق پر غرور آئے
چلوں میں راہ محبت میں بے نیازانہ
خود اپنی منزل دل محو ہوتی جاتی ہے
زمانہ تک تری گلیوں کی خاک چھانی ہے
کسی کی مست خرامی کا واہ کیا کہنا
مجاز ہے کہ حقیقت یہاں تو حال یہ ہے
انہیں سے عشق ہی چشمک مگر کہیں کہے
اجل جو آتی ہے آئے مگر اسی صورت
عجیب چیز ہے میخانہ تصور بھی
نظر ہی اپنی نہ اب دل ہی رہ گیا اپنا
وہیں سے ہم کو ملا ہے سکون دل کیا کیا
مری طرف سے بھی اے کاروان شوق سلام

خدا وہ دن نہ کرے آپ کو غرور آئے
ہم اپنے آپ میں آئیں تو وہ ضرور آئے
ادھر سے کعبہ چلے اور ادھر سے طور آئے
ترے حضور نہ جائے مرے حضور آئے
مری بلا سے اگر وہ بھی نا صبور آئے
نظر میں جب سے مقامات دور دور آئے
مری نگاہ میں کیا جلوہ گاہ طور آئے
کہ جیسے حافظ شیراز کی چور چور آئے
تیرے حضور سے اٹھے ترے حضور آئے
وہ خود حسین ہے اسکو نہ کیوں غرور آئے
کہ جیسے زلف پریشان وہ رشک حور آئے
یہاں سے ہوش میں پہونچے وہاں سے چور آئے
منزل ہی کہ ہم کیوں ترے حضور آئے
جہاں سے ہو کے بہت لوگ ناصبور آئے
کہیں جو راہ طلب میں مقام طور آئے

ہزار بار لکھے تو بہار نامۂ شوق
ترے بلائے جگر آئے وہ ضرور آئے

(جگر مراد آبادی)

## دلچسپ حقائق و معلومات

### چین کی آبادی

چین کی آبادی تقریباً ساڑھے اڑتیس کروڑ ہے۔ اس میں سے صرف دس لاکھ لکھ پڑھ سکتے ہیں۔ باقی سب جاہل ہیں۔

### شہنشاہ حبش کی شادی اور خطاب

### دھوپ سے بنا ہوا برف

### مصنوعی ریڈیم

### شیشے کا جدید تعمیر مکان

### عجیب و غریب موٹر

### لوہے کی جگہ تانبے کے اوزار

## معاصرین کے افکار و آراء

### جنگ یا صلح

### کانگریس کا اجلاس لکھنؤ

### تباہ کن طریق تعلیم

## تازہ خبریں


صفحہ ۴ پر ملاحظہ فرمائیے


### سگریٹ نما کیمرہ

### جہاز کا جہاز کشتی کی کشتی


SEMI-WEEKLY Aljamiat, DELHI.

Vol 23 | DELHI: WEDNESDAY & SUNDAY, FEBRUARY 5 & 9, 1936. | No. 9, 10



الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن

اگر آپ مہینے بھر کے بہترین سیاسی و مذہبی مضامین پڑھنا چاہتے ہیں تو الجمعیۃ کا ماہوار ایڈیشن خریدیے جو ہر مہینہ کی ۲۸ تاریخ کو شائع ہوتا ہے



ہر قسم کی کتابیں

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی سے ہر قسم کی کتابیں اور قرآن مجید حمائلیں معری اور مترجم ارزاں اور رعایتی قیمتوں پر خریدی جاسکتی ہیں۔


## آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا پچاسواں سالانہ اجلاس

بمقام ریاست رامپور


## انتہائی رعایت کا اعلان

## ۲۷ مُہری صحت نما قرآن مجید

ہدیہ سب سے کم اور خوبیاں بیشمار

| فی جلد مجلد چرمی نقرئی جالدار | فی جلد مجلد پارچہ | فی جلد غیر مجلد |
| --- | --- | --- |
| ۵ (محصول ڈاک ۱۱) | ۱۳ (محصول ڈاک ۱۱) | ۱۱ (محصول ڈاک ۱۱) |
| دس جلد مجلد چرمی نقرئی جالدار | دس جلد مجلد پارچہ | دس جلد غیر مجلد |
| ۱۲ (علاوہ محصول ریل) | ۱۴ (علاوہ محصول ریل) | ۱۰ (علاوہ محصول ریل) |

ریل سے منگانے میں بہت کفایت ہوگی۔ غرباء کو تقسیم کرنے کے لئے اس سے سستا اور کوئی قرآن مجید نہیں ہو سکتا جس کا ہدیہ انتہائی کم ہے ۲۷ عالموں کی ایک جماعت کا صحت کیا ہوا نہایت صحیح بہت سستا اور مع مقدمہ ترغیب القرآن و اختلاف قرأت ہے۔ یہ تمام ہندوستان میں مقبولیت کی نظر سے دیکھا جا رہا ہے۔ اور ہر مکتب میں پڑھایا جانے لگا ہے۔ ثواب حاصل کرنے والے یہ قرآن مجید زیادہ تعداد میں منگا کر زکوٰۃ کے روپے سے یتیم بچوں اور غریب مسلمانوں کو تقسیم کرتے ہیں، مدارس، خانقاہوں اور مسجدوں میں رکھتے ہیں۔

صحت نما ۲۷ مُہری قرآن مجید کے پڑھانے والے اُستادوں کیلئے آدھی محنت رہ گئی ہے بچے خوشی خوشی پڑھتے ہیں کیونکہ زیر و زبر تمام اعراب قرینے سے لگے ہوئے ہیں۔ حروف صاف صاف الگ الگ ہیں۔ صرف قاعدہ پڑھ لینے کے بعد بچے اور عورتیں اس قرآن کو آسانی سے صحیح اور جلد سے جلد پڑھ سکتی ہیں۔

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی



## ریکار ریٹاکس و لیتھو اسٹائل (طلائی و نقرئی تمغہ یافتہ)

ریکارڈ درست کرنے کے سو پونڈ و ہزاروں کاپیاں چھاپنے والا آلہ

مرتضی صادق مرزا موجد و مالک فرم دی ایسٹرن آرٹیزنس بزنس ہوم دہلی



## زمر روبوسہ کا شرطیہ علاج

سفوف خدام

سفوف ومہ

(مولانا) مولوی محمد ابراہیم صاحب ڈاکخانہ چیتر اضلع ہزاری باغ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
# الجمعیۃ دہلی
یوم پنجشنبہ ۱۹ ذیقعدہ ۱۳۵۴ ہجری

# جزیرۃ العرب پنجۂ استعمار میں
## شام وفلسطین کی زبوں حالی

جو لوگ جنگ عظیم کے بعد سے جزیرۃ العرب کی سیاسیات کا گہرا مطالعہ کرتے رہے ہیں ان کے لئے شام اور فلسطین کی تازہ خبریں اپنے اندر کوئی جدید وغیر معمولی نوعیت نہیں رکھتیں جس طرح کسی ظالم صیاد کے پنجے میں کوئی بدنصیب طائر گرفتار ہو جاتا ہے اور تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد اپنے بازو پھڑپھڑا کر آزادی حاصل کرنے کے لئے سعی ناکام کرتا اور بالآخر سست ہو کر خاموش ہو جاتا ہے بالکل یہی کیفیت شام اور فلسطین کی ہے۔ جنگ عظیم کے انقلابات نے جزیرۃ العرب کو اپنی فطری آزادی سے محروم کر کے دول مغرب کے پھندوں میں پھنسا دیا جمعیۃ اقوام نے ...

## معاہدۂ مصر

## سر رضا علی کی شادی

## صوبہ پنجاب کے وزراء

# تدفین اموات

# حوادث واحکام

استفتاء

الجواب

# حج بیت اللہ کی فرضیت واہمیت
## حکومت الٰہی کے قیام ونظام کا ذریعہ

(از جناب مولوی ابو محمد مصلح صاحب بانی تحریک قرآن)

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَۃَ لِلّٰہِ
حج اور عمرہ کو اللہ کیلئے پورا کرو (قرآن حکیم)

۹ ہجری کا دسواں سال تھا جبکہ خدا نے ہر مسلمان مرد اور عورت پر اپنے ارشاد بالا سے حج فرض کر دیا۔

وَلِلّٰہِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْہِ سَبِیْلًا — ان سب لوگوں پر اللہ کے لئے حج فرض ہے جو اس کی استطاعت رکھتے ہیں۔

اس کے بعد ارشاد ہوا ہے۔

وَمَنْ کَفَرَ فَاِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ — اور جو اسکی فرضیت سے انکار کرے تو اللہ کو اسکی پرواہ نہیں وہ سارے جہان سے بے نیاز ہے۔

### خدائی پکار

وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ — لوگوں کو حج کے لئے پکارو کہ وہ ...

کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ محمد اللہ کے رسول ہیں۔ اور یہ کہ نماز وقت پر ادا کی جائے، زکوٰۃ دی جائے، حج کیا جائے اور رمضان کا روزہ رکھا جائے۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا فرض حج ایک مرتبہ ہے لیکن جس نے ایک سے زیادہ حج کیا تو اور زیادہ ثواب کا موجب ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے لوگو! حج اور عمرہ کو ایک دوسرے کے پیچھے انجام دو کیونکہ یہ دونوں گناہوں کو اسی طرح دھو ڈالتے ہیں جس طرح بھٹی لوہے کے میل کو دھو دیتا ہے اور یہ دونوں فقر کو اسی طرح دور کر دیتے ہیں جس طرح آگ لوہے کا میل کاٹ دیتی ہے۔

دوسری تقریر سیرت کی قیمت دو روپیہ مع محصول ڈاک ہوگی جس میں آٹھ آنے محصول ڈاک کے شامل ہونگے لیکن جو حضرات طباعت سے قبل دوسری تقریر سیرت کی قیمت پیشگی بھیجدینگے ان سے قیمت مع محصول ڈاک صرف ایک روپیہ آٹھ آنے لی جائیگی۔ ایسے خریداروں کا ایک رجسٹر علیحدہ کھول دیا گیا ہے۔ اور انکے نام درج رجسٹر کرنے کا مخصوص انتظام کیا گیا ہے تاکہ ہر خریدار کو جس کی پیشگی رقم ۸/۱ وصول ہوگی ہو کتاب چھپتے ہی رجسٹرڈ پارسل کے ذریعہ ارسال کر دی جائے۔ جو حضرات پانچ کتابوں کی رقم پیشگی یکشت ارسال کرینگے اور پارسل ایک ہی پتہ پر منگائیں گے انہیں محصول ڈاک میں مزید تخفیف ہو جائیگی اور پانچ کتابوں کے لئے ساڑھے سات روپیہ کے بجائے صرف ۷ روپیہ مع محصول ڈاک ارسال کرنے ہونگے۔

**نیجر الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی**


## جوان بنو اور قوت حاصل کرو

اگر آپ کمزور ہو گئے ہیں یا کسی بیماری کے حملے سے آپ بیجا کی خرابی کے باعث آپ کا جسمانی نظام کمزور اور سست ہو گیا ہو تو

# امیکو ٹانک

TONIC.

استعمال کریں

[illegible]

امیکو طلاء [illegible]

ملنے کا پتہ۔ امین اسمٰعیل انگریزی دواخانہ ۹۵ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ



دواخانہ رشیدیہ دیوبند

# مصفی

مسیح الملک ثانی حکیم محمد احمد خاں صاحب دہلوی کی حیرت انگیز ایجاد

## جوہر جیلانی

[illegible]

قیمت ایک شیشی دو روپیہ (عہ)

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند


# جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی کے سالانہ اجلاس میں دس (......) ہزار مسلمانوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر

## صدر منتخب حضرت مولانا حسین احمد صاحب کے استقبال پر زبردست جوش و خروش

## تین دن کی مسلسل کارروائیاں

### اہم قراردادوں کی منظوری۔ مسٹر جناح کی شرکت اور دیگر تفصیلات

جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی کا سالانہ اجلاس ۲۷، ۲۸، ۲۹ مارچ کو بروز تین نشستوں میں اس عظیم الشان پنڈال کے اندر منعقد ہوتا رہا جو اسی مقصد کے لئے خاص طور پر تعمیر کیا گیا تھا۔ ہر نشست میں دس ہزار سے زائد مسلمانوں کا مجمع تھا۔ اور وسیع گنجائش کے باوجود حاضرین کی کثرت کے باعث برابر توسیع کا سلسلہ جاری رہا اور نشستوں کی ترتیب بدلنی پڑی۔

[illegible]

تجویز نمبر ۹

[illegible]

تجویز نمبر ۱۳

[illegible]

تجویز نمبر ۱۵

[illegible]

تجویز نمبر ۱۶

[illegible]

تحریک بہ ۔ مولانا عظمت اللہ صاحب
مؤیدہ ۔ مولانا محمد ادریس صاحب

تجویز نمبر ۱

جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی کا یہ اجلاس حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جانشین حضرت شیخ الہند کی خدمت میں اس تکلیف فرمائی کرم گستری پر کہ حضرت مدظلہ العالی نے مسلمانان دہلی کی پرخلوص التجاؤں کو قبول فرما کر اور حج بیت اللہ کے طویل سفر سے واپسی پر براہ راست دہلی تشریف لا کر جمعیۃ کے اجلاس کی صدارت فرمائی اور اپنے بصیرت افروز و شریعت آموز ارشادات گرامی کو مسلمانان دہلی کے لئے مشعل ہدایت بنایا اور اپنی سیادت و قیادت سے جلسہ کی کارروائیوں کو پورے امن و سکون اور ضبط و وقار کے ساتھ اختتام تک پہونچایا حضرت مولانا کا دلی شکریہ ادا کرتا ہے اور ممدوح کو یقین دلاتا ہے کہ مسلمانان دہلی کے قلوب حضرت مولانا کی اس عنایت فرمائی پر تشکر و امتنان سے لبریز ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔

حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند

# دہلی میں نام نہاد مسلم کانفرنس کی ناکامیوں کا مظاہرہ
## عربک کالج کے مختصر ہال میں پچاس آدمیوں سے زائد جمع نہ ہو سکے
## لاٹھیوں سے مسلح رضاکاروں کا پہرہ اور پبلک کے مقابلہ میں حفاظتی تدابیر

۲۸، ۲۹ مارچ کے لئے عربک کالج میں نام نہاد مسلم کانفرنس اور حضرت جمعیۃ علماء سرحد کی تبلیغ کانفرنس منعقد کرنے کا جو اعلان کیا گیا تھا اس کی نمایاں ناکامی نے یہ ثابت کر دیا کہ دہلی کے مسلمان ان لوگوں سے کس درجہ متنفر ہیں جنہوں نے اپنی خود غرضی کے ماتحت قومی مفاد کو تباہ و برباد کر ڈالا ہے اور حکومت کی خوشامد و چاپلوسی کے سوا ان کا کوئی مطمح نظر نہیں ہے۔

عربک کالج کے ہال میں جس کے اندر کل تین سو کے قریب کرسیوں کی گنجائش ہے دونوں دن پچاس آدمیوں سے زیادہ مجمع نہیں ہو سکے اور یہ تعداد بھی کرایہ کے والنٹیروں اور اسمبلی کے چند ٹوڈی ارکان پر مشتمل تھی۔ پبلک نے عربک کالج کی طرف قطعاً رخ نہیں کیا۔

کہا جاتا ہے کہ ہال میں حاضرین کی قلت کو دیکھتے ہوئے سیٹھ عبداللہ ہارون صدر کانفرنس خود اپنی موٹر کے ذریعہ چند ارکان اسمبلی کے ....

## جاپان اپنی بحری قوت کو برابر ترقی دے رہا ہے
### برطانیہ کیلئے خطرہ عظیم

لندن ۔ ۳۰ مارچ ۔ حکومت فرانس نے بڑی بڑی سلطنتوں کی بحری قوت کے متعلق ایک رپورٹ شائع کی ہے جس میں مندرجہ ذیل اعداد و شمار درج ہیں:۔

ممالک متحدہ امریکہ ۱۳۷۱۵۱۰ ٹن ۔ برطانیہ ۱۳۶۲۵۲۲ ٹن ۔ جاپان ۸۳۰۷۰۰ ٹن ۔ فرانس ۶۰۹۰۵۱ ٹن ۔ جرمنی ۲۵۵۹۴۹ ٹن ۔ روس ۱۸۹۵۱۴ ٹن۔

ان اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ بحری تفوق برطانیہ سے امریکہ کی طرف منتقل ہو گیا ہے ۔ ۱۹۱۴ء میں برطانوی قوت کوئی دو سلطنتوں کی بحری قوت کے برابر تھی لیکن اب اس کا درجہ دوسرا رہ گیا ہے۔ اس کی وجہ ہے کہ گزشتہ ۲۰ سال سے برطانیہ کو کوئی خطرہ پیش نہیں آیا۔ برخلاف اس کے امریکہ کو جاپان کا کھٹکا لگا ہوا ہے۔ جاپان کے بحری کانفرنس سے علیحدہ ہونے کے اسباب یہی ہیں کہ وہ اپنی قوت برطانیہ یا ممالک متحدہ امریکہ کے مساوی کرنا چاہتا ہے ....

برطانیہ کے بہت سے مقبوضات پر جاپان کی آنکھ ہے۔ برطانیہ اس خطرہ سے ایک عرصہ سے آگاہ ہے۔ اسلئے سنگاپور میں ایک ایسا زبردست بحری مرکز قائم کیا گیا ہے جو شاید دنیا بھر میں کہیں نہ ہو۔ برطانیہ کو طبعاً جاپان سے خوف ہے۔ ممالک متحدہ امریکہ سے نہیں۔

# حوادث و احکام

**استفتاء**

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین ....

# جاپان اور منگولیا کی جنگ
## بالشویکی روس چین کا ساتھ دے گا

# جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی کے سالانہ اجلاس کی تقریریں

جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی کے سالانہ اجلاس میں متعدد تقریریں نہایت اہم اور معنی خیز ہوئی ہیں جنہیں الجمعیۃ کی آئندہ اشاعتوں میں حسب گنجائش شائع کیا جاتا رہے گا۔ صدر منتخب حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جانشین حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کی تقریر صدارت حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کی تقریر مساجد اللہ کی شرعی حیثیت کے متعلق، مسٹر محمد علی جناح ایم۔ ایل۔ اے صدر آل انڈیا مسلم لیگ کی تقریر کمیونل ایوارڈ اور مسلمانوں کے جذبہ حریت وطن کے متعلق، حضرت مولانا احمد سعید صاحب ناظم جمعیۃ علمائے ہند کی تقریر شریعت اسلامیہ میں عورتوں کے حقوق کے متعلق، اور مسٹر بلال احمد زبیری ایم۔ اے ایڈیٹر الجمعیۃ کی تقریر آئندہ دستور اساسی کے متعلق۔ یہ تمام تقریریں مختلف اشاعتوں میں شائع کی جائیں گی۔ قارئین کرام انتظار فرمائیں۔

## روس میں زنانہ فوج
### عورتوں کو جنگ کی تربیت

ماسکو ۔ ریڈیو ہوائی ڈاک ۔ اخبار ....

# جش کے مسلمانوں پر اٹلی کی شدید بمباری
## محمد علی اسٹور کو جلا کر خاکستر کر دیا

# دو بڑے شہروں پر اٹلی کا قبضہ
## وائرلیس اسٹیشن کی تباہی

پیرس ۲۹ مارچ ۔ ادیس ابابا سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ بمباری کرتے ہوئے ۳۰ ہوائی جہازوں نے ....

## شہنشاہ حبش میدان جنگ میں

ادیس ابابا ۔ ۳۰ مارچ ۔ شہنشاہ حبش اپنی زبردست فوج ....

# اسپین میں اشتراکی جماعت کے ہنگامے
## مزدوروں اور کسانوں کی بغاوت

لندن ۲۹ مارچ ۔ ....

## ٹریپولی میں اطالوی حکام کا تشدد
### عرب سرداروں کی گرفتاریاں

## فرانسیسی علاقہ پر اطالوی طیاروں کی بمباری
### سینکڑوں آدمی ہلاک اور مجروح

**الجواب**

....

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ ۔ دہلی



# معاہدہ اوٹاوہ کو اسمبلی کی اکثریت نے دفن کر دیا
## انتہائی کوششوں کے باوجود حکومت کو شکست فاش ہوئی
## مسٹر جناح کی ترمیم منظور کر لی گئی

دہلی ۔ ۳۰ مارچ ۔ آج اسمبلی نے ۵۸ آراء کی مخالفت اور ... آراء کی حمایت سے مسٹر محمد علی جناح کی وہ ترمیم منظور کر دی جو معاہدہ اوٹاوہ کو منسوخ کرنے کے بارے میں ہے۔ اس ترمیم کی رو سے معاہدہ اوٹاوہ فوراً منسوخ کر دیا جائے گا اور ہندوستان کو ہر ملک کے ساتھ ایک جداگانہ تجارتی معاہدہ طے کرنا ہوگا۔

چونکہ حکومت ہند نے پہلے یہ اعلان کر دیا تھا کہ معاہدہ اوٹاوہ کے متعلق اسمبلی کا جو کچھ فیصلہ ہوگا حکومت اس کی پابند ہوگی ....

# اسمبلی میں معاہدہ اوٹاوہ پر بحث
## معاہدہ کی منسوخی کا مطالبہ

# دہلی میں کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس
## اہم قراردادوں کی منظوری

نئی دہلی ۳۰ مارچ ۔ کانگریس کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں مسٹر ستیہ مورتی کی جماعت کو شکست سے دو چار ہونا پڑا ہے کیونکہ مجلس عاملہ نے عہدے قبول کرنے کی شدید مخالفت کی ہے لیکن انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ صادر کر دیا ہے۔

### آئندہ جنگ اور کانگریس

مجلس عاملہ نے اس مطلب کی ایک قرارداد بھی منظور کی ہے کہ ہندوستان کو کسی جنگ میں شریک ہونے پر مجبور نہ کیا جائے ....

### پارلیمنٹری بورڈ توڑ دیا جائے

### مجلس عاملہ کی تجاویز

## کانگریس کی آئندہ پالیسی کا مسئلہ
### جنگ یا صلح؟

نئی دہلی ۔ ۳۰ مارچ ۔ معلوم ہوا ہے کہ آج مسٹر ڈیسائی اور بابو راجندر پرشاد کے درمیان مزید گفت و شنید ہوئی۔ کانگریسی رہنماؤں کی اکثریت کا خیال ہے کہ لکھنؤ کے اجلاس میں کانگریس کی حکمت عملی کو بالکل واضح کر دیا جائے تا کہ ملک کی صحیح رہنمائی ہو سکے ....

## حسن محمد کو پھانسی کی سزا
### گورنر پنجاب کے پاس رحم کی درخواست

## انگریزی اخبارات کی اسلام دشمنی
### اسمبلی میں حکومت کی تصریحات

## حجاج کا جہاز "اکبر"
### ۵ اپریل کو بمبئی پہنچے گا!


### اعلان تعطیل

چونکہ عشرہ محرم الحرام کے احترام میں دفتر اور پریس بند رہے گا اس لئے ۵ اپریل کا "الجمعیۃ" شائع نہ ہو سکے گا۔ قارئین کرام اور ایجنٹ صاحبان مطلع رہیں۔


# آئندہ وائسرائے اور گاندھی جی کے درمیان ملاقات
## حکومت ہند کا تردیدی اعلان

## خان عبدالغفار خاں سے ملاقات

## میونسپل کمیٹی کے ملازمان کا امتحان

## مسلمانان لاہور کا جلسہ
### مولانا ظفر علی خاں کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا گیا

## درگاہ اجمیر کے متعلق بل


# اجتماع مصور

اپریل کا اجتماع عنقریب شائع ہونے والا ہے۔ یہ نمبر اپنے علمی، ادبی، تاریخی مضامین اور بہترین تصاویر کے اعتبار سے عدیم النظیر ہوگا اور انکے علاوہ بعض جدید خصوصیات کا اضافہ قارئین کرام کیلئے مزید دلچسپی کا موجب بن جائے گا۔

مہینہ بھر کی خبروں کا خلاصہ صحت و تندرستی کے اصولوں پر بحث، نکات و لطائف اور اسی قسم کے بہت سے مختصر و دلچسپ مضامین اس مرتبہ اجتماع کو اور بھی زیادہ مقبول بنا دیں گے۔

جن حضرات نے ابھی تک اپنا سالانہ چندہ ارسال نہیں کیا ہے وہ فوراً بھیجیں تاکہ پرچہ وقت پر پہنچ سکے۔

چندہ سالانہ خریداران الجمعیۃ سے صرف ایک روپیہ لیا جائے گا۔ جو حضرات الجمعیۃ کے خریدار نہیں ہیں وہ دو روپیہ ارسال فرمائیں۔

نوٹ: خریداران الجمعیۃ ایک ہی منی آرڈر میں الجمعیۃ اور اجتماع کا چندہ ارسال کر سکتے ہیں۔

منیجر اجتماع بلیماران دہلی

# جرمنی کا اعلان آزادی اور دنیا میں ہیجان

## جرمنی کے نقطۂ نگاہ سے

(از نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

اس وقت تمام عالم میں جرمنی کا نام پھر اسی طرح سے یاد کیا جا رہا ہے جیسا کہ آغاز جنگ عظیم کے زمانہ میں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ جرمنی نے اس وقت مکمل آزادی کا اعلان کر دیا ہے۔ ہندوستانی حضرات کو شاید یہ معلوم نہ ہو کہ جرمنی اس وقت تک ایسا ان معاہدوں میں گرفتار کیا ہوا تھا کہ وہ اپنے ملک میں آزادی ...

نہیں کر سکتے۔

ہٹلر نے حال ہی میں ہمبرگ میں یہ کہا کہ تین سال کے دوران حکومت نے دنیا میں تے جو کچھ کہا ہے اس سے یہ چل سکتا ہے کہ سوائے صلح اور امن وامان کے لئے کوشش کے کبھی ایک لفظ ایسا نہیں کہ جس سے یہ ظاہر ہو کہ میں ...

# حسینۂ صحرا

(بسلسلہ صفحہ ۳)

ملکی حدود میں بڑھتی ہوئی آبادی اور ضروریات زندگی کی بہم رسانی کی وجہ سے گھٹ گھٹ کر ہلاک ہوئی جاتی ہیں۔ اٹلی اب جو کچھ کرنا چاہتا ہے یہ وہی سبق ہے جو اب سے کچھ عرصہ پہلے یورپ کی اور طاقتیں پڑھ چکی ہیں۔ وقت آنے والا ہے کہ جرمنی بھی اپنی نو آبادیات کا رخ کرے گا اس وقت استعمار پرستوں کو معلوم ہو جائے گا کہ امن اور صلح کی پیغامبر بنکر کسی زندہ قوم کی جنگی تنگی کو رفع نہیں کیا جا سکتا۔ نہ دوسری قوموں کو ان کے ملکی حدود میں قید کیا جا سکتا ہے۔

جرمن سیاح کی تقریر اور لب ولہجہ سے معلوم ہوتا تھا کہ مسولینی کے مشن کے اظہار میں وہ جرمنی رائے عامہ کی پوری پوری ترجمانی کر رہا ہے۔ ایک مرتبہ تو کہتے کہتے اس کا چہرہ جوش سے تمتمانے لگا ترک سیاح اس جرمنی کی گفتگو سے بہت کچھ غضبناک معلوم ہوتا تھا ... وہ کچھ کہنا چاہتا تھا مگر نہ معلوم پھر کس وجہ سے چپ رہ جاتا تھا۔ اس نے دیکھا جرمنی مسافر کی پرجوش گفتگو کو سنا حسن اس وقت تک نہ کچھ جرمنی کی گفتگو سے متاثر معلوم ...

خاک حبش کے مسلمانوں پر کچھ احسانات بھی تو ہیں کیا اس کے جواب میں حسن کو کچھ دیر سکوت کرنا پڑا۔ اگر اس نے صرف یورپ ہی میں تعلیم پائی ہوتی تو ممکن تھا وہ اس تلمیح کو نہ کچھ سکتا لیکن وہ جامع الازہر میں تاریخ اسلام کا مطالعہ کر چکا تھا۔ اوائل دور اسلام کے تمام واقعات اس کی نظروں میں پھر گئے۔

حضور رسالت مآب کا وہ زمانہ جب مکہ کے مشرکین وکفار نے کلمہ گویوں کی مٹھی بھر جماعت پر عرصۂ حیات تنگ کر رکھا تھا اور مسلمانوں کی پہلی مہاجر جماعت کو رسالت پناہ کے احکام کی تعمیل میں حبش کی سرزمین پر پناہ لینا پڑی تھی سب کچھ حسن کو یاد آ گیا۔

شاہ نجاشی حبش کا وہ طرز عمل کہ اس نے اپنے ملک میں پناہ گزین مسلمانوں کو مکہ کے مشرکین کے حوالہ کر دینے سے انکار کر کے مسلمانوں پر احسان عظیم کیا تھا، حسن کی آنکھوں میں پھر گیا۔

ترک سب کچھ سمجھ رہا تھا حسن کے چہرہ کے اتار چڑھاؤ اور غور وفکر سے اسنے اندازہ کر لیا تھا کہ تیر نشانہ پر لگا اور جو کچھ منیف الترک کا منشا تھا وہ حاصل ہو گیا ہے۔

میرے محترم مجھے اپنی بے محل خاموشی کے شرمندگی محسوس ہوتی ہے میں آپ کا ممنون ہوں آپ نے بر وقت مجھے میرے فرض سے ...

کی ہدایت فرمائی۔

تجھے رشتہ کی بیلے کہتے ہیں کہ کاش میں آئندہ تمہاری کوئی خدمت کر سکوں۔

محترم یہ تمہیا نو میری ہے آپ یاد ہو نہیں حسن مصر کی خاک سے سید اٹھا ہے وہ خاک کی سرشت اور حسن شناسی اس کی فطرت میں اپنے وطن سے ضرور انتقام کر کے سید ہا حبش کے ان پہاڑی علاقوں میں ہو نہیں گا جہاں حبشی نوجوان مرد اور عورتیں وطن ...


## سنہری مشورہ

اگر آپ تھوڑے عرصہ میں اور قلیل سرمایہ سے مالدار بننا چاہتے ہیں تو مانچسٹر کی تیار کردہ کٹ پیس کی تجارت کیجئے اور اگر آپ کم قیمت میں انگلش کپڑے کا لباس تیار کرانا چاہتے ہیں تو گانٹھ ۵ درجن ۲ پونڈ قیمت ... فوراً طلب کیجئے یا ہماری ایجنسی لیکر فائدہ اٹھائیے۔ قواعد ایجنسی مفت طلب کیجئے۔

چیپ پیس ہاؤس بی۔ آئی۔ ٹی بلاک فلاٹ ... بمبئی

## یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

آتشک سوزاک ... نگار کا ... جام

## سرمۂ نور

## جرمنی الارم پستول

جو وقت پڑنے پر لاکھوں روپے کا کام دیتا ہے

## خضاب چھوڑ دو

## سیکنڈ ہینڈ کتب کالج کو نکی ...

## قدیمی مشہور دوکان

## گہری نیند کا لطف اٹھائیے



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

## مدینے والے آقا کی سیرت

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## اجودھیا کی ایک سعادتمند روح

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## ایک بہترین تحفہ۔ قوت باہ وامساک کی گولیاں

نقش معظم مع درمیج نوخانہ

حافظ سید محمد عمر چشتی ... دہلی

LIMTON WATCH CO.,
RADHA BAZAR STREET
CALCUTTA



## پادری کی لڑکی

اسپین کے ایک جلیل القدر پادری کی لڑکی نے جب اسلامی تعلیمات کا مطالعہ کیا اور مسلمانوں کے مذہب اور ان کے اعمال کو بغور دیکھا تو اس کے دل میں اسلام کی صداقت وحقانیت جاگزیں ہو گئی جب عیسائیوں کو اس کی خبر ہوئی تو تمام پادریوں نے ملکر اس لڑکی پر بے شمار مظالم ڈھائے اور ایسے ایسے خارہ جاں گداز اور صبر آزما مصائب میں مبتلا کیا کہ دیکھنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہونے لگے مگر وہ لڑکی اسلام پر ثابت قدم رہی اور اس نے بالآخر تمام پادریوں کی شاندار مجلس میں اسلام کی حقانیت پر ایک بصیرت افروز مناظرہ کیا فضیلت اسلام اور رد عیسائیت کے جس قدر دلائل ممکن تھے وہ تائید الٰہی سے اس لڑکی نے پادریوں کے مقابلہ میں اس خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کئے ...

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## قرآن کریم مترجم ومحشی

منگانے کا پتہ:۔ منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## ملیریا

یہ دوا پھر تمہیں مضبوط اور تندرست کر دیگی

SANATOGEN

صحیح مقوی غذا

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

## معجون مقوی معدہ

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی


# جوہر وسمہ مہندی کے متعلق دنیا کا متفقہ فیصلہ

فاضل اجل ... اقبال حضرت صاحبزادہ سید حافظ محمد حسین شاہ صاحب نقشبندی علی پوری ... حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری ...

جناب ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین صاحب بیرسٹر ایٹ لاء ...

... غلام حیدر خاں صاحب ایڈیٹر روزنامہ زمیندار لاہور ...

جناب سید حبیب شاہ صاحب مالک روزنامہ سیاست لاہور ...

صوفی اینڈ کو رجسٹرڈ ٹریڈ کٹڑہ راجہ بازار (آزاد منزل) راولپنڈی شہر

SEMI-WEEKLY Aljamiat, DELHI.
Vol 23 | DELHI WEDNESDAY 1st. APRIL 1936. | No. 23

یہ جگہ اشتہار کیلئے خالی ہے

ہر قسم کی کتابیں
الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی سے ہر قسم کی کتابیں
اور قرآن مجید حمائلیں مصری اور مترجم اردو وغیرہ
رعایتی قیمتوں پر خریدی جا سکتی ہیں۔

## کربلا کے ریتیلے میدان میں خون کا چھڑکاؤ!

اہل بیت پر یزیدی مظالم کا بادل اور مذہب کے ابتدائی مراحل کی خونباش ساعت جس کی ظالمانہ برچھیوں کی بوچھاڑ تشنہ لب موتیوں اور سوکھے ہوئے حلق کی آہ آسمانی سوز خون کے فواروں میں سجدہ بروشکر کی ادائیگی اہل بیت عظام کا زبردست ایثار اگر آپ تیرہ سو برس پیشتر کے دل شکن غمناک واقعات کی تصویر اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہتے ہیں اور ہر سال ماتم امام حسین جس کے سوز غم پر شہادت کے ذکر پڑھ کر جذبات اسلامی زندہ کرنا چاہتے ہیں ... ملاحظہ فرمایئے جب تقدس مآب حضرت مولانا مفتی اکرام الدین صاحب ... کی تصنیف۔

### سعادت الکونین فی فضائل الحسنین

میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ تحریر فرمائے ہیں۔ کتاب لاجواب ہے ... مستند صحیح اور مدلل کتاب آپ کی نظر سے نہ گذری ہوگی جس میں تمام روایتیں بڑی بڑی وثوق حدیثوں اور مانے ہوئے بزرگوں کی معتبر کتابوں میں سے اخذ کرکے لکھی گئی ہیں۔

### ہر مسلمان جس کے دل میں خدا رسول اور آل رسول کی محبت ہے

خواہ سنی ہو یا شیعہ اس کتاب کی ایک ایک جلد ضرور منگائیں۔ اس کے دیکھنے سے زبان کی فصاحت بیان کی بلاغت حسن تحریر واقعات کا تسلسل شہادتوں کا تحمل شروع سے آخر تک سب کچھ نظر آ جائیگا۔ اس میں حضرت امام حسن و حسین کی ولادت سے شہادت تک اور شہادت کے بعد یزید اور اس کے خاندان کا حشر سب کچھ خلاصہ اور تفصیلی واقعات بیان کئے ہیں۔ اس کتاب کی فہرست مضامین سات صفحوں میں ہے اور کل کتاب کی ضخامت دو سو صفحوں سے زائد ہے۔ سند کے طور پر اس کتاب کے شروع میں

### جناب شاہ عالم بادشاہ غازی کی مہر

ثبت ہے، آپ نے خود اس کو مطالعہ کیا تھا اور نہایت پسند فرمایا، فارسی کی ایک عبارت جو تنقید کے طور پر انہوں نے لکھی تھی وہ بھی اس کتاب میں موجود ہے۔ قیمت رعایتی صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

نوٹ:۔ ایک جلد پر محصولڈاک ۶ آنے ہیں جو صاحب دس جلد کی طلب فرمادیں گے ان کو محصولڈاک چھوڑ دیا جائے گا۔ (۲) ہر قسم کے قرآن مجید و کتب ہمارے ہاں بکفایت ملتے ہیں۔ ایک دفعہ ضرور آزمائش کیجئے۔

المشتہر سید محمد شفیع الدین اینڈ سنز تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

## وئید حکیم بن جاؤ

اگر آپ حکیم سی برتنا اگر دواں کی بنانی ہوئی اور نایاب کتاب

### مجربات عالمی کا بغور مطالعہ کرینگے

... اس میں قواعد علاج و دوا سازی کے اصلی اصول ... نہایت عمدگی کے ساتھ بتلائے گئے ہیں ...

المشتہر منیجر بال جیون کاریالیہ علیگڑھ شہر یوپی

## مفت

سہ رنگا باتصویر ... کیلنڈر اور شاہی جنتری سنہ ۱۹۳۶ء

... اے شمیر اینڈ کمپنی جالندھر شہر (پنجاب)

## جوان بن جاؤ

امریکہ کی ایک حیرت انگیز ایجاد ... طاقت ... قیمت ... علاوہ محصولڈاک ...

ملنے کا پتہ سعید برادرس نمبر ۶ کوکلاں محل دہلی

## طوفان حوادث

اردو زبان کے مشہور ادیب و افسانہ نگار مولوی شبیر حسین صاحب ماہر دی کا ایک بہترین افسانہ جس میں ... حیرت انگیز واقعات ... طوفان حوادث ... کتاب میں ...

ملنے کا پتہ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## انتہائی رعایت کا اعلان

## ۲۷ مہری صحت نما قرآن مجید

### ہدیہ سب سے کم اور خوبیاں بیشمار

| | | |
|---|---|---|
| فی جلد غیر مجلد ۱۱ر (محصولڈاک ۱۱ر) | فی جلد مجلد پارچہ ۱۳ر (محصولڈاک ۱۱ر) | فی جلد مجلد چرمی نقرئی جالدار ۱؎ (محصولڈاک ۱۱ر) |
| دس جلد غیر مجلد ... (علاوہ محصول ریل) | دس جلد مجلد پارچہ ... (علاوہ محصول ریل) | دس جلد مجلد چرمی نقرئی جالدار ... (علاوہ محصول ریل) |

ریل سے منگانے میں بہت کفایت ہوگی غرباء کو تقسیم کرنے کیلئے اس سے بہتر اور کوئی قرآن مجید نہیں ہوسکتا جس کا ہدیہ انتہائی کم ہے

۲۷ عالموں کی ایک جماعت کا صحت کیا ہوا نہایت صحیح بہت سستا اور معہ مقدمہ ترغیب القرآن و اختلاف قرات ہے۔ یہ تمام ہندوستان میں مقبولیت کی نظر سے دیکھا جا رہا ہے اور ہر مکتب میں پڑھایا جانے لگا ہے۔ ثواب حاصل کرنیوالے یہ قرآن مجید زکوٰۃ کے روپے سے زیادہ تعداد میں منگا کر یتیم بچوں اور غریب مسلمانوں کو تقسیم کرتے ہیں، مدارس، خانقاہوں اور مسجدوں میں رکھتے ہیں۔

صحت نما ۲۷ مہری قرآن شریف کے پڑھانے والے استادوں کیلئے آدھی محنت رہ گئی ہے۔ بچے خوشی خوشی پڑھتے ہیں، کیونکہ زیر زبر پیش تمام اعراب ...

...

ہر قسم کے قرآن مجید و کتابیں الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی سے طلب فرمائیں

## الحاد و دہریت کا سیلاب

...

ملنے کا پتہ الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

SEMI-WEEKLY Aljamiat DELHI.

# الجمعیۃ دہلی

(ایڈیٹر۔ ہلال احمد زبیری ایم۔ اے)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جلد ۲۳ | دہلی۔ یوم پنجشنبہ ۱۶ محرم الحرام ۱۳۵۵ہجری۔ مطابق ۹ اپریل ۱۹۳۶ء | نمبر ۲۴

## جمعیۃ علماء نے مسلمانوں کی صحیح قیادت و رہنمائی کا حق ادا کر دیا ہے

### مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ علماء امت کا اتباع کریں

### مذہب کی پیروی کے بغیر مسلمان ترقی نہیں کر سکتے

### حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی ولولہ انگیز تقریر صدارت

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی جانشین حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ نے ۲۸ مارچ ۱۹۳۶ء کو جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی کے سالانہ اجلاس کی صدارت فرماتے ہوئے جو خطبہ ارشاد فرمایا وہ تحریری نہ تھا کیونکہ حضرت مولانا اسی روز صبح کو سفر حج سے واپس تشریف لائے تھے اور کراچی سے براہ راست دہلی پہنچے تھے اور اس اجلاس کی صدارت کے متعلق ممدوح کو کراچی ہی میں حضرت العلامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علمائے ہند کا تار موصول ہوا تھا۔ اس لئے پہلے سے کوئی خطبہ صدارت تیار نہیں تھا۔ حضرت نے اجلاس کا افتتاح کرتے ہوئے ایک معرکۃ الآرا تقریر فرمائی جس کا خلاصہ درج ذیل کیا جاتا ہے:۔

... کے مطابق ہندو مسلم اتحاد کے لئے فضا پیدا کی اور اس ملک کے باشندوں میں رواداری کے جذبات پیدا کرنے پر زور دیا ہر زمانہ میں اس نے سیاسیات حاضرہ کے متعلق تفصیل کے ساتھ بحثیں کیں۔ اور ہر مرحلہ پر مسلمانوں کے لئے ایک روشنی مہیا کر دی تاکہ وہ گرد و پیش کی تاریکی سے گمراہی کے غاروں میں گر کر ہلاک نہ ہو جائیں۔ ہندوستان میں آئندہ جو دستوری اسکیم نافذ ہونے والی ہے اس کے متعلق جمعیۃ علماء پہلے ہی اظہار رائے کر چکی ہے اور اس اجلاس میں ابھی اس کے متعلق ایک قرارداد منظور کی جائیگی۔ کچھ ہندوستان ہی کے سیاسی مسائل پر موقوف نہیں ہے جمعیۃ نے ممالک اسلامیہ مثلاً ٹرکی، عراق، حجاز، شام، فلسطین، شرق اردن، مصر کے حالات پر بھی ہمیشہ بیباکی و آزادی کے ساتھ اظہار خیال کیا ہے۔ اگر مسلمان ان کاموں میں جمعیۃ کی پوری طرح امداد کرتے اور اس کی مالی اعانت کے لئے فیاضی و دریا دلی سے کام لیتے تو مسلمانوں کی بہت سی مصیبتیں ...

...

## "بندھ جائے سو موتی ہے رہ جائے سو دانہ ہے"

مولانا عزیز احمد صاحب فیض آبادی نے حسب ذیل نظم جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی کے اجلاس میں مسٹر محمد علی جناح کی تقریر سے قبل اپنے مخصوص انداز میں پڑھ کر سنائی تھی جس کا اثر حاضرین پر بہت زیادہ ہوا تھا اور تمام پنڈال اللہ اکبر کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھا تھا:۔

ہشیار ہو اے مسلم ہستی کو مٹانا ہے
بیگانہ ہے دنیا میں کوئی نہ یگانہ ہے

آزادی کا پرچم ہے یا گور میں جانا ہے
تقدیر دکھاتے تو ہم کو جو دکھانا ہے

ہاں پھر ابھی دنیا کو اکبار ہلانا ہے
بکھری ہوئی امت کو اک نقطہ پہ لانا ہے

پھر سنت فاروقی اکبار جگانا ہے
مغرب کا سر ایکبار مشرق سے ملانا ہے

اٹھ مسلم خوابیدہ اٹھ دیکھ ہوا ترکا
او نیند کے متوالے کوسوں ابھی جانا ہے

بیداد کی دنیا میں ہم آگ لگا دینگے
"کیا کفر نے سمجھا ہے کیا ظلم نے جانا ہے"

اٹھو بھی کہیں دیکھو کچھ ہوش میں آؤ تو
اغیار کی طاقت کو انگلی پہ نچانا ہے

اسلام کے جانباز و جنت کے خریدار و
تلوار کے سایہ میں اک کھیل کھلانا ہے

تم وہ تھے کہ خائف تھا اک روز جہاں تم سے
اک وہ بھی زمانہ تھا اک یہ بھی زمانہ ہے

تیرے تو قدم پر ہے فردوس بریں قرباں
تو ان سے ڈرے جن کا دوزخ میں ٹھکانا ہے

اسلاف کی عزت سے کچھ غور تو کر مسلم
کچھ اور بھی باقی ہے جو اور مٹانا ہے

اے غیرت دیرینہ امداد کا وقت آیا
ہشیار ترے او پر ہنسنے کو زمانہ ہے

تکبیر کے نعروں سے گونج اٹھا ہے میداں
کفار کے لشکر میں اب کچھ نہ کے جانا ہے

لے دیکھ ادھر مسلم یہ موت کا رشتہ ہے
بندھ جائے سو موتی ہے رہ جائے سو دانہ ہے

...

# حوادث و احکام

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں :-
میرے ملک میں صرف ایک مسجد ہے اور اس میں جگہ کی بھی تنگی ہے مسجد کا بڑھانا ضروری ہے۔ مسجد کے تین جانب قبریں ہیں اور چوتھی جانب مسجد کا مدرسہ جو نمازیوں کے نماز پڑھنے کے بھی کام آتا ہے۔ اب چونکہ تنگی ہے اس وجہ سے لوگوں کا خیال مسجد کے بڑھانے کا ہوا اور کام بھی شروع ہوگیا ہے جنوب اور مغرب کی جانب قبریں زیادہ ہیں۔ چنانچہ مسجد کی بڑھائی کا کام جنوب کے جانب شروع ہوا ہے۔ اب وہاں پر قبریں ایسی ہیں جہاں پورے کے دو پیسے ...

زبانی طلاق کی شہادت پیش کرنا عورت کے ذمے ہے۔ اور زبانی طلاق نہیں دی تھی صرف اسٹامپ لکھا تھا تو یہ اسٹامپ جس پر دستخط نہیں ہیں بیکار ہے۔ اس سے طلاق کا حکم نہیں دیا جا سکتا فقط

محمد کفایت اللہ کان اللہ لہٗ

## استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید عمر کے درمیان یہ گفتگو ہوئی کہ ہم دونوں ممالک اسلامیہ مصر بیت المقدس وغیرہ اور حج چلیں چونکہ حج چلیں چونکہ عمر عربی داں تھا زید نے عمر سے کہا کہ میں عربی بولی سمجھ نہیں سکتا آپ کی وجہ سے مجھے بہت سہولت ہوگی لہٰذا تم چلو اور ...

اور نہ ہو سکتا ہے۔ جو لوگ فرقہ واریت کے علمبردار بنے ہوئے ہیں ان پر یہ اعتراض کبھی بھی نہیں کیا گیا کہ وہ مسلمانوں کی خیر خواہی کیوں کرتے ہیں بلکہ ان پر اصل اعتراض یہ ہے کہ وہ ملک و وطن کے دشمن ہیں انگریزوں سے ساز باز رکھتے ہیں اور آزادی وطن کو اپنی ذاتی اغراض پر قربان کر دینے کے لئے ہر وقت آمادہ رہتے ہیں مالکہ محض ایک اسلامی انجمن ہونے سے کوئی جماعت سیاسی اصطلاح میں مفرقہ وارانہ ہو جاتی تو جمعیۃ علما اس لقب کی سب سے زیادہ مستحق تھی کیونکہ وہ سب سے زیادہ کٹر اور راسخ العقیدہ مسلمانوں کی جماعت ہے مگر حقیقۃً فرقہ واریت اور قوم پروری میں یہ امتیاز نہیں کیا جاتا بلکہ دونوں چیزیں اپنے مقصد اور اپنے نصب العین کے مطابق متعین ہوتی ہیں۔ اگر مسٹر جناح کی طرح کوئی شخص ملک کو آزاد کرانے اور موجودہ غلامی سے نجات حاصل کرنے کے لئے اپنی قوم کو دعوت عمل دینے کا ارادہ رکھتا ہے تو وہ یقیناً باوجود مسلمانوں کا خیر خواہ ہونے کے قوم پرور ہے ...

## کیونل ایوارڈ

## حبش کی مردانہ وار قربانی

## فرقہ واریت

## عراق و حجاز کا معاہدہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
# الجمعیۃ دہلی
یوم پنجشنبہ ۱۶ محرم الحرام ۱۳۵۵ ہجری

# آئندہ دستور اساسی کے متعلق فیصلہ
## ناقابل قبول و غیر اطمینان بخش

جمعیۃ علمائے صوبہ دہلی کے سالانہ اجلاس میں جو قرار دادیں منظور کی گئیں وہ الجمعیۃ میں شایع ہو چکی ہیں ان ہی قراردادوں میں ایک قرارداد ہندوستان کے آئندہ دستور اساسی کے متعلق بھی ہے جو اس حیثیت سے خاص ...

ہوا ہے غلط ہے بالخصوص سنٹرل فیڈریشن کی جو سکیم بنائی گئی ہے وہ تو ہندوستان کی آزادی کیلئے سخت مہلک ہے۔

اس اجلاس کا یہ خیال ہے کہ یہ دستور عملی صورت ...

# حسینۂ صحرا
(۲)

حسن جب تھا سو رہی، داخل ہوا تو اس کا دل عجیب و غریب قسم کے خیالات و جذبات کا گہوارہ بنا ہوا تھا۔ اس کے دوستوں اور عزیزوں کو گمان تھا کہ وہ وطن اور ارباب وطن کی محبت میں بیچین ہو کر واپس آئے گا گمان کا یہ خیال محض واہمہ ثابت ہوا حسن کو آج نہ وطن کی پرواہ تھی نہ ارباب وطن کی محبت وہ اپنے قریب ترین عزیزوں تک سے مستغنی اور بے پروا ہو چکا تھا۔ صرف ایک دھن اور ایک شوق ایک سودا اس کے سر میں سمایا ہوا تھا کہ کسی طرح جلد سے جلد حبش پہونچے اور ان زخمی و مجروح جانباز سپاہیوں کی کچھ خدمت انجام دینے کا شرف حاصل کرسکے جو وطن کی سرزمین پر ظالم اطالویوں کے ہولناک آتشیں گولوں اور بموں کا نشانہ بن رہے تھے ...

الکسے غافل نہ رہی۔ دو ہفتہ سے زیادہ حسن کی تیمار داری کرتی رہی اس کی آنکھوں کے سامنے رہنے کا اتفاق ہوا۔ اول تو ایسے ہی فلارنس ایک شگفتہ کلی تھی ناممکن تھا کہ کوئی اسے ایک نظر دیکھتا اور اس کا گرویدہ ہو کر نہ رہ جاتا حسن پر تو اس کے حسن کے علاوہ اس کی تیمارداری اور انسانی ہمدردی نے بھی بڑا اثر کیا تھا۔ ...

(باقی آئندہ)

# بوڈاپسٹ میں اسلام

(از ابو المسکاد و محمد جیب الشمیر عتیقی آزاد سید باردی "جونسبت")

خلیفۃ المسلمین سلطان سلیمان قانونی کے زمانہ میں سلطنت ترکی انتہائی عروج پر تھی سائٹ وٰن نئے علاقے ترکی حکومت کے زیر نگین ہوتے چلے جاتے تھے۔ بالآخر سنہ ۱۵۲۹ء میں ہنگری پر بھی اسلامی جھنڈا لہرایا۔ ترکوں نے ڈیڑھ سو برس تک اس ملک پر حکمرانی کی باشندگان ہنگری پر اسلامی تمدن و معاشرت اور بالخصوص ترکی حکومت کی اسلامی رواداری سے ایسا زبردست اثر کیا کہ ہزاروں کی تعداد میں ہنگری میں حلقہ بگوش اسلام ہوئے علاقہ ہنگری میں دو شہر "بڈا پسٹ" ایسے موقع پر واقع ہوئے ہیں کہ مشرقی یورپ کا دروازہ کہلاتے ہیں اور باعتبار اپنی آب و ہوا اور جلائے وقوع اور مناظر کے ہنگری کا قلب کہلاتے ہیں بنیر خوبصورتی کے اعتبار سے وسطی یورپ کا کوئی شہر ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا یہی وجہ ہے کہ کثرت سے سیاح یہاں پر آتے رہتے ہیں ...

# مشرقی ایشیا کی ایک پراسرار شخصیت
## جس کے ساتھ روسیوں کی آئندہ توقعات وابستہ ہیں

(ترجمہ خصوصی برائے الجمعیۃ)

دنیا کے جتنے بڑے بڑے جنرل اور نمایاں فوجی افراد ہوئے ہیں یا زندہ ہیں ان کی زندگی کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے ہر ایک شخص کے ساتھ کچھ نہ کچھ اسرار ضرور وابستہ ہے جس اور ان کی زندگی کا یہی پراسرار پہلو بسا اوقات ان کی ترقی و عروج کا باعث ہوا ہے۔ اور پاشا، لینن، اسٹالن، مصطفیٰ پاشا، رضا شاہ پہلوی، جنرل کیان چے شک، ہر مسٹر ہٹلر غرض ان تمام بڑی بڑی ہستیوں کی زندگی ایک حد تک پراسرار رہی ہے ... دنیا کے ساتھ طلوع ہوا ہے۔

### روسی افواج کا جنرل

دماغ میں تو وہ منتشر افواج سمائی ہوئی تھیں جو سائبیریا کے لق و دق میدانوں میں کسی رہنما کی تلاش میں منتشر پھرتی تھیں، اس نے اس درماندہ، آوارہ گرد سپاہ کو انسر نو منظم کیا اور اپنی شجاعت اور کارکردگی سے ان کے دلوں کو اس طرح اپنی مٹھی میں لیا کہ تھوڑے ہی عرصہ میں تقریباً بارہ ہزار افواج جمع ہو گئیں۔ ہر چند یہ سپاہ پریشان حال تھی اور پورے طور پر اسلحہ سے آراستہ بھی نہیں تھی مگر انہیں ایک اولوالعزم جنرل رہنمائی کے لئے مل چکا تھا۔ اس کی زیر کمان اس زبردست لشکر نے کوچ شروع کر دیا ...

### جاپان کا سیاست

### ایک نئی جنگ کا نقشہ

### ترقی کا تیز رفتار دور

شربت اکسیر رجسٹرڈ
اگر تندرستی ہیں فرق ہے تو زندگی بیکار ہے

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہو گئے ہوں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کر کے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھیے۔

۱ کیا آپ جوان مرد بننا چاہتے ہیں!
۲ کیا اپنی زندگی خوش گزارنا چاہتے ہیں!
۳ کیا آپ گھروالی کی خفگی دور کرنا چاہتے ہیں!
۴ تو شربت اکسیر خرید کر استعمال کرنا شروع کر دیں۔
آپ کا دل لطف و لذت سے مسرور ہو جائیگا۔

جرمان ... شربت اکسیر کے استعمال سے جڑ سے جاتا رہتا ہے۔

تازہ سرٹیفکیٹ

ایس - آر - بخشی - کمپنی
کلکتہ

# حبش میں زہریلی گیسوں کا استعمال

## ہزاروں حبشیوں کو اندھا کردیا

لندن یکم اپریل سرسکتھ بل نے روزنامہ "ٹائمز" میں ایک مکتوب کے دوران میں بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت اطالیہ حبشہ میں زہریلی گیس استعمال کرکے عوام الناس کو بے حد نقصان پہنچا رہی ہے۔ آپ کا بیان ہے کہ حبشہ کی ریڈ کراس سوسائٹی کے اگزیکٹو سکریٹری نے حال ہی میں ایک مکتوب شائع کرایا ہے۔ جس میں ظاہر کیا گیا ہے۔ کہ زہریلی گیس کس بے رحمانہ اور وحشیانہ طریقہ پر بڈھوں بچوں اور بے گناہ عورتوں کو مصیبت میں مبتلا کررہی ہے۔ سرسکتھ بل نے ظاہر کیا ہے۔ کہ اگزیکٹو سکریٹری کے اس مکتوب نے نہ صرف برطانیہ کلاں بلکہ دنیا کے ہر حصے میں اطالیہ کے خلاف غم وغصہ کی لہر دوڑادی ہے۔

اگزکٹو سکریٹری نے اپنے مکتوب میں تحریر کیا ہے کہ "مسٹرڈ گیس" کی وجہ سے حبشہ کے ہزاروں اشخاص سال ہا سال تک اندھے رہیں گے۔ اگرچہ اندھے اور اپاہج ہونے والے جنگی اطالیہ کے ڈکٹیٹر کے نام سے بھی واقف نہیں ہیں۔ مگر انہی کے بے دردانہ احکام کی وجہ سے زندہ درگور ہو رہے ہیں۔

سرسکتھ استفسار کرتے ہیں کہ کیا اس بے رحمانہ اقدامات کے باوجود بھی متمدن اور مہذب دنیا بدستور خاموش ہی رہے گی۔ اور آیا افریقہ کے حبشیوں کو اس امر کا اطمینان دلایا جا رہا ہے۔ کہ جس وقت بھی کوئی سفید فام نسل ہوس ملک گیری و استعمار کے مرض میں مبتلا ہوجائے۔ وہ اسی وقت حبشیوں کے موروثی ملک پر بے روک ٹوک حملہ کرسکتی ہے۔

# روس کیخلاف جاپان اور جرمنی کا معاہدہ

## ایک طرف جاپان دوسری طرف جرمنی

ڈائرن ۵ اپریل۔ مانچوکوکی سرحد کی صورت حالات بدسے بدتر ہورہی ہے۔ نیم سرکاری طور پر ظاہر کیا گیا ہے کہ چونکہ حکومت سوویٹ کی فوجیں سائبیریا میں مرکز کررہی ہیں اس لئے جاپانی افواج بھی سرحد مانچوکو پر اجتماع کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔

اس اثنا میں ایک اخبار نے جو جاپانی افواج کا ترجمان کہلاتا ہے۔ ظاہر کیا ہے کہ حکومت سوویٹ کو فراموش نہیں کرنا چاہئے۔ کہ جنگی اقدامات کی صورت میں روس کی فوجوں کو زبردست فوجوں یعنی جاپانی اور جرمنی فوجوں سے مقابلہ کرنا پڑے گا۔

# جاپان وہندستان کے درمیان تجارتی معاہدہ

## ستمبر میں گفت وشنید ہوگی

ٹوکیو ۵ اپریل وزارت خارجہ جاپان کا ایک اعلان

# حبش میں تباہی وبربادی

## اٹلی کی وحشت ودرندگی کے نظارے

ادیس ابابا ۵ اپریل۔ اس اطلاع کی تصدیق ہوچکی ہے کہ اطالوی طیاروں نے سوالی مستقر پر بم باری کی۔ اور مستقر کو مشین گنوں کی گولیوں سے چھلنی کردیا۔ مستقر پر صرف ایک پرانا طیارہ تباہ ہوا۔ نقصان جان نہیں ہونے پایا۔

طیاروں کے بمباری کے فوراً بعد حبش وزیر خارجہ کے ساتھ موٹروں میں سوار ہوکر اراکنی کی طرف روانہ ہوگئیں۔ جہاں تباہ شدہ مقامات اور مجروحین کا معائنہ کیا۔ ملکہ جب ان تمام مقامات سے لوٹ کر اپنے محل پر پہنچیں۔ تو وہاں ادیس ابابا کے باشندوں کے ایک زبردست ہجوم نے جو وہاں جمع ہوگیا تھا پرتپاک خیر مقدم کیا۔

# روس اور جاپان میں جنگ کا خطرہ

## اشتعال انگیز بیانات

لندن یکم اپریل۔ روزنامہ "ڈیلی ٹیلیگراف" کا نامہ نگار خصوصی متعین ماسکو اطلاع دیتا ہے۔ کہ سوویٹ اور خارجی منگولیا کے باہمی امداد کے معاہدے کے اعلان کے فوراً بعد جاپانی افواج نے مانچوکوکی حدود سے خارجی منگولیا پر شدید حملے کردیئے تھے۔

# سلطان ابن سعود اور عراق کے درمیان معاہدہ

## ایک دوسرے کی مدد کا وعدہ

قاہرہ ۵ اپریل۔ عراق اور ابن سعود کے درمیان ایک معاہدہ ہوا ہے جس کے ماتحت یہ طے پایا ہے کہ بصورت جنگ یا انقلاب وہ ایک دوسرے کی امداد کریں گے۔ آج اس معاہدہ کی شرائط کے شائع ہوجانے سے سیاسی حلقوں میں کافی دلچسپی پیدا ہوگئی ہے۔

# روسی اور جاپانی فوجوں کا اجتماع

ڈیرن ۵ اپریل۔ مانچوکوکی سرحد پر حالات نازک صورت اختیار کر رہے ہیں۔

# حبش کے مستقر پر بمباری

ادیس ابابا ۳ اپریل۔ آج صبح اطالیہ کے پانچ ہوائی جہاز ادیس ابابا پر نمودار ہوئے۔

# جاپانی فوجوں نے چین پر حملہ کردیا

## مشرق اقصیٰ میں جنگ چھڑ گئی

# روس اور جاپان میں جنگ چھڑ گئی

## جنگی جہازوں کی حرکت

# سرضا علی پر جنوبی افریقہ کے ہندستانیوں کا اعتماد

# دہلی میں مسلمانان ہنگری کے وفد کا ورود

## ڈاکٹر انصاری صاحب کی کوٹھی پر معززین شہر کا اجتماع

### امدادی کمیٹی کا قیام

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر وقصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

دواخانہ رشیدیہ دیوبند

مصقد

کی حیرت انگیز ایجاد

جوہر جیلانی

منیجر دواخانہ رشیدیہ دیوبند

بچوں کی اکسیر دوا

بال جیون گھٹی

منیجر بال جیون کارخانہ علیگڑھ شہر یوپی

# حجاج کا جہاز "علوی"

## ۷ اپریل کو کراچی میں آمد



# الہ آباد میں کانگریس ورکنگ کمیٹی کا اجلاس

## عہدوں کے سوال پر بحث اور آخری فیصلہ

## پارلیمنٹری بورڈ توڑ دیا گیا

معلوم ہوا ہے کہ عام انتخابات سے پیشتر آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی ایک میٹنگ مدعو کی جائے گی جس میں انتخابی مہم کے سلسلہ میں پالیسی مرتب کی جائے گی۔ ورکنگ کمیٹی نے پارلیمنٹری بورڈ توڑنے کا فیصلہ کردیا ہے۔ ورکنگ کمیٹی اب دستور العمل کے متعلق سب کمیٹی کی رپورٹ پر غور کررہی ہے اس کے بعد ریاستوں کے معاملات اور کمیونل اوارڈ کے بارے میں پنجاب اور بنگال کی عرضداشت پر غور کرے گی۔

# مسجد شہید گنج لیگل ڈیفنس کمیٹی

## مرزا مظفر علی کا ایک اور طویل بیان

# مسلم لیگ کا آئندہ اجلاس بہت اہم ہوگا

## مسٹر جناح صدر لیگ کا بیان

# بہاولپوری ہندو سبھا کا طلسم ٹوٹ گیا

## غلہ منڈی کے ہندوؤں کی علیحدگی

# بازید خیل میں علما کا زبردست اجتماع

# خان بہادر سید احمد بخش کا انتقال

# علیحدگی سندھ کی رسم ادا کردی گئی

## گورنر کا پیغام

کراچی یکم اپریل۔ بمبئی کے ساتھ ملحق رہنے کے بعد آج صوبہ سندھ کی علیحدگی کی رسم نہایت تزک واحتشام کے ساتھ منائی گئی۔

جس وقت ہزایکسیلنسی نے سرزمین سندھ پر قدم رکھا۔ ان کے اعزاز میں ۱۷ توپوں کی سلامی اتاری گئی۔ اس کے بعد ہزایکسیلنسی اور لیڈی گراہم کو فوجی سلیوٹ دی گئی اور ... لے جایا گیا۔ جہاں خطاب یافتہ حضرات۔ اعلیٰ حکام اور معززین شہری بکثرت موجود تھے۔

چیف سکریٹری مسٹر اسٹراچ۔ نے کربلانی نے شاہی پیغام سناتے ہوئے سرگراہم کی گورنری کا اعلان کیا۔ اس کے بعد مسٹر جی ڈیوس جوڈیشنل کمشنر نے حلف وفاداری لیے میئر کراچی نے ہزایکسیلنسی کی خدمت میں ایک سپاسنامہ پیش کیا۔ اور گورنر کی توجہ کراچی کے واٹر سپلائی کے مسائل کی طرف مبذول کرائی۔

جواب دینے سے پہلے ہزایکسیلنسی نے ملک معظم اور وائسرائے ہند کے پیغامات پڑھ کر سنائے۔ جن میں علیحدگی سندھ پر اظہار مسرت کیا گیا۔ اور جدید صوبہ کی خوشحالی اور ترقی کے لئے دعا کی گئی۔ ملک معظم اور وائسرائے ہند کا شکریہ ادا کرنے کے بعد ہزایکسیلنسی گورنر سندھ نے کارپوریشن کو اپنی امداد کا یقین دلایا۔ اختتام تقریر پر آپ نے کہا کہ اگرچہ بمبئی اور سندھ علیحدہ ہوگئے ہیں لیکن ہمیں چاہئے کہ دلی تعلقات بدستور جاری رکھیں۔

# کانگریسی ممبران اسمبلی اور صوبجاتی انتخاب

## مستعفی ہونے کی اجازت نہیں ہوگی

الہ آباد ۷ اپریل۔ یونائیٹڈ پریس کو معلوم ہوا ہے کہ عہدے قبول کرنے کے ساتھ کانگریس ورکنگ کمیٹی پراونشل انتخابات کے مسئلہ سے پیدا شدہ ایک اور مسئلہ پر غور کرے گی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اسمبلی میں اس وقت جو کانگریسی ممبران ہیں ان میں سے بہت سے صوبجاتی کونسلوں کے انتخابات میں کھڑے ہوں گے اس سے اسمبلی کے اندر کانگریس کی نصف سے زیادہ نشستیں خالی ہوجائیں گی۔ اس خیال سے کہ پراونشل کونسلوں کے انتخابات کے ساتھ اسمبلی کے ضمنی انتخابات کی ضرورت نہ پڑے یہ بہت ممکن ہے کہ ورکنگ کمیٹی یہ فیصلہ کرنا مناسب خیال کرے کہ موجودہ کانگریسی ممبران اسمبلی کو صوبجاتی انتخابات کے لئے اسمبلی سے مستعفی نہیں ہونا چاہئے۔ جب تک کہ اسمبلی توڑی نہ جائے۔

# کانگریس مہاسبھائیوں کی یورش

## پھر کمیونل ایوارڈ

لکھنؤ یکم اپریل کانگریسی حلقوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ پنڈت جواہر لال نہرو کا خطبہ صدارت مکمل ہوگیا ہے طباعت سے پیشتر گاندھی جی اس پر نظرثانی کریں گے معلوم ہوا ہے کہ پنڈت جی نے اپنے خطبہ صدارت میں کمیونل ایوارڈ کی شدید مخالفت اور مذمت کی ہے۔ یہ بھی سنا جاتا ہے۔ کہ کمیونل ایوارڈ کے خلاف کانگرس میں ریزولیوشن بھی پیش کئے جائیں گے۔

# شیخ مقبول حسین صاحب کا یکایک انتقال

## حرکت قلب بند ہوگئی

نئی دہلی ۵ اپریل کل سہ پہر کے وقت چائے پیتے ہوئے خان بہادر شیخ مقبول حسین رکن کونسل آف سٹیٹ حرکت قلب بند ہوجانے کی وجہ سے اپنے مکان پر فوت ہوگئے۔ لاش سپرد خاک کرنے کی غرض سے لکھنؤ لیجائی گئی ہے۔ مرحوم کی عمر ۵۰ سال تھی۔

# مسٹر محمد علی کا عدیم النظیر ایثار

## ایک لاکھ روپیہ کا نقصان گوارا کرلیا

نئی دہلی ۳ اپریل:۔ اسمبلی میں معاہدہ اوٹاوہ پر تین دن بحث ہوتی رہی۔ اور بحث کا آخری دن بالخصوص اہم خیال کیا جاتا تھا۔ عین اسی روز مسٹر جناح کے دن مسٹر جناح کو ایک لاکھ روپے کی پیشکش کی گئی تھی وہ اس طرح کہ ۳ مارچ کو بمبئی میں ایک مقدمہ تھا۔ اس کی پیروی کے لئے مسٹر جناح کو کہا گیا اور ایک لاکھ روپے فیس پیش کی گئی۔ مگر مسٹر جناح نے وطن عزیز کے مفاد کی خاطر گرانقدر رقم کو ٹھکرا دیا۔

# سبھاش چندر بوس کی مراجعت وطن

## پہنچتے ہی گرفتار کرلئے جائیں گے

لکھنؤ ۵ اپریل۔ یونائیٹڈ پریس کے دفتر لکھنؤ میں مسٹر سبھاش چندر بوس کی طرف سے جو کونٹ ورڈے نامی جہاز کے ذریعے سفر کر رہے ہیں لاسلکی کا ایک پیغام موصول ہوا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسٹر سبھاش چندر بوس ۸ اپریل کی صبح کو بمبئی پہنچیں گے۔

ایک اطلاع مظہر ہے کہ انہیں ساحل بمبئی پر قدم رکھتے ہی گرفتار کرلیا جائیگا۔

# ہندوستان کا نیا وائسرائے

## دہلی میں ۱۸ اپریل کو آمد

لندن یکم اپریل۔ لارڈ لنلتھگو جدید وائسرائے ہند لیڈی لنلتھگو اور اپنی لڑکیوں سمیت ہتھنی کو عازم ہند ہوجائیں گے۔ آپ جنیوا کو مارسائے سے "اسٹراتھمور" نامی جہاز پر سوار ہوں گے اور ۱۸ اپریل کو دہلی پہنچیں گے۔

# افیون سے حکومت کو منافع

سال ختمہ ۳۰ ستمبر ۱۹۳۵ء کے متعلق حکومت ہند کے محکمہ افیون کے ایجنٹ کی رپورٹ مظہر ہے کہ گزشتہ سال کے دوران میں افیون کے ٹھیکوں سے ۸،۹۸۷،۴۷۸ روپے کا منافع ہوا۔

# قصور میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ

## تعزیئے نکالنے کی ممانعت

قصور ۳ اپریل۔ تصور میں اسرار ملک سے چھ بجے سے ۱۰ اپریل تک دفعہ ۱۴۴ نافذ کردی گئی ہے ہر قسم کے تعزیئے نیز عزاداری کے جلوس کے نکالنے کی ممانعت کردی گئی۔

# اجتماع کا تازہ پرچہ شائع ہوگیا

## ماہوار کے بجائے ہفتہ وار کردیا گیا

اجتماع کا تازہ پرچہ پہلے سے زیادہ حسن وخوبی کے ساتھ شائع ہوگیا ہے۔ طباعت وکتابت دیدہ زیب، کاغذ چکنا اور خوشنما، ٹائیٹل دورنگا بلاک آرٹ پیپر پر، مزید اضافہ کے ساتھ پانچ صفحات کی تصویریں مختلف رنگوں میں شائع کی گئی ہیں۔ مضامین کی فہرست حسب ذیل ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مولوی شبیر حسین صاحب شبیر | نوروز | (۸) | صوبوں کے انتخابات | مقالہ افتتاحیہ | (۱) |
| مسلسل بحوالہ محمد کاظم حسین صاحب | رباب شکستہ | (۹) | مختلف امور ملکی وخارجہ پر بحث | واقعات وآراء | (۲) |
| جناب فخر الاسلام صاحب زبیری | غالب | (۱۰) | جناب سالک کی ایک نظم | عزادار شہید کربلا (نظم) | (۳) |
| جناب مولوی حفیظ الرحمان صاحب | ایک اجنبی دوست کے نام (نظم) | (۱۱) | ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی | عید قرباں | (۴) |
| جناب شتیاق حسین قریشی ایم اے | طوفان اور شاعر (نظم) | (۱۲) | پروفیسر اشتیاق حسین صاحب قریشی ایم اے استاذ دہلی یونیورسٹی وسیاح ایران | ایران کے دستور حکومت کا نشوونما | (۵) |
| نئی کتابوں پر تنقید | انتقادات | (۱۳) | شاعر انقلاب حضرت جوش ملیح آبادی کی ایک ولولہ انگیز نظم | ترک جمود (نظم) | (۶) |
| لطائف وظرائف اور کارٹون | تفریحات | (۱۴) | ایک مکمل اور طویل افسانہ خاص اجتماع کیلئے | اعتراف گناہ | (۷) |
| ہفتے بھر کی اہم خبروں کے خلاصے | مختصرات | (۱۵) | | | |

ان مضامین کے علاوہ صفحہ ۱، ۲، ۱۴، ۱۵ اور ۲۷ پر رنگین تصاویر ہیں۔

اسی پرچہ میں یہ اعلان کیا گیا ہے کہ اجتماع بجائے ماہوار کے ہفتہ وار شائع ہوا کرے گا۔ اور اس کا سالانہ چندہ ہندوستان میں ؎ ۳ اور بیرون ہند کے لئے پانچ شلنگ ہوگا۔ یہ رعایتی شرح صرف آخر مئی تک رہے گی اس کے بعد سالانہ چندہ ہندوستان کیلئے للعہ اور بیرون ہند کیلئے سات شلنگ کردیا جائے گا۔ ماہوار اجتماع کے جو خریدار اس مدت میں سالانہ چندہ روانہ کردیں گے انہیں رعایتی شرح پر سال بھر کے لئے ہفتہ وار کا مستقل خریدار بنا لیا جائے گا۔

جو حضرات اجتماع کے خریدار بن چکے ہیں انہیں اپنا ماہوار رسالہ چندہ وضع کرکے باقی رقم بھیجدینی چاہئے۔ ان کی مدت خریداری ماہ اپریل سے شمار کی جائے گی۔

تازہ پرچہ کا نمونہ منگانے والوں کو چاہئے کہ ۲ کے ٹکٹ ارسال فرمائیں بغیر اسکے نمونہ نہیں بھیجا جائے گا۔ مقامی ایجنٹوں سے بھی یہ پرچہ ۲ میں خریدا جاسکتا ہے۔ حسب ذیل مقامات پر ایجنٹ اخبارات سے اجتماع طلب کرنا چاہئے:۔

بمبئی، کراچی، احمد آباد، سورت، اجمیر، جبلپور، پشاور، الہ آباد، رڑکی، سہارنپور، دہرہ دون، بنارس، چھپرہ، آگرہ، جالندھر، امین سستی پور، بھوپال، مراد آباد، گورکھپور، گیا، رنگون، کلکتہ، سیالکوٹ، لاہور، بائی پور۔

منیجر اجتماع بلیماران دہلی

# بوڈاپسٹ میں اسلام

(بسلسلہ صفحہ ۲)

ہنگری کا جو نظام حکومت ہے وہ اسلامی امامیہ فرقہ کے حامل ہے جس طرح فرقہ امامیہ امام مہدی منتظر کی قیادت و سلطنت کا قائل ہے اور عال ہے اسی طرح ہنگری و بوڈاپسٹ میں بھی بادشاہ کا نائب حکومت رانی کر رہا ہے۔ لیکن یہ بادشاہ کون ہے کب تخت سلطنت پر جلوہ گر ہوگا۔ اس کے جواب دینے سے ہنگری اور بوڈاپسٹ والے قاصر ہی نہیں بلکہ علم لاعلم ہی ہیں۔

ایک قطعہ زمین گل بابا کے مزار کے پاس حاصل کیا تاکہ یہاں پر مسلمانان ہنگری اجتماعی حیثیت سے خدائے وحدہٗ لاشریک کی عبادت بجا لائیں۔ حکومت نے مسلمانوں کی اس درخواست کو قبول کر لیا اور مسجد بھی بنادی اور پایہ تخت کی یونیورسٹی میں مسلمانوں کے اس مطالبہ کے تحت کہ اس میں تاریخ اسلام کا ایک مضمون بھی پڑھایا جائے قبول کر لیا جس پر عملدرآمد بھی شروع ہو گیا۔ مسلمانان بوڈاپسٹ نے بھی اس طرح زیر سیادت ڈبورک حسین حلمی مفتی بوڈاپسٹ اور جناب محمد بک رسیدلفتش سکرٹری انجمن اسلامیہ بوڈاپسٹ مسجد اور مدرسہ اسلامیہ ہائی اسکول کی تعمیر کے لئے حکومت سے ایک قطعہ زمین کا مطالبہ کیا جو کہ ان کو مل چکا ہے۔ اس سے زائد امداد کی توقع نہ حکومت سے اور نہ مسلمانان ہنگری اور بوڈاپسٹ کی مالی حالت ایسی ہے کہ وہ معمولی عمارت کی ہی مسجد بنا سکیں۔ چہ جائیکہ مدرسہ کی عمارت تیار کر سکیں۔

کیا مسلمانان ہند کا یہ فرض نہیں ہے کہ وہ اپنے ...

# اخبار النجم کی توسیع اشاعت

تاریخ ۲۰ مارچ یوم جمعہ کو بصدارت حضرت مولانا عبد الوہاب صاحب ... یہ تجویز باتفاق آراء طے ہوئی امید کہ درج اخبار ... ہے حد تشکر کا موقع دیں گے۔

**تجویز:** چونکہ اس زمانہ میں لکھنؤ، کچھوچھ اور پنجاب و دہلی سے کثرت کے ساتھ ایسے اخبار و رسائل شائع ہو رہے ہیں جن کے ذریعہ سے عموماً صحابہ کرام خصوصاً خلیفہ اول حضرت ابو بکر صدیق و خلیفہ دوم عمر بن الخطاب فاروق اعظم و خلیفہ سوم حضرت عثمان غنی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی شان اقدس میں بے حد گستاخیاں کی جاتی ہیں۔ جو مسلمانوں کے لئے ناقابل برداشت ہیں اور النجم لکھنؤ کے کوئی اسلامی پرچہ نہیں ہے جو ان فتنہ پردازیوں کا صحت کے ساتھ جواب دے اور اہل سنت ...

عطاء اللہ شاہ بخاری امیر شریعت ... کو اپنے کامیاب ہونے پر صمیم قلب سے ہدیہ تہنیت پیش کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہے کہ خداوند قدوس مولانا موصوف کو طاغوتی طاقتوں کی سرکوبی کے لئے تادیر سلامت رکھے آمین۔

(۲) جمعیت طلبائے افغان دہلی کا یہ جلسہ حضرت مولانا عنایت اللہ صاحب امیر مجلس احرار قادیان پر بحالت سفر مرزائیوں کے ناپاک قاتلانہ بزدلانہ حملہ کو نہایت رنج و غصہ کی نظر سے دیکھتا ہے اور حکومت سے درخواست کرتا ہے کہ مجرمین کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچائے۔ نیز مولانا موصوف کو خود کاشتہ پودے کی امت کی ناپاک حملے سے بچ جانے پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہے کہ مولانا موصوف کو خود کاشتہ پودے کے جڑ سے نکالنے کے لئے تادیر سلامت رکھے۔ آمین۔

(۳) جمعیت طلبائے افغان دہلی کا یہ جلسہ جناب خان ...

# صوبہ متحدہ میں وبائی امراض

ڈائرکٹر صاحب محکمہ حفظان صحت کی رپورٹ مختتمہ ۸ مارچ سے معلوم ہوا کہ اس ہفتہ میں طاعون سے ۲۷ اموات ہوئیں حالانکہ ہفتہ ماسبق میں ۲۹ ہوئی تھیں۔ سب سے زیادہ میرٹھ (۱۱) گورکھپور (۸) باقی دیگر اضلاع میں ہوئیں۔ ہیضہ سے ۳ اموات ہوئیں چیچک سے ۲۲ ہوئیں۔ ہفتہ ماسبق میں ... ہوئی تھیں سب سے زیادہ فیض آباد دس باقی دیگر اضلاع میں ہوئیں۔

آجکل لکھنؤ میں فصلی بخار نزلہ کی عام شکایت ہے چیچک کی شکایت بھی پیدا ہو گئی ہے۔

# ڈاک کے ڈاکو گرفتار ہوگئے

کانپور اور اناؤ کے مابین ڈاک پر ڈاکہ ڈالنے کے سلسلہ ...

# امریکہ کا سفاک قاتل پھانسی دیدی گئی

ٹرنٹن۔ ۴ اپریل۔ ہاپٹمین کو آج پھانسی دیدی گئی ناظرین کو یاد ہوگا کہ مسٹر ہاپٹمین کو کرنل لنڈبرگ کے بچہ کو اغواء اور قتل کرنے کے جرم میں سزائے موت دی گئی تھی۔ ان کی تمام اپیلیں خارج ہو گئیں۔

# پانچ عورتیں زندہ درگور ہوگئیں

# جمعیت طلبائے افغان دہلی کا ماہوار جلسہ


## یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

## سنہری مشورہ

## جرمنی الارم پستول

## گپت منتر

SIDH MANTAR ASHRAM
29/1 Katrisarai
GAYA.

## آلہ نامردی

(Sexual Science Bureau)

## اعلان عام

## ضروری گزارش

## طوفان حوادث

ملنے کا پتہ۔ الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## اجودھیا کی ایک سعادتمند روح

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## جذام اور پُرانے کا شرطیہ علاج

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

## پادری کی لڑکی

الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## قرآن کریم مترجم و محشی

ملنے کا پتہ۔ منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

## جوان مرگ رضی

## سرمۂ نور

## ضرورت

## جوان بن جاؤ

## قدیمی مشہور دوکان

# جوہر وسمہ مہندی کے متعلق دنیا کا متفقہ فیصلہ

فاضل اجل بلند اقبال حضرت صاحبزادہ سید حافظ محمد حسین شاہ صاحب نقشبندی علی پوری مدظلہ خلف الرشید حضرت امیر ملت محدث علی پوری مدظلہ العالی "جوہر وسمہ لاجواب ایجاد ہے"۔ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری ...

صوفی اینڈ کو رجسٹرڈ دنیا کاشیرہ راجہ بازار (آزاد منزل) راولپنڈی شہر


# دہلی کا چاند

جس کی نسبت ہندوستان کے یگانہ مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب صدر جمعیۃ علماء ہند اپنی گرانقدر رائے اس طرح اظہار فرماتے ہیں۔

"دہلی کا چاند نہایت شان کے ساتھ آیا اور ایک خزانہ برکات اپنے ساتھ لایا صدف سے نکلے ہوئے موتیوں پتھروں سے نکلے ہوئے یاقوت و زمرد دہلی سے نکلے ہوئے سونے چاندی کا خزانہ نہیں بلکہ انبیاء کے وارث علماء دینیہ کے حامل علماء کرام کے مقدس سینوں سے نکلے ہوئے علمی جواہرات کا خزانہ ہمارے لئے مہیا کیا اس نوعیت کے خزانوں میں اسے خاص کیفیت حاصل ہے جس کی وجہ سے دہلی کا چاند یا القمر کہنا بالکل بجا ہے وہ علوم حقہ کا سچا خادم سنت کا حامی دین و ملت کا حقیقی ترجمان ہے۔"

تاجدار مدینہ کے پیارے دین کی شان ایمان و عرفان کی تجلیاں لطیف خیالات پاکیزہ حالات ادبی و اخلاقی مضامین مشہور علماء قاضی مفتی آئمہ مساجد و صوفیائے کرام کے سچے حالات دیکھنے ہوں تو آج ہی "القمر" کی خریداری قبول فرمائیے اور چندہ سالانہ صرف ایک روپیہ منی آرڈر بھیجکر اپنا نام درج رجسٹر کرا لیجئے۔ نمائشی جنتری ہر خریدار کو مفت دیجائے گی۔ ناظم ادارۂ القمر دہلی

SEMI-WEEKLY
Aljamiat
DELHI.

# الجمعیۃ دہلی

(ایڈیٹر — ہلال احمد زبیری ایم۔ اے)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

جلد ۲۳ | دہلی۔ یوم دوشنبہ ۲۰ محرم الحرام ۱۳۵۵ھ ہجری۔ مطابق ۱۳ اپریل ۱۹۳۶ء | نمبر ۲۰

## انجام ہستی

وفا ناکام کوشش رائیگاں معلوم ہوتی ہے
محبت زندگی کا امتحاں معلوم ہوتی ہے
تیرے جلوے یہاں تک جذب ہیں چشم تصور میں
کہ ہر ذرہ میں اک بجلی نہاں معلوم ہوتی ہے
سراپا درد ہوں بیکس ہوں مجبور و پریشاں ہوں
مری صورت سے ناکامی عیاں معلوم ہوتی ہے
وجود زندگی ہونا نہ ہونا ہے برابر سا
مری ہستی جہاں میں بے نشاں معلوم ہوتی ہے
سمجھتا ہوں مآل زندگی بھی خوب میں لیکن
جواں ہوں موت مرگ ناگہاں معلوم ہوتی ہے
غم و اندوہ کی اس کشمکش سے موت آ جائے
ہمیں اب زندگی بار گراں معلوم ہوتی ہے
قیامت میں ہمیں پھر زندگی پانی پڑے گی کل
فنا انجام ہستی جاوداں معلوم ہوتی ہے

(از جناب [illegible])

## "کیف غم"

نہ اعتبار قفس کا نہ آشیانے کا — یہاں مقام نہیں کوئی دل لگانے کا
دل حزیں نہ رہا رنج ہجر اٹھانے کا — کہاں سے لاؤں میں اب حوصلہ اٹھانے کا
کبھی ملامت شکوہ کبھی شکایت شکر — بہانہ ڈھونڈتے ہیں وہ روٹھ جانے کا
کوئی شہید سمجھتے ہیں کوئی قتیل کرم — معین ایک طریقہ نہیں جتانے کا
کہیں ہے سننے کسی کی زبان سے — ہر اک فسانہ ہے [illegible] فسانے کا
سنو وہ تڑپ [illegible] — مآل دیکھ لیا [illegible] صبر آزمانے کا
ستم [illegible] — [illegible]
کہ برق غم نے کیا کام تازیانے کا

(از جناب [illegible] شاہجہانپوری)

# دنیائے اسلام اور ممالک غیر کی خبریں

## فلسطین کی مجلس مقننہ

### ایک بے حقیقت اور مجبور ادارہ

بیت المقدس (ہوائی ڈاک سے) فلسطین کی مجوزہ مجلس تشریعی کے انتخابات سے متعلق تفصیلات اب معلوم ہو سکی ہیں مجلس کو برائے نام تشریعی اقتدار حاصل ہوگا۔ اس کی منظور کردہ قرار دادیں عملی جامہ نہ پہن سکیں گی تا وقتیکہ ہائی کمشنر ان کو منظور نہ کرے۔ دوسری طرف ہائی کمشنر کو اختیار ہوگا کہ وہ شدید ضرورت کے وقت مجلس کو بالائے طاق رکھتے ہوئے کوئی قانون نافذ کرے۔ البتہ برطانوی حکومت کی منظوری حاصل کرنی ضروری ہے۔

دعوے کیا گیا ہے کہ ہائی کمشنر کو اختیارات ضرور حاصل ہونے چاہئیں تاکہ وہ حکومت کا انجام دینے کے قابل ہو۔ رہا یہودیوں کی ترک وطن پذیری کا مسئلہ سو فرد فرد کا ملک میں داخلہ جاری رہے گا اور تعداد کا تعین ہائی کمشنر کرے گا، نہ کہ مجلس تشریعی۔

ترک وطن پذیروں کی کسی دوسری جماعت کا کوئی ذکر نہیں۔

## فلسطین کے دستور میں فرقہ واریت

### لڑاؤ اور حکومت کرو کا اصول

لندن (ہوائی ڈاک سے) فلسطین کے ہائی کمشنر کے دسمبر والے خطبہ کے پیش نظر جو ایک قرطاس ابیض کی شکل میں جاری کیا گیا ہے۔ مسٹر جے ایچ تھامس نے مجوزہ فلسطینی مجلس تشریعی کے انتخابات کے طریقوں سے متعلق برطانوی حکومت کے نقطۂ نظر واضح کئے ہیں۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ تین جماعتوں کے علیحدہ علیحدہ حلقہ ہائے انتخاب ہوں گے اور اس بات کا انتظام کر دیا جائے گا کہ مسلمان آٹھ اراکین کو منتخب کریں۔ یہودی تین اور عیسائی ایک کو۔

مسٹر تھامس متنبہ کرتے ہیں کہ دستور کے کامل نافذ اور قائم ہونے کے لئے کچھ عرصہ درکار ہے۔

## عرب مظلوموں کے خلاف جنگ

### طلباء کا عزم بالجزم

حلب۔ فرانس کی نو آبادیاتی پالیسی کے خلاف ان عرب طلبہ نے جنہوں نے حال کے ہنگاموں میں حصہ لیا تھا ایک اعلان جاری کیا ہے جس میں وہ کہتے ہیں "فرانس دولت انتداب کی حیثیت سے بجائے عرب ممالک کی ترقی میں مدد دینے کے بجائے ایک بالکل متضاد اور مخالف پالیسی پر عمل پیرا ہے جو مجلس اقوام کے انتداب کی اسپرٹ کے خلاف ہے کہ ۲۰ لاکھ باشندوں کو پانچ چھوٹی ریاستوں میں تقسیم کر دیا جائے۔

جب تک تشدد کار فرما رہے گا سارے طلبہ ظالموں کے خلاف موجودہ کشمکش میں اپنی زندگیاں وقف کر دیں گے۔

## عراق کی ہوائی فوج

### جدید طیاروں کیلئے فرمائش

بغداد۔ سمجھا جاتا ہے کہ حکومت نے اپنی ہوائی فوج میں اضافہ کا جو فیصلہ کیا اس کا یہ شاخسانہ ہے کہ انگلستان کو مزید بم انداز طیاروں کے لئے فرمائش دی ہے۔ توقع کی جاتی ہے کہ پہلے دو طیارے جون تک آ جائیں گے اور باقی طیارے ختم سال تک پہنچ جائیں گے۔

ان طیاروں سے ایک دوسری سروس اسکواڈرن تشکیل ہوگی اور اس کو موصل کے قریب متعین کرنے کی تجویز ہے۔

## چین اور جاپان کی کشمکش

### جاپان کی خواہشات

شنگھائی (ہوائی ڈاک سے) "بیلی ٹیلیگراف" کا بیان ہے کہ جاپانی فوجی جدہ داروں نے شیانگ کائی شیک کو دھمکی دی ہے کہ اگر وہ شیکیان کے سرمایہ داروں کی جماعت سے اپنے تعلقات منقطع نہ کریں تو چین و جاپان کے تعاون کا کوئی امکان نہیں ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ اس دھمکی کا مقصد یہ ہے کہ جاپانی جدہ دار یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ نانکن کی حکومت کا جنرلی ذرائع سے جن سے شیکیان تعلق رکھتا ہے کوئی مالی امداد لے۔

جاپانی حلقوں کی یہ خواہش ہے کہ مالی امداد کے لئے پیروی آئندہ جاپانی ساہوکاروں پر تکیہ کرے تاوقتیکہ یہ مزید جاپانی فوج نانکنگ میں چینی جاپانی کانفرنس کی تائید نہیں کرے گی۔

## جرمنی اٹلی کے خلاف ہو جائے گا

### اطالوی حکومت کو دھمکی

برلن (ہوائی ڈاک سے) سمجھا جاتا ہے کہ اطالوی حکومت کو اطلاع دی گئی ہے کہ اگر انجمن مجلس اقوام کے مباحث میں جو جرمنی کے اقتصادی بائیکاٹ کے بارہ میں ہوں کوئی حصہ لے گا تو جرمنی اٹلی کے خلاف اقتصادی تدارکات فوراً نافذ کر دے گا۔

"فرینک فورٹر ٹیٹنگ" نے یہ دھمکی بھی شائع کی ہے کہ اگر کوئی ایسی کارروائی اختیار کی گئی تو جرمنی سارے قرضوں سے انکار کر دے گا۔ جریدہ مذکور کہتا ہے کہ اگر جرمنی کے خلاف تدارکات نافذ کر دئے گئے تو دنیا کی تجارت کے قلب میں ایک گولی لگائی جائے گی تب چینی قرض خواہ اپنے مطالبوں پر کامل اور آخری طور پر خط تنسیخ کھینچ سکیں گے۔

## جرمنی اور جاپان کی مفاہمت

برلن (ہوائی ڈاک سے) افواہ پھیلی ہوئی ہے کہ ایک خصوصی فوجی مفاہمت کے لئے جرمنی اور جاپان میں فی الوقت گفت و شنید ہو رہی ہے۔

## حجاز اور جمعیۃ اقوام

### شرکت کا سوال

جدہ۔ بعض سرکاری حلقوں سے معلوم ہوا ہے کہ مجلس اقوام کا ارادہ ہے کہ حکومت عربیہ سعودیہ کو مجلس اقوام میں باضابطہ طور پر شرکت کی دعوت دے۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ مجلس مذکور حکومت سعودیہ کو اقوام عالم میں ایک خاص درجہ دے گی۔ کیونکہ حکومت مذکور نے ترقی انداز حکومت میں خاص ترقی کرلی ہے۔

## شہداء شام کی نماز جنازہ

### کعبۃ اللہ میں

القدس۔ اخبارات مکہ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کعبۃ اللہ میں حرم شریف میں گذشتہ جمعہ کو ان شامی شہداء پر جو حالیہ حادثات میں شہید ہوئے ہیں، نماز جنازہ غائبانہ ادا کی گئی۔ اس نماز میں تمام حجاج شریک تھے۔

## فلسطین کا جاسوس

### حجاز میں گرفتاری

جریدہ الجامعہ العربیہ لکھتا ہے کہ حکومت عربیہ سعودیہ نے حجاز میں ایک شخص مسمی محمد حمزہ کو جو خیر نعیل کا باشندہ ہے گرفتار کیا ہے۔

حکومت عربیہ کو یہ معلوم ہوا ہے کہ فلسطین کے صدر محکمۂ اطلاعات نے شخص مذکور کو حجاز میں جاسوسی کی غرض سے روانہ کیا تھا۔ حکومت نے اس کو قید خانہ میں رکھا ہے تاکہ اس کے متعلق تحقیقات کرکے مقدمہ چلائے۔

## لبنان کا مطالبۂ آزادی

### امور داخلی میں استقلال

القدس۔ مجلس وزراء کے سات اراکین نے کونت دی مارٹل فرانسیسی ہائی کمشنر اور صدر جمہوریہ لبنان کے نام ایک یادداشت روانہ کی ہے جس میں گذشتہ معاہدوں کا حوالہ دیتے ہوئے اس بات کا مطالبہ کیا ہے کہ لبنان کو امور داخلی میں استقلال تام حاصل ہونا چاہئے جس کا ان معاہدوں میں ملک سے وعدہ کیا گیا تھا۔

## عراقی وزراء کی سیاحت

### مصر میں ورود

بغداد۔ البلاغ نے عراقی وزراء کی سیاحت کا پروگرام شائع کیا ہے جس میں بتایا ہے کہ یہ لوگ دمشق اور بیت المقدس کے خاص خاص مقامات دیکھتے ہوئے مصر پہنچیں گے۔ یہاں کے خاص اور تاریخی مقامات دیکھیں گے اور قناطر وغیرہ کا معائنہ کریں گے سربرآوردہ اشخاص سے ملاقاتیں کریں گے اور یہاں سے بغداد واپس ہوں گے۔ اس سفر کی کل مدت دو ہفتہ ہو گی۔

## کویت میں پٹرول کے چشمے

### سلطان ابن سعود کا معاہدہ

برطانیہ کی تاریخی روایات میں یہ چیز صاف اور نمایاں نظر آتی ہے کہ جس ملک اور سرزمین پر اس نے قبضہ کیا اس کو پھر لیڈروں اور شورشوں کے بغیر آزاد ہونا نصیب نہ ہوا۔ برطانی فریب اور اس کی عسکریت ہی دو ایسی بلائیں ہیں کہ جس سرزمین پر ان کا نزول ہوا غلامی اور محکومی کی زنجیریں مستحکم سے مستحکم تر ہوتی گئیں اور آبادی کو اپنے حریت عمل اور استقلال جات کے حق سے ہمیشہ کے لئے محروم ہونا پڑا۔ وہ ملک بہت ہی خوش قسمت ہے جس کو برطانی چنگل میں پھنس جانے کے بعد پھر اپنے اصلی موقف اور سابقہ حالت پر عود کر آنے کی سعادت نصیب ہوئی ہو اور غلامی کی تیرہ و تار گھٹاؤں سے اس پر آفتاب آزادی کو طلوع ہونے کا موقعہ ملا ہو۔

مصر اپنے کسی زمانہ میں ایک آزاد خود مختار اور طاقتور ملک تھا لیکن نہر سویز کے جائے وقوع اور اس پر برطانیہ کے تسلط نے اس کی آزادی کو اس طرح ختم کر دیا کہ مدتوں تک خود مصریوں کو اپنی آزادی کا یقین نہ آسکا اور نہ وہ یہ سمجھ سکے کہ کبھی وقت مصر پر حکمرانی کی آزادانہ فضا میں سانس لے چکا ہے اور اس کی عظمت کے سامنے بڑی بڑی حکومتوں کی گردنیں جھک چکی ہیں۔ جنگ عظیم نے مصر کا رہا سہا وقار بھی ختم کر دیا اور اس کی زمام سیادت کلیتاً برطانوی پارلیمنٹ کے ہاتھ میں آگئی …

سات … برحکومت مصر ٹیکس وغیرہ بھی نہیں لگا سکتی۔ اسی طرح تحفظ عامہ کا یورپین محکمہ مصری حکومت کے قوائے عمل کو مفلوج بنانے … نمایاں کام کرتا رہا ہے اور اس کی موجودگی نہ صرف اہل مصر کی توہین … بلکہ احساس شہریت کیلئے بھی ایک نفرت انگیز تازیانہ ہے جس کو کوئی خوددار قوم ایک لمحہ کے لئے بھی برداشت نہیں کرسکتی۔

مصر کے ان معقول مطالبات کے مقابلہ میں برطانیہ کی طرف سے حبش پر اٹلی کی فتح کے بعد ایک نیا حیلہ تراشا گیا ہے یعنے مصر میں برطانی فوج کی موجودگی …

### دہلی میں ہفت روزہ ہڑتال

### مصریوں کا آخری فیصلہ

### افغانستان کے سکھ

### شرعیت بل کے نفاذ میں تاخیر

# موج در موج

کوئی مانے نہ مانے مگر یہ حقیقت ہے کہ مشرق اور مغرب کے ذوق میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ مغرب عریانی اور برہنگی کی طرف مائل ہے، مشرق شرم و حیا کا پتلا ہے۔ مغرب میں عصمت اور پاکدامنی کا کوئی مفہوم نہیں، مشرق اس پر جان دیتا اور ایمان سے زیادہ عزیز رکھتا ہے۔ غرض ہر پہلو سے مشرق و مغرب میں نمایاں اور جلی فرق ہے مگر اندھے مقلدوں اور مغرب پرستوں کو یہ فرق محسوس ہی نہیں ہوتا۔

بلغراد کی ایک دلچسپ خبر مظہر ہے کہ وہاں ایک سترہ سال کی نوجوان اور دوشیزہ لڑکی نے ایک سو سالہ پیر نابالغ سے شادی رچائی ہے۔ پیر صاحب کا یہ حال ہے کہ منہ میں ایک دانت بھی نہیں، رخسار سے کرنل لارنس کی تیرہ معلوم ہوتے ہیں، شکم مبارک کمر سے جا لگا ہے، آنکھیں اس قدر دھنسی ہیں کہ عینک لگا کر بھی بمشکل گھر کا دروازہ نظر آتا ہے …

چلی آتی ہے … کہ پٹھانوں کو یہ کیا ہوگیا کہ سکھوں کو ہلاک کرنے پر تل گئے ہیں۔

ہندوستان کے مہا سبھائیوں نے غلطی سے افغانستان کو ریاست حیدرآباد یا رامپور کے ہم پلہ قرار دے دیا ہے اور ان کے دماغ میں یہ گمراہ کن خیال پیدا ہوگیا ہے کہ "افغانی ہوا" کی تشہیر کرکے وہ مسلمانان ہند کو اخلاقی یا سیاسی نقصان پہونچا سکیں گے۔ بلاشبہ ان کا یہ مقصد حاصل ہو سکتا ہے، کانگریس کے لئے دیگر ذرائع بھی اختیار کئے جا سکتے ہیں۔ آخر یہ کیا مصیبت ہے کہ ہندوستان کے مسلمانوں کے خلاف جذبہ نفرت و عداوت پھیلانے کی خاطر ایک آزاد اور آئینی حکومت کو بدنام کیا جائے؟ …

اس الزام کی وجہ یہ تراشا کہ افغانستان کے پٹھان مسجد شہید گنج کا انتقام وہاں کے سکھوں سے لینا چاہتے ہیں …

# مباحث امروز

### کانگریس اور کمیونل ایوارڈ

کانگریس کے ارباب فہم و تدبر نے فرقہ وارانہ فیصلہ کے متعلق جو حکمت عملی اختیار کی تھی وہ کسی جنگامی تاثر اور وقتی جذبہ پر مبنی نہیں تھی، بلکہ ملکی احوال اور مختلف جماعتوں کے سیاسی عقائد و مقاصد کے تفاوت پر گہری نظر ڈالنے کے بعد معرض وجود میں آئی تھی …

اس میں شبہ نہیں کہ فرقہ وارانہ فیصلہ کی حقیقی اسپرٹ تحریک آزادی کی نشوونما اور سیاسی مقاصد کے حصول کی راہ میں ایک سنگ گراں کا درجہ رکھتی ہے …

### بحر الکاہل میں امریکہ کا اقدام

یورپ کی بساط سیاست پر جس قدر حیرت انگیز خطرناک چالیں چلی جا رہی ہیں وہ دنیا کے لئے بالعموم اور برطانیہ کے لئے بالخصوص ایک سوہان خطرہ کا پیغام ہیں …

### فرقہ پرست ہندوؤں کی زہر فشانی

### یورپ کو مسولینی کی تازہ دھمکی

### کانگریس سے خطاب

# افکار و اخبار

مصر کی وزارت عظمیٰ پھر نحاس پاشا کے ہاتھ میں آگئی ہے اور مصری سیاست نے اس کی وجہ سے ایک نئی کروٹ بدلی ہے۔ مصری قوم پروروں نے مصر کو آزاد کرانے کا مصمم ارادہ کر لیا ہے اور انہوں نے وسیع قربانیاں کر کے یہ بات ثابت کر دی ہے کہ حکومت برطانیہ کا سایہ طویل عرصہ تک مصر پر قائم نہیں رہ سکتا …

### برطانیہ کیلئے بہتری کی واحد صورت

### مصری مطالبات کا تسلیم کرنا ناگزیر ہے

### دو مشکلات عسکریت اور امتیازات

### وزارت خارجہ مصر

### مصری آزادی، برطانیہ کا زوال ہے!

### کاسہ لیسان حکومت کی تیاریاں

# کانگریس کی انتخابی مہم کا آغاز

## پارلیمنٹری کمیٹی کی تشکیل۔ اور ملک سے عمومی ہمدردی کی اپیل

### چیرمین پارلیمنٹری کمیٹی کا تازہ بیان

بمبئی، ۸ جولائی۔ سردار ولبھ بھائی پٹیل چیرمین کانگریس پارلیمنٹری کمیٹی نے ایک بیان پریس کو بغرض اشاعت دیا ہے جو درج ذیل ہے:۔

لکھنؤ کانگریس کے فیصلہ کے مطابق کانگریس کی مجلس عاملہ نے کانگریس کی جانب سے انتخابی مہم کو سر کرنے کے لئے ایک پارلیمنٹری کمیٹی کی تشکیل کی ہے جس نے اپنے اجلاس منعقدہ وردھا میں انتخابات کا پروگرام مرتب کر لیا ہے۔

انتخابی مہم نہایت اہم ہے۔ جدید دستور کے ماتحت مختلف صوبائی مجالس مقننہ میں پندرہ سو سے زیادہ نشستیں ہیں اور کانگریس کے تین کروڑ ووٹروں سے زیادہ کی امداد ضروری ہے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے پبلک کی ہمدردی اور کانگریس کی مجموعی قوتوں کا استعمال ناگزیر ہے۔ صوبائی کانگریس کمیٹیوں کو مطلع کر دیا گیا ہے کہ دوسری سیاسی پارٹیوں کی طرح وہ بھی اپنے اپنے صوبوں میں پارلیمنٹری کمیٹیوں کی ترتیب کریں اور جد و جہد کا آغاز کر دیں۔

...

پبلک خوب جانتی ہے کہ کانگریس کی قابلیت اور اہلیت کی لفاظی اور دھواں دھار تقریر کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ عملی میدان میں ایثار و قربانی اور مصائب و تکالیف برداشت کرنے کا ثمرہ ہے۔

# قواعد و ضوابط مرتب ہو گئے

## اسمبلی کی امیدواری کیلئے کانگریس کا حلف

### انتخابات کے مسائل کیلئے ایک نئی کمیٹی کا تقرر

وردھا، ۸ جولائی۔ کانگریس پارلیمنٹری کمیٹی کا اجلاس آج صبح ساڑھے آٹھ بجے منعقد ہوا ...

#### حلف نامہ

امیدواروں کے لئے حسب ذیل حلف نامہ تجویز کیا گیا ہے ...

# صوبہ متحدہ کانگریس کی مدد کریگا

## کارکنوں کو انتباہ

لکھنؤ ۸ جولائی۔ مسٹر رفیع احمد قدوائی صدر یوپی پارلیمنٹری بورڈ ...

# پہلے سوراج پیچھے اشتراکیت

## گجرات کے نوجوانوں کی کانفرنس

احمد آباد ۸ جولائی ...

# جدید آئین یکم اپریل کو نافذ ہو جائیگا

## ملک معظم نے منظوری دیدی

لندن ۸ جولائی۔ جدید آئین کے نفاذ کے لئے یکم اپریل ۱۹۳۷ء کی تاریخ مقرر کی گئی ہے ...

# مصر کے برطانوی ہائی کمشنر کی واپسی







# جرمن یہودیوں کی نئی حکمت عملی

## اسلامی لباس پہنکر فلسطین میں داخلہ

### جماعت اسلامیہ برلن کا زبردست احتجاج

مکتوب جرمنی

دو ماہ سے برابر مسلمانان فلسطین پر مظالم کئے جا رہے ہیں۔ غریب اس کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتے ہیں تو کبھی یہودی اخبارات یہ لکھتے ہیں کہ اٹلی عربوں کی امداد کر رہا ہے اور کبھی یہ بیان کیا جاتا ہے کہ جرمنی کا ہاتھ اس میں ہے ...

(نامہ نگار)

# لیگ سے کامل مایوسی

## جلد سے جلد توڑنے کا مطالبہ

# انتخابی مہم میں حکومت کے افسران اعلیٰ کی شرکت

## ملوکیت پسند دلی کی حمایت میں جنبہ دارانہ پروپیگنڈا

### مسلمانوں میں عمومی شورش

# سات سوشلسٹ ہلاک کر دیئے گئے

## اسپین میں خونریزی کا بازار گرم ہے

میڈرڈ ۵ جولائی۔ سات سوشلسٹ ہلاک ہو گئے ...

# امریکہ میں دس لاکھ مویشیوں کا قتل عام

## لاکھوں بے روزگاروں کیلئے غذا کی فراہمی

### گیہوں کی فصل ہونیکی وجہ سے ۳ کروڑ پونڈ کا زبردست نقصان

# لیگ اسمبلی کے اجلاس میں خودکشی کا واقعہ

## یہودیوں کی محبت میں اپنی جان دیدی

# جبش میں گوریلا جنگ کا از سر نو آغاز

## صدہا اطالوی سپاہیوں کا قتل عام

### آزادی جبش کے لئے مسلح جبشیوں کا حلف

ابی سینیا۔ رپورٹر کی اطلاع کے مطابق گزشتہ دو ماہ سے جبش کے مسلح بادیہ نشینوں اور ڈاکوؤں کے بڑے بڑے گروہوں نے اٹلی کے تعمیری اقدامات وجہات کا نہایت سختی اور خونخواری کے ساتھ مقابلہ کر رکھا ہے ...

# جبشہ کی التجا ٹھکرا دی گئی

## اطالوی قبضہ کو تسلیم کر لیا گیا

### چھوٹی حکومتوں کی مخالفت

# جبش سے اطالوی فوج کی واپسی

## ابرکیوں نے سپاہیوں کو سینہ سے لگا لیا

# شہنشاہ جبش کے دو زبردست مطالبات

## ایک کروڑ پونڈ کی اشد ضرورت

# ۱۵ جولائی کو تعزیری قیود کی تنسیخ

## مجلس اعانت کا قطعی فیصلہ

# معاہدہ لوزان کی تنسیخ

## درہ دانیال کانفرنس کا اجلاس

# اسپین میں خونریز بلوہ

## بموں سے عمارت اڑا دی گئی

# ملک معظم کی تاج پوشی

# ایک جاپانی فوجی افسر تختہ دار پر

# دہلی میں تانگہ ٹھیلہ ہڑتال کا ساتواں دن

## سارے شہر میں مکمل ہڑتال عظیم الشان جلوس اور جلسوں کا انعقاد

### محکمہ انسداد بیرحمی۔ ٹریفک پولیس اور میونسپلٹی کے خلاف شکایات کا انبار، لاکھوں روپیہ روزانہ کا نقصان

#### ڈپٹی کمشنر کی کوٹھی پر باہمی تصفیہ کی گفت و شنید

کل تمام شہر میں وہ یادگار اور تاریخی ہڑتال ہوئی جس نے ۱۹۲۱ء کی تحریک عدم تعاون اور ۱۹۳۲ء کی تحریک سول نافرمانی کی یاد تازہ کر دی ہے ...

## تانگہ ٹھیلہ ہڑتال

## تانگہ یونین کے مطالبات

## ہڑتالیوں کے مطالبات

## افسران اعلیٰ کی بے توجہی

## ہڑتالیوں کا مالی نقصان

## ہڑتال کا ساتواں دن

## انگریزی کے استاد کی خدمات حاصل کیجئے


# کٹ پیس منگوانے والو

اس سے اچھا موقع آپکو نہیں ملے گا — دھرم اور ایمان کا سودا

پتہ:۔ مینیجر دی۔ کے۔ کٹ پیس سٹور نمبر ۱ کراچی کیمپ

# خضاب چھوڑ دو

بال کالا اسٹورس کمنی سمری در بھنگہ

# اسلامیات

## عبادات

## فتاویٰ

# مراسلات

## شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے متعلق اسمبلی میں سوالات

## انجمن ترقی اردو رسول پور نستا

### اردو کی نشرو اشاعت کیلئے اپیل

## احرار اسلام اور مجلس اتحاد ملت کیلئے دردمندانہ اپیل

### علمائے ہند کو ایک اہم مخلصانہ مشورہ


# محبوب عاشق کے قدموں پر

## ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

فضل شاہ عامل گلی راجان کوچہ چیلان دہلی


خادم نصیب خاں سہارنپوری حال مقیم لاہور نیض باغ


اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

# داخلہ

## دی آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

(۱) آیورویدک شعبہ سنسکرت
(۲) آیورویدک شعبہ بھاشا
(۳) آیورویدک شعبہ زنانہ
(۴) یونانی شعبہ عربی
(۵) یونانی شعبہ اردو
(۶) یونانی شعبہ زنانہ

جو طلباء مندرجہ بالا شعبوں میں سے کسی ایک شعبہ میں بہترین علمی و عملی تعلیم حاصل کرنیکے خواہشمند ہوں یا جو طالبات شعبہ زنانہ میں تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہوں وہ ۲۰ جولائی ۱۹۳۶ء تک اپنی درخواستیں بنام عالیجناب افسر الاطباء حکیم حاجی محمد ظفر خاں صاحب بہیں عظم و آنریری پرنسپل طبی کالج دہلی روانہ کردیں۔ پراسپیکٹس و فارم داخلہ طلب کرنے پر بلا قیمت بھیجا جاتا ہے۔

المشتہر

دفتر پرنسپل آیورویدک و یونانی طبی کالج دہلی

ہمارے پستول پر گورنمنٹ ہند کی طرف سے کوئی لائسنس نہیں لگایا گیا

# پستول منگاؤ۔ پستول چلاؤ

گو یہ دراصل ایک نہایت خوفناک صورت غرض بالکل اصلی پستول کے مانند ہے صرف یہ فرق ہے کہ اصلی پستول سے آدمی یا جانور مر جاتا ہے اور اس کے فائر کرنے سے حواس باختہ ہو کر بھاگ جاتا ہے۔ کیونکہ اس کا فائر کرنے سے بے حد دہشت ناک آواز نکلتی ہے جو سننے والوں کا دل ہلا دیتی ہے۔ اسی وجہ سے گورنمنٹ نے ہمارے پستول پر صوبہ برما اور بنگال اور بہار اڑیسہ کے چار علاقوں میں لائسنس بھی لگا دیا ہے کیونکہ وہاں کے باشندے اس پستول کو غلط طریقہ پر استعمال کرتے تھے اور گورنمنٹ کو مجبوراً ان چار صوبوں میں حکم جاری کرکے اس پستول پر لائسنس لگانا پڑا باقی تمام ہندوستان کیلئے پوری آزادی ہے اور ہر شخص نہایت آزادی کے ساتھ اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔

ایک وقت میں اس پستول کے اندر دس کارتوس رکھ سکتے ہیں اور جب چاہیں فائر کرسکتے ہیں۔ جب کارتوس ختم ہوجائیں تو پھر دوبارہ دس بھر لیں بہت مضبوط ہے اور جان و مال کی حفاظت کے لئے بہترین چیز ہے۔ دیکھنے میں بھی بالکل اصلی پستول معلوم ہوتا ہے ہم اس کے ساتھ سو کارتوس مفت بھیجتے ہیں قیمت ایک عدد پستول معہ سو کارتوس صرف چار روپے (للعہ) محصولڈاک آٹھ آنے (۸) اس کے کارتوس علیحدہ بھی بکتے ہیں جب کارتوسوں کی ضرورت ہو تو ہم سے منگایئے ایک روپے کے چھ درجن (۶) ملتے ہیں۔ واضح رہے کہ پستول منگوانے کا کوئی لائسنس نہیں ہے منگانے کا پتہ

منیجر انچارج یونائیٹڈ میڈیکل سروس دریا گنج دہلی

# سرمہ نور

(مولانا) نورالدین بہاری بیری والا باغ دہلی

## یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

# عمل مشکل کشا

غرض یہ کہ عمل مشکل کشا ہر مشکل میں مشکل کشا ثابت ہوگا

## صرف دس آنہ

عامل وظیفہ مشکل کشا پوسٹ بکس ۳۲ نئی دہلی

# ضرورت

ڈائرکٹر رائل ٹیلیگراف و ریلوے

# داخلہ

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں نئے طلباء کا داخلہ ۲۰ جولائی ۱۹۳۶ء سے ۴ اگست ۱۹۳۶ء تک ہوگا۔ لہٰذا داخلہ کی درخواستیں بنام پرنسپل طبیہ کالج علی گڈھ ۱۵ جولائی ۱۹۳۶ء تک پہنچ جانی چاہئیں اور امیدوار کو دفتر کی جانب سے مقرر کی ہوئی تاریخ پر کالج میں حاضر ہونا چاہئے۔ مقررہ تعداد کے پورا ہونے کے بعد کسی طالب علم کا داخلہ نہ کیا جائے گا۔

پراسپکٹس پرنسپل طبیہ کالج کے دفتر سے مفت طلب کیجئے

عطاء اللہ بٹ پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

# اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

عنقریب کالج ہونے والا ہے

## ہندوستان کے ہر حصے کے مسلمان طلبہ کے لئے بہترین درسگاہ

ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ (یوپی)

# جذام، کوڑھ، جھن، بہری کا مجرب علاج

منیجر دفتر اکسیر جذام نمبر ۱ لہریا سرائے

Regd. No. L 1793.

# The Aljamiat

Vol. 24 No. 2 — Delhi Thursday 9th July 1936 — Price One Anna

## کانگریس میں کوئی اختلاف نہیں ہے

## بمبئی میں کمسن لڑکیوں کی خرید و فروخت

## مسولینی جنگ کیلئے تیار ہے

## دشمن کے دھوکہ میں لڑکی کو مار ڈالا

## نیشنلسٹ پارٹی سے سمجھوتہ کرنے کی تجویز

## الجمعیۃ بکڈپو کی چند مذہبی اور اصلاحی کتابیں

### مذہبی کتابیں
دلائل الخیرات مترجم

### عورتوں اور بچوں کی کتابیں
خانہ داری

خواتین اندلس

سیدہ کا لال

تعلیم الاسلام

بچوں کا تحفہ

### اوراد و وظائف
طب روحانی

دعائے مقبول

دوزخ کا کھٹکا

پاک زندگی

فتاوی اشرفیہ

فتاوی رشیدیہ

فلسفہ تعلیم اسلام

### معمولات مشائخ
عملیات کا ایک ضخیم اور قیمتی مجموعہ

حل مشکلات

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

رسول کی دعائیں

خلافت فاروقی

جنت کی کنجی

تقریر بیت

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

# الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

یداللہ علی الجماعۃ

نگران: مولانا نور الدین بہاری

ادارہ — مسئول: ابو البیان اویسی، محی الدین قاسمی

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

جلد (۲۴) — دہلی یوم دوشنبہ ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۳ جولائی ۱۹۳۶ء — نمبر (۳)

## لیڈر کے اوصاف اور فرائض

(از مولانا انعام اللہ خاں ناصر حسن پوری)

خدا کا خوف دل میں اور نہ آنکھوں میں حیا رکھے
کرے اخلاص ظاہر اور نفاق اپنا چھپا رکھے

نظر میں محبت کی چمک سینہ میں ہو کینہ
پڑھے لاحول دل میں اور زباں پر مرحبا رکھے

وہ کیفیت جو پیدا دل میں احساس فرقت سے
اسے آغاز ہی میں طاق نسیاں پر اٹھا رکھے

کرے قربانیوں کی قدر یہ کام پبلک کا
یہ اس کا فرض ہے قوم کو اپنے سجا رکھے

جہنم میں وطن کو جھونک کر آسودہ خاطر ہو
زباں پر قصہ سوز دل درد آشنا رکھے

بلا سے نا اتفاقی کے باعث آپ رسوا ہو
نہ ہم چشموں کی عالمگیر شہرت کو روا رکھے

غرض ہنگامہ آرائی سے ہو ہنگامہ آرائی
وطن کی خیر خواہی میں دل ہمدرد کھا رکھے

نہ ہونے دے کسی حالت میں قومی جوش کو ٹھنڈا
ہمیشہ جیب میں ایک آدھ ہنگامہ بپا رکھے

حریفوں پر نئے بہتان جوڑے گالیاں دیکر
مگر ان مشغلوں میں پاس "تعذیرات" کا رکھے

## نوائے سروش

(از جناب مرزا ادیب)

اے سر خوشان بادہ جاں پرور حجاز
چھوٹے ہوئے ہو مشغلہ ناؤ نوش کیوں

بزم جہاں میں ڈال دو پھر شور رستخیز
بیٹھے ہوئے ہو سر بگریباں خموش کیوں

دین ہدیٰ سے کفر ہے گرم ستیز آج
ٹھنڈا ہوا ہے شوق شہادت کا جوش کیوں

دنیا تو آج محو ہے فردا کی فکر میں
تم کر رہے ہو ماتم ہائے دوش کیوں

بخشے ہیں تم کو کان خداوندگار نے
سنتے نہیں ہو پھر یہ نوائے سروش کیوں

ہندوستاں کی شان دو بالا تمہیں سے ہے
مٹی کے اس دئیے کا اجالا تمہیں سے ہے

## جشن میلاد میں شرکت
نا روقی مصر فاروق اعظم کے نقش قدم پر

# دنیائے اسلام
## عربی ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

### یمن کے خلاف ایک خطرناک سازش
اٹلی پر حملہ کرنے کیلئے حبش کو معاہدہ
امام یحییٰ بال بال بچ گئے

اردمشق کے عربی اخبار "الفطرۃ الاسلامیہ" نے حکومت یمن کے خلاف ایک نہایت خطرناک سازش کا انکشاف کیا ہے اخبار مذکور لکھتا ہے کہ حبشی اور اطالوی جنگ کے دوران میں انگریزوں کی طرف سے امام یحییٰ والی یمن پر زور ڈالا گیا کہ وہ حبش سے ایک ایسا معاہدہ کر لیں جس کی رو سے دونوں حکومتیں اٹلی پر حملہ کرنے کیلئے مجبور ہوں ... اگر یہ سازش کسی حد تک بھی کامیاب ہو جاتی اور امام صاحب اطالوی فوج کے مقابلہ میں اپنی افواج کو جنگ کرنے کے لئے روانہ کر دیتے تو یمن کا آج وہی حشر ہوتا جو حبش کا ہوا ہے ... صداقت و اتحاد کے انعقاد میں کوئی مضائقہ نہ ہوگا۔

### یمن کے حدود پر قلعوں کی تعمیر
فوج کی نئی تنظیم اسلحہ کی فراہمی

البلاغ کا نامہ نگار مقیم صنعاء لکھتا ہے کہ حبش کے خلاف اٹلی کے جارحانہ اقدام نے حکومت یمن کی آنکھیں کھول دی ہیں اور نہایت عجلت کے ساتھ حدود یمن پر قلعوں اور فوجی چھاؤنیوں کی تعمیر ہو رہی ہے ... ہر وقت ۴۰ ہزار فوج کو تیار رہنا چاہئے۔

### فلسطین یا ارض شہداء
اخبار "الیساست" کا دردانگیز مقالہ

مصری اخبار "الیساست" فلسطین کے عربوں کے جہاد وطن پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ یہودی اور انگریز فلسطین میں جس قدر چاہیں مال و دولت خرچ کر لیں اور جس قدر چاہیں باشندوں کو ذلیل و خوار کر لیں مگر یاد رکھیں کہ فلسطین کا قضیہ انسانیت کا قضیہ ہے ... ارض قدس ارض شہداء ہے اور آج اور کل بھی حسب ضرورت فلسطین ارض شہداء رہے گا۔

### تین عرب خواتین کی گرفتاری
حکومت کو رہائی پر مجبور ہونا پڑا

### فلسطین میں ایک جدید حرکت
فوجی موٹروں کو بیکار کرنیکی نئی ترکیب

فلسطین کے عربوں نے ایک نئی تحریک شروع کی ہے یعنی انہوں نے سڑکوں اور شاہراہوں پر کیلیں اور گوکھرو ڈال کر فوجی موٹروں کو بیکار کر دیا ہے ... ملزم کا نام فائز کہ اردیسی ہے۔

### کمال پاشا دردانیال پر
چار روز تک جنگی مناورات کا معائنہ

مصطفیٰ کمال اتاترک دفاعی اور جنگی مناورات کے معائنہ کیلئے دردانیال پر تشریف لائے ... روز تک دردانیال کے مناورات کا معائنہ کرنے کے لئے تشریف لاتے رہے۔

### ترکی بحری فوج کو نیا حکم
مشتبہ جہازوں کی تلاشی

ترکی حکومت نے دردانیال کی ساحلی فوج کے نام ایک حکم نامہ جاری کیا ہے جس میں مذکور ہے کہ جس غیر ملکی جہاز کو مشکوک دیکھو فوراً اس کی تلاشی لیلو ... کی اجازت بھی فوجی حکام کو دیدی گئی ہے۔

### زبردستی دوکانیں کھلوانے کا حکم
عربوں نے قتل کی دھمکی دے دی

### مسجد اقصیٰ کا خطیب گرفتار
حکومت سے جنگ کرنیکی تلقین

حکومت ہڑتال کو ختم کرنے کے لئے سخت سے سخت تدابیر اختیار کر رہی ہے ... کو جہاد کی ترغیب دی تھی۔

(باقی صفحہ ۲ کالم ۳ کے نیچے ملاحظہ فرمائیے)

Regd. No. L 175

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ

یوم دوشنبہ ۲۳ ربیع الثانی ۱۳۵۵ ہجری

# تحریک صیہونیت کا خونیں انجام

تحریک صیہونیت جو آج مسلمانوں کے قبلہ اول ارض فلسطین میں انسانی خون سے گلکاری کر رہی ہے۔ انیسویں صدی کے اواخر میں معرض وجود میں آئی جرمنی اور آسٹریا میں اس قیامت خیز تحریک کی بنیاد رکھی گئی اور بیرن اڈمنڈ ڈے اوت شیلڈ نے جو تحریک صیہونیت کا بانی اور امام سمجھا جاتا ہے۔ اس کے اغراض مقاصد یہ بیان کئے کہ یہود دولت و ثروت اور تجارت و سرمایہ داری کے اعتبار سے دنیا کی واحد اجارہ دار قوم ہیں لیکن اس کے باوجود انکو دنیا کے کسی گوشہ کی خطہ کسی ملک اور کسی سرزمین میں حقوق ملکیت حاصل نہیں ہیں جس کی وجہ سے وہ ضا اپنی قومی زندگی کی بنیادیں مضبوط کر سکتے ہیں اور نہ اپنی منتشر سرمایہ داری سے کما حقہ استفادہ کر سکتے ہیں۔ ان نقصانات کے پیش نظر یہودی جماعت کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنے آبائی مسکن سرزمین فلسطین کی طرف متوجہ ہو اور سرزمین قیمت پر اسکو اپنا وطن بنانے کی سعی کرے۔ توطن یہود کا یہ تخیل ہمیشہ یہودیوں کے قلوب میں برابر پرورش پاتا رہا اور نظری حیثیت سے یہ تحریک یہودی حلقوں میں مقبول ہونے لگی لیکن جس وقت ایک مشہور یہودی مصنف "ڈاکٹر تھیوڈر ہرسل" نے اپنی کتاب "یوڈن اشتات" (یہودی سلطنت) تصنیف کی اور اس میں تحریک صیہونیت کے اغراض و مقاصد پر آتشیں الفاظ میں بحث کر کے فلسطین میں یہودی نوآبادیات قائم کرنے کی دعوت عام دی تو اس وقت تشنہ وطن یہودیوں کے دلوں میں اور زیادہ شعلے بھڑک اٹھے۔ یہودی دنیا میں عام ہیجان پیدا ہو گیا اور ہر طرف یہودی تنظیم و اجتماعات کے مناظر نظر آنے لگے۔

## صیہونی کانگریس

تمام دنیا کے یہودیوں کو اس مقصد اعظم کی جانب متوجہ کیا اور ۱۸۹۷ء میں پہلی بار صیہونی کانگریس کا انعقاد ہوا جس میں اطراف عالم کے ہزارہا نمائندہ یہودی جمع ہوئے اور انہوں نے تحریک صیہونیت کی کامیابی کے لئے مختلف تدابیر اختیار کیں اور ایک قومی فنڈ کی بھی اساس رکھی جو سرمایہ دار یہودیوں کی امداد سے تھوڑے ہی عرصہ میں بڑھتے بڑھتے کروڑوں پونڈ تک پہونچ گیا اور آج دنیا کے ہر بڑے بینک میں قومی فلاح و بہبود کے لئے اس "قومی فنڈ" کی ایک معتدبہ رقم جمع ہے اور اس سے ہر غریب حاجتمند یہودی کی امداد کی جاتی ہے۔

صیہونی کانگریس کا انعقاد ہر سال ہوتا رہا اور ہر اجلاس میں تحریک صیہونیت کے اغراض پر بحث و تمحیص اور ذرائع کامیابی پر غور و فکر ہوتا رہا یہاں تک کہ ۱۹۰۵ء میں سرپرستان تحریک کے مشورہ سے یہودیوں نے جافہ میں بھی ایک "کمیونل ٹرسٹ" کی بنیاد رکھی جس کی آمدنی سے جافہ اور قرب و جوار میں جائدادیں اور زراعتی زمینیں خریدی گئیں اور ان میں کاشت کرنے کے بہانہ سے یہودی ارض فلسطین میں دور دراز مقامات سے آکر آباد ہونے لگے۔ زراعتی اراضی پر یہودیوں کا تصرف اور اقتدار بڑھتا گیا اور نوبت یہاں تک پہونچی کہ عرب زمیندار اپنی پست حالی اور افلاس کی بناء پر سرمایہ دار یہودیوں کے ہاتھ اپنی جائدادیں فروخت کر کر کے مفلس اور محتاج ہو گئے اور باہر سے آکر آباد ہونے والے یہودی بڑے بڑے زمیندار بن گئے۔ یہ صورت حال یہودیوں کے خواب ...

### عربوں کی تحریک آزادی

جنگ عظیم کا خاتمہ ہو گیا سلطنت ترکی پارہ پارہ ہو گئی۔ اور عراق و شام پر انتدابی حکومتیں مسلط ہو گئیں ...

### ایک سرخ خطرہ

## وزراء کی انتخابی سرگرمیاں

## موج در موج

### تحفظ مصر اور برطانیہ

### الیکشن اور حکومت ہند

## مباحث امروز

### مولانا ابوالکلام اور قادیانیت

### گمراہی کے خرچ پر گرفت

### اشخاص کی حیثیت

### شاہ عراق کی ہمشیرہ

## انتقادات

### ایڈورڈ پارک میں فرنگی کشتیاں

### گلدستہ صد احادیث نبوی

### دنیا کی دوبارہ تقسیم

## افکار و اخبار

### مولانا ابوالکلام آزاد کا تشریحی مکتوب

### مسلمانوں کی عسکری تنظیم

### بے روزگاری کی انتہا

### میاں فضل حسین کی مفارقت

Regd No L 1793.

# یو۔پی میں انتخابی مہم کا آغاز

## سینکڑوں جلسوں کا پروگرام۔ لاکھوں پمفلٹ اور پوسٹر تقسیم کرنے کی تجویز

## ہر شہر اور قصبہ میں انتخابی دفتر قائم کئے جائینگے

میرٹھ، ۱۰ جولائی (یونائیٹڈ پریس) کانگرس پارلیمنٹری کمیٹی کی طرف سے ایک سرکلر موصول ہوا ہے جس میں بیان کیا گیا ہے کہ ... انتخابی مہم کا کام تمام صوبجات میں یوم افتتاح منانے کے ساتھ شروع کیا جائے ... پمفلٹ پوسٹر اور ہینڈ بل تقسیم کئے جائیں گے ... جو اس تقریب کے سلسلے میں مناسب خیال کئے جائیں گے ...

# افق ہند پر حسرت و ماتم کے خونین آثار

## پنجاب کے ایک زبردست رہنما کی دائمی مفارقت

## میاں سر فضل حسین کا انتقال پُرملال

لاہور، ۹ جولائی۔ انتہائی رنج و غم کے ساتھ یہ خبر درج کی جاتی ہے کہ کل شب ۔ بجکر ۵ منٹ پر آنریبل خان بہادر میاں سر فضل حسین کے۔سی۔آئی۔ای کے۔سی۔ایس۔آئی پنجاب آنجہانی پارٹی ایک ہفتہ کی علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ انتقال کے وقت ان کے صاحبزادے اور بہو بیٹیاں موجود تھیں۔

میاں سر فضل حسین کے انتقال سے نہ صرف ملت اسلامیہ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا بلکہ ہندوستان خصوصاً پنجاب ایک بلند پایہ ہستی اور عظیم المرتبت مدبر سے محروم ہو گیا ...

میاں صاحب نے پنجاب چیف کورٹ میں ایک قابل ترین بیرسٹر سے اپنی پبلک زندگی کا آغاز کیا تھا اور جلد ہی وہ بار میں ایک نمایاں جگہ پر پہنچ گئے ...

## مطالبات کی منظوری کی خوشی میں میل لمبا جلوس

### عمال حکومت کو تنبیہ

### میئر لگانے کی تجویز کے خلاف احتجاج

دہلی ۹ جولائی۔ آج صبح شہر کا عمومی منظر ... تمام ہڑتالی تانگہ والے ...

جلوس کے آگے پیچھے گھوڑے سوار تھے اور جگہ جگہ سرخ جھنڈے دکھائی دیتے تھے۔ تقریباً ۸ بجے یہ جلوس گاندھی گراؤنڈ میں پہنچا جہاں سر فضل کریم کی صدارت میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔

میئر لگانے کے فیصلے کے خلاف بروٹسٹ

### حکام کو تنبیہ

### مزدوروں کو مژدہ

## چھ جگہوں کیلئے پونے سات سو درخواستیں

سلہٹ ۸ جولائی۔ ڈپٹی کمشنر سلہٹ کی کچہری میں چار امیدواروں کی جگہ خالی ہوئی ہے جس کے لئے ... درخواستیں موصول ہوئی ہیں ...

## ہندوستان اور جاپان کے مابین تجارتی گفت و شنید

### پیچیدہ نکات پر غور و خوض

شملہ ۹ جولائی (یونائیٹڈ پریس) کو معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان اور جاپان کی تجارتی گفت و شنید آئندہ ہفتہ سے شروع ہو جائے گی ...

# الجمعیۃ کی اعانت قومی فریضہ ہے

## "الجمعیۃ" آزادی کا بیڑا اٹھانے والی جماعت جمعیۃ العلماء ہند کا آرگن ہے"

### جانشین شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کا ارشاد گرامی

جس طرح مسلمانوں پر اپنے اس قدیمی اور آبائی وطن "ہندوستان" کا آزاد کرانا اہم ترین فریضہ ہے اسی طرح اس فریضہ کے ادائیگی کا بیڑہ اٹھانے والی جماعت جمعیۃ العلماء اور اس کے آرگن "الجمعیۃ" کی ہر قسم کی امداد و اعانت بھی اہم ترین فریضہ ہے ...

ننگ اسلاف حسین احمد غفرلہ

## صوبہ متحدہ میں خوفناک سیلاب

### مکانوں کے گرنے سے متعدد اموات

جمعہ کے روز لکھنؤ میں ... بارش سے ... شہر بارش اور سیلاب کی وجہ سے سخت تباہی ... سینکڑوں مکانات گر گئے ...

## لکھنؤ کے دفتر احرار پر پولیس کا چھاپہ

### دو اشخاص گرفتار کر لئے گئے

لکھنؤ ۸ جولائی۔ آج پانچ بجے شام کے وقت دفتر مجلس احرار پر ... گرفتاری کے بعد پولیس نے تینوں ملزمین کو سٹی مجسٹریٹ صاحب کے پاس پیش کیا ...

# ہائی کمشنر فلسطین کا تازہ اعلان

## بلوہ فرو کرنے کے لئے فوجی طاقت کے استعمال میں دریغ نہیں کیا جائیگا

## فوج بڑھانے کی تجویز

یروشلم ۹ جولائی۔ برطانوی ہائی کمشنر فلسطین نے گزشتہ رات اہل فلسطین کے نام ایک پیغام براڈکاسٹ کیا جس میں آپ نے بدامنی کی وجہ سے خونریزی پر اظہار افسوس کرنے کے بعد ...

# دردانیال کانفرنس میں تازہ ہنگامہ

## برطانیہ پر عیارانہ دو عملی کا الزام

## رومانیہ اور برطانیہ میں چپقلش

مانٹریو ۹ جولائی۔ آج برطانوی مسودہ ... دردانیال کی کانفرنس میں بحث شروع ہوئی تو رومانیہ کے نمائندے ...

## فلسطین میں چلتی لاری پر حملہ

### ایک یہودی ہلاک اور دو مجروح

## اطالوی ہوائی جہازوں پر حملہ

### نو اطالوی افسر ہلاک ہو گئے

## جبوتی عدیس ابابا ریلوے لائن کاٹ دی

### ڈاکوؤں کی تہلکہ خیزیاں

## قارئین و معاونین الجمعیۃ کی خدمت میں

### الجمعیۃ کے صفحات میں اضافہ کی تجویز

خدا کے فضل سے الجمعیۃ کا دور جدید بہت کامیاب ثابت ہوا ...

## برطانیہ کو نازی وزیر کی دھمکی

### جرمن نو آبادیات کو واپس لینے کا اعلان

## اٹلی کی فوج کے ایک لاکھ سپاہی حبش میں آباد ہونگے

### سرکاری احکام جاری ہو گئے

## کانگرس کا آئندہ اجلاس موضع فیض پور ضلع پونہ میں ہوگا

## کانگرس ہر طبقہ سے امیدوار کھڑے کریگی

### ۱۳ جولائی تک امیدواروں کے نام بھیجے جاتے ہیں

## لیگ کے خلاف یوم احتجاج منایا جائے

## ایک معزز ہندو خاندان مشرف بہ اسلام ہو گیا

## برطانیہ اور روس کے درمیان اختلاف رائے

### روس کی جانب سے کانفرنس کو چھوڑنے کی دھمکی

## امریکہ میں یوم آزادی کی برکات

### ایک دن میں دو سو پچاس اشخاص کی جانیں موت کی نذر

## ترکی زبان کی کانگرس

### کمال اتاترک شریک ہوں گے

## قاہرہ سے فوجیں ہٹا دی جائینگی

### اسمعیلیہ میں فوجی چھاؤنی کا قیام

## فلسطین میں پھر ہنگامہ

### دو برطانوی فوجی افسروں پر فیر کئے گئے

## ایک ہزار فسسٹوں کی گرفتاری

امرت دھارا لاہور

یا معین — ہوالکل — ۷۸۶

# عمل مشکل کشا

صرف دس آنہ

عامل وظیفہ مشکل کشا
پوسٹ بکس ۱۳۲ نئی دہلی

# قرص جریان

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

## یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

# اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

## عنقریب کالج ہونے والا ہے

## ہندوستان کے ہر حصہ کے مسلمان طلبہ کیلئے بہترین درسگاہ

ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ (یو۔پی)

Regd No L 1793

# اسلامیات

## عبادات

(از جناب مولانا مولوی نورالدین صاحب بہاری)

(بسلسلہ اشاعت گزشتہ)

یہ حال ان تعلیم یافتوں کا تھا جو اس زمانہ میں تعلیم یافتہ کہے جاتے تھے تو اس بیچارے عرب کے جاہل بدوی کا کیا حال ہوگا خود ہی اندازہ کر لیجئے۔ یہ ضرور تھا کہ بدوی اور جاہل اللہ کی ہستی کے قائل تھے اور اس نام سے آشنا تھے مگر اس کے طریق عبادت و پرستش سے نا آشنا تھے۔ وہاں اگر واقف تھے تو اپنے قبائل کے بڑے بڑے بتوں سے۔ ان ہی کے سامنے اپنی آرزوئیں پیش کرتے قربانی کرتے۔ سال کے مختلف اوقات میں مختلف مقامات کے سامنے میلے لگاتے اور رنگ رلیاں مچاتے۔ دنیا کے کسی گوشہ میں …

## فتاوٰی

### استفتاء

چہ فرمایند علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک عورت ہے جو کہ نابالغ اور بالکل نادان تھی اس کا باپ فوت ہوگیا صرف ایک ماں ہے۔ اور اس کا بھائی ہے جو کہ عاقل بالغ مسلمان ہے۔ اس لڑکی کا اس کی ماں کی اجازت سے ایک عورت نے قاضی مقرر ہو کر بحاضری دو عورتوں کے نکاح پڑھوا دیا یعنی جس نے نکاح پڑھوایا وہ بھی عورت ہے اور جو اس لڑکی کے نکاح کی شاہد ہوئیں وہ بھی دو عورتیں ہی ہیں اور جس وقت پر اس لڑکی کا نکاح کسی مرد نے اپنے کانوں سے نہیں سنا۔ بعد نکاح ہونے کے وہ لڑکی اپنے خاوند یعنی شوہر مذکور کے گھر میں گئی تو اس کے شوہر نے اسکو …

### الجواب

…

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ۔ دہلی

الجواب صحیح۔ بندہ محمد یوسف عفی عنہ
مدرسہ امینیہ۔ دہلی


# شربت اکسیر

رجسٹرڈ

اگر آپ اشتہاری ادویات سے بدگمان ہوگئے ہوں تو صرف ایک روپیہ اور بھی خرچ کرکے ہمارے کارخانے کا شربت اکسیر استعمال کرکے قدرت خدا کا تماشہ دیکھئے۔

سنئے جناب یہ شربت اکسیر جسکا اشتہار آپ کے پیش نظر ہے اس کا نسخہ مجھے ایک کہنہ مشق امریکن ڈاکٹر سے ملا ہے اور شربت اکسیر کا اشتہار دینے کے قبل صدہا مریضوں پر جب مجھے کامل اطمینان ہوگیا تو یہ اشتہار آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ اگر میری تحریر کو لغو نہ سمجھیں تو ایک شیشی شربت اکسیر منگا کر ضرور استعمال فرمائیں میری تحریر کی صداقت آپ کو فوراً ہو جاوے گی۔

## جریان

جو نامردی اور ضعف باہ کا پیش خیمہ ہے کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو شربت اکسیر کے استعمال سے جڑ سے جاتا رہتا ہے۔ جسم میں کمزوری۔ پیشاب کے قبل یا بعد سفید سفید دھات کا گرنا۔ منی کا پتلا ہو جانا۔ احتلام کا ہونا۔ نطفہ کا نہ قرار پانا۔ اور درد سر کا برابر رہنا۔ سستی۔ کاہلی۔ چہرہ پر بالکل بیرونقی خون کا بدن میں نہ پیدا ہونا۔ ان سب مہلک امراض کے لئے شربت اکسیر نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ مقوی دل و دماغ تو ایسا ہے کہ شاید ہی اسکے مقابلہ کی کوئی دوسری دوا ہو۔ ہاضمہ اسقدر ہے کہ آپ ایک ہفتہ کے بعد دونی غذا کھانے لگیں گے۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ۔ ۲ شیشی کی قیمت دو روپیہ بارہ آنہ محصول علاوہ

تازہ سرٹیفکیٹ جناب عبدالغفور صاحب … سے تحریر فرماتے ہیں کہ میں نے آپ کا شربت اکسیر منگا کر استعمال کیا۔ فائدہ بہت ہوا … (خط کے وقت الجمعیۃ کا حوالہ دیجئے)

ملنے کا پتہ۔ ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی۔ کمپنی
گھڑی والی کوٹھی نمبر ۳۱ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ



# سو برس تک زندہ رہنے کی ترکیب
# اپنی دماغی قوتوں کو بیدار کرلو

زرنب (برہمی بوٹی) روح کو فرحت اور لطافت بخشتی ہے۔ دل و دماغ جگر و معدہ کو قوت بخشتی ہے۔ کھانسی۔ دمہ و بلغم کو زائل کرتی عصبی مرضوں مثلاً جنون۔ مرگی۔ سکتہ و غشی وغیرہ میں بے حد فائدہ پہنچاتی ہے۔ خون کو صاف کرتی پیشاب لاتی اور جریان۔ احتلام اور سرعت کو دفع کرتی ہے۔ ایک خاص خوبی اس دوائی میں یہ ہے کہ علاوہ مقوی معدہ ہونے کے قبض کا بھی ازالہ کرتی ہے طالب علمی کے زمانہ میں جہاں بڑے بڑے مذہبی ریفارمر اس بوٹی کا استعمال کرتے تھے وہاں جناب فیضی رکن اعظم دربار شہنشاہ اکبر کے متعلق لکھا ہے اور مشہور ہے کہ دربار اکبری میں پیشتر حضرت فیضی کی موجودگی میں اگر کوئی شاعر شہنشاہ اعظم کی شان میں کوئی منظوم قصیدہ پڑھتا تھا تو فیضی صاحب سنتے ہی فرمادیا کرتے کہ یہ قصیدہ میرے ہی دیوان کا چرایا ہوا ہے۔ اگر فیضی صاحب کی زبانی سننے کی کوئی جراءت بھی کرلیتا تو خواہ قصیدہ کتنا ہی طویل ہوتا فیضی بلا روک ٹوک فوراً لفظ بلفظ سنا دیتے۔ دربار میں چاروں طرف تحسین و آفرین کی صدائیں بلند ہوجاتیں اور سب ہی کو یقین ہوجاتا کہ کلام در حقیقت فیضی کے دماغ اور شبحات قلم کا نتیجہ ہے۔ ایسے اشرع و اعلیٰ دماغ کی موجودگی میں شعراء و فضلاء کو بہت کم جراءت ہوتی کہ وہ اپنا کلام پیش کر سکیں۔ روشن دماغ فیضی کو صدہا کتابیں ازبر تھیں اور وہ اکثر علوم کے پورے حافظ تھے اس قدر بلند دماغی کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ جناب فیضی تمام بڑی بڑی یاقوتیوں کو چھوڑ کر صرف زرنب یعنی برہمی بوٹی کا استعمال کرتے تھے۔ کتاب سنسکرت مولفہ پنڈت … میں جو سہر زرنب کے متعلق لکھا ہے کہ اگر چہ سہر زرنب یعنی

## برہمی بوٹی

کو ایک ہفتہ استعمال کیا جائے تو انسان بہت عقلمند ہوجاتا ہے۔ اگر دو ہفتہ استعمال کیا جائے تو انشاپردازی اور مضمون نگاری کا ملکہ وسیع ہوجاتا ہے اور بھولے ہوئے اکثر مضامین یاد آجاتے ہیں۔ اگر تین ہفتہ استعمال کرے تو شعر و سخن اور مشکل عبارتوں کو صرف دو تین دفعہ پڑھنے سے حفظ کرسکے تین ہفتہ کے استعمال سے چہرہ بارونق ہوجائے اور انسانی عمر ایک سو سال سے زیادہ ہو۔

اسی طرح دیگر ویدک کتابوں نے بھی برہمی بوٹی کی تعریف بہت لکھی ہے۔ غرض کہ طب یونانی۔ ویدک اور ہومیوپیتھک کا متفقہ فیصلہ ہے …

## مانٹڈولین

…

ملنے کا پتہ۔ سعید برادرس اینڈ کو کلاں محل دہلی



# خون

تار کا پتہ۔ "میڈی سنز دہلی"

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۶

کی خرابی سے پیدا ہونے والی ہر بیماری کیلئے مصفی ایک لاثانی دوا ہے جسکو ہندوستانی دواخانہ دہلی نے ایک خلاصہ (ایکسٹریکٹ) کی شکل میں پیش کیا ہے۔ ایک شیشی میں پانچ تولہ (دو اونس) ایکسٹریکٹ ہے جس پر بارہ خوراکوں کے نشان لگے ہوئے ہیں اور ایک خوبصورت بکس میں پیک ہے قیمت صرف آٹھ آنے (۸)

## مگر خیال رہے

ایک شیشی کی فرمائش بیکار ہے خون کی اصلاح جلد نہیں ہوتی کم از کم پانچ شیشیاں طلب کیجئے جو ایک ماہ کیلئے کافی ہیں مندرجہ ذیل امراض کی

## سرکوبی

خوب کرتی ہے:۔ داد، کھجلی، چھیپ، جسم کے سیاہ داغ، ایگزیما، بواسیر، نواسیر، آتشک، سوزاک، برص، سفید داغ، جذام، کوڑھ، عرق النساء، ایڑی کا درد، پلکوں کا گرنا (ماہنی)، گھاہنجی مصفی کا استعمال جب کہ

## انجکشن

بیکار ثابت ہوچکے ہوں ضرور کیجئے اور فخر کیجئے کہ ہندوستان نے ایک ایسی دوا پیش کی جسکا جواب یورپ بھی پیدا نہ کرسکا

نوٹ:۔ ہندوستانی دواخانہ کی کوئی شاخ (برانچ) نہ دہلی میں ہے اور نہ دہلی سے باہر کسی شہر یا قصبہ میں ہے تمام کاروبار مرکز (دہلی) سے ہوتا ہے۔

## منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

جس کو حکیم اجمل خاں صاحب نے ۱۹۰۳ء میں ملک کی خدمت کے لئے بنایا


# مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

## بالشویکی مظالم پر پردہ ڈالنے کی کوشش

مکرمی تسلیم!

جناب کے موقر جریدہ "الجمعیۃ" کی اشاعت مورخہ ۱۹ ربیع الاول ۵۵ھ میں انجمن سعادت بخارا و ترکستان" لاہور کی طرف سے ایک مضمون شائع ہوا تھا جس میں حکومت سویٹ روس کو حکومت جمہوریہ سویٹ محمدیہ کے نام سے موسوم کیا ہے۔

میں اس سلسلہ میں یہ عرض کرنے کی جراءت کرونگا کہ مذکورہ بالا مضمون نے مسلمانوں کو محض دھوکہ میں ڈالنے کی سعی کی ہے۔ بخارا اور دیگر روسی علاقوں میں حکومت سویٹ محمدیہ کے نام سے نہ کبھی کوئی حکومت قائم تھی اور نہ اس وقت ہے۔ یہ محض اشتراکی پروپیگنڈا ہے اور اس کا ثبوت اس سے زیادہ اور کیا ہوسکتا ہے کہ حکومت سوویٹ نے مذہب اور حکومت کو علیحدہ علیحدہ کرکے اول الذکر کے خلاف سخت جہاد کر رکھا ہے۔ مسلمانوں پر بنا ر احتلال کئے ہیں … اور ترکستان کے علماء نے اس کے علاقہ کو دار الحرب قرار دیا …

…

## شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے متعلق اسمبلی میں سوالات

قاضی محمد احمد صاحب کاظمی کی تابڑ توڑ سوالات

(گذشتہ سے پیوستہ)

سہارنپور سے اسٹیشنوں کا فاصلہ

…

(ب) آنریبل ممبر کا سوال منیجنگ ایجنٹ ریلوے کے پاس بھیجا جاتا ہے کہ وہ اس پر کارروائی مناسب کریں۔

## میوہ کی گاڑیاں

سوال ۱۲۷۳ (الف) کیا گورنمنٹ کو اس امر کا علم ہے کہ شاہدرہ سہارنپور ریلوے پر میوہ معمولی لوہے کی گاڑیوں میں بھیجا جاتا ہے جس کی وجہ سے وہ راستہ میں خراب ہوجاتا ہے۔

(ب) کیا گورنمنٹ نے غور کیا ہے کہ یہ مناسب ہوگا کہ وہ سہارنپور شاہدرہ ریلوے کو حکم دے کہ وہ اچھی میوہ کی گاڑیاں میوہ لیجانے کے لئے بہم پہنچائے اگر نہیں تو کیوں نہیں۔

جواب۔ (الف) گورنمنٹ کو کوئی اطلاع نہیں

(ب) انہیں آنریبل ممبر کا سوال منیجنگ ایجنٹ ریلوے کے پاس بھیجا ہوں کہ وہ اس پر ضروری کارروائی کریں۔

## تھرڈ کلاس کے پاخانے

سوال ۱۲۷۴ (الف) کیا گورنمنٹ کو معلوم ہے کہ پرانی قسم کی تیسرے …

…

جواب اس کا تصفیہ منیجنگ ایجنٹ کے ہاتھ میں ہے۔

سوال۔ گورنمنٹ ہند کی اس بارے میں کیا سفارش ہوگی۔

جواب۔ گورنمنٹ ہند کو اس ریلوے پر کوئی اختیار یا استثناء اس فتوڑے سے اختیار کے نہیں ہے جس کا میں تذکرہ کرچکا ہوں۔ (باقی آئندہ)

…

سوال ۱۲۷۶ (الف) کیا گورنمنٹ کو اس امر کا علم ہے کہ شاہدرہ سہارنپور ریلوے میں سکنڈ کلاس کی نشستیں اس قدر نیچی ہیں کہ اگر مسافر ان پر لیٹ جاویں تو ان کو کھڑکی کی ہوا نہیں لگ سکتی

(ب) کیا گورنمنٹ نے غور کیا ہے کہ یہ مناسب ہے کہ وہ ریلوے کمپنی سے نشستوں کو اونچا کرا کر پبلک کی شکایت کو رفع کردے۔

جواب۔ (الف) گورنمنٹ کو کوئی اطلاع نہیں۔


## برص اور پھلبہری کی نایاب دوا

یہ دوائی چند روز کے استعمال سے ہر قسم کے برص کو جڑ سے کھو دیتی ہے آپ ہزاروں حکیموں ڈاکٹروں کویراجوں اور مختلف مشتہرین کی دوائیاں استعمال کرچکے ہیں اور ہر علاج میں آپکو مایوسی ہوئی مگر ہماری دوا آپ کو صرف چند دفعہ کے استعمال میں اپنا اثر دکھائے گی۔ پانچسو روپیہ انعام اس شخص کو دیا جائیگا جو اسکو غلط ثابت کرے۔ قیمت دو روپے (۲) ملنے کا پتہ

ویدیا راج اجمل کشوری رام نمبر ۲۹/۱۰
ڈاکخانہ کٹری سرائے۔ گیا



## ضرورت

امیدواروں کی تار اور اسٹیشن ماسٹری کے لئے ضرورت ہے الاؤنس اٹھائیس روپیہ کرایہ وردی۔ جگہ رہائش مفت۔

فارم داخلہ و قواعد کے لئے آٹھ آنہ روانہ کریں۔

ڈائرکٹر رائل ٹیلیگراف و ریلوے
ٹیوٹی کالج بمبئی نمبر ۱۲



# داخلہ

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں نئے طلبار کا داخلہ ۲۸ جولائی ۱۹۳۶ء سے ۴ اگست ۱۹۳۶ء تک ہوگا۔ لہذا داخلہ کی درخواستیں بنام پرنسپل طبیہ کالج علی گڈھ ۱۵ جولائی ۱۹۳۶ء تک پہونچ جانی چاہئیں۔ امیدوار کو دفتر کی جانب سے مقرر کی ہوئی تاریخ پر کالج میں حاضر ہونا چاہئے۔ مقررہ تعداد کے پورا ہونے کے بعد کسی طالب علم کا داخلہ نہ کیا جائے گا۔

پراسپکٹس پرنسپل طبیہ کالج کے دفتر سے مفت طلب کیجئے

عطاء اللہ بٹ۔ پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ



# لہ نامردی

بنام ٹوٹلرسا فرز جرمنی۔ دیگر آلات نامردی امریکہ۔ فرانس وغیرہ مانع حمل کے واسطے ربڑ کا ہر ایک سامان اعلیٰ دوایات رنگین براہ راست آرٹ و سنیما فوٹو ہر ایک قسم کی کتب و دیگر متعلقہ کتب مانع احتلام کے لئے چھپتے ہیں۔ ہندوستان بھر میں ہماری واحد فرم ہے جو فقط اس سائنس کے متعلق اشیار مہیا کرتی ہے۔ آپ اپنی ضروریات تحریر فرمادیں۔ ہمارا تعلق دنیا کی اس سائنس کے ماہرین کے ساتھ ہے۔

فہرست مفت طلب کریں۔ خط و کتابت پوشیدہ رکھی جاتی ہے

سیکسوئیل سائنس بیورو فرم علوم تولید رسائل رجسٹرڈ
Sexual Science Bureau
سول ایجنٹس (۱۰۵) انارکلی پوسٹ بکس ۱۸۸ لاہور



# پیت منتر

یک صدر روپیہ انعام

جس کام میں آپ کامیاب نہیں ہوسکتے اس منتر کو صرف ساتبار جپکر حق پر سکتے ہیں۔ کسی تکلیف یا کسی کی ضرورت نہیں۔ اس منتر کو سدھ کر کے بھیجا جاتا ہے۔ آپ جس محبوب کو چاہیں جو وہ کیسا ہی سخت دل مغرور کیوں نہ ہو آپ سے خود ملنے کے لئے تڑپنے لگیگا اور اس منتر کے جاپ کے ساتھ ہر دم رہنا پسند کریگا۔ وشی کرن منتر سے اس منتر سے قسمت کھل جاتی ہے۔ نوکری بہت جلد ملتی ہے نوکری والوں کو جلد جلد ترقی ہوتی ہے۔ مقدمہ میں جیت ہوتی ہے اور کاروبار تجارت میں نفع ہوتا ہے۔ امتحان میں کامیابی ہوتی ہے علاوہ اس کے ہر موسم کے ترد و مشکلات کو فوراً رفع کرتا ہے۔ اس وشی کرن منتر کو غلط ثابت کرنے والے کو یک صدر روپیہ انعام دیا جائے گا۔ قیمت ڈاک خرچ وغیرہ دو روپے سات آنہ (۲/۷)

Sidh Mantar Ashram
29/1 Katri Sarai
Gaya



## خضاب چھوڑدو

اس تیل سے بال کا یکنا رک کر پکا بال کالا پیدا ہوگا اگر ساٹھ برس تک کالا نہ رہے تو دو ناد ام واپس کی شرط لکھا ہیں ایک آدھ بال پکا ہو تو تین روپے اس سے زیادہ پکا ہو تو مع نصف سے زیادہ بالکل پکا ہو تو للعہ کا تیل منگائیں

بال کالا اسٹورس کنی سمری دربھنگہ



## بواسیر

چونکہ معدہ، جگر اور آنتوں کی خرابی سے پیدا ہوتی ہے اس لئے جب تک ان اعضاء کا علاج نہ کیا جائے اور سبب دور نہ ہو کوئی دوا (دوا) لگانے کی ہو یا کھانے کی) مفید نہیں ہوسکتی ہے اگر آپ کو بواسیر خونی یا بادی (ریحی) ہو۔ مسوں میں درد و ورم اور جلن ہو خون جاتا ہو۔ ہاضمہ خراب ہو تو اپنی پوری کیفیت لکھکر جوابی خط کے ذریعہ ہم سے مفت طبی مشورہ کیجئے

پتہ:۔ حکیم عبدالرحیم جلال آباد ضلع مظفر نگر (یوپی)



اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے



# جوہر وسمہ مہندی کے متعلق دنیا کا متحدہ فیصلہ

سفید بالوں کو سیاہ کرنے کے لئے وسمہ مہندی سے بہترین چیز کسی کو میسر نہیں آئی۔ اسی طبی اصول کے پیش نظر ہم نے پانی کی طرح روپیہ بہا کر بیسیار سال کی جدوجہد کے بعد جوہر وسمہ مہندی بال سیاہ ظفر یعنی رجسٹرڈ تیار کرنے میں قابل فخر کامیابی حاصل کرلی ہے یہ جوہر نایاب تیل نہیں بلکہ تیل کی طرح استعمال سے ایک منٹ میں بالوں کو قدرتی طور پر سیاہ کردیتا ہے۔ پوری شیشی جو کافی عرصہ تک کام دے سکتی ہے۔ قیمت ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔

اکابرین ملک نے ذیل کے الفاظ میں جوہر وسمہ مہندی کی تعریف فرمائی ہے۔

جوہر وسمہ مہندی استعمال کیا۔ سفید بال بغیر کسی تکلیف کے سیاہ بھنورے کی طرح ہوگئے نہ جلد خراب نہیں ہوئی اور نہ ہی خارش۔ نزلہ زکام …

## تعریف کنندگان کے اسمائے گرامی

…

صوفی اینڈ کو رجسٹرڈ آزاد منزل نیا کٹڑا راجہ بازار راولپنڈی شہر

رجسٹرڈ نمبر ایل "۵۹۳"   جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان   تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی" ٹیلیفون نمبر ۵۳۴۵

یداللہ علی الجماعۃ

# الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ادارہ
مسئول: ابوالبیان حامدی
محی الدین قاسمی
نگران: مولانا نورالدین بہاری

جلد (۲۴)   دہلی یوم پنجشنبہ ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۶ جولائی ۱۹۳۶ء   نمبر (۴)


## فریاد جرس

(از مولانا ظفر علی خان صاحب)

آزادیٔ وطن کے طلبگار ہیں کہاں — مشتاق جلوۂ رسن و دار ہیں کہاں
دنیا خراب بادۂ پندار ہو گئی — مخمورِ جامِ الست کے سرشار ہیں کہاں
شیطاں کا آستانہ ہے آدم کی سجدہ گاہ — اے ربِ کعبہ تیرے پرستار ہیں کہاں
کب سے بھٹک رہا ہے اندھیرے میں قافلہ — اسلامیوں کے قافلہ سالار ہیں کہاں
حرف آ رہا ہے عزتِ دینِ حنیف پر — ملت کی آبرو کے نگہدار ہیں کہاں
وہ ادعائے ترکِ سوالات کیا ہوا — شیدائیانِ کعبہ کے اقرار ہیں کہاں
ایماں بھی سر بکف ہو تو خنجر بکف ہے کفر — لیکن ہم اس کے واسطے تیار ہیں کہاں

موت اک حیاتِ تازہ کی جس کو نوید تھی
اس زندگی کے قوم میں آثار ہیں کہاں

## اسرارِ زندگی

برتر از اندیشۂ دار و رسن ہے زندگی — کشفِ اسرارِ انا و ما و من ہے زندگی
بیگانگی کے پیرہن میں ہم سمجھیں ہار کیا — ہم نشیں گر اتحادِ جان و تن ہے زندگی
دو ذرے سے اپنی ہستی کا کرانا اعتراف — جس پیدا یہ لیاقت ہو وہ فن ہے زندگی
زندگی ہے اس سے بھی پاکیزہ تر جذبہ کی روح — گر جوشِ جذبۂ حبِ وطن ہے زندگی
دل میں تو مٹ جاتا ہے فرقِ نسل و رنگ — دل کے اندر سارے عالم کی لگن ہے زندگی
پھلتی اور پھولتی ہوئی وہ شاخِ سبز — جس کے کفر کے سینے میں چبھن ہے زندگی
رہ نوردِ کعبہ سے اسکی حقیقت پوچھ دیکھ — پاؤں کے چھالے میں کانٹے کی چبھن ہے زندگی
زندہ وہ ہے جو شہنشہ بھی ہو اور درویش بھی — پادشاہی میں فقیری کا چلن ہے زندگی
جب نقاب الٹا تو تھی اک ماک دیرینہ سال — یوں نظر آئی کہ اک بنی سنوری دلہن ہے زندگی

زندگی ہے گردشِ پیمانۂ جامِ الست
شیوۂ تجدیدِ پیمانِ کہن ہے زندگی

### شعراء کرام

[illegible]

## دنیائے اسلام

### عربی ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

### عرب خواتین کی برطانی خواتین سے اپیل

فلسطین کی غیور عورتیں موت کو لبیک کہہ چکی ہیں

ہم بھی اپنے شوہروں کے ساتھ مرینگے

انجمن خواتین فلسطین نے دنیا کی برطانوی خواتین کے نام انسانیت اور انصاف کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایک نہایت ہی دردناک اپیل شائع کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ عرب خواتین کو اپنے وطن کی آزادی اور برطانوی استبداد کا کتنا گہرا احساس ہے۔ عرب خواتین کی اپیل حسب ذیل ہے۔ [illegible]

بیرونی حکومت کا جواب نہیں ہو سکتی

[illegible]

برطانی مدبرین کی آزاد

[illegible]

عورتیں بھی نہیں ڈرتیں

[illegible]

عرب خواتین موت کیلئے تیار ہیں

[illegible]

### ترکی میں اسلحہ سازی

طیاروں اور ٹینکوں میں قابل قدر اضافہ

[illegible]

### ترکی اخبارات اور مونٹرو کانفرنس

دنیا کی حکومتوں کو ترکی گورنمنٹ کا انتباہ

مانو یا نہ مانو، دردانیال مسلح ہو کر رہے گا

مونٹرو کانفرنس (دردانیال کانفرنس) میں جو کچھ ہوا یا آئندہ ہوگا اس کے نتائج سے ترک پہلے سے واقف ہیں۔ یہ کانفرنس کا اجلاس شروع بھی نہیں ہوا تھا کہ ترکی اخبارات نے اپنی حکومت کا نظریہ دنیا کو بتا دیا تھا۔ تمام ترکی اخبارات اس بات پر متفق ہیں کہ حکومت ترکیہ نے تعاہدی کارروائی کے لئے یہ کانفرنس طلب کی ہے۔ [illegible]

کانفرنس کی بھی ضرورت نہیں

[illegible]

### مصری وزارت اور صحافت

اخبارات کا ایک اہم مطالبہ

[illegible]

### عراق میں ایک ہزار ڈاکٹروں کی ضرورت

[illegible]


Regd No L 1793.

# The Aljamiat

Vol. 24 No. 3   DELHI Monday The 13th July 1936.   PRICE ONE ANNA


### مذہبی سکھوں کی دو پارٹیوں میں فساد

شیخوپورہ ۸ جولائی۔ گوردوارہ ... میں مذہبی سکھوں کی دو پارٹیوں میں خوفناک تصادم ہو گیا جس میں ۹ افراد مجروح ہو گئے۔ ۱۵ افراد کے شدید ضربات آئیں۔
بیان کیا جاتا ہے کہ فریقین نے کرپانوں، کلہاڑیوں اور لاٹھیوں کا آزادانہ طور پر استعمال کیا جس سے کئی افراد کے اعضاء کٹ گئے۔
پولیس نے اس سلسلہ میں دس افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔

### مادہ آتشگیر پھٹنے سے پانچ اشخاص ہلاک

لندن ۸ جولائی۔ اسلحہ جات تیار کرنے کے کارخانہ میں مادہ آتشگیر پھٹنے سے پانچ اشخاص ہلاک ہو گئے۔ ہلاک شدگان ابھی تک شناخت نہیں کئے جا سکے ہیں۔
بیان کیا جاتا ہے کہ ان میں کمانڈر لانگ افسر انچارج اور دو کیپٹن بھی شامل ہیں۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب کہ تجربہ کیا جا رہا تھا۔ کمانڈر لانگ بحری محکمہ سے ریٹائر ہو چکے تھے۔

### مصر میں غیر ملکیوں کی ملازمت پر پابندی

عربی اخبارات مظہر ہیں کہ مصری وزارت نے ایک فرمان صادر کیا ہے جس میں اعلان کیا گیا ہے کہ حکومت مصر غیر ملکیوں کو اسی حالت میں ملازم رکھے گی جب کہ کوئی قابل مصری نہ مل سکے گا۔ اور ان کو پانچ سال سے زیادہ نہیں ملازم رکھا جائے گا۔ کسی غیر ملکی ملازم کو پنشن وغیرہ بھی نہیں دی جائے گی۔ اور حکومت کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ سال بعد وہ اسے برطرف کر دے۔

### ۷ افراد زندہ درگور

کراچی ۸ جولائی۔ شکارپور سے آمدہ ایک اطلاع مظہر ہے کہ حال ہی کی زبردست بارشوں کی وجہ سے گذشتہ رات لونھرو دروازہ کے اندر ایک مکان گر پڑا جس کی وجہ سے ایک خاندان کے ۷ افراد نیز تین رہ گزر زندہ درگور ہو گئے۔ اس وقت چار لاشیں ملبہ کے نیچے سے نکالی جا سکی ہیں۔ باقی آدمیوں کے متعلق بھی یہی اندیشہ کیا جاتا ہے کہ وہ تلف ہو گئی ہیں۔


## جذام، کوڑھ، برص، بہری کا مجرب علاج

[illegible]

منیجر دفتر اکسیر جذام نمبر ۱۷ الہ آباد

سوئس کے مشہور و معروف کارخانہ کی بنائی ہوئی اصلی نوکن ہفت روزہ کوالٹی لیور مشین پاکٹ واچ بموجب نقشہ گارنٹی پانچ سال اصلی قیمت آٹھ روپے دس آنے (رعایتی قیمت چار روپے (للعہ) محصول ڈاک۔ تین گھڑی کی خریداری پر محصول ڈاک معاف۔ ایجنٹ
کامرشیل ٹریڈنگ ایجنسی پوسٹ بکس ۲۵ کلکتہ

MUFARRAH MUSHKIN

## مفرح مشکین

مشک، عنبر اور جواہرات کا ایک نفیس مرکب [illegible]

ہمدرد دواخانہ یونانی دہلی

## سرور

[illegible]

(مولانا) نورالدین بہاری بیری والا باغ دہلی

## داخلہ

دی آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

(۱) آیورویدک شعبہ سنسکرت (۲) یونانی شعبہ عربی (۳) آیورویدک شعبہ ہندی (۴) یونانی شعبہ اردو (۵) آیورویدک شعبہ زنانہ (۶) یونانی شعبہ زنانہ

[illegible]

دفتر پرنسپل آیورویدک و یونانی طبی کالج دہلی

## محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

[illegible]

دس فٹ اونچائی سے گرا دیجئے یہ گھڑی بند نہیں ہوگی

## ولایت والوں کی صناعی کا حیرت انگیز نمونہ

آج آپکو ایک ایسی حیرت انگیز دستی گھڑی سے روشناس کرایا جاتا ہے جس کے حالات سنکر آپ بھی دنگ رہ جائیں گے۔ خدا ہی جانے کس بلا کی مشین ہے اس گھڑی میں کہ دس فٹ اونچائی کو پھر کی زمین پر پھینک دیجئے ہرگز بند نہیں ہوگی اور نہ گھڑی کی مشین میں کسی قسم کی خرابی آئے گی۔ اس عجیب کرشمے سے ہندوستان کے گھڑی ساز سخت حیران ہیں کمپنی نے خود اپنی طرف سے اس گھڑی پر دس سال کی گارنٹی لکھ دی ہے ظاہر ہے کہ جو مشین اتنے سخت امتحان سے خراب نہ ہو وہ یقیناً سالہا سال تک کام دیگی اور پھر لطف یہ کہ بہت خوبصورت فینسی ڈیل اور صحیح وقت دینے والی لیور مشین ہے۔ ہماری یہ گھڑی بڑے بڑے اصحاب ایڈیٹر صاحب "کامیاب" و ایڈیٹر صاحب رسالہ "توحید" اور بڑے بڑے رئیسوں کے سامنے امتحاناً مقابلے میں پیش کی گئی۔ بعض حضرات کے روبرو اس گھڑی کو دس فٹ کی بلندی سے زمین پر دے مارا لیکن گھڑی کی مشین پر کوئی آنچ نہ آئی اس نئے گھڑی کو رفع شک کیلئے ہی اٹھا کر دکھایا لیکن وہ بدستور چل رہی تھی اس گھڑی کی اس حیرت انگیز بات پر بہت سے حضرات نے اپنے قلم سے اس کے لئے اچھے اچھے سرٹیفکیٹ عنایت کئے جن کا ماحصل یہ ہے کہ یہ گھڑی بہت مضبوط لیور مشین کی ہے اور خوبصورت ہے۔ جلدی کیجئے۔ جلدی منگائیے بہت تیزی کے ساتھ فروخت ہو رہی ہے۔ نہایت خوبصورت کیس دہاتھ پر باندھنے کا تسمہ اسٹریپ بھی اس کے ساتھ بھیجا جاتا ہے۔ قیمت فی عدد چھ روپے ایک آنہ (۶۱) محصول ڈاک پانچ آنے (۵) تین ایک ساتھ منگانے پر محصول بذمہ کمپنی۔

ہندوستان میں گھڑیوں کے بڑے سوداگر

یونائیٹڈ میڈیکل سروس دریاگنج دہلی

دیکھا آپ نے! کتنی حیرت انگیز گھڑی۔ کتنی مضبوط اور کتنی کم قیمت پر مل رہی ہے!



(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام مولوی محمد اسمٰعیل صاحب پرنٹر و پبلشر چھپکر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

Regd No L 1793

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۵۵ ہجری

# دردانیال کانفرنس
## ترکوں کے جائز مطالبات کو مسترد کرنیکی کوشش

یورپ کا "مرد بیمار" آج تندرست اور صحتیاب ہوکر اور زبردست ارادہ کی بے پناہ قوت کے ساتھ معاہدہ لوزان کی جانبدارانہ اور ظالمانہ دفعات کے پرخچے اڑانے کے لئے میدان میں نکل آیا ہے اور اس نے یہ آخری فیصلہ کر دیا ہے کہ ان تمام فیصلوں کو حقارت کے ساتھ ٹھکرا دے جو حریف قوتوں نے زبردستی اس کے سر منڈھ دیئے تھے۔ اس میں شک نہیں کہ ترکی حکومت اور ترک نوجوان توقع کے خلاف ترقی کے میدان میں بہت آگے بڑھ گئے ہیں اور ان کو اپنی قوت پر اس درجہ اعتماد ہو گیا ہے کہ اب کسی حریف قوت سے متصادم ہونے کے لئے ان کو چون و چرا کا تذبذب لاحق نہیں ہو سکتا مگر اس کے ساتھ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ یورپ کی فریب کاریاں اور بین الاقوامی خود غرضیاں اس قدر منظم صورت اختیار کر چکی ہیں کہ قوی سے قوی نظام بھی اپنی سادگی اور شرافت سے ان پر غالب نہیں آ سکتا۔ آج یورپ بلاشبہ زیادہ سے زیادہ مسلح ہو رہا ہے اور حفاظت خود اختیاری کے بہانہ سے دوسروں پر قیامت توڑنے کے منصوبے گانٹھ رہا ہے۔ مگر اس کا اصلی ہتھیار اس کی سیاسی چالیں اور پر فریب تدبیریں ہیں جن کا مقابلہ مشرق تو کیا مغرب کی بے لوث سیاست بھی نہیں کر سکتی۔

ترکی قوم اپنی حفاظت اور بیرونی حملوں کی روک تھام کیلئے دردانیال کو مسلح کرنا چاہتی ہے مگر یورپی نظام سیاست اس کے اس اقدام کو پسند نہیں کرتا اور محض اپنے اغراض کے پیش نظر ترکوں کو بیرونی خطرات سے نجات ...

... رستی اسلئے برطانیہ کی تجویز نہ صرف ناقابل قبول ہے بلکہ وہ ترکوں کی توہین کا ایک کھلا اعلان ہے۔

ہمارے خیال میں دنیائے خودداری میں اس سے ہلکا اور کوئی جواب نہیں ہو سکتا جو ترکوں نے برطانیہ کو دیا ہے۔ ترک اعلان کر رہے ہیں کہ ان کی آزادی خطرہ میں ہے۔ ان کی قلمرو پر بعض حریص نگاہیں اپنا کام کر رہی ہیں اور دردانیال کی مؤثر قلعہ بندی کے بغیر اس کا استقلال اور اس کا سیاسی شرف برقرار نہیں رہ سکتا مگر برطانیہ ان مشکلات سے آنکھیں بند کر کے ترکوں کی مجبوری سے ناجائز فائدہ اٹھانے اور اپنے حلیفوں کی داد طلب کرنے کا خواہشمند ہے اور چاہتا ہے کہ وہ آبنائے کیش جو ترکی قومیت کے لئے دنیا کا سب سے بڑا دشمن ہے اس کے سر پر مسلط رہے اور ترکوں کو استعمار کی لعنت اور بدنیت حکومتوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا جائے۔

جہاں تک روس کے مطالبہ کا تعلق ہے اس کی معتدل صورت ترکوں کے نزدیک بھی قابل تسلیم ہے مگر اس کا کیا علاج کہ اٹلی اور جرمنی بحر روم میں روسی جہازوں کو ایک منٹ کیلئے بھی نہیں دیکھ سکتے۔ اٹلی کا مقصد یہ ہے کہ پورے بحر روم پر اس کا پرچم لہرائے اور اس وسیع و عریض سمندر میں کوئی دوسری حکومت اپنے مفاد کیلئے کسی قسم کی حرکت نہ کر سکے۔ ظاہر ہے کہ اٹلی کا یہ عزم نہ صرف ترکی سیاست کو چیلنج ہے بلکہ ان تمام حکومتوں کے لئے مستقل خطرہ ہے جو بحر روم پر واقع ہیں۔ ...

### ترکوں کا اپنا فیصلہ

### مونٹرو کانفرنس

### برطانیہ کی خود غرضی

...

ہندوستانیوں کے جذبات اور مطالبات کو ٹھکرا دینے کے علاوہ عدن کے جدید نظام میں بعض بنیادی کمزوریاں بھی موجود ہیں جو ہندوستانیوں کے حقوق پر آج نہیں تو کل ضرور اثرانداز ہوں گی۔ مثلاً نئے نظام حکومت کے ماتحت مجلس مقننہ نہیں ہوگی بلکہ گورنر کے ماتحت صرف ایک ایگزیکٹو کونسل ہوگی جس میں ہندوستانیوں کی نمائندگی کے متعلق سودہ آرڈر میں کوئی تصریح نہیں ہے۔ علاوہ ازیں گورنر کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ ہندوستانیوں پر تاج برطانیہ کی منظوری سے بعض امتیازی پابندیاں اور محاصل عائد کر دے۔ یہ امتیازات یقیناً موجب اعتراض ہیں اور ایک وسیع حد تک بدگمانی پیدا کر رہے ہیں۔

حکومت برطانیہ کا یہ طریق کار بھی کس قدر دلچسپ ہے کہ جس وقت تک ہندوستانیوں کو صوبائی ذمہ دار حکومت نہیں دی گئی اس وقت تک تو عدن اور برما کی ذمہ داریوں کا تمام بار ہندوستان کے کمزور دوش پر رہا اور جب ان کو حکومت خود مختاری دیدی گئی تو ہندوستان کے مقبوضات کو علیحدہ کر کے تاج برطانیہ کے ماتحت کر دیا۔ نیا دستور حکومت بھی کیا ہی عجیب خوشنما فریب ہے!

### ۱۵ جولائی

۱۵ جولائی۔ بیسویں صدی کے عشرہ چہارم کی وہ قابل یادگار تاریخ ہے جبکہ دنیا جور و استبداد کی فتح حق و انصاف کی شکست۔ شیطنت کا غلبہ۔ انسانیت کی پسپائی۔ ہوس تخریب کی کامیابی اور جذبۂ تعمیر کی ناکامی کا علی الاعلان اعتراف کریگی اور دنیا کی ۵۲ حکومتوں کی انجمن اپنی بزدلی و کمزوری کا اظہار اور مسولینی کی طاقت و سطوت کا اقبال کریگی۔ اس تاریخ کو غیر مبہم الفاظ میں یہ اعلان کرایا جائے گا کہ "اٹلی کے جارحانہ اقدامات کے خلاف جو تعزیری قیود عائد کی گئی تھیں وہ اپنے مقصد میں ناکام رہیں۔ بدیں وجہ آئندہ کے لئے ان کو منسوخ کیا جاتا ہے"۔

یورپ کی طاقتور حکومتوں کے "وہ بلند بانگ دعاوی" اور یہ "اعتراف عجز" کس قدر دلچسپ ...

### ایک بے بنیاد خبر

### علیحدگی عدن

## موج در موج

حیدرآباد کے "موتی محل ٹاکیز" میں آتشزدگی کا جو ہولناک واقعہ پیش آیا اس نے اسلامی سلطنت کے رہنے والے انسانوں پر ایک گہرا نقش چھوڑا ہے۔ اعلیٰ حضرت خسرو دکن اور ملکہ علیا نے اس حادثہ پر خون کے آنسو بہائے اور مغربی تہذیب کی دلدادہ خواتین اور بالخصوص نوجوانوں کو وہ وہ نصیحتیں فرمائیں کہ دنیائے ٹاکیز میں ایک طوفان بپا ہو گیا ہے۔ کہتے ہیں کہ لوگ اپنے بادشاہ کے طور و طریق پر ہوتے ہیں چنانچہ اعلیٰ حضرت اور ملکہ علیا کے نصائح شائع ہوتے ہی دکن کے شرفاء، جاہل و تعلیم یافتہ، شہری اور دیہاتی، امیر و غریب سب ہی نے توبہ کر لی ہے۔ قول سے نہیں بلکہ عمل سے سینما کمپنیوں کا دیوالہ نکال دیا ہے اور مغرب کی اس لعنت پر سب نے دل کھول کر تھوکا ہے۔ المرء زدہ فزادہ۔

حیدرآباد کے اہل قلم حضرات نے سینما کے خلاف قلمی جہاد شروع کر دیا ہے۔ شعراء مغربی تہذیب کو عریاں کر کے اپنے کمالات کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ یہاں تک کہ خواتین بھی ٹاکیز کے خلاف میدان عمل میں نکل آئی ہیں۔ ... "حیدرآباد" کی بلندیوں سے ایک خاتون نے جو جامعہ عثمانیہ کی زنانہ درسگاہ کی متعلمہ ہیں، مغرب کے کلیجہ پر تاک کر ایسا تیر مارا ہے کہ اگر اس کے بعد بھی سینما کے عشاق بیدار نہ ہوئے تو سمجھا جائے گا کہ بے حیا انسان کو کبھی موت نہیں آتی۔ مخترمہ خاتون نے موتی محل کی آتشزدگی کے ہولناک واقعہ کو اپنے خاص انداز میں نظم کیا ہے جس کے چند اشعار حسب ذیل ہیں۔ امید ہے کہ مغرب کے غلام ان کو پڑھ کر یا تو تائب ہو جائیں گے یا پھر ایسے بے حیا بنیں گے کہ ان کی بے حیائی کسی پیمانہ سے ناپی نہ جاسکے گی۔

...

## مباحث امروز

### اپنوں اور غیروں میں فرق

آپ نے بارہا سنا ہوگا کہ گاؤں کا کوئی چوکیدار یا پولیس کا کنسٹبل وائسرائے ہند کی اسپیشل ٹرین کی حفاظت کرتا ہوا ٹرین کی جھپیٹ میں آکر مزدوراجل ہو گیا۔ ایک دفعہ نہیں اور ایک جگہ نہیں متعدد بار اور مختلف مقامات پر حسب ذیل ...

مسجد و جیسی سرحکومت کی پابندیاں ... مسجد شاہ چراغ خدا کی مسجد نہیں بلکہ گورنمنٹ کی مسجد ہو گئی جس میں ایک سچے مسلمان کے لئے قدم رکھنا بھی حرام ہے۔ ...

### ایک امیرزادہ کی حسرتناک گفتگو

### نو مسلموں کی گرم بازاری

### حکومت بنگال کی بے اعتنائی

### مسجد شاہ چراغ

## افکار و اخبار

### فلسطین میں کیا ہو رہا ہے؟

پرنس محمد علی سابق خدیو نے مجلس علمی پاشا صاحب سے میری کئی بار ملاقات ہو چکی ہے۔ ...

### جمعیۃ اقوام کا آخری سانس

### مصطفیٰ کمال کا ہوا

### بحیرۂ روم کی پیچیدگیاں

## حوادث و احکام

### استفتاء

### الجواب

### استفتاء

### الجواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم پنجشنبہ ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ ہجری

## درانیال کانفرنس

## ترکوں کے جائز مطالبات کو مسترد کرنے کی کوشش

یورپ کا "مرد بیمار" آج تندرست اور صحتیاب ہوکر اور زبردست ارادوں کی بے پناہ قوت کے ساتھ معاہدہ لوزان کی جانبدارانہ اور ظالمانہ دفعات کے بخیے اڑانے کے لئے میدان میں نکل آیا ہے اور اس نے یہ آخری فیصلہ کر لیا ہے کہ ان تمام فیصلوں کو حقارت کے ساتھ ٹھکرا دے جو حریف قوتوں نے ...

... برطانیہ کی تجویز نہ صرف ناقابل قبول ہے بلکہ وہ ترکوں کی توہین کا ایک کھلا اعلان ہے۔

ہمارے خیال میں دنیائے خودداری میں اس سے ہلکا اور کوئی جواب نہیں ہو سکتا جو ترکوں نے برطانیہ کو دیا ہے ...

### ترکوں کا اپنا فیصلہ

### مونٹرو کانفرنس

### برطانیہ کی خود غرضی

## موج در موج

### ۱۵ جولائی

### ایک بے بنیاد خبر

### علیحدگی عدن

## مباحث امروز

### اپنوں اور غیروں میں فرق

### ایک امیر زادہ کی حسرتناک موت

### نومسلموں کی گرم بازاری

### حکومت بنگال کی بے اعتنائی

### مسجد شاہ چراغ

## افکار و اخبار

### فلسطین میں کیا ہو رہا ہے؟

### بحیرۂ روم کی پیچیدگیاں

### جمعیۃ اقوام کا آخری سانس

### مصطفیٰ کمال کا ہوا

## حوادث و احکام

### استفتاء

### الجواب

### استفتاء

### الجواب

# دریائے رام گنگا وسیع سمندر بن گیا

## کئی گاؤں پانی میں ڈوب گئے ۴۱ افراد غرق

## یوپی میں کثرت باراں سے زبردست نقصان

بریلی ۱۳ جولائی۔ بریلی، پیلی بھیت اور شاہجہانپور کے اضلاع میں سیلاب سے پیدا شدہ صورت حالات رفتہ رفتہ زیادہ خطرناک ہوتی جارہی ہے۔ اطلاع ملی ہے کہ دریائے گنگا میں سرعت کے ساتھ طغیانی آرہی ہے اور اس کی سطح آب برابر بڑھتی جارہی ہے۔

# آسٹریا اور جرمنی میں معاہدہ ہوگیا

## اندرونی معاملات میں مداخلت نہ کرنے کا عہد

## فرانس کو زبردست تشویش

لندن ۱۲ جولائی۔ آسٹریا اور جرمن میں دوستانہ تعلقات قائم رکھنے کے لئے معاہدہ ہو جانے سے یورپ کی سیاسی صورت حالات نے ایک نیا پہلو اختیار کرلیا ہے۔

## ۵ فوجی افسروں کو سزائے موت

### ارکان حکومت کو قتل کرنے کی سازش کا شاخسانہ

ٹوکیو ۱۲ جولائی۔ آج صبح سرکاری فیصلے کے مطابق ان پندرہ باغیوں کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا جنہوں نے ۲۶ فروری کی بغاوت میں حصہ لیا تھا۔

## فلسطین کے عربوں کے ساتھ انصاف کیا جائے

### حکومت برطانیہ سے نواب چھتاری کی اپیل

نینی تال ۱۲ جولائی۔ نواب چھتاری نے مندرجہ ذیل بیان شائع کیا ہے۔

## ہوائی جہاز کے کرایہ میں کمی

## کئی پل اور کئی سڑکیں پانی میں بہہ گئیں

### میرپور کوٹلی اور پونچھ میں کثرت باراں

## ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان گولی چل گئی

### ریوالور اور کارتوس برآمد ہوئے

## جرمنی اور برطانیہ کے درمیان جنگ چھڑ جائیگی؟

### نوآبادیات کی واپسی کے لئے جرمنی کا مطالبہ

# امام الہند حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کی ایک اہم اپیل

## جمعیۃ علماء ہند کی قدرشناسی کا سہل اور آسان طریقہ

اس سے زیادہ سہل اور کم سے کم طریقہ یہ ہے کہ الجمعیۃ خریدیں اور اسکی توسیع اشاعت میں ساعی ہوں۔

ابوالکلام بکلکتہ

## موٹر کی دوڑ میں ۵ افراد ہلاک ہوگئے

## ہندوستان کی تہذیب کا مظاہرہ کرو

### ہندوستانی طالبا کو سر فیروز خاں نون کا مشورہ

## سوڈان مصر اور بین پر اٹلی کی نظر

### نہر سوئز اور بحیرہ روم پر اطالوی اجارہ کا خواب

## سیاست اور اقتصاد پر عالمانہ تصانیف

### پنڈت جواہر لال نہرو کی مستحسن کوشش

## ۳۳ سال میں ۵ ارب ۱ کروڑ پونڈ کا منافعہ

### فورڈ موٹر کمپنی کے اعداد و شمار

## ہائی کمشنر مصر اور دفتر خارجہ برطانیہ میں اختلاف

### برطانی مندوب سر مائیلس کا عزم انگلستان

## برطانی فوج پر گیس بھرے بم پھینکے گئے

### فوج کی حراست سے پانچ عربوں کا فرار

## عربوں کے بڑھتے ہوئے ولولہ جہاد کے اثرات

### ۱۳۷ اعلیٰ عرب افسروں کا زبردست مطالبہ

## جرمنی اور امریکہ میں کشمکش

### جرمن مال پر محصول میں اضافہ

---

# چیف کمشنر کے فیصلہ "تجدید حق ووٹ دہی" کے خلاف احتجاج

## صوبہ کانگریس کمیٹی دہلی کے نام صدر کانگریس کا مکتوب

پنڈت جواہر لال نہرو صدر کانگریس نے مندرجہ ذیل مکتوب دہلی پراونشل کانگریس کمیٹی کے نام ارسال فرمایا ہے:۔

# آج کی خبریں

## جمعیۃ اقوام کے خلاف اٹلی کی خطرناک ریشہ دوانیاں

### آسٹرو جرمن معاہدہ فرانس کیلئے ایک زبردست خطرہ ہے

### ہرہٹلر آسٹریا کو جرمن اسٹیٹ بنا کر چھوڑیگا

## دہلی میں ایک دوسری ہڑتال

### سنگتراشوں نے کام بند کر دیا

## دہلی میں آتشزدگی

### دس ہزار روپے آگ کے شعلوں کی نذر

## برطانی فوج فلسطین کو

## پانچ سے چھ ہوگئے

## اٹلی کو ترکی حکومت کا جواب

### ترکی حکومت، اٹلی کی منظوری حاصل کرنے سے بے نیاز ہے

### مونٹرو کانفرنس میں توفیق رشدی آرس کا دلیرانہ بیان

## قارئین و معاونین الجمعیۃ کی خدمت میں

### الجمعیۃ کے صفحات میں اضافہ کی تجویز

## چین میں خانہ جنگی کے سیاہ بادل

### حکومت مرکزی اور حکومت کینٹن کی افواج میں دست بدست جنگ

### کینٹن افواج کو مسلسل کمک پہونچائی جارہی ہے



# محمد رسول اللہ

## حیات طیبہ سرور کائنات

### ۱۳۵۵ھ کا بہترین تحفہ

### بارہ مذہبی تعلیمیافتہ

# بڑی سوانح غوث پاک

### مقالات غوث الاعظم



## اسپین میں افسران اعلیٰ کی خونریزیاں

### قدامت پسندوں کو گولیوں کا نشانہ بنایا جارہا ہے

## سر فضل حسین مرحوم کے جانشین

### وزارت تعلیم کیلئے نامزدگی

## مانٹرو کانفرنس میں اٹلی کی موجودگی ضروری نہیں

### اٹلی کے خلاف ترکی نمائندہ کا حوصلہ افزا بیان

## مولانا غلام ربانی کو گرفتار کر لیا گیا

### انتخابات کے متعلق تقریر کرنے کا

## فلسطین کو فوجی دستوں کی روانگی

## فائر بریگیڈ کیلئے دس لاکھ پونڈ کی سفارش

## سیلاب زدہ طبقہ کو دس ہزار روپیہ کی امداد

### حکومت یوپی کا مستحسن اقدام

## مراکش، شام اور طرابلس میں عربوں کے جہاد حریت کا آغاز

### فرانس، برطانیہ اور اطالیہ کے چنگل سے آزادی حاصل کرنیکا عزم

لندن ۹ جولائی۔ قبیلہ ریف کے مجاہدین نے ہسپانوی ملوکیت کا خاتمہ کردینے کا اعلان کردیا ہے۔ اور اسپین کے علاوہ فرانس میں بھی جنگ حریت کا آغاز کردیا ہے۔ فلسطین اور شام کے جہاد حریت نے اور اب مراکش پر بہت گہرا اثر کیا ہے۔ اسپین کی سول جنگ ... فرانس کے خلاف سخت نفرت پھیلی ہوئی ہے۔ اس وقت تمام عربی علاقوں میں مغربی ملوکیت کے خلاف جذبات نفرت و حقارت عود کر آئے ہیں۔ مراکش کے مجاہدین نے ایک پروپیگنڈا کمیٹی بنائی ہے جس کا صدر مقام لندن ہوگا۔ یہ کمیٹی جرائد یورپ میں مراکش، شام، طرابلس، ٹرپولی اور فلسطین کے عربوں کے جہاد حریت کے حق میں پروپیگنڈا کرے گی اور مالی سب کمیٹی کا قیام عمل میں آیا ہے۔ جو اسلامی ممالک سے چندہ اکٹھا کرکے مجاہدین کی مالی امداد کرے گی۔

## شام اور حجاز کے ہزاروں مسلح عرب فلسطین میں داخل ہوگئے

### فلسطین میں مسلح اور منظم انقلاب کی تیاریاں

حیفا ۹ جولائی۔ برطانوی اور صیہونی حلقوں میں اس خبر سے سخت اضطراب اور تشویش پھیل گئی ہے کہ شرق اردن، شام اور حجاز کے ہزاروں مسلح عرب مظلومین فلسطین کی امداد کو پہنچ رہے ہیں۔ برطانوی فوج نے سینکڑوں مسلح عربوں کو شرق اردن اور شام کی سرحد کو عبور کرکے فلسطین میں داخل ہوتے ہوئے گرفتار کرلیا ہے۔ ... عناصر جن میں نوجوان عرب ... شامل ہیں۔ ایک منظم انقلاب کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ یہودیوں کی بھاری اکثریت حیفا اور یروشلم سے تل ابیب اور ... میں منتقل کردی گئی ہے۔

## سات سو اشخاص ہلاک ہوگئے

### امریکہ میں لو کی ہلاکت خیزیاں

نیویارک ۹ جولائی۔ ... اب تک سخت گرمی ... سات سو اشخاص ہلاک ہوچکے ہیں ... تکالیف کا احساس کیا جارہا ہے۔

## افغانستان میں نئے شہروں کی تعمیر

کابل ... افغان آباد ہونا چاہتے ہیں ان کو مفت دی جاتی ہے۔

## امریکہ نے جرمنی مال پر چنگی بڑھا دی

واشنگٹن ۹ جولائی۔ ... عنقریب احکام واپس لے جائیں گے۔

## صوبہ مدراس میں مسلم پارلیمنٹری بورڈ

مدراس ۹ جولائی ... کانفرنس منعقد کی جائے۔

## میرٹھ پولیس کی سرگرمیاں

### کانگریسی نوجوانوں پر توجہ

میرٹھ ۹ جولائی۔ یہاں مقامی پولیس نے کچھ نوجوان کانگریس کارکن ... اس سلسلہ میں یہ پہلا قدم ہے۔

## میدان سے ہٹ جاؤ

### مجلس اتحاد ملت کو مشورہ

لاہور ۹ جولائی۔ پیر سید جماعت شاہ گیلانی صدر مجلس تحفظ شہید گنج پنجاب نے ایک بیان کے دوران میں کہا کہ مجلس اتحاد ملت کے پاس شہید گنج مسجد کی بازیابی کے لئے کوئی پروگرام نہیں ہے۔ تو وہ میدان سے ہٹ جائے۔

## یوپی میں انتخابات کیلئے کانگریس کی تیاریاں

### ہوائی جہازوں کے استعمال کی تجویز

الہ آباد ۹ جولائی۔ یوپی میں آئندہ انتخابات کے لئے کانگریس ... کانگریس کے مجوزہ امیدوار ... ہوائی جہاز کے ذریعہ مختلف پولنگ اسٹیشنوں ... کرنے کی تجویز ہے۔

## ”نزلیات مرزا“ بحق سرکار ضبط کرلی گئی

### حکومت پنجاب کی قادیان دوستی

لاہور ۹ جولائی۔ حکومت پنجاب نے ایک پمفلٹ ”نزلیات مرزا“ مصنفہ شیخ محمد شفیع ... سیالکوٹ ... ضبط کرلی ہیں۔

## بین الاقوامی لیبر کانفرنس

### بحری اجلاس اکتوبر میں ہوگا

شملہ ۹ جولائی۔ بین الاقوامی لیبر کانفرنس کا بحری اجلاس جنیوا میں ماہ اکتوبر کو ہوگا ... کی عمر کم از کم ۱۵ سال ہونی چاہئے۔ اب تک ۱۴ سال مقرر ہے۔

## عربوں کے خفیہ اسلحہ خانہ پر فوج کا چھاپہ

### جرمن اور اطالوی ساخت کے بم پکڑے گئے

القدس ۹ جولائی۔ گذشتہ رات فوج اور پولیس کی متحدہ جمعیت نے یروشلم کے قدیم مسیحی کھنڈروں پر چھاپہ مارا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ مقام عربوں کا خفیہ اسلحہ خانہ تھا۔ لیکن فوج کو یہاں سے مستعمل بموں کے خولوں اور چلے ہوئے کارتوسوں کے سوا کچھ نہیں ملا۔ ان خولوں سے معلوم ہوا ہے کہ عربوں کے پاس زیادہ تر اطالوی اور جرمن ساخت کے بم اور کارتوس موجود ہیں۔ برطانوی جاسوس بندرگاہوں میں سخت تحقیقات کررہے ہیں۔


### یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

کہ جس جسم سے ہم اپنے تمام فرائض ادا کرتے ہیں اسکو مضبوط بنادیں اس کے لئے ہر حالت میں آتشک نگرہ گولیوں کا استعمال ضروری ہے
ضعف بدہضمی خون اور منی کی خرابی دکی جریان، احتلام، سرعت
انزال، رقت منی وغیرہ کو دور کرکے جسم کے ہر حصہ اور ہر رگ و ریشہ کو
حیرت انگیز قوت عطا کرتی ہیں۔ ایک دفعہ آزمائش کریں۔
قیمت فی ڈبیہ ۳۲ گولیاں ایک روپیہ۔ پانچ ڈبیاں چار روپے
آتشک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

### محبوب عاشق کے قدموں پر

ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

عمل سفلی ملسہ ... عمل علوی ... صرف مسلمانوں کیلئے مخصوص ...

فضل شاہ عامل گلی راجان کوچہ چیلان دہلی

۷۸۶ ہو الکل یامعین

### عمل مشکل کشا

بے روزگاروں کو برسر روزگار کردے گا۔ ملازمت پیشہ صاحبان پر بالا افسروں کو مہربان کرکے ترقی دلادے گا۔ تجارت میں کثیر منافع ہوگا (خدانخواستہ) خود یا کوئی عزیز بیمار ہوں تو اس کی برکت سے صحتیاب ہوں گے۔ اگر کسی سے جائز محبت ہے تو کامیابی ہوگی۔ مقدمہ میں فتح پائیں گے۔
غرض یہ کہ عمل مشکل کشا ہر مشکل میں مشکل کشا ہی ثابت ہوگا۔ قرآن شریف کا مجرب المجرب عمل ہے اس میں شک کرنا کفر ہے اپنے یا اپنے کسی عزیز و اقارب کے لئے اس عمل کو عورتیں بھی پڑھ سکتی ہیں۔ خرچہ اشتہارات وغیرہ کا خیال رکھ کر اپنے عزیز غریب بھائیوں کی حالت کا اندازہ کرکے ہدیہ صرف دس آنہ رکھا گیا ہے۔ لہذا

صرف دس آنہ

عامل وظیفہ مشکل کشا
پوسٹ بکس ۳۲ نئی دہلی

### ۵۰۰۰ روپے کے نقد انعامات

موٹر کار، ریڈیو، گراموفون، کتابیں، گھڑیاں اور طلباء کیلئے وظائف

| | | |
|---|---|---|
| پہلا انعام | صحیح حل بھیجنے والوں کیلئے | ۲۵۰۰ روپے کے نقد یا ایک موٹر کار |
| دوسرا انعام | ایک غلطی والوں کیلئے | ۱۰۰۰ روپے |
| تیسرا انعام | دو غلطیاں والوں کیلئے | ۵۰۰ روپے |
| چوتھا انعام | تین غلطیاں والوں کیلئے | ۵۰۰ روپے |
| دس انعامات پچاس پچاس روپے کے | کل | ۵۰۰ روپے |

مندرجہ ذیل مضامین میں حصول تعلیم کے لئے دس وظائف علاوہ ان کے اور متعدد انعامات بھی دیئے جائیں گے۔
کم سے کم ۵۰۰ روپے کی گارنٹی کی جاتی ہے۔ داخلہ کی آخری تاریخ ۲۵ جولائی ہے۔
...
قواعد
...
دی فیڈرل پریس دادر بمبئی

THE FEDRAL PRESS
DADAR BOMBAY

### داخلہ

دی آیرویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

(۱) آیرویدک شعبہ سنسکرت (۴) یونانی شعبہ عربی
(۲) آیرویدک شعبہ بھاشا (۵) یونانی شعبہ اردو
(۳) آیرویدک شعبہ زنانہ (۶) یونانی شعبہ زنانہ

جو طلباء مندرجہ بالا شعبوں میں سے کسی ایک شعبہ میں بہترین علمی و عملی تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں یا جو طالبات شعبہ زنانہ میں تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہوں وہ ۲۰ جولائی تک اپنی درخواستیں بنام عالیجناب افسر الاطباء حکیم حاجی محمد ظفر خاں صاحب رئیس اعظم آنریری پرنسپل طبی کالج دہلی روانہ کردیں پراسپکٹس و فارم داخلہ طلب کرنے پر بلاقیمت بھیجا جاتا ہے۔

المشتہر
دفتر پرنسپل آیرویدک و یونانی طبی کالج دہلی


## اسلامیات

### عبادات

(از مولانا نورالدین صاحب بہاری)

(۳)

عربوں میں عام طرح دستور تھا کہ جانور کو ذبح کرکے اس کے خون سے دیوار معبد کو چھاپ دیتے۔ یہود جانور ذبح کرکے اس کا گوشت جلادیتے اور یہ سمجھتے تھے کہ قربانی خدا کی غذا ہے اور پھر اس کے ساتھ اس کی ادائیگی کے مراسم کچھ ایسے طویل تھے کہ جس کا تذکرہ بھی مشکل ہے۔

اسلام نے ان تمام ظلمات خاسدہ کا قلع قمع کرکے بتادیا کہ قربانی سے غرض الٰہی نہ جانور کا خون ہے نہ ان کا گوشت بلکہ اس سے مقصد صرف تمہارے دل کی گہرائی کا تقویٰ ہے۔

...

(باقی آئندہ)

## مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

### شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے متعلق اسمبلی میں سوالات

### قاضی محمد احمد صاحب کاظمی کی قابل تحسین مساعی

(گذشتہ سے پیوستہ)

### شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے تار گھر

سوال ۱۵۶۵ (الف) کیا گورنمنٹ کو اس کا علم ہے کہ شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے تار گھر پبلک کے تار نہیں لیتے جس سے پبلک کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔
(ب) کیا گورنمنٹ نے اس امر پر غور کیا ہے کہ یہ مناسب ہوگا کہ شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے تار گھر پبلک کے لئے کھول دیے جائیں اگر نہیں تو کیوں نہیں۔

...

جواب: ... میں جواب دے رہا ہوں۔

(باقی آئندہ)


### داخلہ

طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں نئے طلباء کا داخلہ ۲۸ جولائی ۱۹۳۶ء سے ۴ اگست ۱۹۳۶ء تک ہوگا۔ لہذا داخلہ کی درخواستیں بنام پرنسپل طبیہ کالج علی گڈھ ۱۵ جولائی ۱۹۳۶ء تک پہونچ جانی چاہئیں اور امیدوار کو دفتر کی جانب سے مقرر کی ہوئی تاریخ پر کالج میں حاضر ہونا چاہیئے۔ مقررہ تعداد کے پورا ہونے کے بعد کسی طالب علم کا داخلہ نہ کیا جائے گا۔
پراسپکٹس پرنسپل طبیہ کالج کے دفتر سے مفت طلب کیجئے
عطاء الدین بٹ پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڈھ

### اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ

عنقریب کالج ہونے والا ہے

ہندوستان کے ہر حصہ کے مسلمان طلبہ کیلئے بہترین درسگاہ

یہ اسکول تعلیم و تربیت کے لحاظ سے ہندوستان میں نمایاں شہرت رکھتا ہے۔ مختلف عمر کے طلبہ کے لئے جداگانہ بورڈنگ ہاؤس ہیں۔ متوسط طبقہ کے بچوں کو جس کفایت کے ساتھ یہاں تعلیم دی جاتی ہے وہ کہیں اور ممکن نہیں۔ کم استطاعت طلبہ کے لئے خاص انتظام ہے۔ طلب کرنے پر قواعد و ضوابط بلا کسی قیمت کے ارسال کئے جائیں گے۔
ہیڈ ماسٹر اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ (یو۔پی)

### ضرورت

امیدواروں کی تار اور اسٹیشن ماسٹری کے لئے ضرورت ہے الاونس اٹھائیس روپیہ، کرایہ وردی، جگہ رہائش مفت فارم داخلہ و قواعد کے لئے آٹھ آنہ روانہ کریں۔
ڈائرکٹر رائل ٹیلیگراف و ریلوے

### جذام، کوڑھ، سن بہری کا آزمودہ شرطیہ علاج

بیماری خواہ کسی درجہ کو پہونچ گئی ہو انگلیاں خراب صورت خوفناک اور چہرہ کان پھول کر بیٹھ گیا ہو اس نسخہ دوا سے تین ہی چلہ میں مکمل فائدہ ہوتا ہے اگر آپ علاج کراتے کراتے مایوس بھی ہوگئے ہوں تو ایک بار اس جادو اثر دوا کو آزماکر خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھیں فائدہ ہفتہ ہی عشرہ میں محسوس ہونے لگتا ہے بے فائدہ ثابت ہونے پر کل قیمت واپس اعتبار نہ ہو تو اقرارنامہ لکھالیں۔ قیمت دوا ایک چلہ (۴۰ یوم) سات روپیہ آٹھ آنہ۔
منیجر دفتر اکسیر جذام ۱۴ دربھنگہ

### خضاب چھوڑ دو

اس تیل سے بال کا پکنا رک کر پکا بال کالا پیدا ہوکر اسی برس تک کالا نہ رہے تو دونا دام واپسی کی شرط لکھالیں ایک آدھ بال پکا ہو تو تین روپے اس سے زیادہ پکا ہو تو مع رفعت سے زیادہ بالکل پکا ہو تو دس کا تیل منگائیں۔
بال کالا اسٹورس کمشنری دربھنگہ

اخبار الجمعیۃ میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے

ہمارے پستول پر گورنمنٹ ہند کی طرف سے کوئی لائسنس نہیں لگایا گیا

### پستول منگاؤ پستول چلاؤ

گرجدار آواز بے انتہا خوفناک صورت غرض بالکل اصلی پستول کے مانند ہے صرف یہ فرق ہے کہ اصلی پستول سے آدمی یا جانور مرجاتا ہے اور اس کے فائر کرنے سے حواس باختہ ہوکر بھاگ جاتا ہے کیونکہ اس کا فائر کرنے سے بے حد دہشتناک آواز نکلتی ہے جو سننے والوں کا دل ہلادیتی ہے۔ اسی وجہ سے گورنمنٹ نے ہمارے پستول پر صوبہ برما اور بنگال اور بہار اڑیسہ کے چار علاقوں میں لائسنس بھی لگادیا ہے۔ کیونکہ وہاں کے باشندے اس پستول کو غلط طریقہ پر استعمال کرتے تھے اور گورنمنٹ کو مجبوراً ان چار صوبوں میں حکم جاری کرکے اس پستول پر لائسنس لگانا پڑا۔ باقی تمام ہندوستان کے لئے پوری آزادی ہے اور ہر شخص نہایت آزادی کے ساتھ اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔
ایک وقت میں اس پستول کے اندر دس کارتوس رکھ سکتے ہیں اور پھر جب چاہیں فائر کرسکتے ہیں۔ جب کارتوس ختم ہوجائیں تو پھر دوبارہ دس بھر لیں بہت مضبوط ہے اور جان و مال کی حفاظت کیلئے بہترین چیز ہے۔ دیکھنے میں بالکل اصلی پستول معلوم ہوتا ہے ہم اس کے ساتھ سو کارتوس مفت بھیجتے ہیں۔ قیمت ایک عدد پستول معہ سو کارتوس صرف چار روپے (للعہ) محصول ڈاک آٹھ آنے (۸)۔ اس کے کارتوس علیحدہ بھی بکتے ہیں جب کارتوسوں کی ضرورت ہو تو ہم سے منگائیے۔ ایک روپے کے چھ درجن (۶) ملتے ہیں۔ واضح رہے کہ یہ پستول بچوں کا کھلونا نہیں ہے۔ منگانے کا پتہ۔
منیجر انچارج یونائیٹڈ میڈیکل سروس دریا گنج دہلی

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ۱۷۹۳

تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی" ٹیلیفون نمبر ۵۲۴۵

# الجمعیۃ

سہ روزہ

دہلی

یداللہ علی الجماعۃ

ادارہ

مسئول: ابوالبیان حماد اویسی، محی الدین قاندی

نگران: مولانا نورالدین بہاری

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

جلد (۲۴) دہلی۔ یوم دوشنبہ ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۰ جولائی ۱۹۳۶ء نمبر (۵)


## جگر پارے

(از حضرت جگر مرادآبادی)

بربادئ ما پرس ازاں سینہ فگارے
در عین بہارے کہ جدا شد ز بہارے

دیدیم بہ سرِ پر عجب شعبدہ کارے
بیخانہ بدوشے و گلستان بکنارے

چشمِ مفگن بر تن لاغر زبہارے
افسانۂ ما پرس ز نوکِ سرِ خارے

بلبل ہمہ تن خوں شد و گل شد ہمہ تن چاک
اے وائے بہارے اگر این است بہارے

شکم سر مژگان است کہ شبنم بسرِ شاخ
شبنم سرِ شاخ است کہ منصور بدارے

اغیار بدل خندہ زن و دل بتو مشغول
خلقے پس دیوانہ و دیوانہ بکارے

اے خسروِ خوباں نظرے کن ز سرِ مہر

افتادہ بکوئے جگر سینہ فگارے

## نیاز و ناز

(از جناب ناز جھجوری)

مصیبت بن گئیں میرے لئے آسانیاں میری
فزوں تر ہو گئیں دل دیکھ کے دشواریاں میری

ہوا کرتی ہیں آن آج کل گھر شیا دیری
الٰہی پائیں عروج اوں تنہائیاں میری

نہ پوچھو کون ہوں کیا ہوں سراک معمہ ہوں
بڑی مشکل کو آ گئی سمجھ میں داستاں میری

کبھی حیران ہوتا ہوں میں اظہارِ حقیقت سے
حقیقت کھول دیتی ہیں کبھی حیرانیاں میری

میں اپنی ذات کو سمجھا ہوں ہستی کا پرتو
مٹا دنگی خودی اک دن یہی خود بینیاں میری

کسی کی بے نیازی سے وفا کی امیدیں ہیں
یہ ہیں نادانیاں میری یہ ہیں دانائیاں میری

میں نیا کو بتا دوں تیرا راز نہاں لیکن
مجھے کافر نہ ٹھہرا دیں کہیں بیباکیاں میری

قیامت کی قسم کھا کر وہ خود پردے میں جا بیٹھے
جب ان سے بھی نہ دیکھی جا سکیں بربادیاں میری

انہوں نے یاد فرمایا مجھ کو اپنی محفل میں
زبانِ حال سے یہ کہہ رہی ہیں ہچکیاں میری

میں ان کو پیار کرتا ہوں مجھے ان سے محبت ہے

جنہوں نے ناز کی ہیں طرح دلداریاں میری

[illegible]

## دنیائے اسلام

### عربی ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

### اسکندریہ میں انجمن خواتین مصر کا اہم اجلاس

مشرق کی غلامی کا بڑا سبب جمعیۃ اقوام کا وجود ہے

زندگی اور آزادی کے لئے جنگ کرنے کا اعلان

[illegible]

### زندگی اور آزادی کیلئے جنگ

[illegible]

### جمعیۃ اقوام سے خطرناک پردے

[illegible]

### جمعیۃ اقوام کا فرض کیا ہے؟

[illegible]

### برطانیہ کو مصر کے ایک قوم پرور کا انتباہ

مصر فلسطین سے ضرور ہمدردی کرے گا

[illegible]

### خواتین عراق کا جذبۂ ایثار

فلسطین کے عربوں کی مالی امداد

[illegible]

### فلسطین میں ہجرت یہود کا پہلا اثر

بنی اسرائیل کے جرائم کی طویل فہرست

[illegible]

### شاہی خاندان کے ارکان کی شادی

حکومت عراق کا ایک نیا مسودہ قانون

[illegible]

### فلسطین میں عربوں کی تلاشیاں

کثیر اسلحہ کی برآمد۔ فوج سے شدید جنگ

[illegible]

### بچوں کے جلوس!

فوج اور پولیس کی پریشانی

[illegible]

### ترکی ریلوے اور مشرقی میثاق

[illegible]


Regd No. L1793

# The Aljamiat

Vol. 24 No. 4 DELHI Thursday the 25th July 1936. PRICE ONE ANNA



تمام سال بدستور قائم رہیں گے۔

## خزینۂ اخبار نبوی

[illegible]

## بواسیر

[illegible]

پتہ: حکیم عبدالرحیم جلال آباد ضلع مظفر نگر (یوپی)


### چین میں جاپانی سوداگر کا قتل

ڈاکوؤں نے شہر لوٹ لیا

[illegible]

### ساڑھے اربع ڈالر کی آمدنی

امریکہ کے تجارتی حالات میں بہتری

[illegible]

### جنوبی افریقہ میں قوائے دفاعیہ کا استحکام

ہوابازوں کی تربیت کی سکیم

[illegible]

### برطانیہ نے تعزیری پابندیاں اٹھا لیں

[illegible]


## الجمعیۃ بکڈپو کی چند مذہبی اور اصلاحی کتابیں

### عورتوں اور بچوں کی کتابیں

خانہ داری — معاشرت کی اصلاح اور خانہ داری

خواتین اندلس

سیدہ کا لال

تعلیم الاسلام

بچوں کا تحفہ

ازالعین

پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

### اوراد و وظائف

طب روحانی

دعائے مقبول

احسن الوظائف

حل مشکلات

رسول کی دعائیں

### معمولات مشائخ

عملیات کا ایک صحیح اور قیمتی مجموعہ

[illegible]

### مذہبی کتابیں

دلائل الخیرات مترجم

دوزخ کا کھٹکا

پاک زندگی

فتاویٰ امیریہ

فتاویٰ رشیدیہ

بہشتی زیور مکمل مجلد

خلافت فاروقی

فلسفۂ تعلیم اسلام

تقریریت

جنت کی کنجی

[illegible]

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی



(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام مولوی محمد اسمٰعیل صاحب پرنٹر و پبلشر چھپ کر دفتر الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم دوشنبہ ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۵۵ ہجری


# فرقہ وارانہ فیصلے کے خلاف تخریبی ریشہ دوانیاں

## ساحر بنارس کی تازہ شعبدہ کاری

کچھ عرصہ سے فرقہ وارانہ فیصلہ کے خلاف ملک میں جو تخریبی ریشہ دوانیاں کی جا رہی ہیں اور جس عصبیت و جنبہ داری کے ساتھ بعض زہریلی طبیعتوں نے اس ہنگامی فیصلہ کی تنسیخ پر اپنی تمام سرگرمیاں مرکوز رکھی ہیں وہ نہ صرف مخالف جماعت کی تنگدلی و تنگ نظری کا نمونہ پیش کرتی ہیں بلکہ اس کے سیاسی تدبر و معاملہ فہمی کی نقاب بھی چاک کر دیتی ہیں۔

دستاویز کو عارضی طور پر اپنے حقوق و مطالبات کی حفاظت کے سلسلے میں ضامن تصور کر رہی ہے اور دوسری جماعت اسی دستاویز کو اپنے قومی و ملی حقوق عمومی فلاح و بہبود اور ترقی و ارتقاء کی راہ میں ایک سنگ گراں تصور کئے ہوئے ہے۔ ایک طرف خوف ہے۔ خدشہ ہے اور شک و شبہات ہیں۔ دوسری طرف ضد ہے۔ اصرار ہے۔ یعنی قوت کا زعم ہے اور مقابل کی کمزوری کا ...

## کانگریس کی حکمت عملی

## پنڈت مالویہ کا اعتراف شکست

## پنڈت جی کی نئی سرگرمیاں

## قوم پروروں سے گزارش

## موج در موج

عربی زبان کے ایک ادبی رسالہ میں یہ خبر مسرت اثر شائع ہوئی ہے کہ امریکہ کے ایک شہر میں جھوٹ بولنے کا ایک زبردست مظاہرہ ہوا۔ مہینوں پہلے جھوٹ کانفرنس کی عظیم الشان پیمانہ پر تیاریاں کی گئیں اور ہر طبقہ اور ہر خیال کے لوگوں کو دعوت شرکت دی گئی۔ داعیوں نے جہاں تک ان سے ہو سکا ہر خیال و مشرب کے لوگوں کو تاکا اور جھوٹ کے اس بے مثال پیچ میں شرکت کیلئے تار اور خطوط ارسال کئے۔ غضب یہ ہوا کہ جہاں وکیلوں، بیرسٹروں، پروفیسروں ایڈیٹروں، ماسٹروں، نان بائیوں، سبزی فروشوں اور سول کے ججوں اور سرکاری ملازموں کو دعوت دی گئی وہاں مقدس پادریوں اور مذہب کے معلموں کو بھی دعوت ناموں سے نوازا گیا!

بہت سے لوگوں نے اس پادریت نوازی کے خلاف احتجاج کیا اور کہا، اگر حضرت سلیمان کا وعظ یا غزل الغزلات کے مذہبی گیت سننے ہوں اور تزکیہ نفس کے لئے انجیل مقدس کا پہاڑی وعظ گوش گزار کرنا ہو تو بے شک پادریوں کو جھوٹ کانفرنس کی شرکت کے لئے بلالو تاکہ ادھر تمام جہان کے شیوخ الکذابین سپیٹ بھر کر جھوٹ بولیں تو ادھر مقدس پادری انجیل مقدس کے ذریعہ سچ بولنے کی تلقین کریں اور اس طرح سچ اور جھوٹ کا توازن قائم رہے مگر یہ کیا کہ کذب بہتان اور جھوٹ کے میدان میں غریب پادریوں کو لاکر کھڑا کر دیا جائے اور زبردستی ان کو کذب بیانی پر مجبور کیا جائے۔ ...

... قابل مذمت ہے اور قابل تنسیخ ہے۔ لیکن جس وقت تک ملک کی مختلف العقائد جماعتیں ایک جگہ بیٹھ کر کوئی ایسا متحدہ سمجھوتہ تیار نہ کریں جو مسئلہ فریقین بھی ہو اور ترقیات ملکی کا کفیل بھی۔ جمہوری بھی ہو اور ملت پرور بھی۔ اس وقت تک موجودہ فیصلہ کو کالعدم قرار دینا ایک ایسی غلطی ہے جو نظریہ کی حمایت کے لئے عمل کو اور افراد کی خاطر جماعتوں کو کمزور بنا دینے والی ہے۔ ہمارا روئے سخن جس قدر قوم پروروں کی جانب ہے اسی قدر فرقہ پرست رہنما بھائیوں کی طرف بھی ہے۔ ہم پنڈت مالویہ اور انکے دیگر انتہا پسند رفقاء کار سے یہ عرض کریں گے کہ وہ ذرا ٹھنڈے دل کے ساتھ ملک کے ٹھوس واقعات کا جائزہ لیں اور اصول و نظریہ کے سخت گیر قوانین کو نظر انداز کرکے عمل و حقیقت کی وسعت اور پنہائی پر بھی غور کریں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر شے کی تخریب آسان ہے اور تعمیر دشوار۔ کاشی کے پنڈت جی بھی اس سہل نکتہ پر غور فرمائیں۔

## اتحاد پارٹی کا انجام

سر فضل حسین کے انتقال کو ابھی دو چار ہی دن گزرے ہیں لیکن پنجاب کی عملی سیاست میں اہم تبدیلیاں رونما ہونی شروع ہو گئی ہیں اور بساط سیاست پرے نئے نئے مہرے سرگرم عمل اور متحرک نظر آ رہے ہیں۔ ایک طرف وزارت کے "ایلڈوریڈو" تک پہنچنے کے لئے مختلف تمنائیں مصروف کار ہیں اور دوسری طرف جدید دستور اساسی کے ماتحت مختلف جماعتوں کے پروگرام اور اعزام میں بلندی ولپستی پیدا ہو رہی ہے۔ ...

## مصری حکومت کا تازہ شاہکار

## مباحث امروز

## افغانی قونصل کا بیان

حکومت افغانستان کے خلاف ہندو اخبارات نے جو شر انگیز پروپیگنڈہ کر رکھا ہے ہم نے اس کی حقیقت ظاہر کرتے ہوئے افغانی قونصل کی توجہ اس طرف مبذول کرائی تھی اور توقع ظاہر کی تھی کہ اس کذب و افتراء کا صحیح جواب افغانستان کے ذمہ دار حلقوں کی طرف سے دیا جائے گا۔ ہمیں مسرت ہے کہ ہماری یہ توقع پوری ہوئی اور ہز ایکسلنسی قونصل افغانستان نے مندرجہ ذیل بیان شائع فرماکر ہندو سکھ پروپیگنڈہ کی حقیقت بے نقاب کر دی:

"افغانستان کے سکھوں کے متعلق جو اطلاع شائع ہوئی ہے کہ ان پر عرصہ حیات تنگ کیا جا رہا ہے اور حقوق شہریت چھین لئے گئے ہیں، یہ خبر بے اساس اور بے بنیاد ہے۔ افغانستان کے قانون اساسی ...

نواب صاحب چھتاری نے جو یوپی کی گورنری پر فائز رہ چکے ہیں، ایک بیان شائع کیا ہے جس میں وہ فرماتے ہیں "فلسطین کے عربوں کا کیس اتنا مضبوط ہے کہ ہندوستان کی مسلم رائے عامہ عربوں کے ساتھ انصاف کرنے کے حق میں ہے۔ مجھے امید ہے کہ حکومت برطانیہ اس اظہار ہمدردی کی طرف توجہ دے گی جو ہندوستان کے مسلمان فلسطین کے عربوں کے ساتھ کر رہے ہیں۔"

مسلم رائے عامہ نہیں بلکہ ہندوستانی رائے عامہ عربوں کے مطالبات کو حق سمجھ کر ان کی قربانیوں کی معترف ہے کہ کانگریس نے اور خود پنڈت جواہر لال نہرو نے عربوں کے ساتھ جس ہمدردانہ جذبات کا اظہار کیا ہے وہ اس بات کا بین ثبوت ہے کہ عربوں کا معاملہ حق و انصاف کی عدالت میں آ چکا ہے۔ ...

## دوبارہ ہڑتال کا امکان

## مدح صحابہؓ کا "جرم عظیم"

## جنوبی افریقہ کا قانون الٰہی

## فلسطین اور نواب چھتاری

## افکار و اخبار

ہیں اور "آزادی" ایک ایسی نعمت ہے جس میں یورپ کے خیال میں مشرق کا کوئی حصہ نہیں۔ آج انصاف انہیں قوموں کے ساتھ کیا جاتا ہے جو مضبوط اور صاحب قوت ہیں اور آزادی انہیں قوموں کی تسلیم کی جاتی ہے جو اس کو اپنے زور بازو سے حاصل کرسکنے کی طاقت رکھتی ہیں۔ جو قوم طاقت نہیں رکھتی وہ نہ صرف آزادی کی نعمت سے محروم رہتی ہے بلکہ غیر مہذب بلکہ نیم وحشی بھی سمجھی جاتی ہے۔ ...

## عدن کی علیحدگی

علیحدگی عدن کا سرکاری طور پر اعلان ہو گیا ہے۔ یہ امر ایک حد تک موجب طمانیت ہے کہ اس سلسلہ میں ہندوستانیوں سے جو وعدے کئے گئے تھے وہ پورے کئے گئے ہیں، مثلاً:

(۱) اراضیات خریدنے، تجارت کرنے یا پیشہ اختیار کرنے کے سلسلہ میں کسی قسم کا نسلی یا قومی امتیاز روا نہیں رکھا جائے گا۔

(۲) عدن میں ہندوستانیوں کے داخلہ پر کوئی پابندی عائد نہیں کی جائیگی جیسا کہ اس وقت نہیں ہے۔

(۳) عدن کے نظم و نسق میں ہندوستانیوں کو حسب سابق جگہ دی جائیگی۔ ...

## مسجد شاہ چراغ

## عزت کی زندگی قوت پر منحصر ہے

## حوادث و احکام

### استفتاء

### الجواب

# چین میں خانہ جنگی کے خطرناک شعلے
## چینی جرنیلوں کی مخاصمت سے جنگ ناگزیر ہوگئی
## جنوبی افواج پوری تیزی سے شمال کی طرف بڑھ رہی ہیں

کینٹن ۵ جولائی۔ صوبہ کوانگ تنگ میں جنگ کا خطرہ لحظہ بلحظہ بڑھ رہا ہے اور صورت حالات نازک ہوگئی ہے جنرل یوہنوچن کی فوج صوبہ شیوک وان کی طرف بڑھ رہی ہے۔ جنرل چین جی تانگ کی فوج نے قصبہ شیوک گوان سے باہر مورچہ قائم کر لیا ہے۔ سپاہیوں نے خندقیں کھود لی ہیں اور جنرل یوہنوچن کی فوج کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے لئے سربکف تیار ہیں۔

### سرکاری اور نیم سرکاری بیانات

نانکنگ ۵ جولائی۔ سنٹرل گورنمنٹ نے اعلان کیا ہے کہ جنوبی مغربی علاقہ میں فوری امن قائم کرنا ہے۔ کیونکہ ملک میں جنگ کا سخت خطرہ لاحق ہوگیا ہے۔ ایک نیم سرکاری ترجمان کا بیان ہے کہ اگر جنوبی جرنیلوں نے سخت مقابلہ کیا تو نانکنگ کی فوجیں جنرل یوہنوچن کا ساتھ دے گی۔ لیکن عام خیال یہ ہے کہ جنرل مذکور اپنی فوج ہی سے اپنے دشمنوں کا مقابلہ کرے گا۔ اگر ملک کو زبردست جنگ کے خطرہ سے بچانا ہے تو کینٹن میں زبردست جنگی طیاریاں ہورہی ہیں۔ تاکہ جنرل یوہنوچن کی فوج کا منہ توڑ جواب دیا جا سکے۔ اور جنرل چین جی تانگ اور کوانگسی کی امداد سے ایک زبردست فوج منظم کر رہی ہے۔

# یورپ میں ایک عالمگیر جنگ کے فوری امکانات
## بلجیم کی تین ہزار افواج وردی میں
## زیکوسلوواکیہ کی پریشانی

# شام اور لبنان کی کامل آزادی کا آغاز
## معاہدے پر دستخط ہوگئے
## جمعیۃ اقوام کی رکنیت

پیرس ۱۵ جولائی۔ شامی وفد کے ارکان اور وزرائے خارجہ فرانس کے درمیان گفت و شنید شروع ہوئی۔ وزیر خارجہ فرانس نے ایک معاہدہ پیش کیا جس پر دیر تک گفت و شنید ہوتی رہی لیکن کوئی فیصلہ نہیں ہو سکا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ حکومت فرانس کا ایک وفد دمشق آئے گا اور دمشق ہی میں معاہدہ پر دستخط کئے جائیں گے۔

ایک اطلاع مظہر ہے کہ لبنان اور شام کے نمایندوں کے درمیان اختلاف واقع ہوگیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ شامی ارکان نے تجویز پیش کی تھی کہ لبنان کا کچھ حصہ شام میں ملا دیا جائے۔ لبنان نے اس تجویز کی سخت مخالفت کی اور بڑی دیر تک بحث ہوتی رہی۔ ہائی کمشنر لبنان نے حکومت فرانس سے درخواست کی ہے کہ لبنان کو مستقل حکومت کی صورت میں تبدیل کر دیا جائے۔ اس کی حدود کی حفاظت کی جائے جیسا کہ لندن کے معاہدہ میں ہوا تھا۔

اس سے قبل یہ اعلان ہو چکا ہے کہ شام اور لبنان کو کلیتاً آزاد کر دیا جائے گا۔ چنانچہ آج انتدابی حکومت کے خاتمہ کے معاہدے پر حکومت فرانس اور شامی اور لبنانی نمایندوں نے دستخط کر دئے ہیں۔ دونوں ممالک ماہ ستمبر ۱۹۳۶ء سے جمعیۃ اقوام کے رکن ہو سکتے ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کا سلسلہ ابھی زیر بحث ہے۔

### مزدوروں میں خوفناک جھگڑا
فرانسیسی ... گولی چلائی۔ دو آدمی مر گئے

### یورپ میں طیاروں کے حادثے
گیارہ ہوا باز ہلاک اور کئی مجروح

### حکومت جرمنی کا نیا قرضہ

# آج کی خبریں
## دانیال کانفرنس
## ترکی کے مطالبات مان لئے گئے
## دردانیال کی بہت جلد حصار بندی ہو جائیگی

مانٹرو، ۱ جولائی۔ دردانیال کانفرنس قریب الاختتام ہے۔ معاہدہ پر کیسل چین میں دستخط ہوں گے۔ مسودہ کی پہلی قسط کی بحث آج ختم ہوگئی۔ اسٹریٹ ملکین کو جس کے لئے ترکی کو اعتراض تھا توڑ دیا گیا۔

یہ بھی طے ہوگیا ہے کہ حصار بند علاقہ پر ہوائی جہاز پرواز کر سکیں گے۔ معاہدہ اٹلی کے دستخطوں کے لئے کھلا رہے گا۔ لیکن اس کی غیر حاضری کا معاہدہ پر جبکہ کم از کم چھ حکومتوں نے اس کو مان لیا ہے کوئی اثر نہ پڑے گا۔ ترکی بہت جلد علاقہ کی حصار بندی کرنے والا ہے۔

### افریقن نوآبادیات کیلئے جرمنی کا مطالبہ
مسٹر بالڈون برطانی پالیسی کے بیان
برطانی حکومت جرمنی کے مطالبہ کو ماننے کیلئے تیار نہیں

### اسپین کی صورت حالات
۸۵ لیڈروں کی گرفتاری

میڈرڈ، ۱ جولائی۔ ...

# شہنشاہ ایڈورڈ ہشتم پر قاتلانہ حملہ
## ملک معظم بال بال بچ گئے
## حملہ آور اور اسکا ساتھی موقع پر گرفتار کر لئے گئے

لندن، ۱ جولائی۔ ملک معظم شاہ ایڈورڈ ہشتم کو ہلاک کرنے کی کوشش کا نہایت سنسنی خیز واقعہ پیش آیا جبکہ وہ ہنجت ہنس کی جھیل کے پاس پارک وہاں گارڈ کے آگے آگے ایک جلوس کے ساتھ کارڈز کو جھنڈا پیش کرنے کے لئے جا رہے تھے۔ اس واقعہ سے تمام دنیا میں سنسنی پھیل گئی جس وقت ملک معظم کانسٹی ٹیوشن ہل کے اوپر سے گزر رہے تھے ایک شخص ہجوم کو چیرتا ہوا آگے بڑھا۔ اور ملک معظم پر شست لگائی۔ لیکن اس سے پیشتر کہ وہ فائر کرتا ایک عورت اور ایک پولیس مین نے اس کے ہاتھ سے ریوالور نیچے گرا دیا۔

بیان کیا جاتا ہے کہ حملہ آور بہت ہی معمولی لباس کا آدمی تھا جو ایک ۳۴ سالہ اسکاٹ مین ہے اور جو اپنے کو جرنلسٹ بتاتا ہے۔ اس کے ہاتھ میں ۵ فیر کا ریوالور تھا جس میں ۴ کارتوس تھے۔

حملہ آور کو گھوڑ سوار پولیس مین نے فوراً ہی پکڑ لیا جب اس کو پولیس ایمبولینس میں سوار کرایا جا رہا تھا ایک اور شخص نے اس کو چھڑانے کی کوشش کی اس سے پولیس کی خوب جھپٹ ہوئی۔ اس کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔

ایک چشم دید گواہ کا بیان ہے کہ ریوالور استعمال کرنے سے پہلے حملہ آور رفقاء سے الجھا اور پھر اس نے ریوالور کو ملک معظم کی جانب پھینک دیا۔ اسکو لوگوں نے چاروں طرف سے گھیر لیا اور اس پر حملہ کیا گیا وہ زمین پر گر گیا۔

### کیمونل ایوارڈ کیخلاف بنگالی ہندوؤں کی غوغا آرائی
کلکتہ میں احتجاجی جلسہ اور ڈاکٹر ٹیگور کی تقریر

گیا۔ بیان میں کیمونل ایوارڈ کی مخالفت کرتے ہوئے لکھا گیا تھا کہ ایوارڈ میں خصوصاً بنگال کے ہندوؤں کے ساتھ بہت بے انصافی کی گئی ہے جلسہ میں حسب ذیل قرار دادیں منظور کی گئیں۔

### مسٹر کے ایل گابا کو گرفتار کر لیا گیا
گرفتاری کے بعد ... ضمانت پر رہا کر دیا گیا

### دہلی میں ہندوؤں کے دو یتیم خانوں پر چھاپے
منتظمین اور نوجوان لڑکیوں کو گرفتار کر لیا گیا

# نائب صدر جمعیۃ علماء یوپی کا اہم ارشاد
## ہمدردان قوم سے ملی خودداری پیش نظر رکھنے کا مطالبہ

### لوکارنو پاورز کی تین حکومتوں کی کانفرنس
۲۳ جولائی کو لندن میں منعقد ہوگی

### اسپین میں انقلابی طیاریاں
۱۸۵ فسطائی لیڈر گرفتار کر لئے گئے

### چین کی خانہ جنگی
جنرل یوز کا جنوب کی طرف کوچ

### دس ہزار یہودی ... فلسطین ...
عربوں کے مزید حملے

### آئندہ انتخابات میں پنڈت جواہر لال نہرو بھی کھڑے ہونگے
الہ آباد کے کانگرسی حلقہ کا حال

### یونائیٹیڈ مسلم پارٹی اور مسلم لیگ بورڈ


## گرمیوں کا موسم ہے
## امرت دھارا کی شیشی ہر وقت پاس رکھو
احتیاط
امرت دھارا ... لاہور

فلسفہ زوجہ

شربت اکسیر رجسٹرڈ

جریان
ایس جی بی بخشی کمپنی ... کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ

ریاست

RIYASAT ILLUSTRATED WEEKLY DELHI


# قارئین و معاونین الجمعیۃ کی خدمت میں
## الجمعیۃ کے صفحات میں اضافہ کی تجویز

### حکومت برطانیہ کی ... امداد
یورپ میں جنگ کی خفیہ تیاریاں

### برطانیہ کی زبردست جنگی تیاریاں

### امریکہ میں گرمی کی تباہ کاریاں

### بیت المقدس کے قریب ریلوے لائن ڈائنامائٹ سے اڑا دی گئی

### لوکارنو کانفرنس میں شرکت کیلئے اٹلی کا مطالبہ
لندن کے سرکاری حلقوں کی حیرانی

### ۱۳۵ اسپانوی فسطائیوں کی گرفتاری

### عراق میں ابھی تک بغاوت باقی ہے
ایک قلعہ پر باغیوں کا قبضہ

## دارالعلوم دیوبند میں

## علامہ عصر مصطفےٰ فاضل بیگ صاحب سابق گورنر سکندریہ کا خیر مقدم

### طلبہ دارالعلوم اور اہل شہر کا عظیم الشان اجتماع

علامہ موصوف مختلف تصانیف کے مصنف اور اسکندریہ کے سابق گورنر ہیں آپ آج کل بلاد ہند کی تاریخی معلومات حاصل کرنے کی غرض سے اطراف ہند میں سیاحت فرما رہے ہیں، دورانِ سیاحت میں آپ نے بروز شنبہ مطابق ۱۰ ربیع الثانی دارالعلوم دیوبند کی ہمہ گیر شہرت سنکر ارباب جامعہ کو بھی شرف فرمایا جزاء اللہ عنا خیر الجزاء۔

اس کے بعد جانشین شیخ الہند حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی کی معیت میں دارالعلوم کی کل عمارات جدید و قدیم اور دارالطلبہ و درسگاہوں کا معائنہ کیکے دفاتر مدرسہ کے متعلقین عام حالات بھی معلوم کیے نیز اسباق میں تشریف لا کر بعض طلبہ سے فن کے متعلق کچھ سوالات بھی کئے، طلبہ کی علمی استعداد و اساتذہ کرام کی پرخلوص محنت کی تعریف کرتے ہوئے مدرسہ کے مجموعی حالات پر انتہائی مسرت کا اظہار فرمایا اور مدرسہ کے کل معلومات و مشاہدات اپنے خصوصی نوٹ بک میں قلمبند کئے تاکہ آپ کی جدید تصنیف "تاریخ بلاد ہند" (سیاحت سے فراغت کے بعد تالیف کا ارادہ ہے) میں ہندوستان کی قدیم اور واحد درسگاہ کا ذکر بھی اندراج ہو جائے۔ [illegible] روانگی سے ایک روز قبل تمام طلبہ دارالعلوم نے ایک عظیم الشان جلسہ منعقد کیا جس کی ابتدا مسنون طریقہ کے موافق تلاوت کلام اللہ سے ہوئی اور پھر فاضل محترم مولانا مولوی [illegible] صاحب لوہاری مدرس دارالعلوم دیوبند نے عربی میں ایک فصیح و بلیغ قصیدہ تہنیت پڑھ کر سنایا اس کے بعد شیخ الادب والفقہ جناب مولانا اعزاز علی صاحب ادیب جامعہ نے بھی اپنے مخصوص انداز میں عربی کا ایک قصیدہ سنا کر سامعین کو محظوظ فرمایا پھر حضرت شیخ الحدیث مولانا حسین احمد صاحب مدنی نے عربی میں ایک مختصر اور نہایت جامع تقریر اسلام کی عظمت اور حالات پر فرمائی معزز مہمان نے اشعار کو اور تقریر کو نہایت دلچسپی سے سنا اور بہت لطف اندوز ہوئے۔ آخر میں مکرم مصطفےٰ فاضل بیگ صاحب کھڑے ہوئے اور مولانا کے ارشادات کی تائید فرماتے ہوئے طالب علم دین و اصلاح اخلاق کی طرف مزید توجہ دلائی اور فصاحت کے ساتھ علم و ادب پر بہت زور دیا۔

چونکہ پروگرام کے موافق تاریخ ختم ہو چکی ہے۔ اس لئے بعد نماز ظہر ریل سے تشریف لے گئے۔

(عبدالرزاق دمنقی بنعلم دارالعلوم دیوبند)

## برما کے سابق بادشاہ کی لڑکیوں کی ناگفتہ بہ حالت

### کارپوریشن نے تمام ٹیکسوں سے مستثنیٰ قرار دیدیا

رنگون ۱۳ جولائی۔ آج رنگون میونسپل کارپوریشن کے اجلاس میں اس امر پر بحث ہوئی کہ برما کے سابق بادشاہ کی دو لڑکیوں کو میونسپل ٹیکسوں سے مستثنےٰ قرار دیا جائے یا نہیں۔ یو ساہ نے اپنی تقریر میں بلدیہ کی توجہ شہزادیوں کی طرف کرتے ہوئے کہا کہ دونوں شہزادیاں نہایت غربت کی زندگی بسر کر رہی ہیں۔ چنانچہ یہ تجویز پاس ہوگئی کہ انہیں تمام میونسپل ٹیکسوں سے مستثنےٰ قرار دیا جائے۔ دراس سلسلہ میں حکومت کی منظوری حاصل کی جائے۔ اس کے بعد ایک ممبر نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ [illegible] اس سکیم پر عمل کیا جائے کیونکہ اس سکیم کو بنے ہوئے ایک سال ہو گیا ہے [illegible] کا استحقاق بڑھ رہا ہے اس کی تعمیر پر پچیس ہزار روپیہ خرچ ہوں گے۔

## عربوں اور برطانوی فوج میں تازہ جھڑپ

### سات عرب شہید ہوگئے

بیت المقدس ۱۳ جولائی۔ کل جنین کے نزدیک عرب مجاہدین نے تار کاٹ دئے جنہیں درست کرنے کیلئے مکینک بھیجے گئے اور ان کے ساتھ برطانوی فوج کا ایک دستہ بھی ان کی حفاظت کے لئے روانہ ہوا۔ ابھی تار درست کر رہے تھے کہ عربوں نے دستہ پر فائر شروع کردئے۔ چنانچہ برطانوی دستے نے فوراً حملہ آوروں کا مقابلہ شروع کردیا۔ فوجی لاریوں میں سوار تھے۔ حملہ آوروں کا محاصرہ کرلیا گیا۔ اور کافی دیر تک میدان کارزار گرم رہا جس میں سات عرب شہید ہوگئے۔

## جرمنی اور لوکارنو کانفرنس

### جرمنی کی شرکت کی ضرورت نہیں

لندن ۱۳ جولائی۔ لوکارنو دیاورز کانفرنس ۱۲ جولائی کو برسلز میں منعقد ہونے والی تھی۔ لیکن جرمنی اور آسٹریائے معاہدہ نے تمام انتظامات درہم برہم کردیئے ہیں۔ اس لئے القعاد کی تاریخوں میں التواء کرنا پڑے گا۔ جہاں تک جرمنی کی شرکت کا سوال ہے۔ برطانیہ نے یہ نظریہ بیان کیا ہے کہ کانفرنس صرف معاہدہ لوکارنو کے شرکا کی ہے اور جرمنی چونکہ رائن لینڈ پر قبضہ کرنے کی وجہ سے اس معاہدہ کی خلاف ورزی کرکے اس سے الگ ہو چکا ہے۔ اس لئے اسے شریک کرنے کی ضرورت پیدا نہیں ہوتی۔ اس سلسلہ میں برطانیہ، فرانس اور بلجیم کے مابین گفت و شنید ہو رہی ہے اور اس کے تصفیہ کا دارومدار ان ہی ممالک کے سیاست دانوں پر ہے۔

## ستیہ وتی دیوی پر پابندیاں

### چھ ماہ کیلئے حدود بلدیہ سے باہر جانے کی ممانعت

نئی دہلی ۱۳ جولائی۔ جیف کمشنر نے ستیہ وتی دیوی کو جو ایک کانگریس سوشلسٹ لیڈر ہیں۔ زیر دفعہ ۳ پنجاب کریمنل لا امینڈمنٹ ایکٹ ایک نوٹس دیا ہے جس میں انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بلدیہ دہلی کی حدود سے باہر نہ جائیں اور سیاسی یا حکومت مخالف سرگرمیوں میں حصہ نہ لیں یہ پابندیاں چھ ماہ تک کیلئے ہیں۔ یاد رہے کہ حال ہی میں مزدوروں کی جو ہڑتال ہوئی تھی اس میں ستیہ وتی دیوی نے بڑی سرگرمی سے حصہ لیا تھا۔


## محبوب عاشق کے قدموں پر

### ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

عمل سفلی [illegible] عمل علوی [illegible] عمل عداوت [illegible]

پتہ:- فضل شاہ عامل گلی راجان کوچہ چیلان دہلی


## برطانیہ کی زبردست جنگی تیاریاں

### گیس سے محفوظ رکھنے والے نقابوں کی تیاری

### جاسوسوں کیلئے ایک لاکھ پونڈ کا ضمنی مطالبہ

لندن ۱۳ جولائی۔ سول سروس کے ضمنی اخراجات کا تخمینہ چالیس لاکھ پونڈ کیا گیا ہے جس میں آٹھ لاکھ ۵۰ ہزار پونڈ زہریلی گیس سے محفوظ رکھنے والے نقابوں کی تیاری کیلئے مخصوص ہیں۔ یہ نقاب صرف اس وقت تقسیم کئے جائیں گے جب ان کی ضرورت ہوگی۔ لیکن انہیں اہم مراکز میں ہر وقت رکھا جائیگا اور عام لوگوں کو یہ نقاب پہننے کی مشق کرائی جائیگی۔ جاسوسوں کے اخراجات کے لئے ایک لاکھ پونڈ کے مصارف منظور کئے گئے ہیں۔ یہ جاسوس صرف جنگ کے دوران میں کام کریں گے۔


## یہ تو ہمارا اخلاقی فرض ہے

[illegible]

قیمت فی ڈبیہ ۲۰ گولیاں ایک روپیہ۔ پانچ ڈبیاں چار روپے

سمر آنگاٹ نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

## بواسیر

چونکہ معدہ، جگر اور آنتوں کی خرابی سے پیدا ہوتی ہے اس لئے جب تک ان اعضا کا علاج نہ کیا جائے اور سبب دور نہ ہو، کوئی دوا (خواہ کھانے کی ہو یا لگانے کی) مفید نہیں ہوسکتی ہے اگر آپ کو بواسیر خونی یا بادی (ریحی) ہو مسوں میں درد، ورم اور جلن ہو، خون بہتا ہو۔ ہاضمہ خراب ہو تو اپنی پوری کیفیت لکھ کر جوابی خط کے ذریعہ ہم سے

مفت طبی مشورہ لیجئے

پتہ:- حکیم عبدالرحیم جلال آباد ضلع مظفر نگر (یو۔پی)

## سرمہ نور

اگر آنکھوں کی تندرستی و سرمے سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کرکے استعمال کیجئے۔

سرمہ ۱ آنکھوں کی خارش، سرخی، دھندھ، جالا، پھولا، ناخونہ اور پلکوں کا گر جانا رفع ہو کر روشنی ہے ... [illegible] ان شاء اللہ ان کی آنکھوں کو کسی قسم کا مرض لاحق نہ ہوگا۔

قیمت فی تولہ عہ ۶ ماشہ کی شیشی ۸ر

سرمہ ۲ یہ سرمہ بھی [illegible] ... اگر سرمہ کا استعمال شروع کردیں تو ان شاءاللہ چشمہ کی ضرورت نہ پڑیگی۔

قیمت فی تولہ عہ ۳ ماشہ کی شیشی ۴ر ملنے کا پتہ

(مولانا) نورالدین بہاری بیری والا باغ دہلی

## برص اور پھلبہری کی نایاب دوا

یہ دوائی چند روز کے استعمال سے ہر قسم کے برص کو جڑ سے کھو دیتی ہے۔ آپ ہزاروں حکیموں ڈاکٹروں کویراجوں اور مختلف مشتہرین کی دوائیاں استعمال کرچکے ہیں اور سہر علاج میں آپ کو مایوسی ہوئی مگر ہماری دوا آپ کو فرق چند دفعہ کے استعمال میں اپنا اثر دکھائے گی۔ پانچ سو روپیہ انعام اس شخص کو دیا جائیگا جو اسکو غلط ثابت کرے۔ قیمت دو روپے (عہ) ملنے کا پتہ

ویدیا راج اکھل کشوری رام نمبر ۲۹/۱ ڈاکخانہ کتری سرائے گیا

## گپت منتر

### یک صد روپیہ انعام

جس کام کو آپ لاکھوں روپے خرچ کرکے نہیں کرسکتے اس منتر کو بہت آسانی سے جلد ہی کرسکتے ہیں کسی تکلیف یا بکھیڑے کی بالکل ضرورت نہیں ... [illegible]

قیمت ڈاک خرچ وغیرہ دو روپے سات آنے (عہ ۷ر)

Sidh Mantar Ashram
29/1 Katri Sarai
(Gaya)

## آلہ نامردی

بنام ڈیلر ساختہ جرمنی و دیگر آلات نامردی امریکہ، فرانس وغیرہ مانع حمل کے واسطے ربڑ کا ہر ایک سامان اور ادویات "ری منٹو" برائے امساک آرٹ وسینا فوٹو ہر ایک قسم کوک شاستر و دیگر متعلقہ کتب، مانع احتلام کے لئے چھلے ہندوستان بھر میں جاری واحد فرم ہے جو فقط اس سائنس کے متعلق اشیاء مہیا کرتی ہے۔ آپ اپنی ضروریات تحریر فرمادیں۔ ہمارا تعلق دنیا کی اس سائنس کے ماہرین کے ساتھ ہے۔

فہرست مفت طلب کریں۔ خط و کتابت پوشیدہ رکھی جاتی ہے

سکسوئیل سائینس بیورو فرعلوم تولید رسائل رجسٹرڈ

Sexual Science Bureau

سول ایجنٹس (L. D.) انارکلی پوسٹ بکس ۱۸۸ لاہور

### دس فیٹ اونچائی سے گرا دیجئے یہ گھڑی بند نہیں ہوگی

## ولایت والوں کی صناعی کا حیرت انگیز نمونہ

آج آپکو ایک ایسی حیرت انگیز دستی گھڑی سے روشناس کرایا جاتا ہے جس کے حالات سنکر آپ بھی دنگ رہ جائیں گے خدا ہی جانے کس بلا کی مشین ہے، اس گھڑی کو دس فیٹ اونچائی سے پتھر کی زمین پر پھینک دیجئے ہرگز بند نہیں ہوگی۔ اور نہ گھڑی کی مشین میں کسی قسم کی خرابی آئے گی۔ اس عجیب کرشمہ سے ہندوستان کے گھڑی ساز تک حیران ہیں کمپنی نے خود اپنی طرف سے اس گھڑی پر دس سال کی گارنٹی لکھ دی ہے کہ جو مشین سخت امتحان سے خراب ہو وہ یقیناً سالہا سال تک کام دیگی اور پھر لطف یہ کہ بہت خوبصورت فیشن ایبل اور صحیح وقت دینے والی لیور مشین ہے۔ ہماری یہ گھڑی بڑے بڑے اصحاب ایڈیٹر صاحب "کامیاب" و ایڈیٹر صاحب رسالہ "توحید" اور بڑے بڑے رئیسوں کے سامنے امتحاناً مقابلے میں پیش کی گئی بعض حضرات نے دوبارہ اس گھڑی کو دس فیٹ کی بلندی سے زمین پر دے مارا لیکن گھڑی کی مشین پر کوئی آنچ نہ آئی اس لئے گھڑی کو رفع شک کیلئے بھی اٹھا کر دکھا دیا۔ لیکن وہ بدستور چل رہی تھی۔ اس گھڑی کی اس حیرت انگیز بات پر بہت سے حضرات نے اپنے اپنے قلم سے اس کے لئے اچھے اچھے سرٹیفکیٹ عنایت کئے جنکا ماحصل یہ ہے کہ یہ گھڑی بہت مضبوط لیور مشین کی ہے اور خوبصورت ہے جلدی کیجئے۔ جلدی منگائیے بہت تیزی کے ساتھ فروخت ہو رہی ہے۔ نہایت خوبصورت کیس دہاتھ پر باندھنے کا تسمہ) اسٹریپ بھی اس کے ساتھ بھیجا جاتا ہے۔ قیمت فی عدد چھ روپے ایک آنہ دیئے، محصولڈاک پانچ آنے (۵ر) تین ایک ساتھ منگانے پر محصول ذمہ کمپنی۔

ہندوستان میں گھڑیوں کے بڑے سوداگر۔

یونائیٹڈ میڈیکل سروس دریا گنج ۳ دہلی

دیکھا آپ نے کتنی حیرت انگیز گھڑی۔ کتنی مضبوط اور کتنی کم قیمت پر مل رہی ہے۔


## اسلامیات

### عبادات

(از مولانا نورالدین بہاری)

(۴)

حج بھی مشقت کی چیز معلوم ہوتی ہے مگر اس کی فرضیت کے ساتھ من استطاع الیہ سبیلا کہہ کر تمام مشکلات کا خاتمہ کردیا۔ راستہ بھی پُر امن ہو تمہارے پاس مالی آسائش ہو کہ آرام سے آجا سکو اور بال بچوں کے گذارہ کیلئے دے سکو اور کسی کے مقروض نہ ہو اور وہ تمام تفصیلات جو اسلام کی قانونی کتابوں میں مذکور ہیں۔

زکوٰۃ میں انسان کو اپنی محنت و مشقت کا کمایا ہوا مال خرچ کرنا پڑتا ہے حالانکہ وہ مال بنی اسرائیل جیسا پھونکا نہیں جاتا بلکہ زکوٰۃ کا قومی و ملکی مفاد کے لئے جس میں اہل حاجت کی امداد تعلیم کا نظم مقروضوں کی رستگاری قوم و وطن کی حفاظت کے لئے سامان جہاد ... [illegible] ہے کہ اسلام نے اپنے اہم عبادات کو اتنا سہل کردیا کہ کسی کو دقت نہ ہو۔ بلا تکلف ہر شخص کو جس کو بھی قدرت ہو کرے۔

ترک لذائذ دنیا خواہ کسی نیت سے کی گئی ہو مگر اسلام نے اس کو فسق و بدعت سے تعبیر کیا ہے اور یہ کہا کہ ان سے پوچھو کس نے زینت و آرائش اور روزی کی اچھی اور بھلی چیزوں کے کہانے سے کس نے منع کیا ہے حالانکہ اللہ نے اپنے بندوں کے لئے ان چیزوں کو بنایا ہے۔

قل من حرم زینۃ اللہ التی اخرج لعبادہ والطیبت من الرزق۔

ان سے پوچھو کہ اس زینت و آرائش اور روزی کی اچھی چیزوں کو جو خدا نے اپنے بندوں کے لئے کس نے حرام کیا۔

صحابہ کے حالات میں ایسے واقعات بکثرت سے ملیں گے کہ بعض صحابہ نے [illegible] ... ایک اور صحابی مدینہ میں حاضر ہوکر اسلام لائے اور اپنے وطن واپس تشریف لے گئے وطن جا کر دن کا کھانا چھوڑ دیا اور مسلسل روزے رکھنے لگے۔ ایک سال کے بعد وہ پھر بغرض خدمت مبارک میں حاضر ہوئے تو مشقت سے ان کی صورت ایسی بدل گئی کہ آپ ان کو پہچان بھی نہ سکے۔ جب انہوں نے اپنا نام بتایا تو آپ نے فرمایا کہ تم تو خوش رو تھے۔ تمہاری صورت کیوں ایسی بدل گئی۔ انہوں نے جواب دیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ سے مل کر جب سے گیا ہوں مسلسل روزے رکھتا رہا ہوں۔ فرمایا کہ تم نے اپنی جان کو عذاب میں کیوں ڈالا۔ رمضان کے علاوہ ہر ماہ میں ایک روزہ کافی ہے۔

(باقی آئندہ)

## مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

### شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے متعلق اسمبلی میں سوالات

### قاضی محمد احمد صاحب کاظمی کی قابل تحسین مساعی

(گذشتہ سے پیوستہ)

#### شاہدرہ سہارنپور ریلوے کے تار گھر

سوال۔ جہاں تک سوال ۱۲۳۵ کا تعلق ہے اس کا آپ سے کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ محکمہ تار کا تعلق ہے اس لئے کہ خود آپ صراحت سے کہتے ہیں۔ کہ اس ریلوے کے ٹیلیگراف آفس صوبہ متحدہ کی گورنمنٹ کے زیر انتظام ہیں تو پھر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ اس سوال کو لینے اور پرکیوں لے رہے ہیں۔

مسٹر پریسیڈنٹ (آنریبل سر عبدالرحیم) اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

سوال۔ کیا یہ واقعہ ہے کہ نہیں کہ ریلوے محکمہ تار کے تاروں کو اپنے استعمال میں لاتی نہیں۔

مسٹر جی۔ ڈی۔ بہودر (ڈائرکٹر محکمہ تار) محکمہ تار ریلوے کے استعمال کے لئے تار لگاتا ہے اور یہ تار صرف ریلوے کے اختیار میں ہوتے ہیں۔ ان تار گھروں سے ریلوے کے حدود کے باہر تار نہیں بھیجے جاتے۔

سوال۔ کیا تار اس علاقہ کے باہر نہیں بھیجے جاتے کیا گورنمنٹ محکمہ تار اور اس ریلوے کے محکمہ تار میں کوئی ایسا سمجھوتہ نہیں ہے کہ جس سے تار ایک کے ہاں سے دوسرے کے ہاں بھیجے جاسکیں اگر ایسا انتظام ہے تو وہ کیا انتظام ہے۔

مسٹر جی۔ ڈی۔ بی ووڈ۔ کیا آنریبل ممبر کا مطلب اس خاص ریلوے سے ہے۔

جواب۔ ہاں۔

مسٹر جی۔ ڈی۔ بی ووڈ۔ مجھے کوئی اطلاع نہیں۔

سوال۔ جو تار ریلوے کی اغراض کے لئے اس ریلوے پر دئے جاتے ہیں وہ ہندوستان کے دوسرے حصوں یا دنیا کے دوسرے حصوں میں کیسے جاتے ہیں یہ انتظام کس طرح ہے کہئیے۔

جواب۔ مسٹر جی۔ ڈی۔ بی ووڈ۔ غالباً بعض دفاتر ایسے ہیں صاحبان [illegible] ...

[illegible]

سوال۔ جناب میں چاہتا ہوں کہ اس امر کا کون تصفیہ کرتا ہے کہ سوال کون سے محکمہ کے متعلق ہے کیا یہ آپ کے دفتر میں ہوتا ہے۔

مسٹر پریسیڈنٹ (آنریبل سر عبدالرحیم) نہیں ہم کو معلوم نہیں۔ فقط


ہر سائز کے قرآن مجید معرا و مترجم الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی سے طلب فرمائیے

## داخلہ

### دی آیورویدک اینڈ یونانی طبی کالج دہلی

(۱) آیورویدک شعبہ سنسکرت (۴) یونانی شعبہ عربی
(۲) آیورویدک شعبہ بھاشا (۵) یونانی شعبہ اردو
(۳) آیورویدک شعبہ زنانہ (۶) یونانی شعبہ زنانہ

جو طلباء مندرجہ بالا شعبوں میں سے کسی ایک شعبہ میں بہترین علمی و عملی تعلیم حاصل کرنے کے خواہشمند ہوں یا جو طالبات شعبہ زنانہ میں تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہوں وہ ۳۰ جولائی ۱۹۳۶ء تک اپنی درخواستیں بنام عالیجناب افسر الاطباء حکیم حاجی محمد ظفر خاں صاحب رئیس اعظم و آنریری پرنسپل طبی کالج دہلی روانہ کردیں۔ پراسپکٹس و فارم داخلہ طلب کرنے پر بلاقیمت بھیجا جاتا ہے۔

المشتہر

دفتر پرنسپل آیورویدک و یونانی طبی کالج دہلی

## سو برس تک زندہ رہنے کی ترکیب

### اپنی دماغی قوتوں کو بیدار کرو

زرنب (برہمی بوٹی) روح کو فرحت اور لطافت بخشتی ہے۔ دل و دماغ جگر و معدہ کو قوت بخشتی ہے۔ کھانسی، دمہ و بلغم کو زائل کرتی عصبی مرضوں شلاً جنون، مرگی، سکتہ و غشی وغیرہ میں سعد فائدہ پہنچاتی ہے۔ خون کو صاف کرتی، بیشاب لاتی اور خفقان، احتلام اور سرعت کو دفع کرتی ہے۔ ایک خاص خوبی اس دوائی میں یہ ہے کہ علاوہ مقوی معدہ ہونے کے قبض کا بھی ازالہ کرتا ہے ... [illegible] ... استعمال کرتے تھے۔ "کتاب مشسرت" مولفہ پنڈت دھنونتری میں جو ہر زرنب کے متعلق لکھا ہے کہ اگر جوہر زرنب یعنی

### برہمی بوٹی

کو ایک ہفتہ استعمال کیا جائے تو انسان بہت عقلمند ہو جاتا ہے۔ اگر دو ہفتہ استعمال کیا جائے تو انشاء پردازی اور مضمون نگاری کا ملکہ وسیع ہو جاتا ہے اور بھولے ہوئے اکثر مضامین یاد آجاتے ہیں۔ اگر تین ہفتہ استعمال کرے تو شعر و سخن اور مشکل عبارتوں کو صرف دو تین دفعہ پڑھنے سے حفظ کرسکے تین ہفتہ کے استعمال سے چہرہ بارونق ہو جاتا ہے اور انسانی عمر ایک سو سال سے زیادہ ہو۔

اسی طرح دیگر کتابوں میں بھی برہمی بوٹی کی تعریف بہت لکھی ہے ... [illegible]

کئی لاکھ انسان جو برہمی بوٹی کا نام ہی جانتے تھے مگر اس کے طریقہ استعمال سے ناواقف تھے ... [illegible] ... اگر آپ بھی دماغی اور جسمانی کمزوری کو دور کرنا چاہتے ہیں تو اس بوٹی کا جوہر

### مائنڈولین

کا استعمال شروع کردیجئے اور اپنی دماغی جولانیوں کو اور کھلی ہوئی قوتوں کو زندہ کرتے کام میں لائیے چالیس روز مائنڈولین کے استعمال سے عقل و فکر حافظہ خوب بڑھ جائے گا۔ دل و دماغ خوب مضبوط ہوں گے۔ ہاضمہ کی قوت کو زیادہ کریگا۔ احتلام جریان دور ہو جائیں گے قبض رفع ہوگا۔ جگر کا فعل درست ہو جائیگا۔ اور چہرہ کا رنگ خوب صاف ہو جائے گا۔ قیمت چالیس خوراک چار روپے مع محصول ڈاک علاوہ

ملنے کا پتہ:- سعید برادرس اینڈ کو کلاں محل دہلی

## خون

تار کا پتہ "میڈی سنز دہلی"

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۶

کی خرابی سے پیدا ہونے والی ہر بیماری کیلئے مصفی ایک لاثانی دوا ہے جس کو ہندوستانی دواخانہ دہلی نے ایک خلاصہ (ایکسٹریکٹ) کی شکل میں پیش کیا ہے۔ ایک شیشی میں پانچ تولہ (دو اونس) ایکسٹریکٹ ہے جس پر بارہ خوراکوں کے نشان لگے ہوئے ہیں اور ایک خوبصورت کیس میں پیک ہے قیمت صرف آٹھ آنے (۸ر)

### مگر خیال رہے

ایک شیشی کی فرمائش بیکار ہے خون کی اصلاح جلد نہیں ہوتی کم از کم پانچ شیشیاں طلب کیجئے جو ایک ماہ کے لئے کافی ہیں مندرجہ ذیل امراض کی

### سرکوبی

خوب کرتی ہے۔ داد، کھجلی، چھیپ، جسم کے سیاہ داغ، ایگزیما، بواسیر، نواسیر، آتشک، سوزاک، برص (سفید داغ) جذام (کوڑھ) عرق النساء، ایڑی کا درد، پلکوں کا گرنا (ہانی) گھٹیا۔ مصفی کا استعمال جب کہ

### انجکشن

بیکار ثابت ہوچکے ہوں، ضرور کیجئے اور فخر کیجئے کہ ہندوستان نے ایک ایسی دوا پیش کی جسکا جواب یورپ پیدا نہیں کر سکا

نوٹ:- ہندوستانی دواخانہ کی کوئی شاخ (برانچ) نہ دہلی میں ہے اور نہ دہلی سے باہر کسی شہر یا قصبہ میں ہے تمام کاروبار مرکز (دہلی) سے ہوتا ہے۔

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۲۲ دہلی

جس کو حکیم اجمل خاں صاحب نے ۱۹۰۳ء میں ملک کی خدمت کیلئے بنایا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳ — جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان — تار کا پتہ "الجمعیۃ دہلی" ٹیلیفون نمبر ۵۳۴۵

# الجمعیۃ دہلی

یداللہ علی الجماعۃ — سہ روزہ

ادارہ — مسئول: ابوالبیان ادیبی، محی الدین قاری

نگران: مولانا نورالدین بہاری

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

جلد (۲۴) — دہلی یوم جمعہ ۴ رجمادی الاول ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۴ جولائی ۱۹۳۶ء — نمبر (۶)


## نظم حیات

(از جناب سید مہدی حسن صاحب راندیری)

نظم حیات دل مرا تو ہر نشست میں — ضابطۂ اصول میں حیطۂ بند و بست میں
کردہ تھا دل حزیں بارگہ الست میں — ڈالدے اضطراب جو خیر کے بند و بست میں
اے دل خواب جو رنج حجاب سے ہوشیار ہو — کھاتے ہیں تیری جال ہو ذرا بھی شکست میں
بوالہوسی نے کر دیا دور اصول عشق سے — فرق کہاں ذرا نے کچھ بھی بیت بہت میں
اے دل بے خبر تری بیخبری کی حد بھی ہے — دخل دیا ہے غیر کو جلوہ گہ الست میں
تیرے وصال کی طلب خانۂ دل میں یوں ہے قید — جیسے کسی کی ملک ہو قبضۂ تنگدست میں
کیسے کروں میں جستجو منزل کوئے یار کی — سلسلۂ عذاب ہے طاقت پا و دست میں
صید فگن کا لطف ہے مجھ صید ضعیف پر — پاؤں ہے مرا ہیں بند میں ہاتھ مرے ہیں شست میں
موت ہے میرے سامنے زندگی قفس کے ساتھ — پھر بھی مجھے یقین ہے تو ہے وجہ و دہشت میں
دیکھ رہا ہوں پردہ معرکہ حیات و موت — پھر بھی ہی جو دہائے مری نشست میں
دعوی عشق ہے آج ہے عدو روح عشق — یانی تھا دل وہ جو کی نظر شکست میں
بھول گیا ہے جسے درس حیات جاوداں — تیرہ بلندی گر گیا قعر پست میں
رہبر راہ عشق بھی گمرہ عشق ہو گیا — اسکو وہ لغزشیں ہوئیں لذت پست میں
تھا جو مرا پیام بر دشمن جاں ہی ہوا — نشتر ثانی ہے کہی محفل یار مست میں
سجدہ گہ نیاز ہے نقش اسارت عدو — جلوہ گر جمال ہو خیر کے بند و بست میں
مہدی نغمہ ساز غم کیوں نہ بہا کے خون
کعبۂ جان و دل ہے جب جسم عدو کی شست میں

## خواب کی دُنیا

(از جناب تاثیر صاحب)

مجھے وصال سے تو خوگر جمال نہ کر — خیال خواب کی دنیا کو پائمال نہ کر
نیاز مند کو محو نیاز رہنے دے — مرے شباب کو آمادۂ سوال نہ کر
بے نشاط تصور ہے بے نیاز خمار — ہجوم شوق کو غرقاب انفعال نہ کر
نہ دے جواب نگاہوں کو بے حجابی کا — ابھی وہ عشق کو وابستہ مآل نہ کر
نہ دیکھ میری طرف یوں نظر جھکائے ہوئے — نقاب حال حجاب تک اسے حال نہ کر
ہوس کی گود میں بچے عشق کو تاثیر — شکیب قلب کو آشفتۂ خیال نہ کر

# دنیائے اسلام

## عربی ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

## فلسطین کے عرب موت کو ترجیح دیں گے!

### عربی فوج کے عہدیداروں کا خیال، برطانی سیاست کا دھوکہ

### ترکوں کے دور حکومت میں جو آزادی تھی وہ اب کہاں؟

### فلسطین کے عیسائی فاضل امیل غوری کا برطانیہ کو انتباہ

حزب فلسطینی عربی کے سکرٹری استاذ امیل غوری نے جو اس وقت لندن میں مقیم ہیں ... [illegible]

### عربی فوج کے عہدیداروں کا خیال

### ترک یاد آتے ہیں!

### برطانی سیاست کا دھوکہ

### یہودی مہاجرین کا طوفان

### بیکاری کا دور دورہ

### عرب مزدوروں کا بائیکاٹ

### عربوں سے برطانیہ نے دغا کی ہے

### پچاس کروڑ مسلمانوں کی دشمنی

### مصلحت کے خلاف برطانیہ کی ضد

## برطانوی وفد دانیال پر

### ملک معظم ایڈورڈ ہشتم معائنہ کرینگے!

## مشنریوں کے تمام مدارس بند

### وزارت معارف ترکیہ کا اعلان

## ترکی کی دو بندرگاہیں آزاد

### غیر ملکی کمپنی کا قبضہ ختم ہوگیا

## شاہ ایران کا سفر بلقان

### مشرقی میثاق کی ایک نئی کروٹ

[illegible]


رجسٹرڈ نمبر L 1793 (Regd No L 1793)

# The Aljamiat

Vol. 24 No. 5 — DELHI MONDAY 20th July 1936. — PRICE ONE ANNA


## تالاب کے قریب شکار کھیلنے پر چھ روزہ ہڑتال

### مہاراجہ جودھپور سے مداخلت کی درخواست

[illegible]

## جرمنی کی جانب سے معاہدہ کی خلاف ورزی

### ہیلی گولینڈ کی حصار بندی کیجا رہی ہے

[illegible]

## پندرہ لاکھ روپیہ کا نقصان

رنگون ۱۸ جولائی۔ بسین کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ ... [illegible]


## جذام، کوڑھ، سن بہری کا

[illegible]

پتہ: منیجر دفتر اکسیر جذام ۱۲ در بھنگہ

## خضاب چھوڑ دو

[illegible]

بال کالا اسٹورس کمپنی جمری در بھنگہ

## ضرورت

[illegible]

## جوہر وسمہ مہندی کے متعلق دنیا کا متحدہ فیصلہ

[illegible]

### تعریف کنندگان کے اسمائے گرامی

[illegible]

صوفی اینڈ کو رجسٹرڈ آزاد منزل نیا محلہ راجہ بازار راولپنڈی شہر

سوئس کے مشہور معروف کارخانہ کی بنائی ہوئی اصلی ... پاکٹ واچ بموجب نقشہ گارنٹی پانچ سال اصلی قیمت آٹھ روپے ... رعایتی قیمت چار روپے ... محصول ڈاک معاف۔ پتہ: کامرشیل ٹریڈنگ ایجنسی پوسٹ بکس ۵۹ کلکتہ

## ۵۰۰۰ روپے کے نقد انعامات

موٹر کار، ریڈیو، گراموفون، کتابیں، گھڑیاں اور طلباء کیلئے وظائف

| | | |
|---|---|---|
| پہلا انعام | صحیح حل بھیجنے والوں کیلئے | ۲۵۰۰ روپے نقد یا ایک موٹر کار |
| دوسرا انعام | ایک غلطی والوں کیلئے | ۱۰۰۰ روپے |
| تیسرا انعام | دو غلطیاں والوں کیلئے | ۵۰۰ روپے |
| چوتھا انعام | تین غلطیاں والوں کیلئے | ۵۰۰ روپے |
| دس انعامات | پچاس پچاس روپے کے کل | ۵۰۰ روپے |

[illegible]

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ |
| ٹائپ رائٹنگ | | | | | |

### قواعد

[illegible]

پتہ: دی فیڈرل پریس دادر بمبئی

The FEDRAL PRESS DADAR, BOMBAY



دمہ، بواسیر، سوزاک، جریان، ایام کی خرابی، سفید داغ، نامردی، بدہضمی، گٹھیا، خون کی خرابی جڑسے آرام نہ ہو تو دونا دام واپس کی گارنٹی۔ دمہ کی دوا چار روپے۔ سوزاک کی پانچ روپے۔

جڑی بوٹی کے لئے تھوک خریدار چاہئے

پتہ

جڑی بوٹی میڈیکل اسٹور پوسٹ ہرلاکھی دربھنگہ



## کمزوری نامردی

قوت کو بڑھانے جوانی کو لوٹانے نامردی کو دور کرنے دھات کا گرنا روکنے پتلی دھات کو گاڑھا بنانے میں یہ دوا جادو کا کام کرتی ہے فائدے کی گارنٹی ہے فائدہ نہ ہو تو دام واپس۔ ایجنٹ چاہئے

دام نیا مرض ... پرانا چار روپے ...

پتہ

بوٹی ٹانک ہال پوسٹ کنسی سمری ضلع دربھنگہ



## پانچسو کارآمد باتیں

جن کو پڑھ کر ہر شخص لکھ پتی بن سکتا ہے۔ اگر کسی ایک بات پر عمل کر لیا جائے تو معمولی سے معمولی آدمی بھی ہزاروں روپے ماہوار کما سکتا ہے۔ چند دنوں میں مفلسی دور ہو کر تونگری حاصل ہو جاتی ہے۔ یہ تمام باتیں کتاب پوشیدہ تجربے میں درج ہیں۔ ضخامت ایک سو صفحے قیمت صرف دس آنے (۱۰) محصول ڈاک علاوہ ملنے کا پتہ۔ منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی



## میری پیاری بہنو

آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ عورتوں کے امراض کو عورتیں خوب سمجھتی ہیں۔ اس لئے میں آپ کی ہمدردی کے پیش نظر یہ اشتہار دے رہی ہوں ...

ملنے کا پتہ ... ایچ نجم النساء شاہدرہ۔ لاہور



## خون

تار کا پتہ "میڈی سنٹر دہلی"

ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۶

کی خرابی سے پیدا ہونے والی ہر بیماری کیلئے **مصفی** ایک لاثانی دوا ہے جسکو ہندوستانی دواخانہ دہلی نے ایک خلاصہ (ایکسٹریکٹ) کی شکل میں پیش کیا ہے۔ ایک شیشی میں پانچ تولہ (دو اونس) ایکسٹریکٹ ہے جس پر بارہ خوراکوں کے نشان لگے ہوئے ہیں اور ایک خوبصورت بکس میں پیک ہے قیمت صرف آٹھ آنے (۸)

### مگر خیال رہے

ایک شیشی کی فرمائش بیکار ہے خون کی اصلاح جلد نہیں ہوتی کم از کم پانچ شیشیاں طلب کیجئے جو ایک ماہ کیلئے کافی ہیں۔ مندرجہ ذیل امراض کی

### سرکوبی

خوب کرتی ہے، سواد، کھجلی، پھنسی، جسم کے سیاہ داغ، ایگزیما، بواسیر، ناسور، آتشک، سوزاک، برص یا سفید داغ، جذام (کوڑھ) عرق النساء، ایڑی کا درد، پلکوں کا گرنا (بالخنی) گھانچی۔ مصفی کا استعمال جب کہ

### انجکشن

بیکار ثابت ہو چکے ہوں، ضرور کیجئے اور فخر کیجئے کہ ہندوستان نے ایک ایسی دوا پیش کی جس کا جواب یورپ نہیں پیدا کر سکا

نوٹ۔ ہندوستانی دواخانہ کی کوئی شاخ (برانچ) دہلی میں ہے اور نہ دہلی سے باہر کسی شہر یا قصبہ میں ہے تمام کاروبار مرکز (دہلی) سے ہوتا ہے۔

## منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۳۲ دہلی

جس کو حکیم اجمل خاں صاحب نے ۱۹۰۵ء میں ملک کی خدمت کے لئے بنایا


# اطلاعات

... سے ہاتھ ملائیں تو یہی دانشمندی اور قومی بہبودی کے لئے کار ثواب ہو اور اگر مسلم لیگ ملک کی آزادی خواہ جماعت سے ہاتھ ملانے کا نام لے تو اس کا یہ کام خیر دانشمندانہ نا اندیشانہ اور قوم کے لئے مضر بتایا جاوے۔

(مولانا) منظور النبی سہارنپور

## ڈھاکہ میں امیر الشریعت بہار کا ورود مسعود

### یورپی سیاست کے مقابلہ کیلئے اسلامی سیاست کی تعلیم

۱۲ اگست ۱۹۳۶ء کو حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب۔ جناب حافظ محمد ثانی صاحب شیخ عدالت حسین حسب پروگرام بمقام ڈھاکہ ضلع چمپارن تشریف لائے بابو محمد ... صاحب و دیگر اصحاب نے اطراف و جوانب میں مسلمانوں کو اطلاع دیدی تھی کہ بعد نماز جمعہ جلسہ عام ہوگا جس میں حضرت ممدوح کی تقریر ہوگی چنانچہ خلاف توقع اس قدر مسلمان جمع ہوئے کہ اندر کے دالان سائبان ...

## نیشنل اگریکلچرسٹ پارٹی

### کے ایک سرکردہ ممبر کے بیان پر تنقید

... پارٹی کے ایک سرکردہ ممبر صاحب کا بیان پڑھکر عجب معلوم ہوا کہ ...ایک ہی وقت میں متضاد باتیں ...

... گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ میں مسلمانوں کے مفاد ... ضروری تھے وہ تمام اس میں شامل کر دیئے گئے ... کونسلوں میں ٹھوس فرقہ وارانہ پارٹیاں بنا کر یہ ... بہترین خدمت سرانجام دے سکیں گے ... اصولوں پر پارٹیاں بنانے کے بجائے ...

## مجلس احرار یوپی کی جماعت عاملہ کا اجلاس

### مسلمانوں سے مسلم لیگ کے نمائندوں کی امداد کی اپیل

## انجمن ضیاء الادب کا دوسرا سالانہ جلسہ

## سلسلۂ تعلیم الاسلام


## کشمیری ڈوری خوبصورت ہے

... ڈی ایم سی مارکہ کی سوزنیاں، منقش چادریں اور دوسرے آرائشی پارچہ جات ... سے کہیں زیادہ خوبصورت اور دلفریب ہیں۔

ان کے پیارے اور سبک رنگ۔ ان پر پھول پتی کا سادہ اور دلکش کام اور ان کی دل لبھانے والی صنعت و کاریگری ان کو پہلی ہی نظر میں مسرور کر دے گی۔ ڈی ایم سی کا مارکہ خوبصورتی اور آراستگی کا نشان ہے اسکو ہمیشہ یاد رکھیے

## دہلی کلاتھ اینڈ جنرل ملز کمپنی لمیٹڈ دہلی



## خضاب چھوڑ دو

... بالوں کو چمکدار سفید بال کالا پیدا ہو کر ...

بال کالا اسٹور پوسٹ کنسی سمری دربھنگہ



ہندوستان کا بہت بڑا تجارتی کتب خانہ جو ۲۵ سال سے علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی سرپرستی میں قائم ہے اور جس میں تمام علوم و فنون کی درسی، غیر درسی، اردو، فارسی، عربی کتابیں ہر وقت موجود رہتی ہیں، اور مناسب قیمت پر ملتی ہیں۔

## کتب خانہ رحیمیہ

سنہری مسجد دہلی

ہے اور اسکی شاخ

کتب خانہ اسلامیہ

زیر جامع مسجد دہلی ہے



## اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے



## ایک قطرہ کا کرشمہ

... سعید برادرس اینڈ کو کلاں محل دہلی



## بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

... آتشک گرہ ... جامع نگر کا ... واٹر



## محبوب عشق کے قدموں پر

### ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

... فصل شاہ عالم گلی راجان کوچہ چیلان دہلی



## رعایتی اعلان

... شفاخانہ ڈاکٹر حکیم حاجی غلام نبی زبدۃ الحکماء ... لاہور



سو روپے انعام چاندی کی انگوٹھی

Bengal Mesmarism House
PANCHPOTA (Bengal)



## اخبار الجمعیۃ کی امداد کا آسان طریقہ

الجمعیۃ کی بک ڈپو میں ہر قسم کی عربی، فارسی، اردو، درسی، غیر درسی کتابوں کا کافی انتظام ہے۔ اس لئے ناظرین الجمعیۃ کو جب کبھی کسی قسم کی کتابوں کی ضرورت ہو تو پہلے الجمعیۃ کو یاد کریں۔ علماء اور طلباء کو خصوصیت سے اس کی طرف توجہ فرمانا چاہیے کیونکہ یہ اخبار آپ ہی حضرات کا ہے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی


## ... بنگال کانگریس کا ...

### ... سوشلسٹوں کی طرف سے ورکنگ کمیٹی کو مستعفی ہو جانے کی دھمکی

### کانگریس پارلیمنٹری کمیٹی کے ایجنڈے اور مسٹر راجگوپال اچاریہ کے استعفے پر گفت و شنید

### انتخابی سرگرمیوں میں حکومت کی مداخلت کے خلاف احتجاج

... اگست۔ بابو راجندر پرشاد صدر پارلیمنٹری کمیٹی آج صبح وارد ہوئے جہاں تشریف لانے پر مقامی کانگریس کی طرف سے آپ کا اسٹیشن پر شاندار استقبال کیا گیا ... مسٹر راجگوپال اچاریہ کے بارے میں ... ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنا استعفیٰ واپس نہیں لیں گے ... اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرنے سے انکار کر دیا ہے۔

... صدر کانگریس پنڈت جواہر لال نہرو آج دوپہر کو سیٹھ جمنا لال بجاج کے ہمراہ وارد ... اسٹیشن پر استقبال کیا گیا۔

## کانگریس پارلیمنٹری کمیٹی کا اجلاس

## بنگال کے مسلم طلباء کو مسٹر ... کی نصیحت

## گنٹور میونسپلٹی توڑ دی گئی

## ہندوستان کا نیا نقشہ

### حکومت ہند کا بلا تقرر کا رنامہ

## ... پارلیمنٹری بورڈ

## اسلام اور ہتھیار

## حکومت آصفیہ کی تردید

### تعلیمی کانفرنس کی اجازت نہ دینے کی غلط الزام

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

يد الله على الجماعة

# الجمعیۃ دھلی

سہ روزہ

نگران: مولانا نور الدین بہاری

ادارہ — مسئول: ابو البیان اویسی، محی الدین قادری

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

جلد (۲۴) دھلی۔ یوم جمعہ ۱۰ ؍ جمادی الآخر ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۸ ؍ اگست ۱۹۳۶ء نمبر (۱۵)


## ”شمعِ یقین“

(از جناب کلیق صاحب فیض آبادی)

وفاؤں کی بھی داد دیتے نہیں تم — محبت کو بیگانہ کردو کہیں تم
یہ بے التفاتی ہے کیوں بندہ پرور — کہ جیسے مجھے جانتے ہی نہیں تم
تمہیں یاد ہو یا نہ ہو وہ زمانہ — نگاہوں میں برسوں رہے ہو مکیں تم
یہ دنیا ہے یا بزم حسن و محبت — کہیں میں نظر آ رہا ہوں کہیں تم
کہاں جائے یہ طالب دید آخر — سر طور بھی اب تو آتے نہیں تم
حجابات عالم کو میں جانتا ہوں — ہٹاؤ بھی چہرے سے اب آستیں تم
کہیں عشق بنکر کہیں حسن بنکر — مجھے تو نظر آرہے ہو تمہیں تم
گلستان عالم میں تم عکس آرا — بہار تجلی عرش بریں تم
عرب میں عجم میں زمیں بر فلک پر — ہر اک انجمن میں ہو شمع یقیں تم
فریب نظر بن گئے دیر و کعبہ — یہ کیا ہوگیا اب جو ملتے نہیں تم

مصیبت اگر ہے تو ہے یہ مصیبت
خلیق ستم کش کی سنتے نہیں تم۔

## ”ضیائے تجلی“

(از لسان الملک صاحبزادہ متین اللہ خاں صاحب بہادر واثق ٹونکی)

زمانہ شکایت کے قابل نہیں ہے — کوئی ہو محبت کے قابل نہیں ہے
خدا جانے کیسی ندامت ہے دل کو — وفا تو ندامت کے قابل نہیں ہے
ہر اک دل بشر طیکہ در اصل دل ہو — وہ تیری عنایت کے قابل نہیں ہے
فزوں ہو فزوں ہو ضیائے تجلی — یہ جلوہ تو حیرت کے قابل نہیں ہے
کرم کرنے والے ہزاروں دلوں پر — یہ اک دل عنایت کے قابل نہیں ہے
تمہیں اپنے دل میں اب انصاف کرلو — کہ اب کون الفت کے قابل نہیں ہے
تمنا نکل آئے جس دل میں کوئی — وہ تیری محبت کے قابل نہیں ہے
سمجھ کر ذرا شادماں کیجئے گا — کہ ہر دل مسرت کے قابل نہیں ہے
محبت میں کس طرح سمجھاؤں دل کو — کوئی بات غیرت کے قابل نہیں ہے

مبارک عدو ہی سے رسم محبت
کہ واثق اس عزت کے قابل نہیں ہے

# دنیائے اسلام

## عربی۔ ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

(خاص برائے الجمعیۃ)

### جبل قدس کے عربوں پر ہوائی بمباری

### ۱۵ عربوں پر ہوائی جہازوں ٹینکوں مشین گنوں اور توپوں سے حملہ

### فلسطین میں کیا ہو رہا ہے اور آئندہ کیا ہوگا؟

فلسطین میں عربوں پر جو مصیبت نازل ہوئی ہے اور حکومت ان کو جس طرح بے دردی سے برباد کر رہی ہے اس کا اندازہ رویٹر کی خبروں سے نہیں لگایا جاسکتا۔ اس کا صحیح علم یا تو اللہ تعالیٰ کو ہے یا فلسطین کے باشندے اس کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ یہ تو ظاہر ہے کہ حکومت اور عربوں کے درمیان مسلح جنگ برپا ہے۔ مگر اس کی نوعیت کیا ہے؟ اس کے لئے ذیل کا مکتوب ملاحظہ فرمائیے جو معاصر ”دوادی النیل“ نے اپنے نامہ نگار خصوصی کے ذریعہ فلسطین سے حاصل کیا ہے۔ یہ مکتوب جنگ کے تمام حالات پر مشتمل نہیں ہے بلکہ اس میں صرف ایک روز کی جنگ کے حالات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس مکتوب میں جس جنگ کا ذکر ہے وہ حکومت اور عربوں کے درمیان جبل قدس کی چوٹی پر مقام باب الوادی میں رونما ہوئی۔ یہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ عربوں کی تعداد ۱۵ سے متجاوز نہ تھی۔

#### حکومت کا بری اور ہوائی حملہ

حکومت برطانیہ نے ان ۱۵ عربوں کے مقابلہ میں نہ صرف یہ کہ ایک سو سے زائد فوجی سپاہی ارسال کئے جو سامان حرب سے لدے ہوئے تھے، نہ صرف یہ کہ توپ خانہ، مشین گنیں اور دبابے روانہ کئے، نہ صرف یہ کہ پانچ ہوائی جہاز جن کے اوپر پیادہ اور محافظ جہاز پرواز کر رہے تھے، ان عربوں کو نیست و نابود کرنے کی غرض سے بھیجے بلکہ ان ہوائی جہازوں نے بمباری بھی کی۔ ... ہونے والے زبردست بم ان عربوں پر گرائے۔ یہ عرب ایک میدان میں پناہ گزیں تھے اور جب ان پر بمباری کی گئی تو وہ سب کے سب ہلاک ہوگئے اور ان کے مکانات کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا۔

موثق ذرائع سے معلوم ہوا کہ بمباری توپخانہ کے ذریعہ بم گرائے گئے۔ اس کے علاوہ ہوائی جہازوں سے چار بم گرائے گئے لیکن واقعہ یہ ہے کہ ان کی تعداد اس سے کہیں زیادہ تھی۔

#### عربوں کا حشر

آپ تصور کیجئے کہ جن ۱۵ عربوں پر چاروں طرف سے آگ برسائی گئی ہو ان کا کیا حشر ہوا ہوگا۔ ... کی لاشوں کو شناخت کے لئے جمع کیا گیا مگر ان کی شناخت کی صورت ہی کیا باقی رہ گئی تھی۔ کسی کا حال یہ تھا کہ پورا جسم چیتھڑے چیتھڑے ہوگیا تھا کسی کی گردن غائب تھی ... کوئلہ معلوم ہوتا تھا۔ بمباری کیلئے ہوائی جہازوں کے استعمال کی یہ پہلی مثال نہیں ہے بلکہ مقام اریحا اور دیگر جگہوں میں بھی ایسا ہی ہوا ہے۔

بعض عربوں سے ایک انگریز کی ملاقات ہوئی اور گفتگو کے دوران میں حکومت کے رویہ اور ہوائی جہازوں سے بمباری وغیرہ مسائل پر تبادلہ خیالات ہوا جس پر انگریز نے حکومت کے خلاف سخت غم و غصہ کا اظہار کیا اور کہا کہ عربوں کو حکومت کے خلاف مؤثر کارروائی اختیار کرنی چاہئے۔ عربوں کی مجلس کبریٰ نے بھی آج بمباری کے مسئلہ پر غور و فکر کیا اور تمام دنیا کے انسانوں کے نام ایک اپیل شائع کی ہے۔

#### عربوں اور یہودیوں کی جنگ نہیں ہے

آج ہر عرب کا یہ عقیدہ ہے کہ برطانیہ کو فلسطین میں ہرگز نہ رہنا چاہئے۔ ... اور عربوں کا معاملہ ہے۔ حریت و استقلال کی جنگ ہے اور ظالم و مظلوم کا قضیہ ہے۔

#### ہڑتال کو ۱۰۳ دن ہوگئے!

عرب بجائے اس کے کہ اپنے ہتھیاروں کو پھینک کر حکومت کے سامنے جھکتے وہ ہڑتال پر ۱۰۳ دن گزر جانے پر پہلے سے زیادہ مقابلہ کے لئے تیار ہوگئے ہیں۔ ہر جگہ ہزاروں اجتماعی مظاہرے ہوتے ہیں۔ از دفلسطین

### پٹرول کے پائپ تباہ کردئے گئے

#### ہڑتال کو ختم کرنے کیلئے عربوں کی شرطیں

(۱) غیر مشروط طریقہ پر یہودیوں کی ہجرت کو روک دیا جائے۔
(۲) عربوں کی زمینوں کو یہودیوں کے ہاتھ فروخت کرنے کی ممانعت کردی جائے۔
(۳) جملہ گرفتار شدگان کو بلا شرط و قید رہا کردیا جائے۔

### عالم اسلامی کے تازہ ترین کوائف

الجمعیۃ کے جدید نظم و نسق نے خدا کے فضل سے ... (ادارہ)

### شام کے نوجوانوں کا عزم جہاد

#### فلسطین کی جنگ میں شرکت کا اعلان

### شاہ یمن اور حوادث فلسطین

#### عربوں کی مصیبت پر تاسف کا اظہار

### ترکی اور اٹلی کے تجارتی روابط

استانبول کی اطلاع مظہر ہے کہ ترکی اور اٹلی میں تجارتی تعلقات کے دور جدید پر گفت و شنید شروع ہوگئی ہے۔

---


Regd No L 1793

# The Aljamiat

Vol. 24 No 14 — DELHI MONDAY 24th August 1936. — PRICE ONE ANNA


## حضرت مولانا ابو الکلام آزاد کا مکتوب گرامی

### امارت ملت کے سلسلے میں میرا نام نہ دیا جائے

ابو الکلام — کلکتہ ۱۳ ؍ اگست ۱۹۳۶ء

## امتحان میں لڑکیوں کیلئے پابندی

### پنجاب یونیورسٹی نے عمر کی حد مقرر کردی

## صوبہ دہلی میں پنجاب کا قانون قرضہ نافذ کیا جائے

### دیہات کانفرنس کی اہم تجاویز

اخبار الجمعیۃ کیلئے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے


## الجمعیۃ بکڈپو کی چند مذہبی اور اصلاحی کتابیں

### عورتوں اور بچوں کی کتابیں

خانہ داری — عین اندلس — سیدہ کا لال — تعلیم الاسلام — بچوں کا تحفہ — اربعین — پادری کی لڑکی کا قبول اسلام

### اوراد و وظائف

طب روحانی — دعائے مقبول — احسن الوظائف — حل مشکلات — رسول کی دعائیں

### معمولات مشائخ

عملیات کا ایک ضخیم اور قیمتی مجموعہ

### مذہبی کتابیں

دلائل الخیرات مترجم — دوزخ کا کھٹکا — پاک ... — فتاوی امدادیہ — فتاوی رشیدیہ — بہشتی زیور مکمل مجلد — خلافت فاروقی — تقریر ... — جنت کی کنجی

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دھلی



(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام مولوی محمد اسمٰعیل صاحب پرنٹر و پبلشر چھپکر دفتر اخبار الجمعیۃ دہلی سے شائع کیا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم جمعہ ۱۰ جمادی الآخر ۱۳۵۵ ہجری

# اسلامیّت اور ہندستانیّت

## آئندہ اسمبلیوں میں مسلمانوں کے دوہرے فرائض

ہم کو اسمبلیوں میں اسلامیت اور ہندستانیت کے دوہرے فرائض انجام دینے ہیں

یہ وہ الفاظ ہیں جو اجہ صاحب سلیم پور صدر مسلم لیگ یو پی نے لیگ پارلیمنٹری

مجھے تاکہ وہ موجودہ دستور اساسی کو مسترد کرانے کی سعی کریں اور اس کی بجائے ایک بہتر نظام حکومت قائم کرنے اور ہندستان کے قومی و ملکی مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے ان تمام قوم پرور جماعتوں سے تعاون اور اشتراک عمل کریں جنکا

## مسلم لیگ بنام کانگریس

## کانگریس کا انتخابی اعلان

# موج در موج

قادیانی خلیفہ نے سات اگست ۱۹۳۶ء کو ایک عجیب و غریب خطبہ ارشاد فرمایا ہے۔ یہ خطبہ قادیان کے سرکاری گزٹ "الفضل" مورخہ ۱۹ اگست میں شائع ہوا ہے اس تقریر کو پڑھنے سے یہ حقیقت بالکل عیاں ہو جاتی ہے کہ قادیان کا یہ مصنوعی مذہب اپنی زندگی کے آخری سانس پورے کر رہا ہے۔ اور خدا کے غضب کی بجلی اسے عنقریب بھسم کرنے والی ہے کہاں تو مرزا آنجہانی کا وہ زور شور کہ مسیح موعود کے ہاتھ سے تمام دنیا میں اسلام پھیلے گا اور سوائے مذہب اسلام کے کوئی دوسرا مذہب کہانی بھی نہ رہے گا اور کہاں خلیفہ جی کا یہ خطبہ جو مایوسی، ناکامیوں اور بدبختیوں کا مرقع اور مرزائیت کی بربادی کا کھلا اعلان ہے۔

ارے بھائی مرزا جیو! کدھر جانے کا ارادہ ہے اور کیوں؟ بھائیو! ذرا توٹھیرو اور اپنے کذب و افترا کے نتائج کو تو آنکھیں کھول کر دیکھ لو افسوس قادیانیت کیا تھی تفریح - دروغ گوئی - جاسوسی - استعمار پرستی اور دجالیت کا ایک نمونہ تھی مگر اب وہ ہم غریبوں سے بے وقت چھینی جا رہی ہے۔

خلیفہ جی کے ملفوظات گرامی پر ذرا ایک طائرانہ نظر ڈالئے اور قادیانیت کی بربادی پر تعلیں بجائیے۔ آپ نے سب سے پہلے تو اس بات کا رونا رویا ہے کہ لوگ لئے مرید دیدہ و دانستہ ان کی نافرمانی کرتے ہیں اور اطاعت امیر کی روحانی قوۃ سے محروم ہو چکے ہیں چنانچہ فرماتے ہیں۔

## کیونل اوارڈ کا نیا مفہوم

## تحریک مدح صحابہ



# مباحث امروز

## یسوع میں توہین رسول کا فتنہ

دنیا چودہ سو برس سے اس حقیقت کا مشاہدہ کر رہی ہے کہ مسلمان دنیا کی ہر مصیبت اور تکلیف کو برداشت کر سکتے ہیں - جان و مال کی قربانی کے لئے ان کو مجبور کیا جا سکتا ہے اور ان کے خلاف ہر فتنہ اور ہر شرارت کی پرورش کی جا سکتی ہے لیکن ان کے لئے جو چیز ناقابل برداشت اور صبر شکن ہے وہ آقائے کونین، سرور عالم رحمۃ للعالمین روحانی دنیا کے پیشوائے اعظم محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

انڈیپنڈنٹ لیبر پارٹی کا بنیادی اصول یہ بتایا گیا ہے کہ حکومت تمام کارخانوں اور صنعت و حرفت کو نجی تملیک اور اجارہ داری سے نکال کر اپنے تصرف میں لے اور خود ان کی مالک ہو اور سرمایہ دار و مزدور اور زمیندار و کاشتکار کے مابین متناسب تقسیم منافع کرے۔

ڈاکٹر ابید کر کی یہ پارٹی اپنے اصول اور مقاصد کے اعتبار سے کتنی ہی بہتر اور ضروری کیوں نہ ہو لیکن یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ اس کا نفس وجود اور اسکی جداگانہ تحریکات کانگریس اور دیگر قوم پروروں کے پروگراموں میں ضرور رخنہ انداز

## ظلم عظیم

## پرہیزگاری کے بعد

## انتقادات

## اچھوتوں کا نیا محاذ

# اسلامیات

## اسلامی نظم معیشت اور سرمایہ دارانہ نظم معیشت کے اصول

## سود کے متعلق اسلامی قانون اور موجودہ دور کے معاشی مفکرین

(از جناب مولانا ابو الاعلیٰ صاحب مودودی مدیر ترجمان القرآن)

(۴)

سرمایہ داری میں امداد باہمی کے معنی یہ ہیں کہ آپ انجمن امداد باہمی کو پہلے روپیہ دے کر اس کے رکن بنیے، پھر اگر کوئی ضرورت آپ کو پیش آئے گی تو انجمن آپکو عام بازاری شرح سود سے کچھ کم پر قرض دیدے گی، اگر آپکے پاس روپیہ نہیں ہے

لفظ زکوٰۃ خود اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ مال دار آدمی کے پاس جو دولت جمع ہوتی ہے وہ اسلام کی نگاہ میں ایک نجاست ہے، ایک ناپاکی ہے اور وہ پاک نہیں ہو سکتی جب تک کہ اس کا مالک اس میں سے ہر سال کم از کم ڈھائی فی صدی راہ خدا

## ایران اور یورپ کے درمیان طویل سڑک

### ترکی وزیر خارجہ کی کوشش

# اسپین کے مختلف شہروں پر باغیوں کی زبردست بمباری

## میڈرڈ کی حالت زار۔ سامان رسد کی کمی۔ تمام شہر میں خوف و ہراس

## پیٹرول کے ایک بڑے ڈپو میں آگ کے شعلے

لندن ۲۲ اگست۔ جبل الطارق کی ایک خبر مظہر ہے کہ حکومت اسپین کے ایک جنگی جہاز نے برطانی جہاز کو جو مراکش اور جبل الطارق کے درمیان مسافروں کو لیجا رہا تھا روک لیا۔ جہاز کل طلیلا پہونچنا چاہیے تھا لیکن ابھی تک نہیں پہونچا۔

سیوائل (اشبیلیہ) کی ایک اطلاع ہے کہ باغی میڈرڈ پر زبردست بمباری کر رہے ہیں۔ خصوصاً فوجی بارکوں کو بہت زیادہ نقصان پہونچایا گیا ہے۔ باغیوں کے نمائندہ کا بیان ہے کہ تین یا چار روز میں شہر کا محاصرہ کر لیا جائے گا اور اس کے بعد دارالحکومت پر قبضہ یقینی ہے۔

ایک اور اطلاع ہے کہ باغیوں کے اکیس طیاروں نے میڈرڈ پر بمباری کی اور چار بم برسائے۔ معلوم ہوا ہے پندرہ اور نئے ہوائی جہاز سلامانیکا پہونچ گئے ہیں ...

### سان سبستان اور ملاگہ پر بمباری

لندن ۲۳ اگست۔ شہر ملاگہ اور شہر سان سبستان دونوں باغیوں کی سرگرمیوں کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ دونوں شہروں پر ہوائی جہازوں اور جنگی جہازوں سے بمباری کی جا رہی ہے۔ الجیریا میں فوجی حکام کو اطلاع ملی ہے کہ باغیوں کے ہوائی جہازوں نے آگ لگانے والے بم برسائے۔ میلانا میں بمباری کی وجہ سے ایک بڑے پیٹرول کے ڈپو میں آگ لگ گئی ہے۔

## فلسطین میں مصالحتی گفتگو کا دوبارہ آغاز

شہزادہ فیصل کی آمد ... شہید

ایک یہودی موضع پر دو مسلمانوں پر جرمانہ

### حکومت اسپین کے ساتھ ہمدردی

مزدور جماعت کی مجلس عاملہ کی تجویز

دہلی ۲۳ اگست۔ کل مزدور جماعت (ٹیکسٹائل لیبر یونین) کی مجلس عاملہ نے ذیل کی دو تجاویز منظور کیں۔

(۱) یہ مجلس اسپین کی مزدور حکومت کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتی ہے اور دنیا کے مزدوروں سے حکومت کی امداد کے لیے اپیل کرتی ہے۔

(۲) یہ مجلس کامریڈ رام کشن شاہی اسیر کی بیماری سے متاثر ہو کر حکومت سے ... ان کے رہا کرنے کی اپیل کرتی ہے۔

## شمالی چین میں جاپان کی ریشہ دوانیاں

### جاپان اور چین کے مابین اقتصادی تعاون

### فوجی حکام کی اہم کانفرنس

ٹینٹسن ۲۲ اگست۔ ٹینٹسن میں مقیم جاپانی فوجی دستوں اور فوجی نمائندوں کے درمیان ٹوکیو میں ایک کانفرنس منعقد ہوئی جس میں ایک پروگرام تیار کیا گیا جس میں چار باتیں شامل ہیں۔

(۱) شمالی چین میں عوام کی سوشل حالت کو بہتر بنایا جائے۔

(۲) ہوپی چہار پولیٹیکل کونسل کی امداد کی جائے جس سے جاپان کے خلاف پروپیگنڈا پر کنٹرول کو زیادہ مؤثر بنایا جا سکے۔

(۳) ٹیرف کی شرح کو گھٹا دیا جائے تاکہ ناجائز طریقہ پر درآمد بند ہو جائے۔

(۴) شمالی چین میں جاپان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون ...

# آئندہ الجمعیۃ دس صفحات پر شائع ہوگا

## قارئین کرام کو خوشخبری

آئندہ یکم ستمبر کا الجمعیۃ حسب اعلان دس صفحات پر شائع ہوگا اور یہ عددی اضافہ انشاء اللہ مستقل اور پائیدار ہوگا ... سابقہ الجمعیۃ کی مقبولیت اور گوناگوں خصوصیات میں بھی آپ نمایاں تبدیلی نظر آئے گی اور وہ اپنی حسن ترتیب ... صفحات کا ایک شاندار نمونہ ہوگا۔

کارکنان الجمعیۃ نے خدائے تعالیٰ پر بھروسہ کر کے یہ اہم صحافتی قدم اٹھایا ہے۔ اب ہمارے قارئین کرام اور معاونین حضرات کا کام ہے کہ وہ بھی اپنے فرض کو محسوس کریں اور الجمعیۃ کی سرپرستی فرما کر اس کی اشاعت اور خریداری کے لیے کوشاں ہوں۔ الجمعیۃ کو اعلیٰ سے اعلیٰ معیار پر مرتب کرنا کارکنان کا کام ہے۔ اور اس کی اشاعت اور خریداری کیلئے کوشش کرنا قارئین کرام کا فرض ہے۔ توقع ہے کہ ناظرین کرام کم از کم دو دو خریدار مہیا فرما کر اپنا اہم اسلامی اور جماعتی فریضہ ادا کریں گے اور الجمعیۃ کو ہر اعتبار سے اس قابل بنا دیں گے کہ وہ نصف یا تمام بنیادوں پر قائم ہو جائے بلکہ ترقی کے میدان میں اس کا قدم کامیابی کے ساتھ بڑھتا رہے۔ السعی منی والاتمام من اللہ تعالیٰ۔

(منیجر)

## دہلی میں آتشزدگی کی واردات

### دو لاکھ روپیہ سے زائد کا نقصان

دہلی ۲۳ اگست۔ گزشتہ دو دن سے شہر میں بارش کے ساتھ ساتھ آتشزدگی کی واردات بھی رونما ہو رہی ہیں۔ کل علی الصبح چاندنی چوک میں آگ لگ گئی تھی جس سے قریب دو لاکھ روپے کا نقصان ہوا ہے اور پانچ دکانیں جل کر خاک سیاہ ہو گئی ہیں۔ پولیس کو شبہ ہے کہ کسی نے آگ قصداً لگائی ہے اور چوہدری ... تحقیقات کر رہے ہیں۔ بیان کیا جاتا ہے کہ کل محمد یاسین ہوزری مرچنٹ کی دکان میں یکایک آگ لگ گئی تھی اور ... دکانوں میں پھیل گئی ... محمد صدیق اور محمد تقی کی دکانوں میں شعلے ... باقی دو دکانیں مکمل طور پر جل گئیں۔

### دوسری واردات

ابھی اس آگ کو بجھے ۲۴ گھنٹے بھی نہیں ہونے تھے کہ کل نصف شب کے قریب ... کے پل کے نزدیک ... رام مدن لال سوت جالوں کے کارخانہ میں آگ لگ گئی ... کارخانہ کا سامان جل کر خاک سیاہ ہو گیا ...

## روس کی ہوائی طاقت میں زبردست اضافہ

### فوج میں ایک لاکھ آدمیوں کی بھرتی

ریگا ۲۳ اگست۔ فوج میں بھرتی کی عمر کم کر کے حکومت سوویٹ روس نے ۱۹ سال کر دی ہے جس کی وجہ سے فوج کی تعداد بڑھ جانے کی خیال ہے کہ موسم خزاں تک ایک لاکھ نئے رنگروٹ بھرتی ہو جائیں گے۔ ان کے لئے نئی بارگوں کی تعمیر شروع ہو گئی ہے۔

سرکاری اعداد و شمار مظہر ہیں کہ اس سال جو ہوائی جہاز تیار ہونگے ان کی تعداد گزشتہ سال کی نسبت ... فی صدی زیادہ ہے۔

سوویٹ کے دفتر جنگ نے اطلاع شائع کی ہے کہ سوویٹ روس کی ہوائی طاقت بہت جلد اتنی ہو جائے گی کہ دوسرے ملکوں کا آسانی سے مقابلہ کیا جا سکے۔ ہماری طاقت اتنی بڑھ جائے گی کہ کسی ملک کو روس کو فتح کرنے کی ہمت نہیں پڑے گی۔

## روس یورپ پر حملہ کرے گا

### جرمنی کو خطرہ

## مصری وفد لندن پہونچ گیا

### وکٹوریہ اسٹیشن پر زبردست استقبال

لندن ۲۲ اگست۔ کل رات مصری وفد جو پندرہ افراد پر مشتمل ہے زیر سرکردگی وزیر اعظم مصطفےٰ نحاس پاشا لندن پہونچ گیا۔ وکٹوریہ اسٹیشن پر ایک بڑے مجمع نے جس میں بہت سے مصری بھی شریک تھے وفد کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا اور کپتان ایڈن نے ان الفاظ کے ساتھ ... انگریزی اور مصری دوستی ... پاشا سے مصافحہ کیا۔

## کمیونل اوارڈ اور بنگال کا رویہ

### مسٹر سرت چندر بوس کا اظہار خیال

## البانیہ میں مسولینی کی آمد

## سر محمد حبیب اللہ دیوان میسور

## سوٹ کیس کے اندر بم

## مولانا بشیر احمد صاحب کا دہلی میں ورود

## امن کی بین الاقوامی کانفرنس

### کانگریس کا نمائندہ بھی شریک ہوگا

## جسٹس خواجہ محمد نور

## والیان ریاست کے نام وائسرائے کا ... مکتوب

## صدر مجلس احرار اسلام کے فرزند کی گرفتاری

### مولانا خلیل الرحمن زندان فرنگ میں

## آئندہ انتخاب ... ہوگا



# آج کی خبریں

# سوویٹ روس کے مقابلہ میں جرمنی کی جنگی تیاریاں

## جرمنی فوج کی تعداد دس لاکھ تک پہونچ جائیگی

## عام فوجی بھرتی اور قیام امن کیلئے ہٹلر کا اعلان

برلن ۲۵ اگست۔ آج ہر ہٹلر کے دستخط سے ایک فرمان شائع ہوا ہے جس میں یہ اعلان کیا گیا ہے کہ مسلح فوجوں کے تینوں شعبہ جات کی ملازمت کی میعاد آئندہ کے لئے دو سال مقرر کی گئی ہے۔ قیاس غالب ہے کہ ہر ہٹلر کے تازہ فرمان کے نتیجہ کے طور پر ایک سال کے اندر ہی جرمنی کے فوجی سپاہیوں کی تعداد دس لاکھ تک پہونچ جائے گی۔

### روس کے حملہ کا خوف

سرکاری حلقوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ جرمنی نے یہ عزم بالجزم کر لیا ہے کہ ملوکیت پرست سوویٹ روس کی دھمکیوں کے پیش نظر اگر اسے اپنی آزادی برقرار رکھنے کے لئے کوئی بڑی سے بڑی قربانی بھی کرنی پڑی تو وہ اس سے ہرگز گریز نہیں کرے گا اور وہ اپنی تہذیب و تمدن اور امن و امان کو قائم رکھنے کے لئے ...

### نئی فوجی بارکیں بنائی جائینگی

سیاسی حلقوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ اس فرمان کی رو سے جرمنی فوج کے جنرلوں پر جو پہلے ہی کافی سے زیادہ زیر بار ہیں کام کا بار اور بھی بڑھ جائے گا کیونکہ انہیں نئے رنگروٹوں کے لئے بارکیں بنوانی پڑیں گی اور ان کی فوجی تربیت کے لئے فوجی افسر تلاش کرنے ہوں گے۔

# باسفورس اور بحر اسود پر اسلحی اسٹیشنوں کی تعمیر

## ترکی پارلیمنٹ اور بلگیریا نے معاہدہ دانیال کی تصدیق کردی

## دانیال کیلئے آبدوز کشتیاں غیر ملکی جہازوں کیلئے شرائط

خاص برائے الجمعیۃ

انگورہ (بذریعہ ڈاک) مونٹرو کانفرنس میں دانیال اور باسفورس کے متعلق حکومت ترکیہ اور دیگر حکومتوں کے درمیان جو معاہدہ ہوا تھا اس پر جوش و خروش اور تالیوں کے درمیان ترکی پارلیمنٹ نے مہر تصدیق ثبت کردی۔ دانیال اور باسفورس کی قلعہ بندی توپخانوں، حربی ذخائر اور جدید محافظ فوج کے لئے ایک کروڑ پونڈ کی جو منظوری دی گئی تھی اس میں ترکی پارلیمنٹ نے آٹھ لاکھ ربیہ کا اور اضافہ کر دیا ہے اور وزارت حربیہ کو اختیار دے دیا ہے کہ وہ حسب ضرورت مزید رقم بھی پارلیمنٹ کے ذریعہ منظور کرالے۔

ترکی حکومت نے چار آبدوز کشتیوں کی تعمیر کے لئے آرڈر دے دیا ہے۔ تمام آبدوز کشتیوں کا مرکز آئندہ دردانیال رہے گا ...

# ریف کے مجاہد اعظم سید عبدالکریم میدان جہاد میں

## فرانس کی نگرانی سے بچکر کسی نامعلوم مقام کو چلے گئے

پیرس ۲۴ اگست۔ اخبار "لی مارٹن" کی اطلاع ہے کہ یہاں یہ افواہ پھیل رہی ہے کہ ریف کے مشہور عالم لیڈر عبدالکریم جزیرہ ری یونین سے پراسرار طریقہ پر بچ کر کسی نامعلوم مقام کو چلے گئے ہیں۔ ۱۹۲۶ء میں مجاہد اعظم عبدالکریم ریفی نے مراکش میں علم جہاد بلند کیا تھا اور فرانس نے ان کو گرفتار کر کے جزیرہ ری یونین میں نظر بند کر دیا تھا۔ اب اس اطلاع سے معلوم ہوا کہ آپ فرانسیسی حکام کی آنکھوں میں خاک جھونک کر جزیرہ سے نکل گئے اور کسی نامعلوم مقام میں پہونچ گئے۔

## بنگال میں مسلم لیگ پارلیمنٹری بورڈ کا قیام

### مسٹر جناح کی قابل تحسین مساعی

### تمام پارٹیوں کے ... متفقہ سمجھوتہ

## اسپین کے دارالخلافہ پر حملہ کی تیاریاں

### مراکش کی فوجیں باغیوں کی امداد کیلئے پہنچ گئیں

### میڈرڈ پر ہوائی مستقر پر بمباری

## برطانی سوداگروں پر فائر کئے گئے

## اٹلی میں فوجی بھرتی

## حوض قاضی مارکیٹ توڑ دیجائیگی

### خوبصورت پارک بنانے کی تجویز

## لالہ ہرکشن لال کے خلاف تین کروڑ کے مطالبے

## دریائے راوی کی تباہ کاریاں

### ۲۴ گھنٹے کے اندر دو فٹ پانی چڑھ گیا

## تیس بچوں کو مار ڈالا

## سوشلسٹ پارٹی کی جماعت عاملہ کی تجویز

### سوشلسٹ کانگریس کے ساتھ اشتراک عمل کرینگے

## جنوبی افریقہ میں ریپبلک قائم کرنیکی اسکیم

### برطانیہ سے تعلق منقطع کرنیکا ارادہ

## مشرق بعید میں روس کی تیاریاں

## روس کے سازشی مقدمہ کا فیصلہ

### مجرموں نے اپنے ہی موت کی سزا تجویز کی

## ... ماسٹر ... کیلئے امداد



درد دشمن پر امرت دھارا سے حملہ کرو

ہر قسم کی درد جیسے پیٹ درد۔ تو لنج۔ درد گردہ۔ درد کمر۔ درد چوٹ۔ درد زخم۔ درد ڈنگ۔ کان درد۔ آنکھ درد۔ درد چھاتی۔ درد اعصاب۔ درد عضلات۔ درد نقرس وغیرہ وغیرہ۔ "امرت دھارا" کے استعمال سے ایک دم دور ہو جاتے ہیں۔

سر درد — دانتوں کا درد — پیٹ کا درد — گنٹھیا وغیرہ

امرت دھارا کے پانچ مرکبات

امرت دھارا مرہم۔ امرت دھارا صابن۔ امرت دھارا بام۔ امرت دھارا لوشن۔ امرت دھارا لوزنجز کی شکل میں بھی مل سکتی ہے

خط و کتابت و تار کا پتہ۔ امرت دھارا ۱۲۰ لاہور

المشتہر

مینجر امرت دھارا اوشدھالیہ۔ امرت دھارا بلڈنگ۔ امرت دھارا پوسٹ آفس امرت دھارا روڈ لاہور

# مجلس احرار یوپی کی جماعت عاملہ کا اجتماع

## حکام کے سخت رویہ اور مدح صحابہ سے روکنے پر اظہار نفرت

## ۲۸ اگست کو تمام ہندوستان میں احتجاجی جلسے کرنے کی اپیل

لکھنؤ (بذریعہ ڈاک) جماعت پراونشل مجلس احرار اسلام یو-پی کا اجلاس خصوصی زیر صدارت حضرت مولانا ابوالوفا صاحب شاہجہانپوری دفتر مجلس احرار اسلام لکھنؤ میں منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل تجاویز منظور کی گئیں۔ جماعت عاملہ پراونشل مجلس احرار یو-پی کا یہ اجلاس اُن احکام کے خلاف جو لکھنؤ ڈسٹرکٹ کے مشہور اعلان کو سپرنٹنڈنٹ پولیس نے مدح صحابہ کے سلسلہ میں لکھنؤ میں نافذ کئے گئے ہیں سخت نفرت وحقارت کا اظہار کرتا ہے اور حکومت کو متنبہ کرنا چاہتا ہے کہ مسلمان زندگی کے آخری سانس تک مداخلت فی الدین کو کسی طریقہ پر برداشت نہیں کر سکتے اور اس کے لئے ہر ممکن قربانی کو اپنے لئے وسیلہ نجات سمجھتے ہیں۔

(۲) جماعت عاملہ پراونشل مجلس احرار یو-پی کا یہ اجلاس اس حقیقت کا اظہار ضروری سمجھتا ہے کہ امتناع مدح صحابہ کے حکم کے خلاف تنظیم سول نافرمانی کا اقدام کسی دوسرے فرقہ کی دلآزاری یا باہمی نفاق پیدا کرنے کے لئے نہیں کیا گیا بلکہ مسلمانوں کا مقصد اپنے ایک جائز حق کا تحفظ ہے اور اصل موجودہ صورت حالات کی تمام تر ذمہ داری [illegible] رائے عامہ کی پرواہ نہ کرکے ٹھکرانے کا عادی ہے اور حکومت کے اسی طرز عمل نے مسلمانوں کو وہ راستہ اختیار کرنے پر مجبور کیا جو مجبوری بے چارگی کا آخری راستہ ہے۔

(۳) جماعت عاملہ پراونشل مجلس احرار یو-پی کا یہ اجلاس اُن تمام گرفتار شدگان کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہے جو ناموس صحابہ کی حفاظت کے لئے آج قید و بند کے مصائب برداشت کر رہے ہیں اور انہیں یقین دلاتا ہے کہ ہندوستان کا ہر مسلمان اُن کی طرح صدائے حق بلند کرتا رہے گا۔

(۴) جماعت عاملہ پراونشل مجلس احرار اسلام یو-پی کا یہ اجلاس پولیس لکھنؤ کے اس تشدد آمیز رویہ کے خلاف نفرت وحقارت کا اظہار کرتا ہے جو ۲۳ جولائی ۱۹۳۶ء کو مسلمانوں پر لاٹھی چارج کی صورت میں انہوں نے ظاہر کیا۔

مجلس کے نزدیک پولیس کا یہ عمل لاانتہا اشتعال انگیز اور پُرامن مسلمانوں پر کھلا ہوا ظلم ہے۔ حکومت کو پولیس کے اس نادرہ ظلم پر کافی غور کرنا چاہئے کیونکہ اس کے جبر و تشدد کے نتائج بہ حد خطرناک نکلتے ہیں اور حکومت کے لئے دشوار گزار صورت حالات پیدا کر دیتے ہیں۔

(۵) جماعت عاملہ پراونشل مجلس احرار اسلام یو-پی کا یہ اجلاس ان تحقیقی حالات کی بنا پر جو اسے ہر جولائی ۱۹۳۶ء کے جلسوں میں دیا کار رونما ہونے کے متعلق معلوم ہوئے [illegible] اپنی پوری قوت کے ساتھ اعلان کرتا ہے کہ یہ فعل کسی اشتعال کا نتیجہ ہے اور مسلمانان لکھنؤ کا اثر کسی جلسہ کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ہماری جماعت ہر ایسے فعل کو مذموم سمجھتی ہے کہ جس کے اندر تشدد کے جذبات کو دخل ہو ہمارے نزدیک اس جرم کا مرتکب قابل ملامت ہے۔

(۶) جماعت عاملہ پراونشل مجلس احرار اسلام یو-پی کا یہ اجلاس ہندوستان کے تمام مسلمانوں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ ۲۸ اگست یوم جمعہ کو یوم مدح صحابہ منائیں اور حسب ذیل ریزولیوشن بالالفاظ پاس کر کے گورنر صاحب یو-پی کے نام بھیجیں ہر جگہ کے جلاس کی اطلاع سکریٹری مجلس احرار اسلام لکھنؤ کو بھی کردیں۔

مسلمانان [illegible] کا یہ عظیم الشان اجلاس ان احکام کے خلاف جو لکھنؤ ڈسٹرکٹ کے مشہور اعلان کو سپرنٹنڈنٹ پولیس نے مدح صحابہ کے سلسلہ میں لکھنؤ میں نافذ کئے گئے ہیں سخت نفرت وحقارت کا اظہار کرتا ہے اور حکومت کو متنبہ کرنا چاہتا ہے کہ مسلمان زندگی کے آخری سانس تک مداخلت فی الدین کو کسی طریقہ پر برداشت نہیں کر سکتے۔ [illegible]

(۷) جماعت عاملہ پراونشل مجلس احرار اسلام یو-پی کا یہ اجلاس جامع مسجد [illegible] کانفرنس کے انعقاد کو ناپسند کرتا ہے اور اس پروگرام میں شرکت کے لیے تمام ماتحت مجالس سے اپیل کرتا ہے۔

(محمد محمود علی، جنرل سکریٹری پراونشل مجلس احرار یو-پی سہارنپور)

## ڈکٹیٹر مجلس احرار کا ایک اہم بیان

### مجلس احرار کی تصدیق کے بغیر کوئی سمجھوتہ قابل تسلیم نہیں

حسب ذیل بیان جناب مولانا ابوالقاسم صاحب شاہجہانپوری ڈکٹیٹر مجلس احرار نے برائے اشاعت ارسال فرمایا ہے جو درج ذیل کیا جاتا ہے۔

تحریک مدح صحابہ کو مجلس احرار نے نہایت مجبوری اور بے چارگی کے عالم میں شروع کیا ہے۔ مجلس کا مقصد اس تحریک سے تو بس جائز مطالبات کو منوانا ہے [illegible] اس دوران میں شہر کے بعض لوگوں نے حکومت سے مصالحت کی سلسلہ جنبانی کی ہے اس میں بعض لوگوں کے متعلق سننے میں آیا ہے کہ وہ حکومت کے منظور نظر بننے کے لئے اٹھے ہیں [illegible] مجلس احرار مدح صحابہ کے سلسلہ میں تمام مسلمانوں کی خدمات کی نمائندہ ہے صریح اعلان کرتی ہے [illegible] جب تک قوم کے مطالبات تسلیم نہ کرلئے جائیں۔

(پروپیگنڈہ سکریٹری مجلس احرار)

## کانگریس کا انتخابی مینی فسٹو

### سوشلسٹ پارٹی ترمیمات پیش کرے گی

بمبئی ۱۸ اگست۔ کانگریس کے پارلیمنٹری بورڈ کے سوا کانگریس کے عہدوں کے مسئلہ کے بارے میں فیصلہ کو ملتوی کرنے کے علاوہ باقی تمام کام کانگریس [illegible]

میرٹھ [illegible] کے فیصلہ کا خیر مقدم کیا جا رہا ہے ... آل انڈیا کانگریس سوشلسٹ پارٹی کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ میں جو کنشرستی کملا دیوی چٹوپادھیائے کی زیر صدارت منعقد ہوئی تھی مرتب ہو چکا ہے۔

ایک ترمیم میں اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ سرکاری عہدوں کے مسئلہ کے بارے میں کانگریس کے آئندہ اجلاس میں جو کہ موضع فیض پور میں ہونے والا ہے۔ [illegible]

دوسری ترمیم میں یہ سفارش کی گئی ہے کہ حکومت اور کاشتکاروں کے درمیان کوئی واسطہ نہ رکھا جائے۔ تیسری ترمیم میں یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ کانگریس کو اعلان کرنا چاہئے کہ وہ تمام صنعتوں کو قومی پیمانہ پر لانے کی کوشش کرے گی۔ چوتھی ترمیم میں لگان میں ۵۰ فی صدی تخفیف کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

## لاہور میں زبردست بارش

### شہر میں پانی بھر گیا۔ ٹریفک بند

لاہور ۱۸ اگست۔ آج تقریباً ۹ بجے صبح شہر میں یکلخت بارش ہوئی جو تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک جاری رہی کثرت باران کی وجہ سے شہر کے تمام سڑکوں اور گلیوں میں پانی بھر گیا [illegible] بارش منقطع جاری ہے۔ تاحال ابھی تک ہو رہی ہے۔


## رعایتی اعلان

یکم اگست سے ۱۸ اگست کی شام تک جو اصحاب اپنا خط دنیا کے کسی ڈاک خانہ میں ڈالیں گے ان کو تمام دوائیں ... قیمت پر بھیجی جائیں گی۔ [illegible]

شفاخانہ ڈاکٹر حکیم حاجی غلام نبی زبدۃ الحکماء چیدوارہ لاہور

## بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

[illegible]

ملنے کا پتہ — آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ

## اخبار الجمعیۃ کی امداد کا آسان طریقہ

الجمعیۃ کی بک ڈپو میں ہر قسم کی عربی، فارسی، اردو درسی کتابوں کا کافی انتظام ہے۔ اس لئے قارئین الجمعیۃ کو جب کبھی کسی قسم کی کتابوں کی ضرورت ہو تو پہلے الجمعیۃ کو یاد کریں۔ علماء اور طلباء کو خصوصیت سے اس کی طرف توجہ فرمانا چاہئے کیونکہ یہ اخبار آپ ہی حضرات کا ہے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی

## محبوب عاشق کے قدموں پر

### ہدیہ میں عظیم الشان رعایت

عمل سفلی [illegible] عمل علوی [illegible]

عمل عداوت [illegible] عمل برائے ترقی روزگار [illegible]

فضل شاہ عامل گلی راجان کوچہ چیلان دہلی

## اگر آپ گھر بیٹھے مفت

## حکیم یا ڈاکٹر کی خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو

کارخانہ امیکو ورکس کی فہرست ادویات مع طریقہ علاج اور مفید وکارآمد معلومات ذیل کے پتہ سے مفت طلب فرمائیے اس کے مطالعہ سے آپ کافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں ہر قسم کے علاج کا صحیح طریقہ مفصل درج ہے ہر شخص اور ہر گھر کے لئے مفید کتاب ہے اس کارخانہ کی ادویات طب قدیم اور جدید کی معلومات کا نچوڑ ہیں جو دنیا کے بڑے بڑے نامور اور مشہور اطباء کے مستند اور معتبر نسخوں کے مطابق تیار کی جاتی ہیں اور جو لاکھوں مریضوں پر استعمال کئے جانے کے بعد مفید اور کارآمد ثابت ہوئی ہیں۔ آپ سے اس قدر گزارش ہے کہ اس کو اوراق اور عام اشتہاری ادویات کا اشتہار سمجھ کر نظر انداز نہ فرمائیں بلکہ صرف ایک پیسہ کا پوسٹ کارڈ لکھ کر فہرست مفت طلب فرمائیں۔ حقیقت اور سچائی آپ پر خود روشن ہو جائے گی۔

ملنے کا پتہ:

سول ایجنٹس کارخانہ امیکو ورکس

امین اسمٰعیل۔ انگریزی دواخانہ نمبر ۹۷

کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)


خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں ورنہ عدم تعمیل کی شکایت غلط۔ منیجر


## ڈی سی ایم کے

## عمدہ اور خوبصورت کپڑے

بہت دیر تک [illegible] شفاف رہتے ہیں۔ برخلاف معمولی سوتی کپڑوں کے جو جلدی خراب اور ڈھیلے ہو جاتے ہیں۔ رنگوں کی چمک اور [illegible] برقرار رہتی ہے۔

خوبصورت سوٹ اور قمیصیں دھلنے کے بعد بھی اپنی اصلی حالت پر قائم رہتی ہے اور ان میں شکن نہیں پڑتی ہے۔

چمکدار خوبصورت حاشیوں کی ساڑھیاں، قسم قسم کے منقش چادرے اور مختلف نمونوں کی سوزنیاں۔

اپنے مقامی دوکاندار سے خرید یئے یا ہم سے منگائیے

دہلی کلاتھ اینڈ جنرل ملز کمپنی لمیٹڈ دہلی

## قوت کی کامیاب گولیاں

یہ گولیاں امساک کے واسطے لاجواب اور بالکل بے ضرر ہیں۔ [illegible]

## ضماد یک شب

اگر پہلی مرتبہ کے استعمال سے فائدہ نہ ہو تو پانچ کے پچاس

افسر الاطباء سرکار نظام دکن کا خاص نسخہ

جو چند مرتبہ کے استعمال سے نامرد کو مرد اور مرد کو جوان مرد بنا دیتا ہے۔ قطعی بے ضرر اور جملہ بیماریوں کی واحد دوا۔

نشاط فارمیسی چاندنی چوک دہلی

## حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

اس کے حرفوں کی خوشنمائی موتی کی آب سے دوبالا ہے۔ گویا ایک ماہر استاد کے ترشے ہوئے نگینے ہیں جو آئینہ کی طرح روشن۔ ہر ایک بوڑھا مرد، عورت، بچہ با آسانی پڑھ سکتا ہے۔ ہندوستان کے سابق ماہر علم تفسیر حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی کا ترجمہ ہے جو ہندوستان کے تمام علاقہ کے مسلمانوں میں بلا اختلاف مقبول ہے۔ اس ترجمہ میں خاص خوبی یہ ہے کہ قرآن مجید کے ایک ایک لفظ کے معنی بتاتا ہے۔ حاشیہ پر خلاصۃ التفاسیر چڑھائی گئی ہے اور ضروری مقامات پر شان نزول کے ساتھ [illegible] باوجود کار آمد سائز ہونے کے جلی قلم عربی وار [illegible]

صحیح زیر زبر وغیرہ اپنے حروف پر دئے گئے ہیں۔ آپ سفر حضر میں اپنے ساتھ رکھ سکتے ہیں جیب میں آسانی سے آجاتی ہے۔ موٹائی ایک انچ ہے۔ ہر صفحہ پر بیل بوٹوں سے اس کی شان دوبالا ہوگئی ہے۔ ہندوستان بھر میں اس شان کی حمائل شریف کا مقابلہ ناممکن ہے۔ اس قدر اہتمام ہونے کے باوجود اس کا رعایتی ہدیہ مجلد چرمی دو روپے آٹھ آنے (عہ) بلا جلد دو روپے۔ محصولڈاک ہر حالت میں بذمہ خریدار۔

**معجزنما حمائل شریف مترجم** — اس حمائل شریف میں اردو بامحاورہ ترجمہ مولانا شاہ اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے۔ صحت میں بے نظیر، خط نہایت خوشخط، چھپائی عمدہ، کاغذ عمدہ، جلد مجلد [illegible] وتفاسیر کا خلاصہ درج ہے، ساتھ ہی شان نزول بھی نہایت عمدہ پیرایہ میں درج کی گئی ہے۔ غرضیکہ ضروری اور عام فہم مطالب سے مزین ہے۔ [illegible] ہدیہ مجلد چرمی رعایتی دو روپیہ آٹھ آنے (عہ) محصولڈاک بذمہ خریدار۔

**حمائل شریف لاکٹ والی** — یہ پورا قرآن شریف تعویذ بنا کر گلے میں ڈالنے کے لئے بہی اکثر استعمال کیا جاتا ہے۔ پھر خوبی یہ کہ انسان آسانی تلاوت بھی کر سکتا ہے کیونکہ اس ڈبیہ میں قرآن شریف ہے [illegible] ہدیہ رعایتی دو روپے (عہ) چار جلد کے خریدار کو ایک روپیہ [illegible]

**پنجسورہ بابرکت دہ سورہ مترجم مع فضائل خواص وتعویذات** — [illegible]

اطلاع: جب کبھی آپ کو قرآن مجید یا دوسری کتب دینیہ وغیرہ منگانے کی ضرورت ہو تو مندرجہ ذیل پتہ کو یاد رکھئے۔

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی




# اطلاعات

## وزیر تعلیم کے بیان کی تردید

### مولانا شفیع داؤدی کا اعلان حق

مولانا شفیع داؤدی نے حسب ذیل بیان آنریبل وزیر تعلیم کے سیاسی دورہ ترہت کے متعلق برائے اشاعت بھیجا ہے۔

"اخبارات میں یہ پڑھ کر مجھے حیرت ہوئی کہ آنریبل مسٹر سید عبدالعزیز نے ترہت میں اپنے ہفت روزہ سیاسی دورہ میں لوگوں کو یہ سمجھانے کی انتہائی کوشش کی ہے کہ صوبہ بہار احرار پارٹی اور ان کی ٹولی مسلم یونائیٹڈ پارٹی میں در اصل کوئی اختلافات نہیں ہے۔ لیکن چونکہ بقول ان کے مجھے اس ٹولی میں کوئی عہدہ جس کی مجھے خواہش تھی نہ ملا، اس لئے میں نے احرار پارٹی کے تجدید کی کوشش کی۔

میں ذاتی بہتان یا عہدہ کی من گھڑت طمع کے اتہام کے متعلق ایک لفظ بھی کہنا نہیں چاہتا۔ میں ان باتوں کو خدا پر چھوڑتا ہوں جو منصف اور عالم الغیب ہے اور لوگوں کے بعد حسب صرف اسی پر ظاہر ہیں ملک وملت کا ایک پرانا خادم ہوں اور مخالفوں کی سخت ترین طعن وتشنیع بھی مجھے قومی خدمت سے باز رکھنے میں کامیاب نہیں ہو سکتی اب جب کہ آنریبل وزیر تعلیم بھی اسے تسلیم کرتے ہیں کہ دونوں پارٹیوں میں کوئی حقیقی اختلاف نہیں تو یہ فرض ان کا ہے کہ ایک نئی پارٹی کو جو وجود میں لانے کے لئے اپنے کو حق بجانب ثابت کریں۔ اندرونی اختلافات اور طوائف الملوکی کی ابتدا کرنے میں خود ان کا نفس ہے۔ [illegible] دعوے کئے گئے ہیں کہ دونوں پارٹیوں میں کوئی حقیقی اختلافات نہیں ہیں صداقت تلخ ہوتی ہے لیکن مفاد ملک کی خاطر میں اپنی زبان بند نہیں رکھ سکتا اور حقیقت کو صداقت کی روشنی میں پیش کر دینا ضروری سمجھتا ہوں دونوں پارٹیوں کے اصلی اختلافات ظاہر ہیں مگر انہیں دیکھنے کے لئے دل کی آنکھیں چاہئیں۔ احرار پارٹی کا آغاز صوبہ بہار کے پالٹیٹکس ماحول میں ہوا۔ برخلاف اس کے مسلم یونائیٹڈ پارٹی اپنے وجود کے لئے فرد واحد کے اشارۂ چشم کی مرہون منت ہے۔

احرار پارٹی کی شاخیں قائم کرنے والے حضرات وہ ہیں جنہیں پارٹی کے اغراض ومقاصد سے کامل ہمدردی رہی ہے مگر مسلم یونائیٹڈ پارٹی کی شاخیں حکومت کی سرپرستی اور ٹرکٹ ہاؤس کے ایسے محفوظ مقام اور پُرسکون فضاؤں میں جاری ہیں۔ احرار پارٹی صرف عوام کے مفاد پر نظر رکھتی ہے اسے نہ حکومت کے انعام واکرام کی طمع ہے اور نہ غیر مسلموں کی گھڑکیوں کی پروا۔ برخلاف اس کے یونائیٹڈ مسلم پارٹی کے سربرآوردہ حضرات کے متعلق میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ ان دونوں میں سے کسی کے مقابلہ کی جرأت نہیں رکھتے۔

لطف یہ ہے کہ یونائیٹڈ مسلم پارٹی کے کرتا دھرتا ایک طرف یہ بیان کرتے پھرتے ہیں کہ انہیں کانگریس سے کوئی پرخاش نہیں مگر ساتھ ہی ساتھ دوسری طرف ایک ایسی ٹولی کی تنظیم کے لئے دورہ کر رہے ہیں جس کی حکومت کی خوشنودی حاصل ہے اور ایسے لوگوں کو اس جماعت میں بھر رہے ہیں جو انعامات خسروانہ کے متلاشی ہیں یہ خوش!

احرار پارٹی کے سابق لیڈر آنریبل سید عبدالعزیز وزیر تعلیم کو اگر اب ساز جمہوریت پسند خاطر نہیں اور وہ اس کا راگ گانے سے تائب ہیں تو ہمیں اس کا گلہ کیا کریں۔"

## طلبا یونیورسٹی کا غیر مشروط معافی نامہ

وقار الملک ہال کے طلبا کی اکثریت کو اس کا یقین ہوگیا ہے کہ ہڑتال فضول وبے معنی ہے اس لئے قریب قریب سب طالبعلموں کا غیر مشروط معافی نامہ ہال کے پرووسٹ مسٹر عبدالمجید قریشی کے پاس پہنچ چکا ہے اس کے علاوہ ٹریننگ کالج کے چالیس طلباء اس ہڑتال میں شریک نہیں ہوئے اور اس میں ہمیشہ باقاعدہ حصہ لیتے رہے تقریباً سب طلباء تعطیل کی وجہ سے اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے ہیں اور یہ ہڑتال ختم ہوگئی ہے۔

ڈائرکٹر پبلسٹی بیورو
مسلم یونیورسٹی علی گڑھ


## اخبار الجمعیۃ

میں اشتہار دیکر اپنی تجارت کو فروغ دیجئے


# مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

## برلن میں اولمپک گیمز کا عظیم الشان جلسہ

یکم اگست وہ دن تھا کہ دنیا کی سب سے بڑی عید برلن ہونے والی تھی میرا خیال ہے جرمنی میں اس سے زیادہ آج تک کوئی عید کا دن نہیں ہوا کہ جس قدر عالمگیر خوشنودگی کا اظہار کیا گیا جو صرف یہی دن ایسا تھا کہ خلق خدا جوق در جوق برلن سٹیڈیم کی طرف رجوع ہوگئی تاکہ اس تقریب میں حصہ لے سکے جس میں تمام دنیا کے نوجوان اپنے دلوں میں ایک امنگ لیکر آئے ہوئے ہیں کہ وہ کھیل میں جیتیں اور اپنے ملک کا نام کریں۔ تقریب سعید کا افتتاح یکم اگست کو پورے چار بجے شام کو ہوا۔ ہٹلر بذات خود تشریف لائے اور جس وقت وہ میدان میں داخل ہوئے ہیں تو تمام دنیا کے نمائندے ان کے استقبال کے لئے فوراً کھڑے ہوگئے۔ جرمن قومی گیت گایا گیا اس وقت کا سماں حقیقت میں نہایت عجیب وغریب تھا [illegible]

[illegible] ... افغانستان کا نمبر دوسرا تھا افغانی ٹوپی پہنے ہوئے نہایت خوبصورت معلوم ہوتے تھے ... ہندوستانی اپنے قومی لباس میں سر پر صافہ اور نیلا کوٹ پہنے ہوئے مگر جاپانیوں کا جھنڈا معہ سرخ کے وارد ہوئے جس کا ہندوستانیوں پر بہت برا اثر ہوا کہ انگریزی ٹوپی اور لباس میں وارد ہوئے۔ جاپان نہایت شان وشوکت سے میدان میں آیا اسی طرح جس ایک وقت تک یہ سلسلہ جاری رہا اس کے بعد ہٹلر نے اولمپک گیمز کا افتتاح کیا جس کے یہ معنی ہوتے کہ دوسرے روز سے میدان جنگ میں نوجوانان عالم امن اور اپنے اپنے ہنر دکھائیں کہ وہ کیا جانتے ہیں اس وقت تک جو کچھ نتائج نکلے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستانیوں کو ابھی کامیابی نہیں ہوئی دوڑ میں۔ رونک سنگھ پچھاڑ والے کو شکست ہوئی کشتی میں بھالو، انوار رشید اور رسول خاں سب کو بُری شکست ہوئی ہے۔ اب دیکھنا ہاکی کا ہے۔ بظاہر زیادہ امید نہیں معلوم ہوتی کیونکہ بنگالی ہاکی ٹیم میں بہت ہی اچھے کھلاڑی ہندوستان میں رہ گئے سنا جاتا ہے کہ مالی مشکلات یہی ہیں جب انسان غلام ہوتا ہے اس وقت تمام عیوب بھی آجاتے ہیں بہرحال نتائج سے اخبارات قوم کو آگاہ کیا جائیگا۔

(نامہ نگار جرمنی)

## چھپرہ مسلم ریلیف کمیٹی

چھپرہ ۱۶ اگست۔ بعد نماز مغرب مسلمانان چھپرہ کا ایک عظیم الشان اجتماع اہل حدیث مسجد صاحب گنج میں واقع ہوا بالاتفاق آراء "مسلم ریلیف کمیٹی" کی تقرری عمل میں آئی جس کا نصب العین سیلاب زدگان چھپرہ کے ساتھ ہمدردی وحقوق انسانیت کی ادائیگی تا مکان ہے۔ کیونکہ اطراف وجوانب کی بہت سی بستیاں بہہ گئی ہیں۔ جن کے نشانات کا بھی پتہ چلانا دشوار ہے۔ لوگ کس مپرسی وبے کسی کی حالت میں اونچی جگہوں پر پناہ گزیں ہیں۔ چنانچہ ایسے مصیبت ناک وقت میں ۹ اگست تک اس کمیٹی نے چار ہزار مصیبت زدہ گھروں کی امداد کی اور اب تک اراکین ریلیف کمیٹی انتہائی جوش وخروش کے ساتھ قدم آگے بڑھاتے جاتے ہیں۔ خدا کرے ایسی کمیٹیاں بہت زیادہ عمل میں لائی جائیں جن کے اغراض ومقاصد ہمدردی وحقوق انسانیت کی ادائیگی کاملہ ہو۔ ہم بالخصوص ان اشخاص کے بہت زیادہ ممنون ہیں جنہوں نے ہر قسم کی جانی ومالی امداد کرتے ہوئے فرائض انسانی کو ادا کیا اور کر رہے ہیں۔

(حافظ) عبدالمجید غفرلہ
امام مسجد اہل حدیث۔ صاحب گنج چھپرہ


## مولانا اشرف علی صاحب کے ترجمہ کا بیشمار خوبیوں والا قرآن مجید

## ڈیڑھ روپیہ میں ملتا ہے

## یہ آپکے پاس تو ضرور ہونا چاہیئے

[illegible] ڈیڑھ روپیہ [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الحمد للہ رب العلمین الرحمن
الرحیم ملک یوم الدین ایاک
نعبد وایاک نستعین اھدنا
الصراط المستقیم صراط الذین
انعمت علیہم غیر المغضوب
علیہم ولا الضالین

## ملا تلاوت

## مرنے والے

حمیدیہ پریس دہلی

## میری پیاری بہنو

آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ عورتوں کے امراض کو عورتیں خوب سمجھتی ہیں۔ اس لئے میں آپ کی ہمدردی کے پیش نظر یہ اشتہار دے رہی ہوں کہ اگر آپ کو مرض سیلان الرحم یعنی سفید رطوبت آتی ہے ... میرے پاس میری خاندانی مجرب دوا بنام نسوانی جو مرض سیلان الرحم کے لئے یقینی مفید بلکہ تریاق ہے ...

ملنے کا پتہ: ایچ نجم النساء شاہدرہ لاہور



سوئس کے مشہور ومعروف کارخانہ کی بنائی ہوئی اصلی فوکن ہفت روزہ کوائی لیور مشین پاکٹ واچ بموجب نقشہ گارنٹی پانچ سال اصلی قیمت آٹھ روپے (مے) رعایتی قیمت چار روپے (للعہ) محصولڈاک بہترین گھڑی کی خریداری پر محصولڈاک معاف ہے۔

کاٹر ٹریڈنگ ایجنسی پوسٹ بکس ۲۵ کلکتہ

## جڑی بوٹی

دمہ، بواسیر، سوزاک، جریان، ایام کی خرابی، سفید داغ، نامردی [illegible] جڑی بوٹی کے لئے ضرور خریدنا چاہئے

جڑی بوٹی میڈیکل اسٹور پوسٹ ہیرا کھی دربھنگہ

## ایک قطرہ کا کرشمہ

[illegible]

سعید برادرس اینڈ کو کلاں محل دہلی

## سرمہ نور

اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دوسرے سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسب حال انتخاب کرکے استعمال کیجئے [illegible]

قیمت فی تولہ ۱۲ ماشہ کی شیشی عہ

ملنے کا پتہ: (مولانا) نور الدین بہاری بیری لال کنواں دہلی

## گپت منتر

### یک صدروپیہ انعام

[illegible]

Sidh Mantar Ashram
29/1 Katri Sarai
(Gaya)

## کمزوری نامردی

[illegible]

بوٹی ٹانک ہال پوسٹ کنسی سمری ضلع دربھنگہ

## خضاب چھوڑ دو

[illegible]

بال کالا اسٹور پوسٹ کنسی سمری دربھنگہ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۳۴۵

# الجمعیۃ دھلی

سہ روزہ

ید اللہ علی الجماعۃ

نگران: مولانا نورالدین بہاری

ادارہ — مسئول: محمد عثمان فارقلیط، محی الدین قادری

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

جلد (۲۴) — دھلی یوم سہ شنبہ ۱۴ جمادی الآخر ۱۳۵۵ھ مطابق یکم ستمبر ۱۹۳۶ء — نمبر (۱۶)

## بادۂ گلرنگ

(از جناب شہید سعید ... تلمیذ حضرت سیماب صاحب اکبرآبادی)

گریباں ٹکڑے ٹکڑے کر رہا ہوں جوشِ وحشت میں
خدا جانے ابھی کرنا ہے کیا کیا اُن کو اُلفت میں

ابھی تو ٹھوکریں ہی کھا رہا ہوں راہِ اُلفت میں
خدا جانے ابھی لکھا ہے کیا کیا میری قسمت میں

نہ جانے کونسی منزل ہے یہ راہ محبت کی
نظر آتی ہے اب تصویر اپنی تیری صورت میں

تمہاری آرزو تکمیل ضبط غم کا باعث ہے
کہ اب لذت مجھے آنے لگی ہے دردِ فرقت میں

رواداری و ہمدردی یہ سب کہنے کی باتیں ہیں
نہ آیا کام کوئی بھی شہید اپنی مصیبت میں

## "محویتِ خیال"

(از جناب وقار واثقی - مہو)

وصل میں باعثِ ملال، نہ پوچھ — شادمانی کا تو مآل، نہ پوچھ
جانے کیا کیا سمجھ میں آتا ہے — آج تو وسعتِ خیال نہ پوچھ
اب تصور بھی ہو نہیں سکتا — آہ محویتِ خیال نہ پوچھ
تجھ سے بیگانہ ہونے والا ہے — دلِ خوددار کا خیال نہ پوچھ
ہاں اُلٹ دے نقاب، ہے کہ نہیں — تابِ نظارۂ جمال، نہ پوچھ
چاہ کر دیکھ تو کسی کو وقار
مجھ سے اس عشق کا مآل نہ پوچھ

## حسنِ بے نقاب

(از مولانا تصور صاحب ... )

شام غم کی سحر نہ ہو جائے — زندگی مختصر نہ ہو جائے
آہ میں اب اثر نہ ہو جائے — ختم دردِ جگر نہ ہو جائے
آ گیا ہوں میں انکی محفل میں — بے خبر کو خبر نہ ہو جائے
حسن کو بے نقاب کرتے ہو — وقف ذوقِ نظر نہ ہو جائے

# دُنیائے اسلام

## عربی۔ ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

### امیر عبداللہ والیٔ شرق اردن کی کوششیں کیوں ناکام رہیں!

### عمان میں عربوں کا اجتماع۔ امیر عبداللہ کی دھمکی اور وفد کا جواب

ہائی کمشنر کے وعدوں پر امیر عبداللہ کو اعتبار نہیں ہے

وطن کی راہ میں مرنے کیلئے عربوں کا متفقہ اعلان

فلسطین کے ہنگامہ اور ہڑتال کو ختم کرنے اور عربوں اور حکومت کے درمیان مصالحت کرانے کی غرض سے امیر عبداللہ والیٔ شرق اردن نے جو اپنی خدمات پیش کی تھیں اور جس طرح یہ گفت و شنید ناکامی پر ختم ہوئی اس کا اجمالی تذکرہ ان ہی کالموں میں پہلے آ چکا ہے۔ اب اس مصالحانہ گفتگو کی تفصیلات عربی اخبارات کے ذریعہ ہمیں موصول ہوگئی ہیں جو اپنی اہمیت کے اعتبار سے اس قابل ہیں کہ یہاں ان کو درج کیا جائے۔

### عمان میں اجتماع

اپنے وطنی مطالبات کی راہ میں مرنے کا پختہ ارادہ کر لیا ہے۔ ... اجتماع ناکامی پر ختم ہوا۔

### ترکی میں ۲۵ ہزار ترک مہاجرین کی آمد

رومانیا اور بلغاریا کے پناہ گزینوں کا استقبال

### مہاجرین کی بستیاں

### امیر عبداللہ کی گفتگو

### ہائی کمشنر کا سیاسی وعدہ

### ترکی بچوں کی جسمانی تربیت

نزہت افزا باغوں کی وسیع اسکیم

### ہائی کمشنر کے وعدوں کی حقیقت

### یونان میں گڑبڑ

ترکی وزیر اپنا انگورہ واپس چلے گئے

### عربوں کا صاف جواب

### شیخ بحرین استانبول میں

Regd No L 1793.

# The Aljamiat

Vol. 24 No. 15 — DELHI Friday The 28th August 1936 — PRICE ONE ANNA

### کانگریسی جھنڈے کو قومی جھنڈا قرار دینے کی تجویز

اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں پیش ہوگی

### فلسطین کا معاملہ طے کرانے کی کوشش

### مسجد شاہ چراغ پر قبضہ نہیں کیا گیا

شرائط کے متعلق گفت و شنید

### یو۔ پی کانگریس پارلیمنٹری کمیٹی

انعقاد کی تاریخ میں تبدیلی

### خان عبدالغفار خاں کو ایڈریس

خاں صاحب کی جوابی تقریر

اخبار الجمعیۃ کے لیے ہر شہر و قصبہ میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

### برص اور پھلبہری کی نایاب دوا

ویدیا راج ... کشوری رام نمبر ۲۹/۱ ڈاک خانہ ... 

# الجمعیۃ بکڈپو کی اسلامی و ادبی کتابیں

کتاب الاسلام — الفاروق اعظم — مرنے سے پہلے — خواب نامہ صدیقی — بہشتی زیور کامل — مرنے کے بعد — ہفتاد و لیا — فالنامہ ناصری — نماز کی پانچ کتابیں — گھر کا مولوی — قبرستان کے تین ولی — کتاب تعویذات — بیگمات اودھ — اسلامی سیاں بیوی — حضرت ابوذر غفاری — شرح مثنوی مولانا روم — جوہاں اور انیاں — صابر پیالیاں — سیرت معاویہ — اوراد و وظائف — بارہ مجالس

منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دھلی

(سعیدی پریس دہلی میں باہتمام ... چھپ کر دفتر اخبار الجمعیۃ دہلی سے شائع ہوا)

۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# الجمعیۃ دہلی

یوم سہ شنبہ ۱۴ جمادی الآخر ۱۳۵۵ ہجری

# برطانوی مصری معاہدہ

## مصر کی جنگ حریت کا خوش آیند انجام

۲۶ اگست ۱۹۳۶ء دور حاضرہ کی وہ اہم اور یادگار تاریخ ہے جبکہ لندن کے دفتر خارجہ میں حریت پروران مصر اور استعمار پسندان انگلستان نے "لوکارنو روم" میں جمع ہو کر ایک ایسے معاہدہ پر دستخط ثبت کئے جس کے لئے سرزمین مصر ۱۸ سال سے دیوانہ وار بیتاب تھے اور جذبۂ حریت اور ولولۂ استقلال سے سرشار ہو کر عبرت آموز قربانیاں کر رہے تھے۔

### برطانیہ کے مفادات

جہاں تک اس معاہدہ کے قابل قبول ورد ہونے کا تعلق ہے ہم سمجھتے ہیں کہ اہل مصر اس عہد نامہ کا خیر مقدم کرینگے اور اس کو اپنی کمل آزادی کی طرف ایک مضبوط قدم تصور کرینگے۔ لیکن اس معاہدہ کے افادی پہلو پر نظر ڈالنے سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اس دستاویز سے برطانیہ کے لئے فائدہ اٹھانے کے مواقع زیادہ ...

### مصری مشکلات

### انگلستان سے تجارتی معاہدہ

... معاہدہ کا دوسرا اثر یہ ہوگا کہ ہندوستان کی دیسی صنعتوں کو اور درآمد کی وجہ سے سخت نقصان پہونچا اور بالخصوص صنعت پارچہ بافی اور لوہے کے کارخانوں کو ناقابل تلافی صدمہ پہونچا۔ اور چھوٹی صنعتوں کو سر گرم ابھرنے کا موقعہ نہیں ملا۔

ان حالات کی روشنی میں ہم صرف یہ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ آئندہ معاہدہ کی ترتیب کے وقت ہندوستان کی گھریلو صنعتوں کی حفاظت اور موافق توازن تجارت، کی بقا کا ضرور خیال رکھا جائے اور برطانیہ سے یہ مطالبہ کیا جانا چاہئے کہ وہ اگر ہندوستان کی منڈی سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے تو کم از کم ۸۰ کروڑ روپیہ سالانہ کی ہندوستانی اشیاء مزید خرید کر "توازن تجارت" کو صحیح صحیح قائم کرے۔

## بالشویک لیڈروں کا قتل

سوویٹ روس کے مقدمۂ سازش کے سلسلہ میں جن ۱۶ بالشویک لیڈروں کے خلاف مقدمہ چلایا گیا تھا ان کو ایک اسپیشل عدالت کے فیصلہ کے مطابق گولی سے اڑا دیا گیا ہے۔ روس کی داخلی فضا اور مخصوص سیاسی حالات کی بنا پر یہ سزا جائز ہو یا ناجائز لیکن مقتول لیڈروں کے مقاصد زندگی اور ان کے خیالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ ضمیر اور خیالات کی آزادی کے اس ترقی پسند دور میں یہ عقوبت یقیناً سفاکانہ اور خلاف انصاف ہے۔

حکومت کی طرف سے ان لیڈروں پر جن میں ٹراٹسکی کا ایک عزیز بھی ...

## بنگال مسلم لیگ

## محکمۂ ڈاک کی بے عنوانیاں

# موج در موج

گزشتہ اشاعت میں مرزا محمود صاحب مصنوعی خلیفۂ قادیان کے ملفوظات پر کچھ تبصرہ کیا گیا تھا آج بھی ان ہی ملفوظات پر طبع آزمائی کی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اے قبول فرمائے اور دار الکفر قادیان کے مصیبت زدوں کو ہدایت کی توفیق بخشے۔ دینا جاتی ہے کہ مرزا آنجہانی استعمار فرنگ کے نقیب اور تعبد و غلامی کے زبردست داعی تھے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ ایک غلام جب تک آزادی حاصل نہ کرلے وہ آزادی کے ساتھ اسلام کی اشاعت بھی نہیں کر سکتا اگر کوئی یہ کہنے لگے کہ میاں! ہم غلام ہیں۔ ہمارا پیشہ غلامی کی نشر و اشاعت ہے ہے۔ ہم انگریزی کی حکومت حجاز پر دیکھنا چاہتے ہیں۔ بغداد پر انگریزوں کے قبضہ سے جاری بہت سی پیشنگوئیاں پوری ہوگئی ہیں اور ہم اس پر خوشی منانا اپنا فرض سمجھتے ہیں اور ساتھ ہی ہم دنیا کو مسلمان کرکے چھوڑینگے اور سوائے اسلام کے جملہ مذاہب کو فنا کردیں گے تو کیا ایسے شخص کے جنون میں کسی شخص کو شبہ ہو سکتا ہے؟ اور کیا ایک لمحہ کے لئے بھی اس کے ان دعاوی کو تسلیم کیا جا سکتا ہے؟

لو دیکھو مرزا غلام یورپ کا بیٹا محمود اپنے خطبہ میں دنیا کو اس طرح احمق بناتا ہے کہ قادیانیت دنیا پر اسلام کی حکومت قائم کرنا چاہتی ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:۔

# مباحث امروز

## "الجمعیۃ" کا مستقبل

اخبار "الجمعیۃ" کو جمعیۃ علماء ہند کی سب کمیٹی کے محترم اور باہمت ارکان نے جن نازک اور ناساز گار حالات میں واپس لیا تھا اس وقت کسی کو یقین بھی نہ تھا کہ الجمعیۃ کا دور جدید پہلے سے زیادہ شاندار ثابت ہوگا۔ اور ہندوستان کا بانغ نظر اور ملت پرور طبقہ اس کا گرمجوشی سے استقبال کرے گا۔ یہ خدائے تعالیٰ کا فضل و احسان ہے جس سے ہم کبھی عہدہ برآنہ ہو سکیں گے کہ اس نے کارکنوں اور مخلص خادموں کو پہلے ہی قدم میں استقامت بخشی۔ الجمعیۃ کے صوری و معنوی محاسن میں چار چاند لگا کے۔ اہم سیاسی اور اسلامی معلومات سے اس کے صفحات کو مزین فرمایا اور اس کو وہ صحافتی مقام بخشا جو مدتوں کی جد و جہد کے بعد بھی نصیب نہیں ہوا کرتا۔ یہ اسی کا فضل کیا کم تھا کہ اس نے مخلص ارکان کو ہمت، استقامت اور اعتماد فی اللہ کی روح بخشی اور چند ہی روز میں اللہ کے بھروسہ اور قارئین کرام کی قدر افزائی پر یہ اعلان کردیا کہ یکم ستمبر سے الجمعیۃ دس صفحات پر شائع ہوا کرے گا اور اس کو صحافت کا اعلیٰ نمونہ بنا کر ارباب علم و بصیرت کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی جائے گی۔ آج آپ اس وعدہ کا ایفاء ...

جرمنی انجیل کو ناری کو ڈبنانے پر تلا ہوا ہے؟

تیسری صدی عیسوی میں شاہ قسطنطین نے تلوار کے زور سے جعلی اور مصنوعی انجیلوں کو عیسائیوں میں جاری کیا اور اصل انجیلوں کو جلا کر خاک و سیاہ کردیا۔ آج اس کا رد عمل کس شاندار طریقہ سے ہو رہا ہے؟ یعنی ایک بادشاہ کی پھیلائی ہوئی بدعت کو مٹانے کے لئے ایک زبردست حکومت کھڑی ہوئی ہے اور خدائی ارشاد "یحرفون الکلم عن مواضعہ" کی صداقت کا ثبوت پیش کر رہی ہے۔

## صوبہ سرحد کا انتخاب

صوبہ سرحد میں کانگریس کے انتخاب میں حکام کی طرف سے جو رکاوٹیں ڈالی جارہی ہیں ان سے متاثر ہو کر سرحدی رہنما انتخاب کا بائیکاٹ کرنا چاہتے تھے۔ مگر ہم نے اس سلسلہ میں احرار سرحد کو یہی مشورہ دیا تھا کہ وہ اس راہ میں کوئی عاجلانہ قدم نہ اٹھائیں اور انتخاب کے بائیکاٹ کا خیال ترک کردیں۔ بمبئی سے خان عبد الغفار خاں نے صوبہ سرحد کے کانگریسی کارکنوں کو ایک پیغام دیا ...

## اجمیر میں پوسٹرا بازی

## یہودی فلسطین اور انگلستان میں

## جرمنی اور انجیل

(سلسلہ صفحہ ۸ کالم ۴)

(باقی آئندہ)

# اسلامیات

## اسلامی نظم معیشت اور سرمایہ دارانہ نظم معیشت کے اصول

## سود کے متعلق اسلامی قانون اور موجودہ دور کے معاشی مفکرین

(از جناب مولانا ابو الاعلیٰ صاحب مودودی مدیر ترجمان القرآن)

(۵)

### (۶) غنائم جنگ اور اموال مفتوحہ کی تقسیم

اس معاملہ میں بھی اسلام نے ذہنی مقصد پیش نظر رکھا ہے۔ جنگ میں جو مال غنیمت فوجوں کے ہاتھ آئے اس کے متعلق یہ قانون بنایا گیا کہ اس کے ...

ایسا بخیل بن جائے کہ اس کے معاشی وسائل جس قدر خرچ کرنے کی اس کو اجازت دیتے ہوں، اتنا بھی نہ خرچ کرے۔ پھر اپنی حد کے اندر رہ کر خرچ کرنے کے بھی معنی یہ نہیں ہیں کہ اگر وہ اچھی آمدنی رکھتا ہے تو اپنی ساری کمائی صرف اپنے ...

### ایک سوال

### (۷) اقتصاد کا حکم

# ابتک بانوے مسلمان گرفتار ہوچکے

## لکھنؤ میں مدح صحابہ کا زور

لکھنؤ ۸ اگست۔ گذشتہ شب احراری سرخ قمیص والنٹیروں کا مدح صحابہ پڑھتا ہوا ایک جلوس نکالا گیا۔ پولیس نے آج صبح ان احتجاجیوں کے تین خاص لیڈروں کو گرفتار کر لیا۔ عبد اللطیف خاں احرار والنٹیروں کے کپتان کو احرار آفس میں گرفتار کیا گیا۔ اور مسٹر رحیم احمد سکریٹری مجلس احرار اور حفاظت اللہ صاحبان کو ان کے گھر پر گرفتار کیا گیا۔ اب تک مدح صحابہ کے سلسلہ میں ۹۲ گرفتاریاں عمل میں آچکی ہیں۔

## مدراس میں بھوکوں کا جلوس

### بیکاری مردہ باد کے نعرے

مدراس ۸ اگست بھوکوں نے جو کہ مدراس لیجسلیٹو کونسل کے ریلوے ...

چلے گئے جہاں ایک پبلک جلسہ ہوا جس میں کئی افراد نے تقریریں کیں۔

اہل جلوس راستہ میں سرمایہ پرستی مردہ باد اور بیکاری مردہ باد کے نعرے لگا رہے تھے۔

## ٹراٹسکی اور انکی اہلیہ کی نظربندی

### حکومت ناروے کا تازہ حکم

اوسلو ۸ اگست۔ مسٹر ٹراٹسکی کا ایک تازہ پیغام مظہر ہے کہ حکومت ناروے ...

## نوجوان نے تمام کنبہ کو قتل کر دیا

### خود پھانسی کھا کر مر گیا

مدراس ۸ اگست۔ ایک عجیب و دردناک کہانی کی اطلاع ملی ہے ... واقعہ اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ ۲۲ سال کے نوجوان نے گھریلو معاملات پر جھگڑا ہونے کی وجہ سے اپنے بھائی اور اس کی عورت ... پر بری طرح سے حملہ کیا جس کی وجہ سے وہ سب مر گئے اور پھر اپنے آپ پھانسی لگا کر خودکشی کر لی۔ پولیس موقعہ پر پہنچ گئی اور ان قیدی مردہ لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لئے بھیج دیا گیا۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ مقتولوں پر کسی بہت تیز ہتھیار کے نشانات ہیں۔

## حبشیوں کا عدیس ابابا پر زبردست حملہ

### راس ایلو اطالوی فوج سے مل گیا

روم ۸ اگست۔ ایک تازہ اطلاع سے معلوم ہوا ہے کہ حبشیوں نے جنوبی حصہ عدیس ابابا پر حملہ کیا ... اطالوی فوج نے ان کو پسپا کر دیا اور ان کے دو سو آدمی مارے گئے ... راس ایلو نے ... اطالوی فوج کی امداد کی۔

## مزدوروں اور کسانوں کے ساتھ کانگریس کا تعلق

### یوپی کانگریس کمیٹی کی کونسل کا اجلاس

لکھنؤ ۸ اگست ... یوپی پراونشل کانگریس کمیٹی کی کونسل کا اجلاس منعقد ہوا جس میں پنڈت جواہر لال نہرو ... شریک ہوئے۔

## سوفتہ کے مسلمان

اخبار میں طبقہ کو تعلقات سوفتہ کے واقعات یاد ہوں گے ...


جسٹرڈ
شربت اکسیر
سنئے جناب! شربت اکسیر ...
جریان
ریس ایس۔ اے۔ بی۔ بخشی۔ کمپنی ... کلکتہ


# آج کی خبریں

## توپوں اور مشین گنوں سے گھمسان لڑائی

### باغیوں نے ایک سڑک کو اڑا دیا

### باغیوں کی شکست کا چوتھا روز

... میں گارڈن والا میں آ کر گرا لیکن پھٹا نہیں۔

تلہ گوداریوں پر گولہ باری کے بعد حکومت کی فوجیں جزیرہ میجورکا پر قبضہ حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ جزیرہ پر حملہ کرنے والی فوج کے کمانڈر کا بیان ہے کہ باغی جزیرہ کو چھوڑ کر بھاگ رہے ہیں۔

## ہٹلر اور مسولینی کی ملاقات

### بالشویک روس کے خلاف یورپ میں ایک مضبوط محاذ بنانے کی تیاریاں

### جرمنی کے وزیر پروپیگنڈا کی پیش قدمی

برلن ۸ اگست۔ تازہ اطلاعات مظہر ہیں کہ جرمنی کے وزیر پروپیگنڈا ڈاکٹر گوئبلز بذریعہ ہوائی جہاز وینس پہنچے ہیں تاکہ اٹلی کے ذمہ دار ارباب سیاست سے ملاقات کر کے ہر ہٹلر اور سینور مسولینی کی ملاقات اور اہم مسائل پر گفت و شنید کے لئے فضا ہموار کریں۔ اگر یہ معاملہ طے ہو گیا تو یورپ کے دونوں ڈکٹیٹروں کی ملاقات آخر ستمبر میں برشٹس گاڈن میں ہوگی۔

ڈاکٹر گوئبلز کی اس پیشقدمی سے تمام یورپی سیاسیین کو خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ یہ اندازہ کیا جا رہا ہے کہ اس ملاقات کا منشاء یہ ہے کہ سوویٹ روس کے خلاف ایک زبردست متحدہ محاذ تیار کیا جائے۔ لیکن سرکاری حلقوں کا بیان ہے کہ اس قسم کی ملاقات کے لئے کوئی تیاری نہیں کی جا رہی ہے۔

## لکھنؤ میں آٹھ ہزار مسلمانوں کا کثیر اجتماع

### مدح صحابہ کے سلسلہ میں اناسی گرفتاریاں

### گورنر سے مداخلت کی درخواست

لکھنؤ ۹ اگست۔ اس سے پہلے خبر دی جا چکی ہے کہ پولیس نے جمعرات کی شب کو مدح صحابہ کے سلسلہ میں تین احراری لیڈروں کو گرفتار کر لیا جس سے مسلمانوں میں کافی سے زیادہ جوش و خروش پیدا ہو گیا۔ چنانچہ کل بعد نماز جمعہ مسجد ٹیلہ میں آٹھ ہزار مسلمانوں کا کثیر اجتماع ہوا جس میں متعدد تجاویز منظور کی گئیں۔

ایک تجویز میں قانون امتناع مدح صحابہ کو اعلان وکٹوریہ کے خلاف سراسر مذہب میں مداخلت قرار دیا گیا۔ نیز پولیس کے سخت رویہ پر اظہار نفرت کیا گیا۔ اور گورنر سے اس معاملہ میں مداخلت کی درخواست کی گئی۔

دیگر مساجد میں بھی اسی قسم کی تجاویز منظور کی گئیں جن سے بذریعہ تار گورنر کو مطلع کر دیا گیا۔

اس سلسلہ میں معلوم ہوا ہے کہ سرخ قمیص والنٹیروں کی ۳۳ گرفتاریاں جمعہ کے جلوس میں آئیں اور ان گرفتاریوں کی تعداد شب تک ۷۹ تک پہنچ گئی۔

## شہنشاہ ایڈورڈ ہشتم ترکی میں

### گیلی پولی کے انگریزی قبرستانوں کی زیارت کرینگے

استنبول ۳۰ راگست۔ معلوم ہوا ہے کہ شاہی جہاز نہلیلو جمعرات کے دن چناق پہونچیگا اور ملک معظم ایڈورڈ ہشتم گیلی پولی میں انگریزی قبرستانوں کی زیارت کو جائیں گے اور میدان جنگ بھی دیکھیں گے۔ ملک معظم جمعہ کے دن استنبول پہونچیں گے۔

ترکی اخبارات کا بیان ہے کہ شاہ ایڈورڈ اتاترک مصطفیٰ کمال پاشا کے مہمان ہونگے۔ لیکن چونکہ یہ ملاقات بے ضابطہ ہے اس لئے شاہی رسوم کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔

یقین کیا جاتا ہے کہ ملک معظم باسفورس میں جہازوں اور کشتیوں کا بھی معائنہ کرینگے۔

## انگریزی مصری معاہدہ کا مصر میں استقبال

### سعد زغلول کے مقبرہ پر پھولوں کے ہار

قاہرہ ۔ ۸ راگست مصری انگریزی معاہدہ کے بعد مصری حلقوں میں برطانیہ کے لئے نہایت خوشگوار جذبات پیدا ہو گئے ہیں۔ جرائد مصر بھی تنقید نہیں کر رہے ہیں بلکہ نوجوانان مصر کو متحد ہونے اور اپنی ذمہ داریوں کو بجا لانے کی ہدایت کر رہے ہیں۔

کل مصری وفد نے نحاس پاشا اور آپ کی زوجہ محترمہ کی قیادت میں گلاب اور دیگر قسم کے پھولوں کے ہار لیڈر حریت سعد زغلول پاشا کے مقبرہ پر چڑھائے۔

## ایک یہودی کانسٹبل اور دو برطانی سپاہی ہلاک

### فلسطین میں فوج پر عربوں کا حملہ

یروشلم ۸ اگست۔ باوجود اس اطلاع کے کہ عربوں نے ہڑتال اور منتشرانہ کارروائیوں کو ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے آج صبح متعدد حادثے پیش آئے۔ یروشلم میں ایک یہودی کانسٹبل گولی سے مار ڈالا گیا۔ ایک عرب کو بھی یہودی تیرہیں گولی سے شہید کر دیا گیا۔ ایک یہودی کو گرفتار بھی کیا گیا ہے۔ آج پہلی مرتبہ پولیس نے موٹروں کے ذریعہ اور پیادہ بازاروں کا گشت کیا۔

گزشتہ رات عربوں نے برطانوی سپاہیوں کی ایک پارٹی پر حملہ کیا جس میں ایک برطانی سپاہی موقعہ پر ہلاک ہو گیا اور دوسرا آج صبح مر گیا۔ تین دیگر سپاہی سخت زخمی ہوئے۔

## ناروے میں ٹراٹسکی کی مشکلات

اوسلو ۸ راگست۔ وزیر عدلیہ ناروے نے ظاہر کیا ہے کہ حکومت ٹراٹسکی کے لئے کسی مناسب جگہ کی تلاش میں مصروف ہے۔ اور وہ اپنے سابقہ آرڈر کی جس میں ۱۸ دسمبر تک ٹراٹسکی کو ناروے میں مقام کی اجازت دی گئی تھی پابند نہیں ہے۔ اگر ٹراٹسکی اپنے لئے کوئی مقام خود تلاش کرے تو حکومت مسرور ہوگی۔

## ریل گاڑی لائن سے اتر گئی

میرٹھ ۸ راگست معلوم ہوا ہے کہ میرٹھ خورجہ لائن پر ایک ریل گاڑی میرٹھ سے ۸ میل کے فاصلہ پر لائن سے اتر گئی ہے۔

تمام گاڑی کے ڈبے بہت بری سے اتر جانے کی وجہ سے مسافروں کو نہایت سخت دھکا لگا لیکن کسی کے شدید زخم نہیں آئے۔

## جرمنی میں محاصل کی زیادتی

برلن ۳۰ راگست۔ توسیع فوج وا سلحہ کی بنا پر جرمنی کے مالی ذرائع پر نہایت گراں بار پڑ گیا ہے۔ اور حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ کمپنی کے ٹیکس اس سال ۵ فی صدی اور ۱۹۳۸ء میں ۵ فی صدی بڑھا دئے جائیں۔ صرف اس صورت میں جرمنی کی فوجی اسکیم کامیاب ہو سکتی ہے۔

## ۳۰۷ آدمی آندھی میں مر گئے

... ۳۰ راگست۔ ایک سرکاری اطلاع ہے کہ جنوبی کوریا میں ایک خوفناک آندھی میں ۳۰۷ آدمی مر گئے۔ ۸۰ اشخاص اب تک غائب ہیں اور ۵۴ آدمی سخت مجروح ہوئے ہیں۔ مالی نقصانات بہت زیادہ ہوئے ہیں۔


Long Life
Reform Pen (Regd.)
لانگ لائف ریفارم پن (رجسٹرڈ) جو ایک ہزار فٹ کی بلندی سے گرنے پر بھی نہیں ٹوٹتا ...
سول ڈسٹری بیوٹر ... دہلی


# ترکی پارلیمنٹ میں انگریزی ترکی قرضہ پر وزیر تجارت کا بیان

## پنجسالہ اسکیم کے تحت صنعتی اور حرفتی کارخانوں کا افتتاح

### انگریزی اخبارات اور حکومت ترکیہ

(خاص برائے الجمعیۃ)

... کارخانہ ظروف کاشی ... کارخانہ تیل اور پوٹاش، البرطہ میں۔

توقع ہے کہ ۱۹۳۷ء کے شروع تین ماہ میں سوت اور کپڑے کے کارخانے ناجیلی، موزش، ماربیوس وغیرہ میں کھل جائیں گے۔ اور آہنی برنجی اور شکر سازی کے کارخانوں کا افتتاح عنقریب متعدد مقامات میں ہونے والا ہے۔

# الجمعیۃ مسلمانان ہند کی آواز ہے

## آزادی وطن اور فلاح قوم کے نام پر مسلمانوں سے اپیل

### حضرت الحاج مولانا عبد الحلیم صاحب صدیقی کا مخلصانہ ارشاد

... جمعیۃ علمائے ہند کے وقار و تحفظ اور اس کی بنیادوں کے استحکام کا ذریعہ قرار دے ... حیات ہیں مسلمانان ہند کی بے لوث خدمت انجام دیں اور الجمعیۃ کی نحیف اور کمزور آواز میں وہ اثر پیدا کر دے کہ جس سے محکوم اسلامی ہند کی بے حسی صحیح و کامل احساس میں ان کی ... اسلامی روح عمل میں اور افکار موجودہ افتراق و انتشار دینی مواخاۃ اور یک جہتی میں یکسر تبدیل ہو جائے وما ذلک علی اللہ بعزیز۔ میں ملک و ملت کے ادنیٰ خادم کی حیثیت سے قوم کی فلاح و سعادت اور وطن کی آزادی اور ترقی کے نام پر درخواست کرتا ہوں کہ کاروباری حلقہ اخبار الجمعیۃ میں اپنے تجارتی اشتہار دیکر اور دوسرے صحیح فکر و عمل کے متلاشی حضرات اس کی خریداری منظور فرما کر مالی مشکلات سے اخبار کو نجات دلائیں اور ہندوستان کے اس وطن دوست اور قوم پرور مرکزی جماعت کی آواز مدہم یا خاموش نہ ہونے دیں جو سرمایہ پرنہیں بلکہ حق تعالیٰ کی حسن توفیق سے اور اپنے مخلص ارکان کے ایثار و قربانی پر قائم ہے اور، اسال سے صحیح رہنمائی کا فرض انجام دے رہی ہے۔

عبد الحلیم صدیقی نزیل بمبئی - ۲۴ راگست ۱۹۳۶ء

# انگریزی مصری معاہدہ

## مصر کی مکمل آزادی کا آغاز اور برطانیہ کے فوجی اقتدار کا خاتمہ

### سوڈان پر مصری افواج کا قبضہ۔ غیر ملکیوں پر مصری قوانین کا نفاذ

### مصر اور برطانیہ کے مابین دفاعی معاہدہ

لندن، ۸ راگست مصر و برطانیہ کے جدید معاہدہ کی رو سے مصر پر برطانیہ کا فوجی قبضہ ختم ہو جاتا ہے اور مصر و برطانیہ کی ایسی دوستی مستحکم ہو جاتی ہے جو بیس سال تک بدستور رہے گی۔ اس کے بعد کسی فریق کی درخواست پر نظر ثانی ... گفت و شنید کی جائے گی ...

علاقہ سے ہٹالی جائیں گی۔ لیکن اسکندریہ کی فوجیں وہاں زیادہ سے زیادہ ۸ سال تک رہ سکیں گی۔ بشرطیکہ بارکوں کی تکمیل نہری علاقہ کی اصلاح۔ قاہرہ سوئز، قاہرہ، اسکندریہ اور اسکندریہ مرسی مطروح والی سڑکوں کی درستی اور اسمعیلیہ، اسکندریہ اور مرسی مطروح کے مابین ریلوں کی درستی کے لئے ضروری خیال ...

# آئینہ افکار

## تاریخ بنگال

امرت بازار پتریکا کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ ڈھاکہ یونیورسٹی کی طرف سے تاریخ بنگال کی تالیف کا جو کام شروع کیا گیا تھا، وہ تیزی کے ساتھ جاری ہے۔ پہلی جلد کے مختلف ابواب جو ہندو عہد پر مشتمل ہوگی، مختلف اشخاص کے سپرد کر دئے گئے ہیں۔ اس جلد کی ادارت پروفیسر آر سی، ماز مدار ڈھاکہ یونیورسٹی نے قبول کی ہے۔ لکھنے والوں میں بعض اشخاص کے نام حسب ذیل ہیں، جو ابواب انکے سپرد کئے گئے ہیں، ان کے ناموں کے سامنے قوسین میں درج ہیں:-

(۱) ڈاکٹر گو ہا زوالوجیکل سروے آف انڈیا۔ (بنگال کی مختلف نسلیں)

(۲) ڈاکٹر رائے چودھری کلکتہ یونیورسٹی (قدیم تاریخی عہد)

(۳) ڈاکٹر باسک، پریزیڈنسی کالج کلکتہ (سلطنت گپت سے قوم پالا تک، قانون اور نظام حکومت)

(۴) ڈاکٹر مازمدار، (قوم پالا، قوم سینا، اقتصادی تاریخ، اور بنگال عملی)

(۵) ڈاکٹر رائے، کلکتہ یونیورسٹی، (چندرا برمن اور دوسرے چھوٹے چھوٹے خاندان۔

(۶) مسٹر ان جی مازمدار محکمہ آثار قدیمہ، (فنون و صنعت)

(۷) ڈاکٹر ... ڈھاکہ یونیورسٹی (سنسکرت لٹریچر)

(۸) ڈاکٹر چیٹرجی، کلکتہ یونیورسٹی، (ملکی لٹریچر)

دوسری جلد میں بنگال پر مسلمانوں کے پہلے حملے سے بنگال کے آخری پٹھان فرمانروا داؤد تک کی تاریخ ہوگی۔ تیسری جلد عہد مغلیہ پر مشتمل ہوگی جس میں داؤد سے کر جنگ پلاسی تک کے حالات ہونگے۔ ان دو جلدوں کی ادارت سر جادو ...

زردی اور جسموں کی کمزوری ہوگی، آپس کی نا اتفاقی ہوگی، تعشق و حسد ہوگا، بے حیائیاں اور ذہنیتیں ہوگی۔ آپ دیکھیں گے کہ اگرچہ مسلمانوں کی اصلاح کیلئے ہزاروں وعظ، لاکھوں جلسے، بے شمار اخبار اور لاتعداد پروگرام تجویز کئے جا رہے ہیں، پھر بھی مسلمانوں کی حالت میں کوئی تبدیلی پیدا نہیں ہوتی۔ وہ بدستور ذلت و خواری میں ڈوبے ہوئے ہیں اور ابھی تک زندگی کا راستہ ان پر کشادہ نہیں ہوا۔ (۱) اے برادران ملت! کیا آپ نے کبھی غور فرمایا کہ ایسی حالت کیوں ہے؟ اللہ تعالیٰ کا جواب یہ ہے۔ مَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِکْرِیْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِیْشَةً ضَنْكًا۔ جو شخص میری یاد سے غافل اور لاپرواہ ہو گیا، اس کے لئے دنیا کی معیشت اور تنگی، وقف ہو جاتی ہے۔ دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے۔ لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِیْ فِی الصُّدُوْرِ۔ آنکھیں اندھی نہیں ہو جاتیں بلکہ وہ دل جو سینوں کے اندر ہیں، وہ اندھے ہو جاتے ہیں، یعنی وہ اپنے نفع و نقصان کو نہیں سوچ سکتے، نیکی اور بدی میں تمیز نہیں کر سکتے، اس تمام خرابی کی اصل جڑ بے علمی ہے۔ اور بے علم کی سب سے زیادہ بدبختی یہ ہے کہ اس کا دل خوف خدا سے عاری ہوتا ہے۔ (ایمان)

## بھٹکے ہوؤں کی راہ یابی

روس کی تازہ ترین خبر ہے کہ

"حکومت نے طلاق پر پابندیاں عائد کر دی ہیں جن سے اب بات بات پر طلاق نہ ہو سکے گی، اور منع استقرار حمل کا جو طریقہ عام اور مروج تھا اسے ممنوع قرار دیدیا ہے۔ اسقاط حمل بھی بجز استثنائی صورتوں کے جرم قرار پا گیا ہے۔"

## کمونل ایوارڈ اور کانگریس

... (اجمل)

## واحد علاج

... (اجمل)

# حوادث و احکام

### استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ملک بنگال کے ایک عورت کا فرہ عاقلہ و بالغہ مولوی اپنے شوہر کافر کو چھوڑ کر مسلمان ہو گئی ... اسلام لانے کے بعد ایک شخص مسلمان بالفعل نے عدت اس سے نکاح کرنا چاہتا ہے تو کیا ایسی حالت میں عورت مذکور کو استبراء رحم یا عدت ... کے لئے شرعاً کوئی انتظار کرنا چاہئے یا نہیں۔ اسلام لاتے ہی اس نو مسلمہ سے صحت نکاح کی حکم دیدیا صحیح ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

### الجواب

دار الاسلام میں اگر غیر مسلمہ عورت اسلام قبول کرلے تو اس کے شوہر پر اسلام پیش کیا جائے گا بر تقدیر انکاری ہو جانے شوہر کے اسلام قبول کرنے سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے لیکن جس علاقہ میں جو حکومت غیر مسلمہ کے متعلق ہو اقتدار نہیں ہے۔ اسلام کے پیش کرنے پر اس کے شوہر پر تو بعد اسلام قبول کرنے عورت کے تین مرتبہ حیض کا آ جانا ضروری ہے نکاح سابق کے فسخ ہو جانے کے لئے لہٰذا بلا نکاح اسلام لاتے ہی صحیح نہ ہوگا۔ اگر اسلام لاتے ہی نکاح ہو گیا ہے تو تفریق کرا دینی چاہئے بعد تین مرتبہ حیض آ جانے کے دوبارہ نکاح پڑھوا دیا جائے۔

فقط واللہ اعلم بالصواب

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ، دہلی

### استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ آج کل مختلف پالیسی فارم کمپنیاں مختلف قواعد کے ماتحت جو فارم تقسیم کر رہی ہیں، ان فارموں کی تقسیم کے اعتبار سے مختلف رقمیں دے رہی ہیں ان کے اس کام میں شرکت جائز ہے یا ناجائز؟ ...

علمائے دین کمپنی کی اس تقسیم کار کو اور اس صورت کو جو مسئلہ بالا میں بیان کی گئی ہے جائز قرار دیتے ہیں یا ناجائز۔ بینوا توجروا۔

### الجواب

صورت مذکورہ میں فارموں کا خریدنا اور فروخت کرنا ناجائز ہے اور عدم جواز نص قطعی قمار و میسر سے ثابت ہے اس ناجائز کو جائز قرار دینے والے بڑے سخت کبیرہ گناہ کے مرتکب ہونگے فقط واللہ اعلم ...

حبیب المرسلین عفی عنہ
نائب مفتی مدرسہ امینیہ دہلی

# عربی لیڈروں نے ہڑتال ختم کرنیکا اعلان کردیا

## عراق کے وزیر خارجہ نوری پاشا کی مساعی کا نتیجہ

لندن ۳۰ اگست۔ اطلاع موصول ہوئی ہے کہ یروشلم کے عربی لیڈروں نے ہڑتال بند کرنے کے لئے اعلان شائع کردیا ہے۔ لیکن رائٹر کا بیان ہے کہ ابھی تک حکومت اور عربی لیڈروں میں گفت و شنید ہو رہی ہے اور جلدی سمجھوتہ ہونے کی توقع ہے۔

اخبار ڈیلی ٹیلیگراف کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ فلسطین کے عربی لیڈروں نے غیر متوقع طور پر ثالثی کی وجہ کو بند کرنے کا اعلان کردیا جو گزشتہ چار ماہ سے جاری تھی ... عراق کے وزیر خارجہ نوری پاشا کی کوششوں سے سمجھوتہ ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے عربی لیڈروں کو یقین دلادیا کہ برطانیہ ان کے مطالبات پر ہمدردی کے ساتھ غور کرے گا۔ ہڑتال بند کرنے کے اعلان میں حکومت سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ یہودیوں کی آمد بند کردے۔

عربی لیڈروں کی ایک میٹنگ بھی منعقد ہوئی جس میں حالات پر غور کیا گیا۔

# مقامیات

## قانون امتناع مدح صحابہ کی مذمت

### جامع مسجد دہلی میں زبردست احتجاج

دہلی ۳۰ اگست۔ کل بعد نماز جمعہ جامع مسجد دہلی میں زیر اہتمام انجمن ترقی اسلام ایک جلسہ ...

... بہ الجلسہ ان مجاہدین ملت کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرتا ہے جو اس مبارک تحریک کے سلسلے میں گرفتار ہوئے اور مصائب کا شکار ہوئے ... جلسہ دعائے خیر پر ختم ہوا۔ (نامہ نگار)

## چار روپیہ پر چاقو چل گئے

### دہلی میں دو اشخاص کا وحشیانہ قاتلانہ حملہ اور گرفتار

دہلی ۳۰ اگست۔ کل معمولی لین دین کے تنازعہ پر گندہ نالہ پر ایک خونریز ہنگامہ ہوگیا جس میں دو شخص ہلاک ہوگئے۔

واقعہ اس طرح بیان کیا جاتا ہے کہ افضل مرزا تانگہ ساز ساکن گندہ نالہ کے پاس ایک شخص مسمی اللہ دیا تانگہ کا پہیہ ٹھیک کرانے آیا۔ افضل مرزا نے اس سے چار روپیہ کا مطالبہ کیا ... افضل مرزا کے بھائی ... چاقو ... دونوں میں ہلاک ہوگیا۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر گرفتار کرلیا۔

افضل مرزا ارون ہسپتال میں داخل کردیا گیا ہے ...

## بھائی پرمانند کا سیاہ جھنڈوں سے استقبال

### خواتین دہلی کا اسٹیشن پر اجتماع

دہلی ۳۰ اگست۔ کل صبح جس وقت بھائی پرمانند صدر ہندو مہاسبھا پنجاب میل سے دہلی پہنچے تو خواتین دہلی نے سیاہ جھنڈوں سے ان کا استقبال کیا اور پرمانند جی واپس جاؤ کے نعروں سے اسٹیشن کو گونج دیا ... پولیس کی بروقت امداد سے سڑک پر آنے میں کامیاب ہوگئے لیکن ان عورتوں نے یہاں بھی پیچھا نہ چھوڑا اور ان کے نگے سر پر سیاہ جھنڈوں کا سایہ کرکے ... بھائی جی نے اپنی بیٹھک پر ... جیل میں ...

شام کو کمپنی باغ میں جلسہ ہوا جس میں بھائی جی نے سوشلزم ... پر حملہ کرتے ہوئے ہندوستان کی نجات کا ذریعہ درن آشرم (بھائی) کو بتایا ...

## سول ہسپتال بند کردیا جائیگا

### دہلی میونسپل کمیٹی کا فیصلہ

دہلی ۳۰ اگست۔ کل دہلی میونسپل کمیٹی نے تین کے مقابلہ میں سولہ کی اکثریت سے فیصلہ کردیا کہ یکم ستمبر سے سول ہسپتال کو جو کمیٹی کے خرچ سے چل رہا ہے بند کردیا جائے گا ... کوئی مریض شفاخانے میں داخل نہیں کیا جائے گا۔

رائے بہادر ... نے اپنے ایک ریمارکس میں کہا ہے کہ ... میونسپلٹی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

چیف میڈیکل آفیسر لفٹنٹ کرنل ... نے جنہوں نے اس تجویز کی مخالفت کی تھی ... کہا کہ ...

## معاصر مدینہ کا شکریہ

اخبار الجمعیۃ کے نظم و نسق کو جب جمعیۃ علماء ہند کی سب کمیٹی نے اپنے ہاتھ میں لیا تو ضرورت محسوس کی گئی کہ قدیم اظہار تعلق کی بنا پر محمد عثمان فارقلیط (ابو البیان) ایڈیٹر رسالہ فاران (مدینہ) کی خدمات حاصل کی جائیں چنانچہ اس مقصد کے لئے مولوی مجید حسن صاحب مالک اخبار مدینہ سے درخواست کی گئی اور موصوف نے کمال مہربانی سے دو ماہ کے لئے ان کی خدمات الجمعیۃ میں منتقل کردیں۔ ...

ناظرین کرام مطلع رہیں کہ محمد عثمان فارقلیط اور ابو البیان ایڈیٹر میں کسی کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں ہے ... الجمعیۃ کی لوح پر اس کا درج کیا جاسکا اب جب کہ موصوف کی خدمات مستقل طور پر الجمعیۃ میں منتقل ہوگئی ہیں ... الجمعیۃ کی لوح پر اصل نام درج کردیا جائے۔

(مولانا) نورالدین (صاحب) بہاری۔ نگراں

## دو چینی سرغنوں کو پھانسی

شنگھائی ۲۸ اگست۔ ... جاپان ... دو چینی سرغنوں کو آج پھانسی دیدی گئی ... حکومت جاپان نے ... سخت کارروائی ...

## مہاراجہ میسور وائنا میں

وائنا ۲۹ اگست۔ کل مہاراجہ میسور یہاں پہنچے ہیں اور انہوں نے برسٹل ہوٹل میں ... ۳۵ کمرے لئے ہیں۔

## دو گاؤں اور چھ آدمی سیلاب میں بہ گئے

لاہور ۲۸ اگست۔ ... سیلاب کی تباہ کاریوں کے متعلق ... اطلاعات موصول ہوئی ہیں ... بہت سے مویشی ... کھوڑے، گدھے، بکریاں اور گائیں ... ہلاک ہوگئے ... ۱۰ آدمی سیلاب میں بہ گئے ... اور باقی چھ کی نعشیں مل گئیں۔

## اسپین کے باغیوں کو شکست ہوگئی

ہنڈای ۲۸ اگست۔ شہر سان سیباستیان پر قبضہ کرنے کے لئے آج پھر باغیوں نے ... حملہ کیا مگر آج بھی ان کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا ... باغی نوجوانوں ... کو ہٹانے میں ناکام رہیں۔ باغیوں کا سرکاری بیان ہے کہ ... ہسپتال ... اڑا دئے جائیں گے۔

## روسی علاقہ پر جاپانی طیاروں کی پرواز

ماسکو ۲۹ اگست۔ حکومت روس نے اپنے سفیر مقیم جاپان ... کے ذریعہ سے جاپانی ہوائی جہازوں کی طرف سے متعدد بار روسی علاقہ پر پرواز کرنے کے خلاف پروٹسٹ کیا ہے۔ حکومت روس کا بیان ہے کہ ... اگست کے درمیان جاپانی ہوائی جہاز ... مرتبہ پرواز کرتے ہوئے دیکھے جاچکے ہیں۔

# انتداب فلسطین کا غلط کارانہ استعمال

## برطانیہ کی دورخی پالیسی کے متعلق مسٹر چرچل کا اظہار خیال

(ترجمہ خاص برائے الجمعیۃ)

جنگ عظیم کی عارضی صلح کے بعد فلسطین کے معاملات میں کبھی سکون پیدا نہ ہوا۔ بلکہ ہمیشہ عربوں اور حکومت میں جنگ رہی اور عرب برابر اپنے حقوق کا مطالبہ کرتے رہے اگر بہ نظر غائر دیکھا جائے تو اس کی تمام تر ذمہ داری برطانیہ پر ہے اور اس کی اصل وجہ برطانی انتداب ہے جس سے عرب ہمیشہ ناخوش اور اسے اپنے لئے سم قاتل سمجھتے رہے ہیں۔ فلسطین کے ان ہنگاموں اور شورشوں سے برطانیہ کو شرمندہ ہونا چاہیے ... یہ حقیقت میں ناقابل بیان ہے اس کا خود برطانیہ بھی معترف ہے۔

۱۹۱۹ء سے آج تک عربوں نے جو جنگ آزادی لڑی ہے اور برطانی انتداب نے ان کے مطالبات کو ٹھکرا کر جو نقصانات رسانی کی ہیں ان کو سمجھنے سے پہلے یہ ذہن نشین کرنا ضروری ہے کہ برطانیہ نے کبھی عربوں کی ہمدردی حاصل نہیں کی۔ بلکہ عربوں کی اکثریت کو ہمیشہ حکومت سے اختلاف رہا۔ یہاں تک کہ بین الاقوامی لیگ کے تحقیقاتی کمیشن کو بھی اس کا اعتراف کرنا پڑا کہ عربوں میں برطانی انتداب سے سخت ناراضگی پھیلی ہوئی ہے اور ان کی یہ ناراضگی اس حد تک پہنچ گئی ہے جس کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

### عربی وفد اور مسٹر چرچل

عربوں نے بارہا برطانیہ سے مطالبہ کیا کہ ... مطالبات کو پیش نظر ... اعتنائی نہ برتی جائے ...

نام نہاد لیجسلیٹو کونسل محض ایک بیکار سی چیز ہے اور اسے ملکی معاملات میں دخل کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے یہاں تک کہ وہ برطانی انتداب سے تعلق رکھنے والے اہم مسائل پر بحث نہیں کرسکتی ... اور یہ کہ اس کے تمام فیصلوں کے لئے ہائی کمشنر کی منظوری لازمی اور ضروری ہے ... جو انتداب کے ماتحت صرف نامزد ممبر ہی نہیں بن بلکہ وہ بجائے اس کے کہ اپنے ملک کی صحیح رہنمائی کریں برطانی انتداب کو عملی جامہ پہنانے کا ایک ذریعہ ہیں مختصر سے الفاظ میں اس طرح کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ اس نام نہاد کونسل کے ممبران حکومت کی زنجیر وفاداری میں جکڑے ہوئے ہیں اور ان کو کٹھ پتلی کی طرح جس طرف چاہا جاتا ہے چلتے ہیں۔

اگست ۱۹۲۵ء کے ہنگامہ فلسطین کے شا کمیشن نے جو تحقیقات کی ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ برطانی حکومت نے انتداب کا غلط کارانہ استعمال کیا ہے اس نے اپنے وعدوں کو پورا کرانے کی کبھی کوشش نہیں کی اور ان تمام شہری اور سیاسی حقوق کا جو عربوں سے متعلق ہیں کچھ خیال نہیں کیا۔ رپورٹ میں یہ بھی تجویز کیا گیا ہے کہ جب تک فلسطین میں نمائندہ حکومت کا قیام نہ ہو ایک ایسا ادارہ قائم کردیا جائے جس کے ذریعہ تمام غیر یہودی مسائل پر مشورہ کیا جاسکے ...

### برطانیہ کی دورخی پالیسی

... ہر حال عربوں کی قیمت سے یہودیوں کی پشت پناہی اور ان کی امداد کرنا حکومت کی ایک نقصان دہ پالیسی ہے جس سے فلسطین کی عرب آبادی کبھی ...

آگے چل کر مسٹر چرچل وفد کو مخاطب کرکے فرماتے ہیں کہ برطانی حکومت فلسطین کے عربوں سے بے حد ہمدردی ہے اور وہ ان سے ہمیشہ دوستی کی خواہشمند رہی ہے ... عربوں کے حقوق کو سلب کرلیا جائے اور ... نظر انداز کردیا جائے۔

### نمائندہ حکومت کے قیام سے انکار

فلسطین کی موجودہ نازک صورت حالات سے پتہ چلتا ہے کہ برطانیہ اپنے وعدوں کو پورا کرنے سے گریز کررہا ہے اور وہ اپنی پالیسی میں تبدیلی کا ارادہ نہیں رکھتا ... عربوں نے سنہ ۱۹۲۱ء میں ایک یادداشت کے ذریعہ خدشہ ظاہر کیا تھا ... حکومت ... فلسطین کی بے چینی ... تجاوز کرچکی ہے اور اس کا سدباب کرنا اگر محال نہیں تو مشکل ضرور ہے۔

فروری ۱۹۲۳ء میں جب فلسطین کے عربی وفد کی طرف سے مطالبہ کیا گیا کہ ... انتداب کے ماتحت قومی حکومت کے قیام کا حق دیا جائے ...

صاف طور سے جواب دیا گیا کہ اگر اس وقت فلسطین میں دستوری حکومت کا نفاذ کردیا جائے تو یہودی ان مراعات سے محروم ہوجائیں گے جن کے لئے برطانی حکومت وعدہ کرچکی ہے اس کے بعد بھی برطانیہ کی طرف سے اس ... قومی حکومت کے قیام سے صاف انکار کیا گیا ... برطانی ... نے ان الفاظ میں حکومت برطانیہ کی پالیسی کا اظہار کیا کہ ...


## مندرجہ ذیل معمہ حل کرنے سے گھڑی مفت مل سکتی ہے

ایک فینسی لندن گولڈ لیور دستی گھڑی قیمتی تیس روپے کی

اور تین گھڑیاں سنہری دستی خوبصورت مالیتی تیس روپے کی

انعامات: پہلا انعام۔ ایک گھڑی سنہری خوبصورت لندن گولڈ لیور مالیتی تیس روپے ... بالکل درست حل بھیجے گا۔

دوسرا انعام۔ ایک گھڑی سنہری ... زیادہ حل بھیجے۔

تیسرا انعام۔ ایک گھڑی سنہری خوبصورت دستی اس عورت کو دی جائے گی جو ... درست حل بھیجے۔

چوتھا انعام۔ سنہری دستی گھڑی اس عورت کو دی جائے گی جو عورتوں میں ...

قواعد نمبر ۱: ... الفاظ کی ایک نمبر ... ایک حرف ...

... مینیجر ... انارکلی ... چاندنی چوک ... بازار ... دہلی




# حکومت روس کی وعدہ خلافی

## سازش روس کے سولہ ملزموں کو گولی سے اڑادیا

### ٹراٹسکی کا اظہار مذمت

ماسکو ۲۵ اگست۔ سوویٹ روس کے مقدمہ سازش کے تمام سولہ ملزموں کو جن کو سزائے موت دی گئی تھی گولی سے اڑادیا گیا۔ ملزموں نے سنٹرل ایگزیکیٹیو کمیٹی میں اپیل کی تھی مگران کی اپیل خارج کردی گئی۔ ناظرین کو یاد ہوگا کہ ان کے خلاف روسی لیڈر ... اسٹالن کو قتل کرنے کی سازش کے الزام میں ... تمام ملزموں نے اقبال جرم کیا تھا ... ٹراٹسکی کو سازش کا ذمہ دار ٹھہرایا تھا۔ ملزموں کو گولی سے اڑانے کے متعلق ٹراٹسکی نے ... کہا کہ تاریخ میں اس سے بڑا جرم نہیں ہوسکتا۔ میرا فرض ہے کہ میں بلا خوف اس کی پرزور مذمت کروں۔ گو ان سے وعدہ کیا گیا تھا کہ اگر انہوں نے اقبال جرم کرلیا تو ان کی زندگی بخشدی جائے گی۔ لیکن اس کے باوجود ان کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا اور تعجب ہے کہ ... نامعلوم جاسوسوں کو کچھ نہیں کہا جائے گا بلکہ ان کے دوسرے نام رکھکر ان کو بری کردیا جائیگا اور ان کی ترقی کردی جائے گی۔

# فرقہ وارانہ تعصبات کے خلاف اظہار افسوس

## سرحد کے کانگریسی کارکنوں کو انتخاب میں شریک ہونے کا مشورہ

### گاندہی سرحد خان عبدالغفار خاں کا اظہار خیال

بمبئی ۳۰ اگست۔ صوبہ سرحد میں کانگریس کی انتخابی سرگرمیوں میں سرکاری افسروں کی مداخلت اور اس تجویز کے بارے میں آیا کانگریس کو اس کے خلاف احتجاج کے طور پر آئندہ انتخابات کا بائیکاٹ نہیں کرنا چاہئے۔ خان عبدالغفار خاں کی رائے کا پتہ اس بیان سے چلتا ہے جو کہ سردار سردول سنگھ کویشر سابق ممبر ... کمیٹی نے خان موصوف سے تبادلہ خیالات کرنے کے بعد نمائندہ یونائیٹڈ پریس کو دیا ہے۔

خان صاحب نے مجھ سے کہا کہ صوبہ سرحد کے کانگریسی کارکنوں کو ان کی اس رائے سے مطلع کردوں ...

مزید اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا جہاں تک پنجاب کا تعلق ہے مجھے یہ سنکر بڑا افسوس ہوا ہے کہ وہاں فرقہ وارانہ کشیدگی پھیلی ہوئی ہے اگر پنجاب میں داخل ہونے کی اجازت ہوتی تو میں یقیناً ہندوؤں مسلمانوں اور سکھوں کے درمیان سمجھوتہ کرانے کی غرض سے اپنی خدمات ان کے سپرد کردیتا ۔ میرا پختہ خیال ہے اگر پنجاب کے قوم پرست کارکنان سرحد کے ہندوؤں اور مسلم خدمتگاروں کی طرح فرقہ وارانہ تعصبات سے اپنے دلوں کو صاف کرلیں تو پنجاب میں فرقہ وارانہ تلخی بہت جلد ہی دور ہوجائے گی۔

## بیکاری کو دور کرنیکی تدابیر کیجائیں

### اسمبلی کے کانگریسی ممبروں کی حکومت سے سفارش

دہلی ۳۰ اگست۔ کانگریس پارٹی کے ممبروں نے اسمبلی کے آئندہ اجلاس میں مندرجہ ذیل ریزولیوشن پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے۔

**پروفیسر رنگا**

(۱) یہ اسمبلی گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے یہ سفارش کرتی ہے کہ کرگا چلانے والوں میں جو بیکاری بڑھتی جارہی ہے اسے روکنے کی کوشش کی جائے اور کارخانوں کے مقابلہ کی وجہ سے ان کو جو دشواریاں پیش آتی ہیں ان کو دور کیا جائے علاوہ بریں حکومت ہند کے مختلف شعبوں کو یہ ہدایت کی جائے کہ وہ کرگا چلانے والوں سے ہی کپڑا خریدیں۔

(۲) یہ اسمبلی گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے یہ سفارش کرتی ہے کہ قانون ضابطہ فوجداری میں اس طریقہ سے فوری ترمیم کی جائے کہ کسانوں کی آبی اراضی قرقی سے مستثنیٰ کردی جایا کرے جس سے کہ ان کو اور پیہم ماہوار کی آمدنی ہو سکے اور وہ اس سے اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ بھر سکیں۔

(۳) یہ اسمبلی گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے یہ سفارش کرتی ہے کہ وہ ہندوستان اور بالخصوص کسانوں اور مزدوروں کی شہری آزادی سلب کرنے کے بارے میں تحقیقات کرنے کے لئے ایک کمیٹی مقرر کرے جو کہ ممبران اسمبلی پر مشتمل ہو اور جو یہ سفارش کرے کہ ان کی آزادی کس طرح بحال ہوسکتی ہے۔

**مسٹر گری**

(۱) یہ اسمبلی گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے سفارش کرتی ہے کہ بیکاری کی وجہ سے ملک میں جو نازک صورت حالات پیدا ہوگئی ہے اسے ختم کرنے کے لئے فوری تدابیر اختیار کی جائیں۔

**مسٹر کیلاش بہاری لال**

(۱) یہ اسمبلی گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے یہ سفارش کرتی ہے کہ برطانی میڈیکل کونسل بل پراس امر کے لئے زور ڈالا جائے کہ وہ ۵ مئی ۱۹۳۶ء کے ریزولیوشن پر دوبارہ غور کرے۔

**مسٹر کلادھر چلیا**

یہ اسمبلی گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل سے یہ سفارش کرتی ہے کہ انہوں کی اندرونی تجارت دیز خانگی پورے افیون کی کاشت میں دس فی صدی سالانہ کمی کرنے کے لئے فوری تدابیر اختیار کی جائیں۔

## ترکی میں تعلیمی ترقی

ترکی وزیر تعلیمات نے جو رپورٹ سال کے اختتام پر شائع کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت ابتدائی مدارس کی تعداد ۵۹۹۴ ہے جن میں ۲۷۶۳۲۰ مدرس ہیں اور ابتدائی مدارس کے طلبا کی تعداد ۵۷۰۰۰۰ ہے یہ تعداد دیہاتی ... وغیرہ کے طلبا کے علاوہ ہے۔

## وزیر ہند کو جواب الجواب

کلکتہ ۲۹ اگست۔ اخبار امرت بازار پتریکا کو معلوم ہوا ہے کہ لارڈ زٹلینڈ وزیر ہند کے پاس بنگال کے ہندوؤں کی جانب سے کمیونل ایوارڈ کو تبدیل کرنے کے بارے میں جو میمورنڈم بھیجا گیا تھا اور جس کو انہوں نے نامنظور کردیا تھا اس کا پھر جواب دیا گیا ہے۔

## چین میں مذہبی آزادی کا اعلان

### مسلم مدارس اور مساجد سے پابندیاں اٹھالی گئیں

شملہ۔ کچھ روز ہوئے یہ خبر آئی تھی کہ حکومت چین نے سنکیانگ میں مسلم مدارس بند کردئے ہیں اور مساجد میں نماز پڑھنے کی ممانعت کردی ہے۔ اسی سلسلہ میں اب ایک سرکاری بیان شائع ہوا ہے جس میں یہ بتایا گیا ہے کہ سابقہ حکم غلط فہمی پر مبنی تھا۔ آئندہ ہر شخص کو مذہبی آزادی حاصل ہوگی۔ مدارس کھلے رہیں گے اور نماز پڑھنے پر کوئی پابندی نہیں ہوگی۔

## حضرت مولانا ابوالکلام آزاد کا ورود مسعود

دہلی ۳۰ اگست۔ حضرت مولانا ابوالکلام آزاد رانچی سے مراجعت فرمائے دہلی ہوگئے ہیں۔ آپ ایک ہفتہ تک قیام فرمائیں گے۔ حضرت مولانا کوٹھی نمبر ۱۲۱ واقع دریا گنج میں قیام پذیر ہیں۔

## فرزندان روس تیار ہوجائیں

### صدر جمہوریہ روس کا وطن پرورانہ اپیل

لندن ۳۰ اگست۔ معاصر ایوننگ نیوز نے اشالن صدر جمہوریہ روس کا ایک اپیل شائع کی ہے جو موصوف نے نشرگاہ روس سے براڈکاسٹ کیا ہے اپیل کا خلاصہ یہ ہے۔

"ہم نہایت نازک حالات میں سے گزر رہے ہیں۔ ممکن ہے کہ کسی وقت فرزندان روس سے یہ مطالبہ کرنا پڑے کہ وہ اپنے مادر وطن کی حفاظت کے لئے اپنی جانیں قربان کریں۔ ہمارے دشمن قوت حاصل کرتے جارہے ہیں۔ اس لئے تم بھی تیار ہوجاؤ۔"

## پنجاب کونسل کی صدارت

لاہور ۲۸ اگست۔ پنجاب کونسل کی صدارت کے لئے راؤ بہادر چودھری چھوٹو رام خان بہادر ملک محمد دین اور سردار بہادر ... ڈپٹی پریذیڈنٹ پنجاب کونسل امیدوار ہیں۔ علاوہ ازیں چند شہری مسلمان ممبروں نے کھڑے ہونے کا اعلان کیا تھا۔ انہوں نے اب ارادہ ترک کردیا ہے۔ یہ معلوم ہوا ہے کہ ہندو اور سکھ ممبران نے خان بہادر ملک محمد دین کی حمایت کا فیصلہ کیا ہے۔ لیکن چند دیہاتی ہندوؤں نے خان بہادر صاحب کی حمایت کرنے سے انکار کردیا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس وقت پنجاب کونسل کی صدارت کے متعلق شہری اور دیہاتی کا سوال پیدا ہوگیا ہے۔ چند ممبران کونسل کے ساتھ گفتگو کرنے سے معلوم ہوا ہے کہ راؤ بہادر چودھری چھوٹو رام کی کامیابی کی زیادہ توقع ہے۔ دیہاتی ممبرز کے علاوہ یونینسٹ پارٹی اور سرکاری ممبران چودھری صاحب کی حمایت کریں گے۔

## ڈاکٹر راجن کا احتجاج

ترچنا پلی ۲۸ اگست۔ ڈاکٹر ٹی۔ ایس۔ ایس راجن نے کانگریس کی ممبری سے الگ ہونے کے لئے اپنا استعفیٰ بھیج دیا ہے۔ انہوں نے ترچناپلی میونسپل کونسل میں بھی اپنا استعفیٰ بھیجا ہے ... کانگریس ورکنگ کمیٹی نے ترچناپلی میونسپل بورڈ کے چیرمین کے انتخاب کے بارے میں ڈاکٹر راجن کا تصفیہ نہیں کیا ہے۔

## جعلی چکوں سے نو ہزار روپیہ وصول کرلیا

### ملزم کو ۵ سال قید سخت کی سزا

کراچی ۲۸ اگست۔ تین جعلی چک استعمال کرکے روپیہ وصول کرنے کے الزام میں ایک خوش پوش نوجوان کے خلاف تین مختلف مقدمات چلائے گئے تھے اور اسے پانچ پانچ سال قید سخت کا حکم دیا گیا۔ لیکن تینوں سزائیں بیک وقت شروع ہوں گی۔

عدالت میں ملزم نے صحت جرم سے انکار کرتے ہوئے کہا تھا کہ میں نے تین جعلی چک استعمال کرکے نو ہزار روپیہ وصول نہیں کیا۔

استغاثہ کا بیان ہے کہ ملزم ایک تیل کمپنی میں ملازم تھا۔ لیکن اسے ملازمت سے برطرف کردیا گیا تھا۔ بعد میں کمپنی کو معلوم ہوا کہ چک بکوں سے چند چک غائب ہیں۔ تحقیقات پر یہ راز منکشف ہوا کہ ان کے ذریعہ ملزم نو ہزار روپیہ وصول کرچکا ہے۔ چنانچہ کمپنی نے پولیس کو اطلاع دی۔ پولیس نے نوجوان مذکور کو حیدرآباد میں گرفتار کرلیا اور اس کے قبضہ سے تین ہزار روپیہ کی رقم برآمد کی۔ خیال ہے کہ باقی روپیہ ملزم نے عیاشی میں ضائع کردیا ہوگا۔


# اگر آپ گھر بیٹھے مفت

## حکیم یا ڈاکٹر کی خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو

کارخانہ ایکوورکس کی فہرست ادویات مع طریقہ علاج اور مفید کارآمد معلومات ذیل کے پتہ سے مفت طلب فرمائیے اس کے مطالعہ سے آپ کافی معلومات حاصل کرسکتے ہیں ہر قسم کے علاج کا صحیح طریقہ مفصل درج ہے ہر شخص اور ہر گھر کیلئے مفید کتاب ہے اس کارخانہ کی ادویات طب قدیم اور جدید کی معلومات کا نچوڑ ہیں جو دنیا کے بڑے بڑے نامور اور مشہور اطباء کے مستند اور معتبر نسخوں کے مطابق تیار کی جاتی ہیں اور جو لاکھوں مریضوں پر استعمال کئے جانے کے بعد مفید اور کارآمد ثابت ہوئی ہیں آپ سے اس قدر گزارش ہے کہ اس کو بازاری اور عام اشتہاری ادویات کا اشتہار سمجھ کر نظرانداز نہ فرمائیں بلکہ صرف تین پیسے کا پوسٹ کارڈ لکھکر فہرست مفت طلب فرمائیں۔ حقیقت اور سچائی آپ پر خود روشن ہوجائے گی۔

(ملنے کا پتہ)

سول ایجنٹس کارخانہ ایکوورکس

ایم اسمعیل۔ انگریزی دواخانہ نمبر ۹

کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ (انڈیا)

## بے تصدیق بات پر شک ممکن ہے

لیکن جب لاکھوں اشخاص تصدیق کرچکے ہیں اور ڈنکے کی چوٹ پر کہہ چکے ہیں کہ مقویات متاع عالم آتنک نگرہ گولیاں جریان۔ تپش۔ بدہضمی۔ باخون۔ منی کی خرابی یعنی جریان۔ احتلام سرعت انزال۔ رقت منی کی لاثانی علاج ہیں تو اب شک کس لئے آپ بھی ایک مرتبہ آزمائش کرکے دیکھیے۔ قیمت فی ڈبی ۳۲ گولیاں ایک روپیہ (عہ) پانچ ڈبیاں چار روپے (للعہ)

ملنے کا پتہ: آتنک نگرہ فارمیسی جام نگر کاٹھیاواڑ


خریداران الجمعیۃ کو چاہئے کہ خط و کتابت کے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں۔ ورنہ عدم تعمیل کی شکایت معاف۔ (منیجر)

# اخبار الجمعیۃ کی امداد کا آسان طریقہ

الجمعیۃ کی بک ڈپو میں ہر قسم کی عربی۔ فارسی، اردو۔ درسی وغیر درسی کتابوں کا کافی انتظام ہے۔ اس لئے قارئین الجمعیۃ کو جب کبھی کسی قسم کی کتابوں کی ضرورت ہو تو پہلے الجمعیۃ کو یاد کریں۔ علماء اور طلباء کو خصوصیت سے اس کی طرف توجہ فرمانا چاہئے۔ کیونکہ یہ اخبار آپ ہی حضرات کا ہے

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو۔ بلیماران دہلی


## قوت کی کامیاب گولیاں

یہ گولیاں امساک کے واسطے لاجواب اور بالکل بے ضرر ہیں جن کی بابت ہمارا دعویٰ ہے کہ آج تک ان گولیوں سے بہتر دوا امساک کے لئے ایجاد نہیں ہوئی۔ انتہا درجہ کی مقوی۔ کیف آور ممسک اور اس قدر قوی الاثر ہے کہ جب تک اندر سے ترشی کا استعمال نہ کیا جاوے گا گولی کا اثر قائم رہے گا۔ خوراک صرف ایک گولی وقت خاص سے بیشتر۔ قیمت فی درجن ایک روپیہ آٹھ آنہ ... تین درجن چار روپیہ (للعہ)

## ضماد یک شب

اگر ایک مرتبہ کے استعمال سے فائدہ نہ ہو تو پانچ روپے واپس

افسر الاطباء سرکار نظام دکن کا خاص نسخہ

جو چند مرتبہ کے استعمال سے نامرد کو مرد اور مرد کو جوان مرد بنادیتا ہے۔ طفلی بے حضر اور جملہ بیماریوں کی واحد دوا

قیمت فی تولہ پانچ روپے (ہے) چھ ماشہ دو روپے آٹھ آنہ (ہے)

نشاط فارمیسی چاندنی چوک نئی دہلی

# حمائل شریف مترجم مع خلاصۃ التفاسیر

... معجزنما حمائل شریف مترجم ...

حمائل شریف لاکٹ والی ...

پنجسورہ مکمل کلاں مع فضائل و خواص و تعویذات ...

الاطلاع: ... جو صاحب چاہیں ... منگا سکتے ہیں ...

منیجر الجمعیۃ بک ڈپو بلیماران دہلی

# اسپین کی بغاوت کے بڑھتے ہوئے شعلے

## روس کمیونسٹ حکومت کی روپیہ اور رضاکاروں سے امداد کر رہا ہے

### خانہ جنگی نے اپنا رخ بدل دیا ہے

(مکتوب جرمنی)

اسپین سے برابر خوفناک خبریں آرہی ہیں اب تک تو صرف یہی تھا کہ اسپین خانہ جنگی میں معروف تھا۔ اور ایک دوسرے کا گلا کاٹ رہے تھے۔ اسپین کے قومی افراد یہ کہتے ہیں کہ جمہوریت والوں نے ان کے ملک کو روس کے ہاتھ مکمل فروخت کر دیا۔ اسپین میں ظلم ہو رہا ہے گرجا جلائے جا رہے ہیں اور انسانوں کو زندہ تیل ڈال کر خاک میں ملایا جا رہا ہے۔ حکومت مزدوروں کے ہاتھ میں کٹ پتلی بنی ہوئی ہے۔ اور برابر دوسرے ممالک سے امداد لے رہی ہے۔ اس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ روس کھلم کھلا اسپین کی امداد کر رہا ہے۔ روپیہ لاکھوں کی تعداد میں فراہم کر کے اسپین روانہ کیا جا رہا ہے۔ بلکہ رضاکار روس سے روانہ ہو گئے جا رہے ہیں۔ فرانس بھی برابر امداد کر رہا ہے کیونکہ وہ چاہتے ہیں کہ اگر اسپین میں روسی نمونے کی بالشویک حکومت قائم ہو جائے تو اچھا ہے لیکن ان حکومتوں کو ہرگز یہ نہیں چاہیے کہ کسی دوسری حکومت کے اندرونی معاملات میں دخل اندازی کریں۔ اسپین کے افراد یہ کہتے ہیں کہ ہم اپنے ملک کو ان تمام باتوں سے پاک کر کے چھوڑیں گے۔ لیکن اب ... خانہ جنگی اپنا رخ تبدیل کر رہی ہے۔ میڈرڈ کی حکومت نے ایک جہاز نے جرمنی جہاز پر فیر کئے۔ جرمنی جہاز ان جرمنیوں کو اسپین سے نکال کر لانا چاہتا تھا جو اسپین میں قید میں اکثر جرمنوں کو قتل کر دیا گیا ہے۔ حکومت جرمنی نے اس کے خلاف سخت صدائے احتجاج بلند کی ہے حقیقت میں بساط یورپ پر اس وقت اسپین کی وجہ سے زبردست گھٹا کے بادل چھا رہے ہیں۔ اگر اسپین کا معاملہ اندر ہی اندر رہا اور اسپین نے پھر جرمن جہاز پر حملہ کر دیا تو پھر دیکھنا ہے کہ کس کل اونٹ بیٹھتا ہے۔

(مسٹر حبیب الرحمن قریشی برلن)

## مسٹر گاباممبر اسمبلی کے خلاف ایک نیا مقدمہ

### درخواست ضمانت نامنظور کر دی گئی

## جولائی تک ۲۶ ہزار لاشیں نکالی گئیں

### کوئٹہ میں تعمیرات کا کام

## گورداسپور میں ۴۸ گھنٹے مسلسل بارش

## مصنوعی جنگلات کی کاشت

## ایک ہندو کو مسلمان سمجھ کر دفن کر دیا

## مختصر خبریں

---



ہندوستان کا بہت بڑا تجارتی کتب خانہ جو ۵۰ سال سے علامہ مفتی محمد کفایت اللہ صاحب کی سرپرستی میں قائم ہے اور جس میں تمام علوم و فنون کی درسی، غیر درسی، اردو، فارسی، عربی کتابیں ہر وقت موجود رہتی ہیں۔ اور مناسب قیمت پر ملتی ہیں۔

**کتب خانہ رحیمیہ**

سنہری مسجد دہلی

ہے اور اس کی شاخ

**کتب خانہ اسلامیہ**

زیر جامع مسجد دہلی ہے

**ایک قطرہ کا کرشمہ**

حیرت میں ڈالنے والی دوا جوشنگ آئل

بتہ: سعید برادرس اینڈ کو کلاں محل دہلی

**سو روپے انعام جادو کی انگوٹھی**

Bengal Mesmarism House
PANCHPOTA (Bengal)

**خضاب چھوڑ دو**

اس تیل سے بالوں کا پکنا رک کر سفید بال کالا پیدا ہو کر سا ٹھ برس تک کالا رہتا ہے ...

پتہ: بال کالا اسٹور پوسٹ کنسی سمری در بھنگہ

**محبوب عاشق کے قدموں پر**

**ہدیہ میں عظیم الشان رعایت**

تفصل شاہ عالم گلی راجان کوچہ چیلان دہلی

**صحت نماجیبی حمائل شریف معریٰ**

منیجر الجمعیتہ بک ڈپو بلی ماران دہلی

**مشہور و معروف دو ترجمہ والا معجز نما متوسط قرآن مجید معہ کامل تفسیر**

**حیرت انگیز رعایتی اعلان**

اس قرآن پاک کی ضخامت ایک ہزار صفحات ہیں کاغذ سفید ولایتی ہے۔ حاشیہ ... دو ترجمے ہیں۔ پہلا ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا تحت اللفظ ہے دوسرا ترجمہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی کا بامحاورہ ہے ...

**نورانی قرآن مجید معریٰ**

منیجر الجمعیتہ بک ڈپو بلیماران دہلی



---

# مراسلات

(ایڈیٹر کا نامہ نگاروں کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)

## جمعیتہ طلبار افغان دہلی کا دوسرا سالانہ اجلاس

جمعیت طلبار افغان دہلی کا دوسرا سالانہ اجلاس بتاریخ ۱۵ اگست ۱۹۳۶ء بروز جمعہ بمقام کشمیری دروازہ دہلی زیر صدارت جناب مولانا مولوی فضل الرحمن صاحب فاضل ... منعقد ہونا قرار پایا تھا ...

## اطلاعات

### مہاراجگان ہند کا لندن میں استقبال

### سیلاب زدگان کے لئے اپیل

### پانچ ہزار روپیہ کے انعامی نعمت کے متعلق کمیٹی کا فیصلہ

### پنجاب میں مزید پولیس کی ضرورت

### کلکتہ کے مزدوروں میں تصادم

---



**سرمہ نور**

(مولانا) نور الدین بہاری پیر مغ الا باغ دہلی

**جڑی بوٹی**

جڑی بوٹی میڈیکل اسٹور پوسٹ ہرلاکھی در بھنگہ

**کمزوری نامردی**

بوٹی ٹانک ہال پوسٹ کنسی سمری ضلع در بھنگہ

**پانچسو کارآمد باتیں**

منیجر الجمعیتہ بک ڈپو بلیماران دہلی

**میری پیاری بہنوں**

ایچ جم النساء شاہدرہ۔ لاہور

**خون**

تارکا پتہ: میڈیسنز دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۵۶۰

**مگر خیال رہے**

**سرکوبی**

**انجکشن**

منیجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس ۳۳ دہلی

جس کو حکیم اجمل خاں صاحب نے ... ملک کی خدمت کے لئے بنایا

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

ٹیلیفون نمبر ۵۳۴۵

یداللہ علی الجماعۃ

# الجمعیۃ دہلی

سہ روزہ

ادارہ

مسئول: ابو البیان ادیبی

محی الدین قادری

نگران: مولانا نورالدین بہاری

جلد (۲۴) | دہلی - یوم شنبہ ۱۸ / جمادی الآخر ۱۳۵۵ھ مطابق ۵ ستمبر ۱۹۳۶ء | نمبر (۱۷)

## "تصورات کی رنگینیاں"

(از جناب خلیق فیض آبادی)

[جس وقت سے الجمعیۃ کے دور جدید کا آغاز ہوا ہے - ارکان ادارہ نے اپنے احباب کے جمالیاتی ذوق کے لئے حرفانی نظموں اور روح پرور غزلوں کا ایک گراں بہا سرمایہ پیش کیا ہے - اور یہ سلسلہ انشاء اللہ العزیز بدستور جاری رہے گا -

ہم اس سلسلہ میں اپنے محترم دوست حضرت خلیق فیض آبادی کی کرم فرمائی کے خصوصیت کے ساتھ سپاس گزار ہیں اور ان کے کیف آور کلام کو قارئین الجمعیۃ کے لئے ایک انتہائی نشاط انگیز تحفہ تصور کرتے ہیں - (ادارہ)]

جو مجھ کو بیخود و بیہوش ہی بنا نا تھا — تو چشم مست سے ساغر کوئی پلانا تھا
خطا معاف، کہ اک بات آج کہتا ہوں — کلیم آپ کو تو ہوش میں نہ آنا تھا
زبان شمع سے جس کو سنا تھا محفل میں — اب آہ کون کہے وہ مرا فسانا تھا
نہ ہے نصیب شکایت کا کون موقع ہے — ستا رہا ہے ہی تو، جسے مٹانا تھا
نگاہ شوق ہی کافی تھی آہ کیا کہئے — زباں پہ حرف محبت مجھے، نہ لانا تھا
تصورات کی رنگینیاں معاذ اللہ! — وہ دور، وہ حقیقت نہ تھا فسانا تھا
ستم ہی کیوں ہو انحصوص امتحاں کیلئے — کبھی تو لطف و کرم سے بھی آزمانا تھا
اک ایسا وقت بھی گزرا ہے ورد ساغر میں — سر نیاز تھا ساقی کا آستانا تھا

خلیق ایسے میں پیمانہ میں تو کیا کرتا
کہ اس کی یاد بھی تھی وقت بھی سہانا تھا

## "نشاط آرزو"

(از مولانا کامل صدیقی سیوانی)

بس اب حسرت ناکام غم ایجاد رہنے دے — میں برباد ستم اچھا مجھے برباد رہنے دے
نشاط آرزو سے دور ہوں ناشاد رہنے دے — مجھے پابندی امید سے آزاد رہنے دے
نظر آئے دل بیتاب میں بھی تیری رعنائی — جو مجھ ناشاد کو ذوق محبت شاد رہنے دے
اٹھا یا ہے وہ طوفاں چشم گریاں نے محبت میں — بہت سمجھو خدائی کو اگر آباد رہنے دے
رگ جاں تک تو خنجر آچکا ہے مرنے والا کا — مروت ایسے نازک وقت میں جلاد رہنے دے
محبت میں مصیبت بھی تو جان عشق ہوتی ہے — جفاؤں کا گلہ اے خاطر برباد رہنے دے
وفا کا اس ستمگر سے امید اے حضرت کامل
[illegible]

## دنیائے اسلام

### عربی، ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

### دنیا کے عیسائیوں کے نام فلسطین کے عیسائیوں کی دردناک اپیل

### انتدابی حکومت فساد کی جڑ ہے - یہودی ہم سب کو جلاوطن کرنا چاہتے ہیں

### تشدد کی جنگ کیوں شروع ہوئی؟ یہودیوں کا وجود عیسائیت کی توہین ہے

ذیل میں فلسطین کے عیسائیوں کی ایک اپیل جو انہوں نے دنیا کے تمام مسیحیوں کے نام شائع کی ہے درج کیجاتی ہے تاکہ دنیا کو معلوم ہو جائے کہ فلسطین کا قضیہ مسلمانوں کے ساتھ مخصوص نہیں ہے اور نہ تحریک ... بلکہ وہ مشترک وطنی تحریک ہے جس کے ساتھ تمام انسانوں کی ہمدردیاں شامل ہیں - (الجمعیۃ)

#### اماکن مقدسہ کی توہین

ہم ارض مقدسہ فلسطین کے مسیحی باشندے تمام دنیا کے مسیحیوں سے اس اعلان کے ذریعہ اپیل کرنا چاہتے ہیں ...

#### تشدد کی جنگ کیوں شروع ہوئی؟

اس ہڑتال کی ابتدا ۱۹ / اپریل ۱۹۳۶ء سے ہوئی جو تا حال جاری ہے - ہڑتال کا یہ طویل سلسلہ صرف اس لئے قائم رکھا گیا کہ حکومت کی آنکھیں کھلیں ... [illegible]

#### مولد مسیح کی توہین

[illegible]

## اہل فلسطین کے ساتھ مسلمانان چین کی ہمدردی

[illegible]

## یونان میں جنرل وہیب پاشا کی طلبی

### حکومت یونان کی طرف سے مدارات

[illegible]

## جنگی محاذوں اور فوجی چھاؤنیوں کا معائنہ

### جنگ کیلئے ترکوں کی زبردست تیاریاں

[illegible]

Regd No L 1793

# The Aljamiat

Vol. 24 No. 16 — DELHI Tuesday 1st Sept 1936 — PRICE ONE ANNA

نہیں کی جائیں گی -

اب جب کونسل اسمبلی ہوگی تو ممبروں کی آوازوں کو صاف طور پر سننے کے لئے دیواروں اور چھتوں پر ایک خاص قسم کا مسالہ لگا ہوا ہوگا - اور گیلریاں پہلے کی نسبت زیادہ وسیع ہوں گی تاکہ زیادہ لوگ اسمبلی کی کارروائی سن سکیں نیز اسمبلی ہال نئی طرح سے سجایا ہوا ہوگا -

## محکمہ ٹیلیفون کی آمدنی میں کمی

### تین لاکھ روپے کا فرق پڑ گیا

شملہ ۲۸ / اگست - اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ٹرنک ٹیلیفون کی آمدنی میں ۱۹۳۵ء کی نسبت ۱۹۳۶ء میں تین لاکھ روپے کا خسارہ رہا ہے بیان کیا جاتا ہے کہ اس خسارہ کی وجہ جدید نرخ اور مراعات ہیں جو ۱۹۳۵ء کے آغاز میں روا رکھی گئی تھیں -

۱۹۳۲ء - ۱۹۳۳ء میں ٹرنک ٹیلیفون کی آمدنی ۳۴ لاکھ روپیہ تھا مگر ۱۹۳۵ء - ۱۹۳۶ء میں یہ آمدنی ۳۰ لاکھ روپیہ تھی -

## صوبجات متحدہ کا حسین ترین مقام

جیولوجیکل سروے آف انڈیا نے ایک غیر معمولی دلچسپ رپورٹ شائع کی ہے جس میں صوبجات متحدہ کے ایک حسین ترین مقام کے قدرتی مناظر کی تصویر کھینچی اور وہاں کے معدنیات اور اراضی خصوصیات کا جائزہ لیا ہے - یہ مقدس مقام سوائے ہندو یاتریوں کے کسی اور کو مشکل سے معلوم ہے -

یہ رپورٹ مسٹر کرک شینک سپرنٹنڈنٹ جیولوجیکل سروے آف انڈیا کی نگرانی میں تیار کی گئی ہے - اس میں معدنیات کے زمینوں اور چٹانوں کی ساخت کے متعلق قیمتی معلومات کے علاوہ بہت سے ایسے بیانات ہیں جن میں وہاں کے قدرتی مناظر کا نقشہ کھینچا گیا ہے - یہ بیانات پڑھنے سے تعلق رکھتے ہیں -

## شملہ اسمبلی کی عمارت میں توسیع

شملہ سیکریٹریٹ اسمبلی کی عمارت کے متعلق یہ عام شکایت تھی کہ ہر شخص ممبروں کی آواز کو صاف طور پر نہیں سن سکتا - نیز اسمبلی کی کارروائی سننے والوں کے لئے بالائی گیلری میں بہت کم گنجائش تھی - یہ شکایتیں ہونے والی اسمبلی میں محسوس ...

ہے کہ لندن میں معاہدہ پر دستخط کرنے کے بعد وزیر اعظم نحاس پاشا جنیوا جائیں گے

## اپنے الفاظ واپس لیجئے

### بھائی پرمانند سے دہلی کی خواتین کا مطالبہ

دہلی ۵ / اگست - کل شام دہلی وومنز لیگ کی ایک میٹنگ ہوئی جس میں اتفاق رائے سے مندرجہ ذیل ریزولیوشن پاس ہوا -

دہلی وومنز لیگ اس امر پر انتہائی افسوس کا اظہار کرتی ہے کہ بھائی پرمانند جیسے ذمہ دار لیڈروں نے ان خواتین کے بارے میں جو ہر قسم کی خدمات انجام دیتی ہیں - اس قسم کے غیر حق بجانب ریمارکس کئے ہیں - لیگ ہذا کو امید ہے کہ بھائی جی ان الزامات کو واپس لے لیں گے - دہلی کے ایک درجن ممبران بارنے بھی ایک بیان شائع کیا ہے جس میں انہوں نے بھائی جی سے مطالبہ کیا کہ وہ غیر مشروط طور پر اپنے ریمارک واپس لے لیں -

خریداران اخبار الجمعیۃ کو چاہیے کہ وہ خط و کتابت کے وقت اپنے خریداری نمبر کا حوالہ دیں - منیجر

## نوخیز بچوں کو والدین سے چھین لیا جائیگا

### جرمنی میں بچوں کی فوجی تربیت

برلن ۳۰ / اگست - معلوم ہوا ہے کہ جرمن پارلیمنٹ کا ایک اہم اجلاس نیورمبرگ میں ۱۰ / ستمبر سے ۱۴ / ستمبر تک منعقد ہوگا جس میں نوجوانان جرمنی کے متعلق بعض ضروری قوانین منظور کئے جائیں گے -

یقین کیا جاتا ہے کہ ایک مقررہ عمر سے زیادہ تمام لڑکوں اور لڑکیوں کو ان کے والدین سے لے لیا جائیگا - لڑکوں کو فوجی ٹریننگ دیجائے گی اور لڑکیوں کو جرمنی کی ماں بنانے کے لئے گھریلو صنعتوں - زراعت و دلالت اور نرسنگ کی ٹریننگ دی جائے گی -

## مصر بین الاقوامی لیگ میں شریک ہوگا

قاہرہ ۳۰ / اگست - حکومت مصر بین الاقوامی لیگ کا ممبر بننے کی کوشش کر رہا ہے - بیان کیا جاتا ہے کہ وزیر اعظم نحاس پاشا نے یہ درخواست کی ہے - معلوم ہوا ...



# الجمعیۃ بکڈپو کی اسلامی و ادبی کتابیں

کتاب الاسلام — اسلامی معلومات کی اردو زبان میں سب سے بڑی کتاب جس میں تمام ...

نماز حنفی مدلل مکمل

گھر کا مولوی

نماز کی پانچ کتابیں

بارہ مجالس

اوراد و وظائف

بہشتی زیور کامل

خواب نامہ صدیقی

اسلامی میاں بیوی

صابر بیبیاں

الفاروق اعظم

مرنے سے پہلے

مرنے کے بعد

فالنامہ ناصری

بغداد اولیا

کفرستان کے تین دولہے

کتاب التعویذات

بیگمات او دھ

بیویاں اور رانیاں

حضرت ابو ذر غفاری

شرح مثنوی مولانا روم

سیرت معاویہ

ملنے کا پتہ — منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی



(مولوی محمد اسمٰعیل صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر اخبار الجمعیۃ دہلی سے شائع کیا)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۱۷۹۳ — جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان — تارکا پتہ الجمعیۃ دہلی — ٹیلیفون نمبر ۵۳۴۵

# الجمعیۃ

يد الله على الجماعة

سہ روزہ — دہلی

ادارہ — مسئول: ابوالبیان اویسی — محی الدین فائزی

نگران — مولانا نورالدین بہاری

قیمت فی پرچہ ایک آنہ

جلد (۲۴) — دہلی یوم شنبہ ۱۸ جمادی الآخر ۱۳۵۵ھ مطابق ۵ ستمبر ۱۹۳۶ء — نمبر (۱۷)

## "تصورات کی رنگینیاں"

(از جناب خلیق نیفی آبادی)

[جس وقت سے الجمعیۃ کے دور جدید کا آغاز ہوا ہے — ادارہ سلسلہ اشاعت ... (ادارہ)]

جو مجھ کو بیخود و بیہوش ہی بناتا تھا — تو چشم مست سے ساغر کوئی پلاتا تھا
خطا معاف، کہ اک بات آج کہتا ہوں — کلیم آپ کو تو ہوش میں نہ آتا تھا
زبان شمع سے جس کو سنا تھا محفل میں — اب ان سے کون کہے وہ مرا فسانا تھا
زہے نصیب شکایت کا کون موقع ہے — ستارہا ہے وہی تو، جسے مٹاتا تھا
نگاہ شوق ہی کافی تھی آہ کیا کہیے — زباں پہ حرف محبت مجھے نہ لاتا تھا
تصورات کی رنگینیاں معاذ اللہ — وہ دور، وہ حقیقت نہ تھا فسانا تھا
ستم ہی کیوں ہو مخصوص امتحاں کیلئے — کبھی تو لطف و کرم سے بھی آزماتا تھا
اک ایسا وقت بھی گزرا ہے دور ساغر میں — سر نیاز تھا ساقی کا آستانا تھا

خلیق ایسے میں پیتا نہیں تو کیا کرتا
کہ اس کی یاد بھی تھی وقت بھی سہانا تھا

## "نشاط آرزو"

(از مولانا کامل صدیقی سیوانی)

بس اب اے حسرت ناکام غم ایجاد رہنے دے — میں برباد ستم اچھا ہوں برباد رہنے دے
نشاط آرزو سے دور ہوں ناشاد رہنے دے — مجھے پابندی امید سے آزاد رہنے دے
نظر آئے دل بیتاب میں بھی تیری رعنائی — جو مجھ نا شاد کو ذوق محبت شاد رہنے دے
اٹھا یا ہے وہ طوفاں چشم گریاں نے محبت میں — بہت سمجھو خدائی کو اگر آباد رہنے دے
رگ جاں تک تو خنجر آچکا ہے مرنے والے کی — مروت ایسے نازک وقت میں جلاد ہو دے
محبت میں مصیبت بھی تو جان عشق ہوتی ہے — جفاؤں کا گلہ اے ظالم برباد رہنے دے

وفا کی اس ستمگر سے امید اے حضرت کامل
غنیمت ہے جو مجھ برباد کو برباد رہنے دے

## دنیائے اسلام

### عربی ترکی اور فارسی جرائد کے تراجم

(خاص الجمعیۃ کیلئے)

## دنیا کے عیسائیوں کے نام فلسطین کے عیسائیوں کی دردناک اپیل

### انتدابی حکومت فساد کی جڑ ہے یہودی ہم سب کو جلا وطن کرنا چاہتے ہیں

### تشدد کی جنگ کیوں شروع ہوئی؟ یہودیوں کا وجود عیسائیت کی توہین ہے

### تشدد کی جنگ کیوں شروع ہوئی؟

### مولد مسیح کی توہین

### اماکن مقدسہ کی توہین

## اہل فلسطین کے ساتھ مسلمانان چین کی ہمدردی

مفتی اعظم فلسطین کے پاس چین کے ایک مسلمان عالم الحاج محمد سلیمان کا مکتوب ذیل موصول ہوا ہے:—

(جریدہ الدفاع (قدس))

### دستخط

اس اعلان پر یافا، رملہ، حیفا، بیت لحم، بیت جالا، بیت ساحور کے ... مسیحیوں نے اپنے دستخط ثبت کئے ہیں۔

### انتدابی حکومت فساد کی جڑ ہے

### حکومت کا مشترک مقابلہ

## یونان میں جنرل وہیب پاشا کی طلبی

### حکومت یونان کی طرف سے مدارات

## جنگی محاذوں اور فوجی چھاؤنیوں کا معائنہ

### جنگ کیلئے ترکوں کی زبردست تیاریاں

---

Regd No L 1793

# The Aljamiat

Vol. 24 No 16 — DELHI Tuesday 1st Sept 1936 — PRICE ONE ANNA

## نو خیز بچوں کو والدین سے چھین لیا جائیگا

### جرمنی میں بچوں کی فوجی تربیت

## مصر بین الاقوامی لیگ میں شریک ہوگا

## اپنے الفاظ واپس لیجیے

### بھائی پرمانند سے دہلی کی خواتین کا مطالبہ

## صوبجات متحدہ کا حسین ترین مقام

## شملہ اسمبلی کی عمارت میں توسیع

## محکمہ ٹیلیفون کی آمدنی میں کمی

### تین لاکھ روپے کا فرق پڑ گیا


## الجمعیۃ بکڈپو کی اسلامی و ادبی کتابیں

کتاب الاسلام — نماز حنفی مدلل مکمل — گھر کا مولوی — بارہ مجالس — اوراد و وظائف — بہشتی زیور کامل — نماز کی پانچ کتابیں — اسلامی میاں بیوی — صابر بیبیاں — خواب نامہ صدیقی — فالنامہ ناصری — کتاب التعویذات — بیویاں اور ساس — مرنے سے پہلے — مرنے کے بعد — کفرستان کے تین ولی — حضرت ابوذر غفاری — سیرت معاویہ — الفاروق الاعظم — ہفتاد اولیاء — بیگمات اودھ — شرح مثنوی مولانا روم

ملنے کا پتہ: منیجر الجمعیۃ بکڈپو بلیماران دہلی


(جید برقی پریس دہلی میں باہتمام مولوی محمد اسمٰعیل صاحب پرنٹر و پبلشر چھپکر دفتر اخبار الجمعیۃ دہلی سے شائع کیا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجمعیۃ دہلی
یوم شنبہ ۱۸ جمادی الآخر ۱۳۵۵ ہجری

# مصر کے بعد فلسطین

## مغربیت کا زوال اور مشرقیت کا عروج

## انڈیپنڈنٹ کانفرنس بہار

بہار مسلم انڈیپنڈنٹ پارٹی صوبہ بہار کے ان مخلص ارکان پر مشتمل ہے جو محض اللہ اور ذاتی فوائد کے لئے نہیں بلکہ وطن عزیز کی آزادی اور ہندوستان کی رستگاری کے لئے قومی جدوجہد میں گرانبہا قربانیاں کی ہیں اور جن کا سیاسی نصب العین یہ ہے کہ مسلمانوں میں سیاسی بیداری پیدا کی جائے۔ ان کے سیاسی، اقتصادی، معاشرتی اور مذہبی حقوق کی حفاظت کی جائے اور قوم و وطن کے استخلاص کیلئے ہر قسم کی جانی و مالی قربانی کی جائے۔

## ٹرکی کا مستقبل

## قدرت کا انتقام

## روس کے خلاف

## یوم ہسپانیہ

## فرانسیسی ہند کی پابندیاں

# موج در موج

کلکتہ کی اطلاع ہے کہ بنگال کے کسی قصبہ میں ہندو نائیوں (حجاموں) کی ایک پنچایت ہوئی جس میں اتفاق رائے سے یہ طے کیا گیا کہ آئندہ کسی موچی اور چمار کی حجامت نہ بنائی جائے اور اشرف یعنی ان کے بالوں سے مس نہ کرنے پائے۔ اسی پنچایت میں یہ تجویز بھی منظور ہوئی کہ جو نائی اس فیصلہ کی خلاف ورزی کرے گا، اس کو پانچ جوتوں کے بعد برادری سے خارج کر دیا جائے گا اور آئندہ سے اس کا شمار بھی چمار برادری میں ہوگا۔ یہ پنچایت بڑی دھوم دھام سے ہوئی۔ موچیوں کی فطری گندگی اور ناپاکی پر بڑی پرجوش تقریریں کی گئیں اور چھوت چھات کے فلسفہ پر مشہور دیا کیا دئے گئے۔

اس فیصلہ کی اطلاع جب بیچارے موچیوں کو ملی تو انہوں نے...

# مباحث امروز

## حبش کے عربوں پر اطالوی ڈورے

اسی اشاعت میں کسی جگہ معاصر البلاغ سے بحر رسان ایجنسی "اسٹیفانی" کا ایک برقیہ درج کیا گیا ہے جس میں مذکور ہے کہ حبش کے عربوں کا ایک وفد اطالوی نائب الحکومت کی خدمت میں حاضر ہوا جس کے سامنے مارشل گرازیانی نے بنی اسلام دوستی کا پُر فریب اعلان کیا اور مسلمانوں کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے وفد کو یقین دلایا کہ وہ ادیس ابابا میں نہ صرف یہ کہ ایک عظیم الشان مسجد کی تعمیر کے لئے سلسلہ جنبانی کریں گے بلکہ قرآن کریم کی تعلیم کے لئے متعدد درسگاہیں بھی قائم فرما دیں گے۔ اسی کے ساتھ آپ نے یہ بھی اعلان کیا کہ اطالوی حکومت مسلمانوں کے پرسنل لاء اور ان کی لغت و تہذیب کا احترام کرے گی اور قوانین میں ان کے مصالح کا لحاظ رکھا جائے گا۔

## دہلی سول ہسپتال کا خاتمہ

دہلی میونسپلٹی نے بالآخر یہ فیصلہ کر دیا کہ سول ہسپتال بند کر دیا جائے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کمیٹی کے ممبروں نے حکومت کے اس مطالبہ سے گھبرا کر جو اس نے اردن ہسپتال کیلئے سالانہ ... ہزار روپے کی امداد منظور کرانے کی صورت میں کیا تھا یہ عاجلانہ فیصلہ کر دیا کہ سول ہسپتال کو ہی سرے سے بند کر دیا جائے۔

## ترجمان القرآن

## سوفتہ کے مسلمان پر ظلم

## بغاوت ہسپانیہ

## ایک عالم دین کی نظربندی

# اسلامیات

## اسلامی نظم معیشت اور سرمایہ دارانہ نظم معیشت کے اصول

